سلمان سلیم

Salman saleem


باذوق مردوں اور باوقار خواتین کے لئے جسے بچے بھی پڑھ سکتے ہیں

# ماہنامہ عبقری لاہور

205

جون 2023ء ذی القعدہ/ذی الحجہ 1444 ہجری

گھر بھر کی جسمانی بیماریوں، ذہنی الجھنوں اور روحانی مسائل کا حل


جنات کا پیدائشی دوست

جناتی دنیا کا صدیوں سے آزمودہ

## آٹھواں لاہوتی نقش

اسی شمارے (جون 2023ء)
صفحہ نمبر 41 میں ملاحظہ فرمائیں۔

ذی الحجہ کی پہلی 10 راتوں میں تمام مرادیں پوری!

ہر رات عرشی وظائف اور قبولیت کی خاص دعا

اللہ کی قسم سے فائدہ اٹھائیں | روزانہ رات 8 بجے عبقری سوشل میڈیا پر شیخ الوظائف کا براہ راست پروگرام دیکھنا ہرگز نہ بھولیں

تسبیح خانہ لاہور میں ذی الحجہ کی پہلی نوچندی جمعرات پر خاص روحانی تحائف دیئے جائیں گے شرکت یقینی بنائیں

بھنڈی اگر لاکھ کی بھی ملے تو خرید لیں!

اس عمل کی برکت سے حج کی سعادت نصیب ہوئی

تین جوہر گیارہ قطرے اور پتے کی پتھری غائب!

جس نے یہ تیل استعمال کر لیا آج وہ نوجوان ہے!

کلیجی، کباب، پائے اور نہاری کے شوقین متوجہ ہوں!

حسن ایسا کہ شوہر کی نظر نہ ہٹے! خواتین کیلئے قیمتی موتی

اضافی چربی اور بڑھا پیٹ چند دن میں ختم! آدھا چمچ صبح و شام

ذی الحجہ میں دو نفل پڑھیں اور جنت میں اپنا مقام دیکھیں

چند لاکھ کی خاطر جھوٹا قرآن اٹھانے والے کا بھیانک انجام

انسانوں، جنات اور حیوانوں کے شر سے بچنے کا لاہوتی عمل

18 سالہ بیماری، لاکھوں کا علاج، 100 روپے میں شفاء مل گئی

مرحوم والدہ کی دعاؤں نے ذلت سے نکال کر عزت کے تاج پہنا دیئے

ubqari | ubqariofficial1 | ubqari
UbqariTasbeehKhana | www.ubqari.org

★ماہنامہ عبقری ★عبقری ویب چینل ★اخبار عبقری کرائم پوسٹ
+92 332 755 2382, +92 321 434 3500

شمارہ نمبر 12 | جلد نمبر 17 | جون 2023ء ذی القعدہ/ذی الحجہ 1444ہجری

قیمت فی شمارہ -/50 روپے | سالانہ ممبر شپ رجسٹرڈ ڈاک 1260 روپے بیرون ملک سالانہ $64US

## فہرست مضامین



ایڈیٹر کا مضمون نگار سے متفق ہونا ضروری نہیں



رجسٹریشن نمبر: RP/6237/L/S/10/1534

شیخ الوظائف سے ملاقات کے ٹوکن کیلئے 0322-4688313

تجاویز و شکایات کے لیے 0343-8710009

گھر بیٹھے عبقری کتب و ادویات منگوانے کیلئے 0332-4091206 0332-7552382

عبقری آفیشل واٹس ایپ گروپ جوائن کرنے کیلئے +92-332-7552382 +92-321-4343500

شیخ الوظائف کے اسسٹنٹ سے طبی و روحانی مشاورت کیلئے

042-37597605-37552384-37425801-3

فون کے اوقات: پاکستانی وقت کے مطابق صبح 9 بجے سے شام 6 بجے تک

اکابر پر اعتماد (عبقری وظائف کے مستند حوالہ جات جانیے) واٹس ایپ گروپ جوائن کریں

+92-321-4343500 +92-332-7552382

خط و کتابت کا پتہ: دفتر ماہنامہ عبقری، قرطبہ چوک عبقری اسٹریٹ مزنگ چونگی لاہور۔ ناغہ بروز اتوار

گوگل میپ پر Ubqari Dawakhana لکھیں

محمد طارق محمود ناشر نے اظہار سنز ریٹی گن روڈ لاہور سے چھپوا کر مزنگ لاہور سے شائع کیا

## حضرت عمرؓ نے متکبر کو کس جانور سے زیادہ حقیر فرمایا؟ پڑھیے!

حضرت عبیداللہ بن عدی بن خیار رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ میں نے منبر پر حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو یہ فرماتے ہوئے سنا: ''جب بندہ اللہ کی وجہ سے تواضع اختیار کرتا ہے تو اللہ تعالیٰ اس کی قدرومنزلت بڑھا دیتے ہیں اور فرماتے ہیں بلند ہوجا اللہ تجھے بلند کرے۔ یہ اپنے آپ کو حقیر سمجھتا ہے لیکن لوگوں کی نگاہ میں بڑا ہوتا ہے۔ جب بندہ تکبر کرتا ہے اور اپنی حد سے آگے بڑھتا ہے تو اللہ تعالیٰ اسے توڑ کر نیچے زمین پر گرا دیتے ہیں اور فرماتے ہیں دور ہوجا اللہ تجھے دور کرے اور یہ اپنے آپ کو بڑا سمجھتا ہے لیکن لوگوں کی نگاہ میں حقیر ہوتا ہے یہاں تک کہ وہ ان کے نزدیک سور سے بھی زیادہ حقیر ہوجاتا ہے''۔ (کنزالعمال، کتاب الاخلاق، التواضع: ۲۸۰/۳)

## حضرت عثمانؓ کا فرمان اور چھپ کر برائی کرنے والے

حضرت عثمان غنیؓ کا فرمان ہے! لوگوں! تم چھپ کر جو عمل کرتے ہو ان میں اللہ سے ڈرو کیونکہ میں نے حضور ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا ہے۔ ''اس ذات کی قسم جس کے قبضہ میں محمد ﷺ کی جان ہے! جو بھی کوئی عمل چھپ کر کرتا ہے تو اللہ تعالیٰ اسے اس عمل کی چادر علی الاعلان ضرور پہنائیں گے۔ اگر خیر کا عمل کیا ہوگا تو اسے خیر کی چادر پہنائیں گے اور برا عمل کیا ہوگا تو اسے بری چادر پہنائیں گے۔ اس کے بعد پھر آپؓ سورۃ اعراف کی آیت نمبر ۲۶ کا یہ حصہ بیان فرمایا۔ ترجمہ ''پرہیزگاری کا لباس سب سے بہتر ہے''۔ (کنزالعمال)

## حالِ دل: واقعی بے زبان جانور آفات ٹلوا سکتے ہیں!

ایڈیٹر کے قلم سے — جو میں نے دیکھا، سنا اور سوچا

### ایسا کیا تو برباد ہو جاؤ گے!

**پہلا واقعہ:** ایک کرنل کے گھر میں بلی نے بچے دیئے' ان کی بیگم صاف ستھری اور سلیقہ مند مزاج کی تھیں۔ بلی کا مزاج ہے کبھی بچے حفاظت کی غرض سے اِدھر لاتی' کبھی اُدھر لاتی' اسے خطرہ ہوتا ہے کہ میرے بچوں کو کوئی اٹھا کر نہ لے جائے' اسی خطرہ کے پیش نظر وہ اپنے بچوں کو ہمیشہ الٹتی پلٹتی رہتی ہے۔ ان کے گھر میں بھی یہی کچھ ہوا۔ آخر فیصلہ یہ ہوا کہ بلی کے بچے اٹھا کر باہر پھینک دیئے جائیں لیکن قدرت کو ان کے لیے خیر منظور تھی' ایک غیبی آواز آئی ایسا کیا تو برباد ہوجاؤ گے؟ گھر میں جو آبادی ہے انہی کی وجہ سے ہے' لہٰذا انہوں نے اپنا فیصلہ بدل دیا۔

### بلی کی آہ نے گھر ویران کردیا

**دوسرا واقعہ:** گھر میں بلی نے بچے دیئے' سخت سردی اور سخت بارش' گھر والے تمام کمرے میں بیٹھے تھے' بلی کو اپنے بچوں کا فکر تھا' کوئی بچہ ادھر بھاگتا تو اس کو اپنے نیچے دیتی کہ اس کو سردی نہ لگے' باہر بارش ہورہی تھی اور سردی بہت زیادہ تھی۔ گھر والوں نے بلی کو کمرے میں ساتھ رکھنے میں کراہت محسوس کی' آخر مشورے میں طے ہوا کہ بلی کو گھر سے یعنی کمرے سے نکال دیا جائے۔ ایک ٹوکرا لاکر اس میں بلی کو بچوں سمیت ڈالا' گھر کے ایک کونے میں درخت تھا اس کے نیچے رکھ دیا' سخت سردی' تیز بارش' درخت ٹپک رہا تھا' بلی بچوں کو چھوڑ کر کہاں جاتی؟ خود اوپر ہوتی' چیختی' بچوں کو اپنے نیچے کرتی' بارش مجھے لگ جائے' بچے نہ بھیگیں' بچے بھی چیخ رہے تھے' لیکن تھوڑی ہی دیر میں بچوں کی آوازیں کم ہونا شروع ہوئیں اور بلی کی چیخنے کی آوازیں بڑھ گئیں لیکن پھر کچھ ہی دیر کے بعد بلی کی آواز بھی ختم ہوگئی۔ بچے اور بلی سردی سے ٹھٹھر کر مرگئے' ادھر بلی کی آوازیں ختم ہوئیں ادھر چھت گری اور گھر کے تمام افراد ختم ہوگئے۔ حالانکہ چھت مضبوط تھی' بظاہر کوئی آثار نہیں تھے اور عموماً بارشیں اس سے بھی زیادہ آتی تھیں' بعد میں پتہ چلا کہ گھر والوں کو اس معصوم بے زبان کی وجہ سے مل بھی رہا تھا اور بہت کچھ بچا بھی ہوا تھا۔

**تیسرا واقعہ:** ایک بوڑھے بابا جی کو فالج ہوا' فالج ہونے کی وجہ یہ تھی' چڑیا کھیلتی کھیلتی ان کے مصلے پر آجاتی تھیں اور کوئی چڑیا مصلے پر بیٹ بھی کرجاتی تھی۔ انہوں نے ایک پتلی سی لکڑی رکھی تھی اگر کوئی چڑیا آتی تو اس کو مارتے' ایک مرتبہ چڑیا آئی' مارا تو چڑیا وہیں مرگئی۔ انہوں نے چڑیا کو اٹھا کر پھینک دیا۔ دور بلی بیٹھی تھی وہ اٹھا کر لے گئے اور کھاگئی۔ بس وہ رات ہی گزری تھی کہ صبح فالج ہوگیا اور آج تک وہ بستر پر پڑے ہیں۔

### جانور کی خدمت پر ولایت کا پروانہ!

**چوتھا واقعہ:** ہمارے ایک قابل قدر بزرگ کہنے لگے میں حرم کعبہ میں گیا۔ جب حطیم میں جانا ہوا تو میں نے وہاں ایک بلی کو سجدہ میں پڑا ہوا دیکھا اور وہ بہت دیر تک سجدے میں پڑی ہوئی تھی۔ وہ کس کے لیے دعا کررہی ہوگی کون ہوگا؟ کس کیلئے بددعا کررہی تھی' کس کے حق میں فیصلے کروا رہی تھی اور کس کے حق میں عذاب لانے کا فیصلہ۔

**پانچواں واقعہ:** سلسلہ نقشبندیہ کے بزرگ شیخ بہاؤالدین نقشبند رحمۃ اللہ علیہ کو خواب آیا کہ ایک کتا نما غلیظ جانور ہے وہ اذیت اور تکلیف میں ہے آپ اس کی خدمت کریں۔ اس کی اذیت اور تکلیف ختم ہوگی اور ہم آپ کو اپنا دوست بنالیں گے۔ ایسا ہی ہوا' انہوں نے جی بھر کر اس کی خدمت کی' اس جانور کی اذیت اور تکلیف ختم ہوئی اور اُدھر سے ولایت کا پروانہ مل گیا۔

### زندگی میں خوشیاں' نسلوں میں برکت چاہتے ہیں تو میرا مشورہ مان لیں!

قارئین! یہ پانچ نہیں کئی مزید واقعات ہیں۔ تمام واقعات اس بات کا زندہ ثبوت ہیں کہ بے زبانوں کو تکلیف دینے یا راحت دینے سے کیا ملتا ہے؟ آپ خود سوچیں' یہ تو بے زبانوں کی صورتحال ہے' اگر کسی انسان کو راحت دیں' اس کی تکلیف ختم کریں اور کسی کی ضرورت پوری کریں۔ لیکن شرط یہ ہے کہ ایسا شخص جو کسی سے مانگتا نہ ہو' سڑکوں' چوراہوں' گلیوں میں اس کی ضرورت کا خود سوچیں' تو یقین جانیے! زندگی میں چار چاند' مسائل حل' مشکلات دور اور نظام بہترین ہوجائے گا۔ کبھی آپ نے سوچا' فطرانہ کس لیے ہے؟ اور فطرانہ بھی سخی بن کر' زکوٰۃ پوری کی پوری باقاعدہ مسائل پوچھ کر ادا کرنا اور زمینداروں کے لیے عشر۔ یہ سب اس لیے ہے کہ جہاں ہماری جائیدادیں بچی رہے' زمینیں نسلوں کے کام آئیں' حادثات' طوفان' مسائل اور مشکلات سے حفاظت رہے' وہاں ہماری زندگی میں روشنی' عزت' وقار' شان و شوکت' باقی رہے۔ آئیں! ہم آج کے بعد بے زبانوں اور انسانوں کو بھی راحت دینے کا فیصلہ کرتے ہیں۔ ان شاء اللہ

**نوٹ:** الحمدللہ! عبقری تسبیح خانہ لاہور میں روزانہ پانچ لنگر چلتے ہیں 1۔ انسانوں کا لنگر۔ 2۔ بلیوں کا لنگر۔ 3۔ پرندوں کا لنگر۔ 4۔ مچھلیوں کا لنگر۔ 5۔ قبرستان کے کیڑے مکوڑوں کا لنگر۔



تقدیر مقدر میں لکھے فیصلے بدلوائیں، اسی شمارہ میں آپ کے دکھوں کو دور کرنے اور مقدر سنوارنے والا لاہوتی نقش شائع کیا گیا ہے، خوش قسمت ہوں گے جو اس کی قدر کریں گے (صفحہ نمبر 41)

# شیخ الوظائف کی رہنمائی! مایوس زندگی خوشحال ہوگئی

(شازیہ عثمان، پشاور)

محترم شیخ الوظائف صاحب السلام علیکم! اللہ کریم آپ کو صحت، خیر اور عافیت والی زندگی عطا فرمائے۔ آمین! ان مشکل حالات میں جہاں ہر آنے والا دن نئے مسائل، فتنوں اور مصیبتوں کو لا رہا ہے وہاں آپ جیسے رہبر کا ساتھ بہت ضروری ہے، جو ہمیں ان مصیبتوں اور جہالت کے اندھیروں سے نکال کر خیر اور بھلائی والے راستے پر چلائے۔

کافی عرصہ سے آپ سے ملاقات نہیں ہوئی اور نہ ہی خط کے ذریعے آپ کو اپنے حالات سے آگاہ کیا۔ آپ فرماتے ہیں کہ جمعرات روحانی محفل بہترین رابطہ ہے اس میں بھی کوتاہی ہوئی۔ گھر میں لڑائی جھگڑے شروع ہو گئے جو ذہنی اذیت اور پریشانی کا سبب بننے لگے۔ ان حالات میں کچھ سمجھ نہیں آ رہی تھی کہ کس طرح ان مشکلوں، مصیبتوں سے چھٹکارا پایا جائے اور کس طرح ان حالات سے نکلا جائے۔ وظائف میں بھی یکسوئی نہیں مل رہی تھی، اپنی پریشانیوں کے حل کے لئے کبھی کوئی اور کبھی کوئی وظیفہ کیا مگر بے توجہی کی وجہ سے فائدہ نہ ہو سکا۔ ذہن ہر وقت پریشانیوں میں الجھا رہتا تھا جس کی وجہ سے اعمال کی طرف دھیان نہ بن پاتا۔ ایسے محسوس ہونے لگا جیسے بھلائی اور خیر کے تمام دروازے میرے لئے بند ہو گئے ہیں۔ آپ کی تعلیمات کے مطابق ان مسائل اور الجھنوں سے پریشان حال دل کے ساتھ میں ایک دن عشاء کی نماز کے بعد بہت زیادہ روئی اور اللہ تعالیٰ سے بہت دعائیں کیں کہ یا اللہ کوئی ایسا غیبی نظام اور ایسا خیر والا سبب عطا فرما کہ میرے تمام مسائل حل ہو جائیں، زندگی میں مجھے بھی سکھ اور چین کا سانس ملے۔ میں انہی کیفیتوں کے ساتھ اللہ کو غم بیان کرتے ہوئے سو گئی۔ اسی رات آپ میرے خواب میں تشریف لائے اور آپ نے مجھے وظیفہ دیا کہ یہ وظیفہ بہت زیادہ کثرت، توجہ اور دھیان سے پڑھو۔

وہ وظیفہ یہ ہے ''یَارَبِّ مُوْسٰی یَارَبِّ کَلِیْمِ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ'' میں نے آپ کے حکم کے مطابق یہی وظیفہ لاتعداد سارا دن یقین، توجہ اور دھیان کے ساتھ پڑھنا شروع کر دیا۔ اس عمل کی برکت سے اللہ تعالیٰ نے جلد ہی میری غیبی مدد فرمائی اور گھر کے لڑائی جھگڑوں میں کافی کمی واقع ہوئی۔ اس کے علاوہ گھر پر ہی اللہ تعالیٰ نے میرے روزگار کا ذریعہ بنایا ہوا ہے۔ اس میں بھی آپ کے عطا کردہ اس وظیفے کی وجہ سے اللہ تعالیٰ نے بہتری عطا فرمائی۔ میں ہر ہفتہ اب روحانی محفل بھی سنتی ہوں اور وظیفہ بھی جاری رکھے ہوئے ہوں۔

مجھے یقین ہے آپ کی دعا سے باقی چند مسائل بھی بہت جلد حل ہو جائیں گے۔ اللہ تعالیٰ کا یہ خاص کرم ہے کہ اس نے آپ کے ذریعے میری راہنمائی فرمائی اور میں ان مشکل حالات سے نکل گئی ہوں ورنہ ہر طرف مایوسی ہی نظر آ رہی تھی۔

# کل نوکری تھی، آج اپنا بہترین کاروبار ہے!

(نسیم اعجاز، کراچی)

محترم شیخ الوظائف صاحب السلام علیکم! میں ایک سرکاری محکمہ میں نوکری کر رہا ہوں۔ اس نوکری سے گھر کا نظام چل رہا تھا مگر میں چاہتا تھا اللہ کوئی ایسا ذریعہ بھی بنا دے جس سے تمام محرومیاں ختم ہو جائیں اور میرے معاشی حالات بہترین ہو جائیں۔ کیونکہ ہمارے محکمے میں ایسا ہوتا ہے کہ پچیس سال سروس یا ساٹھ سال کی عمر تک سروس ہو جائے تو تنخواہ تقریباً پچاس ہزار تک ہو جاتی ہے اور لوگ اسی کے ساتھ ریٹائر ہو جاتے ہیں۔ تقریباً چھ ماہ پہلے میں نے معاشی حالات کی بہترین کیلئے آپ کو خط لکھنا مناسب سمجھا۔ آپ کو خط لکھا تھا، الحمدللہ مجھے جواب ملا، آپ نے جواب میں فرمایا کہ آپ حلال روزگار کے حصول کے لئے جو کاروبار کرنا چاہیں کر لیں۔ آپ نے شفقت فرمائی اور مجھے کپڑے کا کاروبار کرنے کی اجازت عطا فرمائی اور دعاؤں سے نوازا۔ اس وقت میرے پاس اتنے پیسے بھی نہیں تھے کہ اپنا ذاتی کاروبار شروع کر سکوں مگر الحمدللہ آپ کی اجازت اور دعا سے میرے پاس پیسے نہ ہونے کے باوجود غیبی اسباب بن گئے اور میرا گارمنٹس کا کام چل پڑا ہے۔ الحمدللہ میری پوری کوشش ہوتی ہے کہ میں ہر کام کی آپ سے اجازت لوں اور پوچھ پوچھ کر چلوں کیونکہ میرے دل میں یہ بات نقش کر گئی ہے کہ فقیر جو کہتا ہے، حق کہتا ہے اسی میں برکت ہے۔ بس آپ کی اجازت کی دیر تھی کہ ایک دوست دکاندار نے خود رابطہ کیا کہ آپ گارمنٹس کے کام میں میرے ساتھ شامل ہو جائیں۔ میں نے فوراً حامی بھر لی، میں گارمنٹ فیکٹری سے سامان خرید کر اس دوست کو پہنچا دیتا ہوں اور اسی میں اچھا نفع ہو جاتا ہے۔ الحمدللہ ہمارا کام خوب چل رہا ہے۔ میری زبان پر ایک ہی بات ہوتی ہے کہ میرا رہبر کامل ہے اب لوگ مجھے مشورہ دیتے ہیں کہ آپ پچیس سال پر ریٹائرمنٹ نہ لو، آگے نوکری کرو۔ میں کہتا ہوں کہ پچاس ہزار کی بجائے پچاس لاکھ دیں تو بھی نہ کروں کیونکہ فقیر جو کہتا ہے، حق کہتا ہے۔ بس آپ دعا اور توجہ میں رکھیں۔ میں بھی چاہتا ہوں کہ جب دل چاہے تسبیح خانہ میں حاضری دوں جو کہ سروس کرتے ہوئے بہت مشکل ہے مگر میں آن لائن روحانی محفل میں شریک ہوتا ہوں۔ میری خواہش ہے کہ ہمارے شہر میں آپ کی روحانی محفل ہوتا کہ یہاں بھی دکھی لوگوں کو فائدہ ہو۔ دعا کی التجا ہے، سدا اپنی دعاؤں میں شامل رکھیں۔

## روحانی محفل سے زیارت رسول ﷺ اور بیماریاں ختم

محترم شیخ الوظائف صاحب السلام علیکم! اللہ تعالیٰ آپ کی زندگی میں برکت عطا فرمائے، آپ کی نسلوں کو تا قیامت آباد و شاد رکھے اور تسبیح خانہ کو دن رات ترقی دے آمین۔

ہم میاں بیوی 2012ء میں کلینک میں آپ سے ملاقات کے دوران بیعت ہوئے اور آپ نے اپنے دستِ مبارک سے بیعت والا کارڈ عطا فرمایا اور آپ نے ہمیں روحانی محفل سننے، تین تسبیحات اور وظیفہ ''یَامُمِیْتُ یَاقَابِضُ یَاصَبُوْرُ یَامَانِعُ یَاحَافِظُ'' پڑھنے کا حکم فرمایا۔ روحانی محفل تین تسبیحات اور وظیفے سے ہم میاں بیوی کی زندگیاں بدل گئی ہیں اور ہم پانچ وقت کے نمازی بن گئے ہیں اور میں نے ڈاڑھی بھی رکھ لی ہے۔ روحانی محفل سنتے ہیں اور ہر ماہ نوچندی کی روحانی محفل پر تسبیح خانہ حاضری دیتے ہیں جس سے زندگی میں خوشحالیاں اور کامیابیاں مل رہی ہیں۔ گھر پر روز انٹرنیٹ پر روحانی محفل سنتے ہیں جس سے ہماری بہت سی جسمانی اور روحانی بیماریاں ختم ہوئی ہیں۔ اس روحانی چلہ کی (باقی صفحہ 59)

میرے خاندانی حالات — قسط نمبر 7

# پوری ریاست آج بھی اس خاندان کی ممنون ہے!

میرے والد حضرت حکیم محمد رمضان چغتائی رحمۃ اللہ علیہ (وفات 11 اپریل 1997ء بروز جمعۃ المبارک) کے ایک تعلق دار چوہدری صاحب تھے‘ جن کی شہر میں کریانہ کی بہت بڑی دکان تھی۔ ایک مرتبہ دکان پر رش لگا ہوا تھا‘ والد صاحب رحمۃ اللہ علیہ گزرے‘ تو چوہدری حافظ عمر صاحب نے دور سے آواز دی کہ آپ کہاں جارہے ہیں؟ مجھے مل کر نہیں جارہے؟ حضرت والد صاحب رحمۃ اللہ علیہ نے سوچا کہ یہ مصروف ہیں مناسب نہیں‘ لیکن ان کی محبت اور خلوص تھی کہ انہوں نے دور سے بلالیا۔ والد صاحب ؒ گئے تو چوہدری صاحب نے فوراً جگہ بنائی‘ بٹھایا اور بٹھاتے ہی کہا‘ آپ نے اپنے خاندان کو سو فیصد چھپایا ہوا ہے‘ مجھے علم ہے کہ آپ کے بڑے کہاں سے آئے تھے۔ والد صاحب رحمۃ اللہ علیہ نے پوچھا آپ کو کیسے علم ہے؟ فرمانے لگے: مجھے مفتی واحد بخش صاحب رحمۃ اللہ علیہ جو کہ تھانہ بھون کے خلیفہ تھے انہوں نے حالات بتائے اور ان کو ان کے مرشد رحمۃ اللہ علیہ نے بتائے کہ ریاست بہاولپور میں ایک ایسا خاندان ہے کہ پوری ریاست ان کا ایک احسان نہیں چکا سکتی کہ انہوں نے پوری ریاست کے مذبح خانہ (کمیلے) میں حافظ‘ عالم‘ قاری‘ باوضو لوگ مقرر کرائے جن کا وظیفہ نواب آف بہاولپور کے ذمے کہ وہ صرف ذبح کو پاک کرے‘ یعنی وہ جانور کو صرف ذبح کردیں اور باقی قصائی بعد میں اس کی کھال ٹکڑے وغیرہ کرے۔ کیونکہ اصل چیز ذبیحہ ہے۔

چوہدری صاحب کہنے لگے: مجھے الفاظ یاد ہیں کہ لاکھوں لوگ آج اس گھرانے کے ممنون ہیں جس نے اتنا بڑا ایک فیصلہ کروایا اور آج اس فیصلے کی وجہ سے لوگوں کو ذبیحہ حلال کھانے کو مل رہا ہے‘ ورنہ اکثر قصائی پاکی ناپاکی کا کوئی خیال نہیں رکھتے‘ چھری تیز ہے یا کند‘ وضو تو دور کی بات کیا انہوں نے غسل بھی کیا تھا؟ پھر انہیں غسل کے فرائض بھی آتے تھے؟ اسی حالت میں وہ اگر وہ چھری پھیریں تو اس ذبیحہ کا کیا بنے گا؟ یہ صرف اس خاندان کا احسان ہے۔

چوہدری صاحب اس طرح کی اور باتیں بتانے لگے: وہ کہنے لگے کہ آپ نے اپنے آپ کو چھپایا ہوا ہے‘ اس بات کے گواہ ان کے بیٹے چوہدری محمد شبیر جو آج بھی زندہ ہیں اور ان کی چالیس سالہ زندگی سعودی عرب جدہ اور مدینہ میں گزری‘ آج کل ازمیر ٹاؤن لاہور میں مقیم ہیں‘ وہ خود بتاتے ہیں کہ میرے والد صاحب سے یہ بات میں نے خود سنی۔ اصل میں بڑوں نے اپنی زندگی میں درویشی‘ ولایت‘ علم‘ یہ تمام چیزیں چھپائیں پردے دیئے۔ عام لوگوں کو خبر نہیں جن کو علم اور خبر ہے ان میں عظمت اور قدردانی ہے‘ ورنہ عام لوگ نہ جانتے ہیں‘ نہ بڑوں نے بتایا۔

## بندشوں اور مسائل میں جکڑے روحانی منزل کا رخ کریں!

روحانی منزل بھوربن مری میں اپنے مقصد‘ پریشانی‘ جادو جنات‘ گھریلو الجھنوں‘ کاروباری بندشوں‘ نوکری‘ بے اولادی‘ اولاد کی بے راہ روی یا اس کے علاوہ جو بھی پریشانی‘ مشکل ہو اس کا سخت تصور کرتے ہوئے سارا دن وضو بے وضو (خواتین ہر حالت میں) سوا لاکھ کی تعداد میں یَافَتَّاحُ پڑھیں۔ ایک سوا لاکھ، تین سوا لاکھ‘ پانچ ، سات گیارہ جتنے بھی سوا لاکھ پڑھیں۔ اس کے علاوہ صلوٰۃ التسبیح پڑھیں۔ روحانی منزل بھوربن مری میں آپ ایک دن، 3 دن، 5 دن، 7 دن، 11 دن، 21 دن، 41 دن یا 70 دن تک قیام کرکے درج بالا اعمال کریں۔ ان شاءاللہ آپ کا ہر مقصد‘ ہر مراد پوری ہوگی۔

زیارت روحانی — قسط نمبر 40

# ڈاکٹر عبدالقدیر خان ؒ کی شیخ الوظائف سے ایک یادگار ملاقات

روحی احمد پوری

قارئین السلام علیکم! 12 اکتوبر 2019ء کو راقم اپنے والد صاحب کے ساتھ ایک شخصیت سے ملاقات کرنے گیا۔ یہ دن میری زندگی میں ایک تاریخی حیثیت رکھتا ہے جسے میں کبھی فراموش نہیں کرسکتا۔ کیونکہ راقم نے اس عظیم دن میں ایک ایسے شخص سے مصافحہ کیا جس نے ہمارے وطن کی حفاظت کی ضمانت لی تھی۔ وہ خود پریشانی میں رہے اور ہمیں رات کو اچھی نیند سونے کا موقع دیا۔ لوگوں کے دلوں کی دھڑکن‘ ہمارے وطن کے تاج‘ ہماری حفاظت کے ضامن‘ اللہ کے دوست مرحوم ڈاکٹر عبدالقدیر خان صاحب ؒ کا ذکر کررہا ہوں۔ ہم ان سے ملاقات کے لئے لاہور کینٹ میں ایک جگہ گئے جہاں‘ چند لمحے لابی میں انتظار کیا۔ اس انتظار میں بھی عجیب لطف تھا لیکن انتظار ہو نہیں پارہا تھا۔ عربی کی ایک مثال ہے اَلْاِنْتِظَارُ اَشَدُّ مِنَ الْمَوْتِ یعنی انتظار موت سے بھی زیادہ شدید ہے“۔ شیخ الوظائف‘ میرے چچا جان‘ راقم کا چھوٹا بھائی‘ دو مخلص ساتھی اور راقم‘ ہم چھ افراد ڈاکٹر صاحب ملنے گئے۔ جب کمرے میں داخل ہوئے تھے مرحوم ڈاکٹر عبدالقدیر خان صاحب ؒ نے کھڑے ہوکر شیخ الوظائف کا استقبال کیا اور ہم سب سے مصافحہ بھی کیا۔ کمرے میں ڈاکٹر صاحب کی سکیورٹی کے لئے چند لوگ بیٹھے تھے۔ بات شروع ہوئی تو مرحوم ڈاکٹر عبدالقدیر خان صاحب ؒ کو اچانک ایک کال آئی۔ جب فون کی گھنٹی بجی تو راقم نے ایک عجیب منظر کا سامنا کی کہ ڈاکٹر صاحب کے پاس بٹنوں والا بالکل سادہ سا موبائل تھا جسے دیکھ کر بہت حیرانگی ہوئی ا۔ قارئین! آپ سوچ نہیں سکتے ان کے لباس اور بات کرنے کرکے انداز میں اتنی سادگی تھی کہ میری عقل دنگ رہ گئی۔ اتنے بڑے عالمی شہرت یافتہ ایٹمی سائنسدان جن کے نام سے پاکستان کا بچہ بچہ واقف ہے لیکن اللہ نے بہت اچھے مزاج سے انہیں نوازا تھا۔ ڈاکٹر صاحب سے بات چیت کے دوران حیرت انگیز انکشاف ہوا کہ وہ فرض نمازوں کے ساتھ ساتھ تہجد‘ چاشت‘ اشراق‘ اوابین بھی پڑھتے ہیں اور بلاناغہ اہتمام کے ساتھ تلاوت قرآن پاک کی سعادت بھی حاصل کرتے ہیں۔ وہ فرمانے لگے کہ میری ڈاڑھی چہرے پر نہیں مگر دل میں ہے جو پیٹ تک ہے۔ ڈاکٹر صاحب سے الوداع ہوتے وقت شیخ الوظائف نے ڈاکٹر صاحب سے فرمایا کہ میرے دونوں بیٹوں کے سر پر ہاتھ پھیر دیں اور پھر ٹوپی اتروا کر سر پر ہاتھ پھروایا۔ شیخ الوظائف نے واپسی پر عبقری کی ادویات اور فوڈ پراڈکٹس ہدیے کو طور پر دیں اور ان کو ایک ہتھیار بھی ہدیے کے طور پر پیش کیا۔ وہ ہتھیار کیا ہے؟ تلوار! ڈاکٹر صاحب سے اجازت لے کر ایک اور شخصیت کے پاس جانا ہوا جو کہ ایک اعلیٰ عہدے پر فائز رہ چکے ہیں۔ اس وقت بہت بوڑھے ہیں۔ اللہ نے ایسی زندگی بدلی کہ ولی اللہ بن گئے۔ تقریباً روز 20 سپارے قرآن پاک کی تلاوت کرتے ہیں۔ ان کا نام جنرل ریٹائرڈ جاوید ناصر صاحب ہے۔ جب ہم ان سے ملاقات کے لئے گئے تو وہ مسجد میں بیٹھے قرآن پڑھ رہے تھے۔ ہم سب نے ان سے مصافحہ کیا اور پھر ان سے اوجھڑی کیمپ کے واقعات سنے۔ انہوں نے اَللّٰھُمَّ اِنَّا نَجْعَلُكَ فِیْ نُحُوْرِھِمْ وَنَعُوْذُبِكَ مِنْ شُرُوْرِھِمْ۔ اَللّٰھُمَّ اسْتُرْ عَوْرَاتِنَا وَاٰمِنْ رَوْعَاتِنَا کے کرشمات سنائے۔ شیخ الوظائف فرمانے لگے جنرل صاحب کو کشف ہوتا تھا اس کے مطابق یہ حکمت عملی بناتے تھے۔ اللہ ہم سب کو نیک بنادے اور اللہ سے پکی دوستی کرنے والا بنادے‘ آمین۔ والسلام



گھریلو جھگڑے بڑھ رہے ہیں، علامہ لاہوتی پراسراری دامت برکاتہم کا انسانیت کے لئے ایک اور مرہم۔ گھر جنت نظیر بنے اور میاں بیوی میں بے انتہا محبت پیدا ہوگی (صفحہ نمبر 41)

# دانت نکالتے چڑچڑے بچوں کا ہاضمہ خراب! گھریلو ٹوٹکے

ڈاکٹر عائزہ راشد، کراچی

## بچوں میں دانت نکلنے کی علامات

جب چھوٹے بچے دانت نکالتے ہیں تو ان میں کچھ علامات ظاہر ہوسکتی ہیں جیسا کہ مسوڑھوں میں سوجن، بچے کا رونا اور ہلچل، ہلکے بخار کا ہونا، سخت چیزوں کو چبانا، بہت زیادہ منہ سے تھوک کو نکالنا، کھانسی، کان کو رگڑنا اور کان کو کھینچنا اس کے علاوہ منہ میں ہاتھ ڈالنا اور سونے اور اٹھنے کے اوقات میں تبدیلیاں ہونا۔ دانت نکلنا بچے کے لئے تکلیف دہ ہوسکتا ہے لیکن یہ بچے کو زیادہ بیمار نہیں کرسکتا۔ لیکن اگر آپ کے بچے میں اسہال، متلی یا الٹی ہو رہی ہے تو اس صورت میں فوری طور پر معالج سے رابطہ کیجئے۔ بہت سے والدین اس بات کا اندازہ لگاسکتے ہیں کہ ان کا بچہ دانت نکال رہا ہے اگر آپ کے بچے کو بھی دانت نکالتے وقت تکلیف ہوتی ہے تو آپ ان کی کچھ طریقوں کی مدد سے ان کی تکلیف دور کریں کیونکہ ایسا کرنے سے والدین بھی راحت محسوس کریں گے

## بچے کو سکون دیں

اگر آپ کو معلوم ہے کہ آپ کا بچہ دانت نکال رہا ہے تو اس کو آرام دہ رکھنے کی کوشش کریں اگر اس کے کپڑے گیلے ہیں تو اس کو فوری طور پر بدلنے کی کوشش کریں اس کے علاوہ آپ ان کی تھکاوٹ کو دور کرنے کے لئے بچوں کے جسم کی مالش کریں اور ان کو پرسکون محسوس کروائیں۔

## مسوڑھوں کا مساج

اگر آپ کو مسوڑھوں میں نوکیں نکلتی محسوس ہوں تو صاف انگلی یا ململ کے کپڑے سے مسوڑھوں کا ہلکے ہلکے مساج کریں۔ البتہ کسی جیل یا پین کلر کا استعمال نہ کریں۔ پسی ہوئی ملیٹھی‘ شہد اور نمک تینوں کو ملا کر مسوڑھوں پر ملنے سے بھی دانت نکلنے میں آسانی ہوتی ہے۔

## قدرتی طریقے اپنائیں

بچے کو کوئی ٹھنڈی سبزی چبانے کو دے دیں، جیسے کے گاجر غیرہ۔ دھیان رکھیں کہ جب بچے کو کوئی ایسی چیز دیں تو اسے اکیلا نہ چھوڑیں۔ بچہ سبزی کو کاٹ بھی سکتا ہے اور اگر وہ ٹکڑا حلق یا سانس کی نالی میں پھنس جائے تو یہ خطرے کا باعث بن سکتا ہے۔

## جلدی جلدی دودھ پلائیں

ہر بچے کی دانت نکلنے کی مختلف علامات اور مختلف علاج ہوتا ہے۔ بعض بچوں کی ماں کا دودھ پینے سے تکلیف اور بڑھ جاتی ہے جبکہ کچھ بچوں کو اس سے آرام آجاتا ہے۔ اگر بچہ شوق سے دودھ پیئے تو اسے کم وقفے سے فیڈ کرائیں۔ دودھ پلانے سے قبل اور بعد میں صاف انگلی سے بچے کے مسوڑھوں میں مساج کریں۔

## دست‘ پیچش اور خراب ہاضمہ

ان مسوڑھوں میں کچھ درد اور خارش وغیرہ ہوتی ہے۔ بچہ اپنے جبڑوں کو ادھر اُدھر ہلاتا اور باہم رگڑتا ہے، یا انگلیاں منہ میں ڈال کر چوستا ہے۔ منہ سے رال بہتی ہے، پیاس زیادہ لگتی ہے، بعض بچوں کو دست آنے لگتے ہیں اور بعض کو پیچش ہو جاتی ہے، ہاضمہ خراب ہوجاتا ہے، بھوک کم ہوجاتی ہے، بچہ دودھ رغبت سے نہیں پیتا اور قے ہونے لگتی ہے۔

ماؤں کو چاہیے کہ جیسے ہی بچے کو دست شروع ہوں اسے فوری طور پر نمکول پلانا شروع کردیں۔ اگر نمکول دستیاب نہ ہو تو گھر پر بھی با آسانی تیار کیا جاسکتا ہے۔ نمکول بنانے کا طریقہ: 4 گلاس ابلے ہوئے پانی میں آٹھ چائے کے چمچ چینی‘ آدھا چائے کا چمچ نمک‘ ایک لیموں کا رس اور ایک چٹکی کھانے کا سوڈا ملائیں‘ چند منٹ بعد برتن اتار لیں۔ عموماً بچے یہ نمکول بڑے شوق سے پیتے ہیں‘ جب پانی نارمل ہوجائے تو اسے وقفے وقفے سے بچوں کو دیتے رہیں تاکہ جسم میں ہونے والی پانی اور نمکیات کی کمی کو پورا کیا جاسکے۔ اس کے علاوہ دستوں میں چاولوں کی پیچ بھی بہت فائدہ مند ہوتی (باقی صفحہ 59)



# (پوشیدہ) گناہوں اور غلاظت سے نکلنے کا آزمودہ عمل! آپ بھی آزمائیں

اللہ تعالیٰ کا نظام ہے کہ انسان اپنی زندگی میں کبھی کبھی بالکل بے بس ہوتا ہے۔ میری زندگی بظاہر تو بہت نیک اور سلجھی ہوئی تھی۔ تسبیح خانے کی برکت تھی اور ہے کہ اللہ نے اپنے فضل و کرم کو متوجہ اور اعمال کی برکتوں کو مجھ پر ظاہر کیا۔ لیکن میرے اندر کئی عیب تھے، اس کے باوجود اللہ تعالیٰ نے میری پردہ پوشی کی اور عبقری سے ملنے والے اعمال کی برکت سے لوگوں کی نظروں میں مجھے نیک اور صالح بنایا۔ عبقری کی وجہ سے زندگی میں نیکی اور مسنون اعمال تو نصیب ہوئے مگر ابھی کچھ گناہ ایسے تھے جو نہ چاہتے ہوئے بھی مجھ سے سرزد ہوجاتے اور میں تنہائی میں ان گناہوں میں مبتلا ہوجاتی‘ اس معاملے میں خود کو بے بس محسوس کرتی تھی۔ میں بارہا کوشش کے باوجود بھی خود کو ان گناہوں سے نہ روک پاتی تھی اور ایسے محسوس ہوتا تھا جیسے گناہوں کی وہ نحوست مجھے اپنی طرف کھینچ رہی ہو۔

میں اس معاملے میں بہت زیادہ پریشان تھی پھر شیخ الوظائف کی روحانی محفل میں ایک بات سنی کہ اللہ سے اللہ کو مانگنے والا اگر گر جائے اور پھر دوبارہ کپڑے جھاڑ کر اٹھ جائے ایسا انسان اللہ تعالیٰ کو بہت پسند ہے جو اپنے گناہوں پر نادم ہوکر توبہ کرلے۔ اس دن کے بعد میں نے اپنا یہ معمول بنالیا کہ جب بھی گناہ سرزد ہوتا تو اس پر سخت نادم ہوتی اور پھر توبہ حاجات کے دو نفل پڑھتی جس کی ہر رکعت میں جب سورۃ الفاتحہ پڑھ کر اِیَّاکَ نَعۡبُدُ وَاِیَّاکَ نَسۡتَعِیۡنُ پر پہنچتی تو سو بار اس آیت کی تکرار کرتی اور پھر سورۃ کی جگہ اَفَحَسِبۡتُمۡ (سورۃ مومنون کی آخری چار آیات) کو سات یا گیارہ بار پڑھ کر رکوع اور سجدے کی تسبیح کو سو بار پڑھتی۔ اگلی رکعت بھی اسی ترتیب سے ساتھ مکمل کرکے سلام پھیر دیتی اور پھر اس کے بعد اللہ سے اپنے گناہوں کی گڑگڑا کر معافی مانگتی اور اللہ سے عہد کرتی کہ میں یہ گناہ نہیں کروں گی۔ روحانی محفل کے بعد ہونے والی دعا میں بھی بہت زیادہ رو رو کر اللہ سے مانگتی کہ میرے اندر حیا اور شرم ڈال دے اور مجھ گناہوں سے نجات دے‘ جیسے لوگ مجھے ظاہر سے نیک اور اللہ والی سمجھتے ہیں اندر بھی حیا والا بنادے۔

کوئی اندازہ نہیں کرسکتا کہ میں کس قدر پریشان زیادہ تھی، میں اندر ہی اندر شرمندگی میں ڈوبی رہتی۔ لیکن اب اللہ کا بے حد فضل و کرم اور احسان ہے کہ اب طبیعت بالکل بھی گناہ کی طرف راغب نہیں ہوتی۔ میرا دل ہر وقت اللہ کی یاد میں مگن رہتا ہے، سانس سانس اللہ کی رضا کا طلب گار ہے۔ میری درخواست ہے کہ جو لوگ بھی گناہوں اور عیبوں سے نجات چاہتے ہیں وہ یہ عمل ضرور کریں۔



☆ آپ کا کوئی کام ایسا ہو جو ناممکن ہے اور ہر کوشش کے باوجود ناکامی کا سامنا ہو، آپ اس ناممکن کو ممکن بنانا چاہتے ہیں تو یہ لاہوتی نقش پُر کریں، آپ دنگ رہ جائیں گے (صفحہ نمبر 41) ☆

## میری رخصتی لندن ہوئی اور بربادی مقدر

# قرآن اٹھا کر گڑگڑائی سویا نصیب جاگ گیا

پوشیدہ، لندن

محترم شیخ الوظائف صاحب السلام علیکم! میں رب کریم کا جتنا شکر ادا کروں کم ہے کہ اس نے مایوس اور پریشان حال زندگی میں آپ اور عبقری جیسے راہنما عطا فرمائے۔ میں مسلسل پریشان حال زندگی کی وجہ سے مایوس ہو چکی تھی۔ ایک دن یوٹیوب پر اللہ پر بھروسہ اور استغفار سے متعلق ویڈیوز تلاش کر رہی تھی کہ اس دوران آپ کی روحانی محفل کا ایک کلپ سامنے آ گیا۔ آپ کی باتیں دل کو ایسی لگیں کہ مسلسل آپ کو سننا شروع کر دیا اور اب ہر شب جمعہ کی محفل کا انتظار رہتا ہے۔ کچن میں بھی کام کرتے ہوئے آپ کی محفل سنتی ہوں۔

چند سال پہلے شادی ہوئی۔ شادی کے پہلے دو مہینے بہت اچھے گزرے۔ جب شوہر کے ساتھ بیرون ملک شفٹ ہوئی تو یہاں سب کچھ نیا تھا، سسرالی رشتہ دار جو پاکستان میں انتہائی شفیق تھے، آہستہ آہستہ اپنا آپ دِکھانے لگے۔ شام کو کھڑکیوں کے آگے پردے بھی اُن سے پوچھ کر کرتی تھی۔ دکھوں کی ساری داستان بیان کرنا بہت مشکل ہے' یہاں آ کر معلوم ہوا کہ میرے شوہر کہیں اور شادی کرنا چاہتے تھے مگر ان کے گھر والے اس لڑکی کو پسند نہیں کرتے تھے اور چاہتے تھے کہ کوئی ایسی لڑکی ہو جو ان کی غلام بن کر رہے۔ اس لئے انہوں نے پاکستان آ کر میرے ساتھ شادی کروائی۔ بس پھر نماز، قرآن، صبر، تسبیح، اور دعا کا سہارا لیا۔ خاوند کے ساتھ انتہا کی وفاداری کی، سب کی عزت کی، نندوں کے بچوں کو بہت پیار دیا، خاوند کی نانی بوڑھی تھیں، جتنی ہو سکی اُن کی خدمت کی۔ اُنہوں نے بے انتہا دعائیں دیں' جس رات اُن کی وفات ہوئی اُنہوں نے کہا ''یا اللہ میری ساری خیر کی دعائیں اسے (یعنی مجھے) لگ جائیں' اللہ تعالیٰ نے مجھے بیٹی سے نوازا۔ لیکن میرے شوہر کو بیٹے کی خواہش تھی۔

### شوہر میرے ساتھ رہنا اپنی توہین سمجھتے

تھوڑے ہی عرصے بعد شوہر نے اپنا رنگ دکھانا شروع کیا۔ شوہر کی طرف سے دھمکیاں کہ تمہیں چھوڑ دوں گا اور بچی چھین لوں گا۔ ویزہ بھی ایکسپائر ہو گیا تھا۔ بس سب کچھ برداشت کرتی گئی، اللہ نے ساتھ دیا۔ میرے شوہر میرے ساتھ رہنا اپنی توہین سمجھتے تھے۔ بہت اُتار چڑھاؤ آئے۔ شوہر غیر عورتوں کے چکروں میں پڑتا رہا۔ آٹھ سال گزر گئے مگر ہمارے لڑائی جھگڑے جاری رہے۔ میں اللہ سے ہی اپنے غموں اور دکھوں کو دور کرنے کے لئے گڑگڑا کر دعائیں کرتی رہی۔ اس کا اثر یہ ہوا کہ میرے شوہر نے بھی فیصلہ کر لیا کہ دوسری شادی نہیں کرنی۔ وہ کہنے لگے میرے پاس میری بیٹی ہے جو میرے لیے کافی ہے۔ میں نے دل میں اللہ سے کہا کہ شکر ہے اُن کا دوسری شادی کا ارادہ ختم ہوا۔ حالات بہتر ہوتے نظر آ رہے تھے۔ ہمارے تعلقات بھی کافی ٹھیک ہو رہے تھے کہ اچانک میرے شوہر کے دوست نے انہیں دوسری شادی کے لئے راضی کر لیا اور ایک لڑکی کے متعلق بتایا جو طلاق یافتہ تھی۔ میرے شوہر نے دن رات اُس لڑکی سے باتیں شروع کر دیں۔ میری بیٹی تمام معاملات دیکھ رہی تھی۔

### لڑائی جھگڑے اور طلاق

شوہر نے دوبارہ سے لڑنا جھگڑنا شروع کر دیا اور دوبارہ سے طلاق کی دھمکیاں دینے لگے میں نے اللہ سے بہت دعائیں مانگیں اور روزانہ ایک ہزار بار سورۃ الاخلاص پڑھ کر شوہر کو ہدیہ کرنا شروع کر دیا۔ اس کے علاوہ قرآن پر ہاتھ رکھ کر ہر آیت پر ''بسم اللہ'' بھی پڑھتی۔ پھر چینی، پتی اور دودھ پر دَم کر دیتی تھی۔ مجھے شوہر نے علیحدہ فلیٹ لے کر دیا تھا جہاں میں بیٹی کے ساتھ رہتی تھی۔ تھوڑے ہی عرصہ بعد معلوم ہوا کہ مجھے دھوکے میں رکھا گیا ہے اور طلاق دے دی گئی ہے۔ شوہر مجھ سے ملنے آئے اور کہنے لگے کہ میں دوسری شادی کر رہا ہوں اور اس کے لئے تمہیں طلاق دینا ضروری ہے۔ یہ خبر سن کر میں اپنے ہوش و حواس کھو بیٹھی۔ ایسا محسوس ہوا جیسے پاؤں تلے زمین نکل گئی ہو۔ میری طبیعت اچانک بہت زیادہ خراب ہو گئی۔ میں نے ان کی منت کی کہ ایسا مت کریں۔ بیٹی بھی رونے لگی۔ میرے شوہر نے کہا کہ میں فیصلہ کر چکا ہوں' تمہیں چھوڑنے کے علاوہ کوئی راستہ نہیں' یہ بات کہہ کر وہ چلے گئے۔ میں نے وہ رات جائے نماز پر رو کر' سجدے کر کے اور اللہ سے فریادیں کر کے گزاری۔ اللہ سے کہا کہ حضرت خولہؓ کا جب شوہر کے ساتھ طلاق والا معاملہ ہو رہا تھا تو انہوں یہ دعا مانگی تھی کہ یا اللہ جو میرے حق میں اچھا ہو وہ کر' مجھے طلاق نہ ہو۔ میں نے اللہ سے کہا کہ میں تو حضرت خولہؓ (بقیہ صفحہ 59)

# اسلام اور رواداری

قسط نمبر 178

## اسلام کا غیر مسلموں سے رواداری کا پیغام

ابن زیب بھکاری

بحیثیت مسلمان ہم جس بااخلاق نبی ﷺ کے پیروکار ہیں ان کا غیر مسلموں سے کیا مثالی سلوک تھا، آپ نے سابق اقساط میں پڑھا اب ان کے غلاموں کی روشن زندگی کو پڑھیں۔ سوچیں! فیصلہ آپ کے ہاتھ میں ہے۔

## عظیم مسلمان حکمران کے فیصلے!

### ہندو مذہب کے لوگ آج بھی مشکور

دنیا میں ایسے بادشاہ بھی گزرے ہیں جو عمر بھر تلواریں چلاتے رہے، بڑے بڑے علاقے فتح کیے اور عظیم الشان سلطنتوں کی بنیاد رکھی۔ اس کے برعکس ایسے بادشاہ بھی گزرے ہیں جنہوں نے اپنے عہدِ حکومت کا زیادہ حصہ خدا کے بندوں کی راحت و آسائش اور فلاح و بہبود میں گزار دیا اور اس وجہ سے لازوال شہرت پائی۔ ان کے کارنامے اب تک ملکوں کے نظم و نسق کا جز و بنے ہوئے ہیں۔ شیر شاہ سوری اس دوسری قسم کے بادشاہوں میں سے تھا۔ وہ ایک عام سردار کا بیٹا تھا۔ جو اپنی دانائی، حسنِ سلوک' دُوراندیشی اور جوانمردی سے ہندوستان کے تخت کا مالک بن گیا۔ اُس کی سلطنت شمالی ہند میں سندھ سے بنگال تک پھیلی ہوئی تھی۔ راجپوتانہ بھی اس میں شامل تھا اگرچہ صرف پانچ سال بادشاہ رہا لیکن اس تھوڑی سی مدت میں بھی اتنا کام کر گیا کہ دوسروں کو شاید ایک سو سال میں بھی اس کی توفیق نہ ہوئی۔

سراؤں میں پانی کیلئے کنویں تھے۔ ہندوؤں کی عبادت کیلئے مندر، مسلمانوں کی عبادت کیلئے مسجدیں بنوائیں۔ انہی سراؤں میں ڈاک کی چوکیاں مقرر کر دی تھیں، جگہ جگہ بھروسے کے وقائع نگار تھے جو سلطنت کے ہر حصے کی ضروری خبریں براہِ راست بادشاہ کو پہنچاتے تھے جس سے ہر قابل توجہ واقعہ کا بادشاہ کو جلد سے جلد علم ہو جاتا تھا۔

شیر شاہ نے مال گزاری کے پورے نظام کو نئے سانچے میں ڈھال دیا، ہر فصل پر کاشت کیے ہوئے رقبے کی پیمائش ہوتی اور اس کے مطابق مالیہ تجویز کیا جاتا۔ مالیے کے قاعدے قانون بلاامتیاز رنگ و نسل اور مذہب کے (باقی صفحہ 59 پر)

### یہ کتابیں پڑھنا نہ بھولیں

(1) پیغمبر اسلام کا غیر مسلموں سے حسنِ سلوک (2) امن اور عبقری (3) اسلام اور رواداری (4) غیر مسلموں کی عبادت گاہیں اور انکے حقوق اور ہماری ذمہ داریاں

کتابیں اردو اور انگلش میں پڑھنا ہرگز نہ بھولیں۔

# سگریٹ کے دھوئیں میں سکون کی تلاش

(پروفیسر عزیز، راولپنڈی)

## یہ مرض تشویشناک حد تک بڑھ چکا ہے

ڈپریشن کوئی نیا مسئلہ نہیں ہے۔ پہلے لوگ بھی اس کا شکار رہتے تھے مگر آج کل یہ مسئلہ زیادہ بڑھ گیا ہے بلکہ تشویشناک حد تک شدت اختیار کر گیا ہے جسے دیکھیں ڈپریشن کا شکار ہے جس کی وجوہات مشکلات، پریشانیاں اور تفکرات میں اضافہ ہے اور مادی زندگی کی دوڑ نے ہر کسی کو تھکا دیا ہے۔ مثال کے طور پر بچوں کی سکولنگ ہی ایک مسئلہ ہے۔ انہیں صبح تیار کرنا پھر بروقت سکول پہنچانا اور خود دفتر پہنچنا، سکولنگ کے اخراجات، یوٹیلٹی بلز جمع کرانے کیلئے مہینہ میں پانچ چھ روز بنک کے باہر لمبی قطار میں کھڑا ہونا، دفتر بروقت پہنچنے کیلئے ویگن میں جلدی میں سوار ہونا اور پھر بھیڑ بکریوں کی طرح کھڑے ہو کر سفر کرکے جانا، ناکافی وسائل اور مسائل زیادہ، سٹیٹس کو برقرار رکھنے کیلئے صبح و شام ملازمت جیسے مسائل نے انسان کو چڑچڑے پن میں مبتلا کرکے نہ صرف ہائی بلڈ پریشر کا مرض بنا دیا ہے بلکہ ڈپریشن میں مبتلا کر دیا ہے۔

## بے تکلف دوست کے ساتھ وقت گزاریں

اس مرض کا علاج مسکنات (خواب آور) ادویہ سے کیا جاتا ہے جو قطعی نامناسب ہے ایسی ادویہ وقتی سکون بخشتی ہیں مگر مریض ان کا عادی ہو جاتا ہے اور آہستہ آہستہ ادویہ اعصاب کو مفلوج کر دیتی ہیں۔ آپ یوں کہہ سکتے ہیں کہ ایسی ادویہ دل بہلاتی ہیں، حقیقی مداوا نہیں ہیں ایسی ادویہ مسائل کا حل نہیں ہیں بلکہ پریشانیوں اور مایوسیوں کا ہجوم بڑھتا چلا جاتا ہے۔ پرانے لوگ اس کا علاج تلاوت، عبادت، ذکر اذکار یا پھر کسی بے تکلف دوست کے ساتھ لمبی سیر سے کرتے، مذہبی اہمیت کے مقامات پر جانا بھی اس کیفیت سے نجات کے لئے موزوں ہے۔ نیز انسان کو اپنے حالات پر قناعت اختیار کرنی چاہیے ایسے لوگوں کو اپنی صحت پر اور خوراک پر توجہ دینی چاہیے۔ غذا زود ہضم استعمال کریں۔ چند سال قبل ڈپریشن کے موضوع پر ایک سیمینار کے شرکاء نے متفقہ طور پر نمازِ پنجگانہ کو بہترین تدبیر قرار دیا۔ ان کا کہنا تھا کہ اس سے انسان کو روحانی و ذہنی سکون ملتا ہے جس سے ذہنی دباؤ اور اعصابی تناؤ کی کیفیت ختم ہو جاتی ہے۔ ڈپریشن سے نجات کیلئے درج ذیل تدابیر مفید ثابت ہوئی ہیں: مایوسی و پستی کے ہجوم میں مشکل معاملات نمٹانے اور غور و فکر سے گریز کریں۔ دوسروں کو اپنی آپ بیتی سنایئے، کسی مخلص اور بے تکلف اور ہمدرد دوست یا عزیز کو ساتھ بٹھا کر اپنی بپتا خوب سنایئے اور گپ شپ کریں یوں آپ کے دل کا بوجھ ہلکا ہو جائے گا۔ اپنے بے تکلف اور ہمدرد دوست یا عزیز کے ساتھ روزانہ صبح و شام لمبی سیر کریں اور تبادلہ خیال کریں۔ تفکرات سے دُور رہیں، ایسے مشاغل اختیار کریں اور ان میں بھرپور دلچسپی لیں۔ مثلاً کوئی کھیل کھیلیں، پودے لگائیں اور یوں فضول سوچوں سے دُور رہیں۔ زندگی میں توازن کی راہ اختیار کریں، اچھا خوش رنگ صاف ستھرا لباس زیب تن کریں اور خوش و خرم نظر آنے کی اداکاری کریں اس طرح بھی تناؤ اور دباؤ کی کیفیت کے طوفان کا رُخ پھر جائے گا۔ دوسروں کے کام میں ان کی مدد کریں۔ مثلاً معذور کی مدد کرنا وغیرہ۔ روزانہ ہلکی پھلکی ورزش کریں، جسمانی طور پر اپنے آپ کو متحرک رکھیں۔ دوستوں کے ساتھ گپ شپ کی مجلس کریں، ان کو کھانے پر بلائیں۔ سماجی بہبود کی سرگرمیوں میں شریک ہونے کی سعی کریں جو چیز چلی جائے اس کا غم نہ کریں۔ آج کی بجائے آنے والے کل کے متعلق منصوبے بنائیں اور ماضی کو بھول جائیں جو ہونا تھا سو ہو چکا۔ دوسروں سے ایسی توقعات وابستہ نہ کریں جو پوری نہ ہو سکیں، اسی طرح کسی سے مایوسی نہ ہوگی۔ ڈپریشن دُور کرنے کیلئے تمباکو نوشی کا سہارا ہرگز نہ لیں بلکہ اگر تمباکو نوشی کرتے ہیں تو ترک کر دیں، تمباکو نوشی ڈپریشن کا ہرگز علاج نہیں ہے۔ گھر یا دفتر یا کاروبار کے مسائل بھول جایئے۔ اس کے علاوہ عنابی قہوہ استعمال کریں۔ ھوالشافی: عناب، سپستان چھوٹی چھوٹی بہی دانہ ہم وزن لے کر ہلکا کوٹ کر قہوہ کی شکل میں محفوظ رکھیں۔

ترکیب: 1½ کپ پانی میں ½ چمچ قہوے کا سفوف ڈال کر اتنا ابالیں کہ ایک کپ پانی رہ جائے پھر اس کو نیم گرم پئیں چاہیں تو اکٹھا بنا کر تھرماس میں ڈال کر سارا دن پی سکتے ہیں۔

# بچوں کے اسہال اور قے کا خوش ذائقہ

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں گزشتہ پانچ سال سے عبقری رسالہ پڑھ رہی ہوں۔ گھر میں اگر کوئی شخص بیمار پڑ جائے تو عبقری رسالہ سے اس مرض کا علاج تلاش کرکے علاج کرتی ہوں۔ گھریلو مصروفیات کی وجہ سے زیادہ ٹوٹکے استعمال کرنا میرے لئے مشکل ہوتا ہے لیکن میرے اس مسئلہ کا حل بھی عبقری کے ذریعے ہی مل جاتا ہے اور وہ عبقری دواخانہ کی ادویات ہیں۔ میری ایک سال کی بیٹی ہے جس کا اکثر پیٹ خراب ہو جاتا۔ مہینہ میں ایک سے دوبار اسے موشن لگ جاتے اور وہ دودھ پینا بھی بند کر دیتی۔ اگر زبردستی دودھ پلانے کی کوشش کرتی تو وہ الٹیاں کرنا شروع کر دیتی۔ تقریباً ایک ہفتہ مسلسل اس کے علاج کے لئے ڈاکٹر کے پاس جانا پڑتا اور مختلف ادویات کے استعمال کے بعد اسے کچھ افاقہ ہوتا۔ لیکن مسلسل ادویات استعمال کروانے سے اس کا معدہ بھی کمزور ہوتا جا رہا تھا۔ میں نے عبقری رسالہ میں چلڈرن سیرپ کے بارے میں پڑھا۔ میں نے رسالہ میں موجود ادویات کے بکنگ والے نمبر پر کال کی اور دو عدد چلڈرن سیرپ کا آرڈر کر دیا۔ چند دن مسلسل بیٹی کو یہ سیرپ استعمال کروانے سے اس کی طبیعت میں بہتری آنا شروع ہو گئی جس کے بعد میں نے سیرپ کا استعمال بند کر دیا لیکن پھر اگلے مہینے دوبارہ بیٹی بیمار پڑ گئی۔ میں نے مشورہ والے نمبر پر کال کی تو مجھے بتایا گیا کہ اس سیرپ کو مسلسل کچھ عرصہ استعمال کروائیں ان شاء اللہ مسئلہ نہیں ہوگا۔ میں نے ہدایات پر عمل کرتے ہوئے بیٹی کو مسلسل تین ہفتے چلڈرن سیرپ استعمال کروایا' اللہ کا شکر ہے بیٹی تندرست رہنا شروع ہو گئی۔ اس کے موشن اور الٹیوں کا مسئلہ حل ہو گیا اور مسلسل ادویات کے استعمال سے جو معدہ کمزور ہو گیا تھا وہ بھی بہتر ہو گیا۔ میں اب بھی مہینہ میں چند بار بیٹی کو چلڈرن سیرپ استعمال کرواتی ہوں جس سے وہ مختلف بیماریوں سے حفاظت میں رہتی ہے۔ اس سیرپ کی وجہ سے ڈاکٹروں اور ہسپتالوں کے چکر لگانے سے نجات مل گئی۔ چلڈرن سیرپ کی خاص بات یہ ہے کہ یہ بچوں کے سیرپس کی طرح کڑوا نہیں بلکہ خوش ذائقہ اور میٹھا ہے عموماً جسے ہر بچہ بخوشی استعمال کر لیتا ہے۔ میرے بھتیجے بھی اکثر بیمار پڑ جاتے تھے' میں نے انہیں بھی چلڈرن سیرپ استعمال کرنے کا مشورہ دیا جس کے استعمال سے چند ہی دنوں میں انہیں بھی شفاء مل گئی۔ (شاہین انصار، کراچی)



☆☆ جادو اور جنات اس نقش کے سامنے ایک ذرہ ہیں اور یہ آندھی کی طرح ان جادو جنات کو اڑا کر لے جائے گا۔ یہ لاہوتی نقش جادو جنات کے لئے طاقتور ننگی تلوار ہے (صفحہ نمبر 41) ☆☆

# گرمی میں دہی کی لسی چھاچھ رائتہ اور ستو کی ٹھنڈک کا مزہ

عبدالرحمٰن نمبردار، شیخوپورہ

گزشتہ چند برسوں سے گرمی کی شدت میں بہت اضافہ ہوا ہے۔ موسموں کی شدت انسان پر اپنے مخصوص اثرات شدت کے ساتھ مرتب کرتی ہے جو بہت تکلیف دہ ثابت ہوتے ہیں۔ موسم گرما کی سب سے زیادہ تشویشناک کیفیت لو لگ جانا ہے جس کے باعث جان بھی جاسکتی ہے۔ جن علاقوں میں سخت گرمی ہوتی ہے وہاں ہر شخص کے لیے ضروری ہے کہ وہ ان تمام باتوں سے واقف ہو جو اس کے اہل خانہ کو گرمی سے بچانے اور لو سے محفوظ رکھنے میں مددگار ثابت ہوں۔

## موسمی پھلوں اور سبزیوں کا استعمال

غذا وہ بنیادی جز ہے جو ہماری قوت مدافعت کو مضبوط کر کے ہمیں بیرونی عوامل کے خلاف فعال ہونے میں مدد کرتی ہے۔ موسم گرما میں پانی کے باکثرت استعمال کے ساتھ ساتھ ڈھیر سارے موسمی پھل جیسے خربوزہ، تربوز، آلو بخارہ، جامن اور فالسے وغیرہ کا خوب استعمال کریں۔ گرمی کے باعث جسم سے نکلنے والے پسینے کے ذریعے نمکیات ضائع ہوجاتی ہیں جس کے باعث تھکن اور چکر آنے کی شکایت عام ہے۔ ایسے میں لیموں کا شربت یا محض شکر کو پانی میں گھول کر استعمال کرنا بہت سود مند ثابت ہوتا ہے' ساتھ ہی ساتھ دہی کو لسی، چھاچھ یا رائتے وغیرہ کی شکل میں زیادہ سے زیادہ استعمال کریں۔ نظام ہضم کو بہتر بنانے کے لیے پودینہ کی چٹنی کا جواب نہیں، گوشت اور بادی سبزیوں کی بجائے لوکی، شلجم، ٹنڈے، توری، کدو اور کھیرا و ککڑی کو ترجیح دیں۔ ستو کا استعمال گرمی کی شدت کم کرنے میں بے انتہا کارگر ثابت ہوتا ہے۔ ایک اہم اور یاد رکھنے والی بات یہ ہے کہ جو افراد اپنے مشروبات کو ٹھنڈا کرنے کے لیے برف استعمال کرتے ہیں وہ یہ جان لیں کہ برف کی بنیادی تاثیر گرم ہے۔ اس سے بہتر ہے کہ آپ مشروبات کے اجزاء کو ٹھنڈا کر لیں اس سے آپ حلق کی بیماریوں سے بھی محفوظ رہیں گے۔ گرمی کا ذکر ہو اور کیری کا شربت کا نام نہ لیا جائے یہ تو ممکن ہی نہیں۔ قدرت نے اسی لیے خاص کر موسم گرما کے لیے یہ پھل پیدا کیا اس کے جملہ فوائد میں لو سے بچانے میں مددگار ثابت ہونا اہم ترین ہے۔

## سخت گرمی اور لُو سے بچاؤ

موسم گرما میں بلاضرورت گھر سے نکلنے اور دھوپ میں جانے سے گریز کریں اور اگر جانا پڑے تو چھتری اور سن گلاسز لے جانا نہ بھولیں۔ موسم گرما میں دن میں دو سے تین بار غسل لازمی لیں۔ کھڑکیاں دوپہر کے وقت بند رکھیں، ہلکے رنگوں اور لان و سوتی ملبوسات کا انتخاب کریں۔ آنکھوں میں عرق گلاب کے قطرے ڈالیں۔ ہلکے پھلکے زیورات کا انتخاب کریں اور بالوں کو باندھ کر رکھیں۔

گرمی میں لُو لگ جانے کی شکایت عام ہے اس مرض کے باعث مریض کی جان بھی جاسکتی ہے۔ ہمارے ملک میں ہر سال ایسے واقعات پیش بھی آتے ہیں جن کی وجہ احتیاطی تدابیر کا اختیار نہ کرنا ہے۔ لُو لگنے کی علامتوں میں چکر، شدید سردرد، قے، متلی، پیٹ میں اینٹھن، بے ہوشی اور ذہنی عدم توازن بھی ہوسکتا ہے۔ اس کو رفع کرنے کے لیے سب سے پہلے مریض کو سایہ دار ٹھنڈے مقام پر منتقل کریں۔ لُو لگنے سے بخار 104 یا اس سے زیادہ بھی ہوسکتا ہے۔ ایسی صورت میں برف کے پانی کا فوری غسل دینا ازحد ضروری ہے جب تک کہ بخار کم ہو کر 100 ڈگری تک نہ پہنچ جائے۔ اس کے علاوہ جلد از جلد معالج سے بھی رابطہ کریں۔

## پانی کا زیادہ سے زیادہ استعمال کیجئے

اس موسم میں پانی کا زیادہ سے زیادہ استعمال کریں جو کہ نہ صرف آپ کی صحت بلکہ چہرے کی جلد کے لئے بھی بہت ضروری ہے۔ کیونکہ جلد چاہے آپ کے جسم کی ہو، چہرے کی یا پھر بالوں کی ہو۔ موسم گرما میں جلد کا زیادہ چکنا ہوجانے کی بنیادی وجہ گرمی کے باعث آنے والا پسینہ ہے۔ اس صورتحال کے تدارک کے لیے پانی کا استعمال سب سے مفید ہے۔ پانی کے ذریعے اپنے بالوں اور جسم کو صاف ستھرا رکھیں۔ ملتانی مٹی کا ماسک چہرے کی شادابی کے لیے لاجواب ہے۔ ہفتہ میں ایک بار اسے گلاب کے عرق کے ہمراہ استعمال کریں۔



# یہ دوا نہ خریدتے تو قربانی سے پہلے قربانی کرنا پڑتی!

محترم شیخ الوظائف صاحب السلام علیکم! پہلی بار میرا عبقری سے تعارف کیسے ہوا یہ بھی ایک عجیب واقعہ ہے۔ گزشتہ سال ہم نے قربانی کے لئے دو بکرے خریدے۔ صحت کے لحاظ سے وہ کافی بہتر دکھائی دے رہے تھے اور تمام احباب جنہوں نے بھی ہمارے بکرے دیکھے ان کی خوب تعریف کی لیکن اگلے ہی دن معلوم ہوا کہ ان میں سے ایک بکرا بیمار تھا کیونکہ سارا دن گزر جانے کے بعد بھی اس نے چارہ نہ کھایا۔ جب اسے جانوروں کے ڈاکٹر کے پاس لے جایا گیا تو چند قدم چل کر رک گیا۔ بڑی مشکل سے اس بکرے کو ڈاکٹر کے پاس لے گئے جہاں اسے انجیکشن وغیرہ لگائے گئے مگر بکرے کی حالت سنبھل نہیں پا رہی تھی۔ ڈاکٹر نے مشورہ دیا کہ عید قربان میں ابھی ہفتہ باقی ہے مگر جانور کی حالت سے اندازہ ہو رہا ہے کہ یہ بمشکل دو دن سے زیادہ نہ نکال پائے گا' اس لئے بہتر ہے کہ مزید انتظار کیے بغیر اسے فوراً ذبح کر دیں۔ میں نے بکرمنڈی کا رخ کیا اور وہاں جا کر اس شخص کو تلاش کیا جس سے یہ بکرا خریدا تھا مگر وہاں جا کر معلوم ہوا کہ وہ شخص اپنے تمام جانور بیچ کر آبائی گاؤں جا چکا ہے۔ میں نے وہاں کھڑے بیوپاریوں کو بکرے کی بیماری کے متعلق بتایا تو ان میں سے ایک شخص نے جو پڑھا لکھا دکھائی دے رہا تھا مجھے عبقری دواخانہ کی جانور شفاء استعمال کرنے کا مشورہ دیا۔ میں نے آخری کوشش کے طور پر بکرے کو دن میں تین سے چار بار ڈبی کے ساتھ موجود بروشر پر لکھی گئی ہدایات کے مطابق جانور شفاء کا استعمال کروایا اور دوسرے ہی دن بکرے نے چارہ کھانا شروع کر دیا۔ تین دن مسلسل جانور شفاء استعمال کرنے سے بکرا چلنے پھرنے لگ گیا اور مکمل صحت یاب ہوگیا۔ یوں ہمارا بکرا عید قربان سے پہلے قربان ہونے سے بچ گیا۔ (محمد اشرف' لاہور)



بہو کو سسرال میں پریشانی ہے کہ سب کے دلوں میں اپنی محبت کیسے جگائے۔ یہ لاہوتی نقش ساس بہو کے جھگڑوں کو الفت میں بدل دیتا ہے۔ ایک بار آزما کر دیکھیں اور حیران رہ جائیں (صفحہ نمبر 41)

# ذی الحجہ میں دو نفل پڑھیں اور جنت میں اپنا مقام دیکھیں

ذی الحجہ اسلامی سال کا بارھواں مہینہ ہے۔ حضرت ابوسعید خدریؓ فرماتے ہیں کہ حضور نبی کریم ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ تمام مہینوں کا سردار رمضان کا مہینہ ہے اور تمام مہینوں میں حرمت والا مہینہ ذی الحجہ ہے۔ حضرت عمر فاروقؓ نے ذی الحجہ کے مہینہ میں اسلام قبول کیا۔ حضرت عثمان غنیؓ ذوالنورین کی شہادت کا واقعہ بھی ذی الحجہ کے مہینہ میں ہی پیش آیا۔

ماہ ذی الحجہ کے دس دنوں کی فضیلت بہت زیادہ ہے۔ اس مبارک مہینے کے پہلے عشرہ کی فضیلت وعظمت کے بارے میں کہا جاتا ہے کہ جو کوئی ان دس دنوں کی عزت کرتا ہے۔ اللہ تعالیٰ یہ دس چیزیں اس کو عطا فرما کر اس کی عزت افزائی کرتا ہے۔ (۱) عمر میں برکت (۲) مال میں زیادتی (۳) اہل و عیال کی حفاظت (۴) گناہوں کا کفارہ (۵) نیکیوں میں اضافہ (۶) نزع کے وقت آسانی (۷) ظلمت میں روشنی (۸) میزان کا (نیکیوں کا پلڑا) بھاری ہونا (۹) جہنم سے نجات (۱۰) جنت کے درجات میں بلندی ملے گی۔

جس نے ذی الحجہ کے اس عشرہ میں کسی مسکین کو کچھ خیرات دی تو گویا اس نے پیغمبروں کی سنت پر صدقہ دیا جس نے ان دنوں میں کسی مریض کی عیادت کی اس نے اولیاء اللہ اور ابدال کی عیادت کی۔ جس نے کسی جنازے میں شرکت کی اس نے گویا شہیدوں کے جنازے میں شرکت کی۔ جس نے اس عشرہ میں کسی مسلمان کو لباس پہنایا تو اس کو پروردگارِ عالم اپنی طرف سے خلعت پہنائے گا جو کسی یتیم پر مہربانی کرے گا اس پر اللہ تعالیٰ عرش کے نیچے مہربانی فرمائے گا جو شخص کسی عالم کی مجلس میں اس عشرہ میں شریک ہوا تو گویا اس نے انبیاء ومرسلین کی مجلس میں شرکت کی۔

## پہلی شب کے نوافل

ذی الحجہ کے مہینہ کی پہلی شب کو چاہیے کہ دو رکعت نفل نماز اس طرح پڑھیں کہ ہر رکعت میں سورۃ الفاتحہ کے بعد ایک بار سورۃ الکافرون پڑھیں۔ ان شاء اللہ ثوابِ عظیم حاصل ہوگا۔

## شب جمعہ کا خاص عمل

جو کوئی ذی الحجہ کی پہلی جمعرات کو بعد نمازِ عشاء دو رکعت نماز نفل اس طرح سے پڑھے کہ ہر رکعت میں سورۃ الفاتحہ کے بعد ایک مرتبہ سورۃ الکوثر اور ایک مرتبہ سورۃ الاخلاص نہایت توجہ و یکسوئی کے ساتھ پڑھے تو ان شاء اللہ اسے اس دنیاوی زندگی میں ہی جنت میں اپنا مقام دکھا دیا جائے گا۔

## مرادیں پوری ہوں گی

جو کوئی ذی الحجہ کے پہلے جمعۃ المبارک کو نمازِ فجر کے بعد چھ رکعت نفل نماز دو دو رکعت کر کے اس طرح سے پڑھے کہ ہر رکعت میں سورۃ الفاتحہ کے بعد پندرہ پندرہ مرتبہ سورۃ الاخلاص پڑھے، سلام پھیرنے کے بعد دس مرتبہ یہ کلمات پڑھے ''لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ الْمَلِکُ الْحَقُّ الْمُبِیْنُ'' اس کے ساتھ اوّل و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھے اور اللہ تعالیٰ سے نماز کی قبولیت کی دعا مانگے اور اپنے گناہوں کی معافی کیلئے گڑگڑا کر دعا مانگے، ان شاء اللہ دعا قبول ہوگی۔ اللہ تعالیٰ اپنے فضل وکرم سے اس نماز پڑھنے والے کے گناہوں کی معافی فرمائے گا اور اسے جنت میں جگہ عطا فرمائے گا۔

## یوم عرفہ کے نوافل

جو کوئی ذی الحجہ کی نو تاریخ کو چار رکعت نفل نماز اس طرح سے پڑھے کہ ہر رکعت میں سورۃ الفاتحہ کے بعد تین مرتبہ سورۃ کافرون اور اکیس مرتبہ سورۃ الاخلاص پڑھے تو ان شاء اللہ اس کی جو بھی جائز حاجت ہوگی، وہ ضرور (باقی صفحہ 59)



# حاجت روا عمل! تین بار دم کریں اور مرادیں پائیں

## کاروبار اور رشتوں کی بندش چند منٹ کے عمل سے ختم

آپ پریشان ہیں سالہا سال سے بیمار ہیں یا آپ کا کوئی عزیز زندگی سے عاجز اور خودکشی کرنے پر مجبور ہے! کاروباری بندش ہے یا گھریلو الجھنیں، جھگڑے بات طلاق تک پہنچ چکی ہے۔ گھبرائیے مت! اس ماہ کی یہ مقبول گھڑیاں آپ کیلئے خوشیوں خوشحالیوں اور برکتوں کا پیغام لائی ہیں:

## اس ماہ کی روحانی محفل

9 جون بروز جمعہ عصر تا مغرب۔ 18 جون بروز اتوار دوپہر 1 بجکر 55 منٹ سے لے کر دوپہر 2 بجکر 20 منٹ تک۔ 24 جون بروز ہفتہ رات 9 بجکر 29 منٹ سے لے کر رات 10 بجکر 05 منٹ تک یَاشَکُوْرُ یَاکَرِیْمُ پڑھیں۔ یہ ذکر، بھکاری بن کر، خلوص دل، درد دل، توجہ اور اس یقین کے ساتھ کہ میرا رب میری فریاد سن رہا ہے اور سو فی صد قبول کر رہا ہے۔ پانی کا گلاس سامنے رکھیں اور اس تصور کیساتھ پڑھیں کہ آسمان سے ہلکی پیلی روشنی آپ کے دل پر ہلکی بارش کی طرح برس رہی ہے اور دل کو سکون چین نصیب ہو رہا ہے اور مشکلات فوری حل ہو رہی ہیں۔ وقت پورا ہونے کے بعد دل وجان سے پوری امت، عالم اسلام اور غیر مسلموں کے ایمان کیلئے پوری دنیا میں امن کی دعا' اپنے لیے اور اپنے عزیز واقارب کیلئے دعا کریں۔ پورے یقین کے ساتھ دعا کریں۔ ہر جائز دعا قبول کرنا اللہ تعالیٰ کے ذمے ہے۔ دعا کے بعد پانی پر تین بار دم کر کے پانی خود پئیں۔ گھر والوں کو بھی پلا سکتے ہیں' ان شاء اللہ آپ کی تمام جائز مرادیں ضرور پوری ہوں گی۔

**ہر محفل کے بعد صدقہ ضرور کریں (اس ماہ کا صدقہ 40 روپے)**

(نوٹ:)۔ روحانی محفل کے درمیان اگر نماز کا وقت آجائے تو پہلے نماز ادا کی جائے اور بقیہ وقت نماز کے بعد پورا کیا جائے۔ اگر اسی وقت یہ وظیفہ روزانہ کریں تو اجازت ہے مستقل بھی کرنا چاہیں تو معمول بنا سکتے ہیں۔ ہر مہینے کا ورد مختلف ہوتا ہے اور خاص وقت کے تعین کے ساتھ ہوتا ہے۔ بے شمار لوگوں کی مرادیں پوری ہوئیں۔ ناممکن، ممکن ہوئیں۔ پھر لوگوں نے اپنی مرادیں پوری ہونے پر خطوط لکھے آپ بھی مراد پوری ہونے پر خط ضرور لکھیں۔ (ایڈیٹر)

**روحانی محفل تسبیح خانہ لاہور میں اجتماعی نہیں ہوتی ہر فرد اپنے مقام پر رہتے ہوئے کرے**

# حضرت بشر طبرانیؒ کے تیر بہدف عملیات

## من پسند اور اچھے رشتے کیلئے

ایسے والدین جو اپنے بچوں کے رشتوں کے لئے پریشان ہوں اور کہیں سے کوئی اچھا رشتہ نہ آرہا ہو تو انہیں چاہیے کہ اپنے بچوں کے اچھے رشتوں کیلئے قرآن پاک کی درج ذیل آیت کو والدہ، والد یا بیٹی، بیٹا خود یا تمام افراد مل کر اپنی اس حاجت کو پورا کرنے کیلئے روزانہ 41 مرتبہ مع اوّل و آخر درودِ ابراہیمی گیارہ مرتبہ اکیس دن تک پڑھتے رہیں۔ اس عمل کی برکت سے ان شاء اللہ اکیس دنوں میں اچھے رشتے کے اسباب پیدا ہوجائیں گے۔ وہ آیت یہ ہے۔

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ ۔ وَهُوَ الَّذِىۡ خَلَقَ مِنَ الۡمَآءِ بَشَرًا فَجَعَلَهٗ نَسَبًا وَّ صِهۡرًا‌ ؕ وَكَانَ رَبُّكَ قَدِيۡرًا ۔ (سورۃ الفرقان، ۵۴)

## ہر مصیبت سے نجات

دینی یا دُنیاوی ہر مصیبت و پریشانی سے نجات کیلئے قرآن پاک کی آیت ذیل نہایت مجرب ہے جن کی اولاد زندہ نہ رہتی ہو یا کسی اور پریشانی کا سامنا ہو یا کسی مصیبت میں مبتلا رہتے ہوں تو اس آیت مبارکہ کو صبح و شام گیارہ گیارہ مرتبہ اول و آخر تین مرتبہ درود شریف کے ساتھ اپنے ورد میں رکھیں تو چند دنوں میں ہی اس عمل کی برکت سے ان شاء اللہ بڑی سے بڑی ہر طرح کی مصیبت و پریشانی سے نجات حاصل ہوگی۔ آیت یہ ہے۔ بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ وَنَجَّيۡنٰهُ وَ اَهۡلَهٗ مِنَ الۡكَرۡبِ الۡعَظِيۡمِ (سورۃ الصافات، ۷۶)

## کند ذہن بچوں کیلئے

اگر کوئی بچہ کند ذہن ہو تو اس کے علاج کیلئے بچے کے والدین میں سے کوئی فجر کی سنتوں اور فرضوں کے درمیان اکتالیس مرتبہ سورۃ الفاتحہ مع بسم اللہ شریف کے پڑھ کر اکیس دن نہار منہ پانی پر دَم کر کے پلانے سے بچے کا ذہن کشادہ ہو جائے گا۔ اگر بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ کو کم از کم 41 مرتبہ پانی پر دَم کر کے روزانہ لگاتار اکیس دن تک نہار منہ پلایا جائے تو یہ بھی کشادگی ذہن کیلئے نہایت مؤثر ہے۔

## آنکھوں کی تکلیف

آنکھوں کی تمام قسم کی تکالیف کیلئے ہر فرض نماز کے بعد آیت ذیل تین مرتبہ پڑھ کر انگلیوں پر دَم کر کے آنکھوں پر لگائیں ان شاء اللہ چند ہی دنوں میں ہر شکایت دُور ہو جائے گی۔ فَكَشَفۡنَا عَنۡكَ غِطَآءَكَ فَبَصَرُكَ الۡيَوۡمَ حَدِيۡدٌ ۔ (سورۃ ق، ۲۲)۔

ہر فرض نماز کیلئے وضو کرنے کے بعد یہ معمول بنالیں کہ سورۃ القدر پڑھتے ہوئے آسمان کی طرف دیکھیں اور شہادت کی انگلی آسمان کی طرف کریں، ان شاء اللہ نظر کی کمزوری کی شکایت اور آنکھوں کے جملہ امراض دُور ہوں گے۔

## حصولِ مقصد

کوئی شخص اپنا مطلب و مقصد حاصل کرنے سے عاجز ہو یا کسی مصیبت میں مبتلا ہو اور اس سے نجات کی کوئی صورت نظر نہ آتی ہو یا اپنے منصب سے معزول ہو گیا ہو تو روزانہ اکتالیس مرتبہ آیت کریمہ پڑھا کرے۔

ایضاً: جو شخص آیت کریمہ کو ایک سو مرتبہ روزانہ پڑھنے کی مداومت کرے گا، اللہ تعالیٰ اس کے رزق میں توسیع عطا فرمائے گا۔ شیطان اور ظالم حاکم کے شر سے محفوظ رہے گا، دوستوں کے دل میں اس کی محبت پیدا ہوگی اور دشمنوں کے دل میں ہیبت طاری ہوگی۔ یہ آیت اسم اعظم ہے اور ہر مقصد کے حاصل کرنے کیلئے تریاق اور کبریت احمر ہے۔ آیت کریمہ یہ ہے۔ لَاۤ اِلٰهَ اِلَّاۤ اَنۡتَ سُبۡحٰنَكَ ‌ۖ اِنِّىۡ كُنۡتُ مِنَ الظّٰلِمِيۡنَ ۝۸۷ (سورۃ الانبیاء)

# جس نے یہ تیل استعمال کرلیا آج وہ نوجوان ہے!

محمد نذر، کراچی

محترم شیخ الوظائف صاحب السلام علیکم! اللہ آپ کو اور آپ کے اہل وعیال کو سدا اسلامت، خوش اور آباد رکھے۔ آمین۔ میں عبقری کو اپنی زندگی کا سرمایہ سمجھتا ہوں کیونکہ لوگوں کو مختلف بیماریوں کے لئے ایسے نسخہ جات دینا جس سے ان کی بیماریاں ختم ہوجائیں، میرے ذوق میں شامل ہے۔ مجھے ان نسخہ جات سے بہت محبت ہے اور اس کا تمام تر سہرا ماہنامہ عبقری کے سر ہے۔ میں نے عبقری رسالہ سے مختلف نسخہ جات آزمائے اور بیماریوں میں مبتلا لوگوں کو بتائے اور استعمال کروائے جس سے اللہ تعالیٰ نے انہیں شفاء دی اور انہوں نے مجھے اپنی دعاؤں سے نوازا۔ آج عبقری قارئین کے لئے ایک بہترین مجرب نسخہ ارسال کررہا ہوں جس سے لوگوں کو ان شاء اللہ فائدہ ہوگا۔

جسم میں کسی قسم کا درد، موچ ہو اور پیٹ کے درد اور دانتوں کے درد کیلئے میرے پاس بہت ہی شفاء بخش نسخہ ہے جس سے قارئین بھرپور فائدہ اُٹھائیں گے۔ ان امراض سے نجات کے لئے درج ذیل تیل تیار کریں اور اس تیل کو دانتوں میں مسوڑھوں کے دردوں کیلئے انگلی پر دو قطرے ڈال کر مل لیجیے۔ پیٹ کے درد کیلئے ایک گلاس نیم گرم دودھ میں تین قطرے ڈال کر صبح اور شام پی لیں۔ جسم کے دردوں کیلئے مالش کریں۔

احتیاط یہ کریں کہ جسم کے جس حصہ پر تیل کی مالش کریں وہاں پٹی کریں یا نہ کریں لیکن ہوا نہ لگنے دیں۔ یہ تیل استعمال کرتے وقت ایک بار بسم اللہ اور ایک مرتبہ درودِ ابراہیمی پڑھ لیں اور پھر ان بیماریوں سے شفاء اور تیل کا کمال اپنی آنکھوں سے دیکھیں۔ تیل بنانے کا طریقہ یہ ہے۔ (۱) تیل مچھلی (۲) تیل سرسوں (۳) تیل زیتون (۴) تیل مہندی (۵) تیل دھنیا (۶) تیل مونگ پھلی (۷) لونگ کا تیل (۸) ناریل کھوپرے کا تیل (۹) آملہ کا تیل (۱۰) تارا میرا کا تیل (۱۱) کلونجی کا تیل (۱۲) بادام کا تیل۔

تمام تیل سَو، سَو گرام لے کر آپس میں مکس کرلیں اور اچھی طرح آگ پر پکائیں۔ جب تیل ٹھنڈا یعنی نارمل ہوجائے تو چھان کر رکھ لیں۔ اس تیل میں ست پودینہ ایک تولہ، ست کافور ایک تولہ اور ست اجوائن ایک تولہ ڈال کر شیشے یا چینی کی بوتل میں بھر کر رکھ لیں۔ اس تیل کو سورج کی روشنی میں بوتل کا ڈھکن ڈھیلا رکھ کر تین دن تک مسلسل پڑا رہنے دیں اور پھر اس کے بعد استعمال کریں۔ ان شاء اللہ جن مذکورہ بیماریوں کے لئے لگانے اور پینے کے لئے جو طریقہ بتایا ہے چند دن یا چند ہفتے استعمال کرلیں۔ اس نسخہ سے شفاء ملے گی۔ ان شاء اللہ

# صدیوں پرانے سائنسدانوں کی فالسہ پر حیران کن تحقیقات

حکیم فرزانہ احمد

فالسہ کا پودہ ہمارے ملک میں عام پایا جاتا ہے۔ بدنِ انسانی میں پیدا ہونے والی کئی ایک بیماریوں کیلئے آج سے صدیوں پہلے پرانے سائنسدان حکماء نے اسے ہمارے لیے غذا اور دوا قرار دیا۔ قدیم سائنسدان، اطباء شوگر کے مریضوں کیلئے اسے دوا اور غذا کا درجہ دیتے ہیں، معدہ جگر کی گرمی اور تیزابیت کو رفع کرنے میں یہ اپنی مثال آپ ہے۔ موسمِ گرما میں بے تحاشہ پیاس کی شدت سے پیدا ہونے والے عوارض گھبراہٹ، بے چینی اور تلخی کو فوراً رفع کرتا ہے، بدنِ انسانی کی رطوبت (ہارمونز) پیدا کرنے والے غدودوں کو اس کے استعمال سے تقویت ملتی ہے۔ قدیم اطباء نے اس کے خواص پر قلم کشائی کرتے ہوئے لکھا ہے لبلبہ میں انسولین پیدا کرنے کے عمل کو فالسہ کا استعمال تیز کرتا ہے۔ پرانے اطباء تیز بخاروں میں بھی اس کا استعمال عام کروایا کرتے تھے۔

## معدہ اور جگر کی بیماری میں مفید

آج فالسہ کے مضمون میں ہم قارئینِ کرام کو ان کرشمہ سازیوں کے بارے میں تفصیل سے بتاتے ہیں۔ جو لوگ معدہ اور جگر کی گرمی میں مبتلا ہوں، گرم اور خشک چیزوں کے کثرت استعمال سے ان کے معدے میں تیزابیت زیادہ پیدا ہو وہ نہارِ منہ پچاس گرام کے قریب فالسہ کا ناشتہ کر کے جملہ تکالیف سے نجات حاصل کر سکتے ہیں۔ گرمی کے تیز بخاروں میں سوگرام فالسہ کو آدھ لیٹر پانی میں لکڑی والی مدھانی سے رگڑ کر اس میں بیس تولے عرق گاؤزبان ملا لیں، چھان کر ٹھنڈا کر کے گھونٹ گھونٹ پلانے سے بخار میں فوری طور پر کمی واقع ہو کر جسم میں پیدا شدہ بے چینی ختم ہو جاتی ہے۔

## دل کے امراض میں مفید

ایسے مریض جو موسمِ گرما کی شدت کی وجہ سے دل کی دھڑکن کی اکثر شکایت کرتے ہیں، ایسے مریضوں کو ایک پاؤ فالسے کے نچوڑے ہوئے شیرے میں آٹھ سو گرام چینی ملا کر اس کا شربت تیار کر کے اس پانچ تولے شربت میں پانچ تولے عرق کیوڑہ یا عرقِ بید مشک ملا کر صبح شام پلائیں۔ ایسے مریضوں کو چند یوم میں شفایاب ہوتے دیکھا گیا ہے۔

## ہاتھ پاؤں اور پیشاب میں جلن

آج کل گرمی کے موسم میں ہمارے اکثر نوجوان ہاتھ پاؤں اور پیشاب میں جلن کی اکثر شکایت کرتے ہیں۔ ایسے مریضوں کو چاہیے کہ رات کو ایک چھٹانک فالسہ کو آدھا لیٹر پانی میں بھگو دیں۔ صبح اسے مَل چھان کر اس پانی میں شکر سرخ حسبِ ضرورت ملا کر ٹھنڈا کر کے نہار منہ پئیں تو اللہ کے فضل و کرم سے چند ہی یوم میں یہ شکایات ختم ہو جاتی ہیں۔

آج کل ہمارے معاشرے میں جدید سائنسی طریقے سے تیار کیے ہوئے مضر صحت اور مہنگے مشروبات زوروں پر استعمال کر کے لوگ دن بدن بیماریوں میں مبتلا ہو رہے ہیں۔ ان مشروبات میں کیفین کا جزو بھی استعمال کیا جاتا ہے جو قطعی طور پر مضر صحت ہے۔ ہمارے قدیم اطباء نے آج سے صدیوں پہلے ہمیں قدرتی نباتات پھلوں سے بنے ہوئے مشروبات کی نشاندہی فرما کر ہمارے اوپر احسانِ عظیم کیا ہے۔ فالسہ کے شربت ان نام نہاد مشروبات کا بہترین نعم البدل ہے جس کے استعمال سے فوری طور پر غذا ہضم ہو کر ڈکار بھی آ جاتا ہے۔ طبیعت میں سکون پیدا ہو کر بے چینی اور پیاس کی شدت ختم ہو جاتی ہے۔

**حاملہ خواتین کے لئے:** فالسہ کا شربت حاملہ عورتوں کی قے اور متلی کا بہترین بے ضرر علاج ہے۔ آج کل کے موسم میں ہمارے ہاں اکثر لوگوں کو متلی اور قے کی شکایت ہو جاتی ہے۔ ان امراض میں مبتلا افراد کو اگر صبح و شام فالسہ کے شربت میں لیموں نچوڑ کر دیں تو فوری طور پر طبیعت بحال ہو جاتی ہے۔ پریشان حال مریض جو ریح، گیس، اپھارہ اور بدہضمی کی شکایت کرتے ہوں۔ ایسے مریضوں کو ایک نہایت مزے دار قسم کا سفوف، فالسے کو لگا کر کھانے کیلئے بتائیں۔ جس کا طریقہ یہ ہے کہ دیسی اجوائن، نمک سیاہ اور زیرہ سفید، ان تمام اجزاء کو ہم وزن پیس کر اس کا سفوف تیار کر لیں۔ صبح نہار منہ یہ سفوف ایک چھٹانک فالسہ کے ساتھ لگا کر کھائیں تو چند ہی یوم میں اپھارہ، گیس، بدہضمی وغیرہ کے امراض ختم اور بھوک کی شکایت بھی ختم ہو جائے گی۔

# عداوتیں، رنجشیں دور، رزق میں برکت کا قرآنی وظیفہ!

عرفان یوسف، اٹک

محترم شیخ الوظائف صاحب السلام علیکم! ہمارے گھر میں بہت سے مسائل اور پریشانیاں تھیں۔ میری بیوی نے عبقری سے دیکھ کر سورۂ ابراہیم کی آیت نمبر 69 کا وظیفہ ''یٰنَارُ کُوْنِیْ بَرْدًا وَّ سَلٰمًا عَلٰٓی اِبْرٰهِیْمَ'' ایک تسبیح فجر کی نماز کے بعد اوّل و آخر سات سات مرتبہ درودِ ابراہیمی کے ساتھ پڑھنا شروع کر دیا۔ اس وظیفہ کے پڑھنے سے گھر کے حالات اور ماحول آہستہ آہستہ بدلنا شروع ہو گیا۔ آپس کی عداوتیں، رنجشیں دور ہونے کے ساتھ ساتھ میرے اندر تبدیلی آنا شروع ہو گئی۔ اس عمل کی برکت سے پانچ وقت نمازوں کی ادائیگی کے ساتھ ساتھ اشراق، چاشت اور اوابین کے نوافل بھی میرے روز کے معمولات میں شامل ہو گئے۔ گھر امن اور سکون کا گہوارا بن گیا۔ میری اہلیہ کی قریبی سہیلیاں ہیں ان کے گھروں میں بھی گھریلو جھگڑے اور آپس کی ناچاقیاں عروج پر تھیں۔ اہلیہ نے انہیں بھی یہی وظیفہ پڑھنے کے لئے بتایا جس کی برکت سے کچھ عرصہ میں ان کے گھریلو حالات بھی بہتر ہو گئے۔ اس کے علاوہ میں نے سالانہ عبقری روحانی چلہ میں شرکت کی جس سے بہت نفع ہوا، بہت سے روحانی اعمال نصیب ہوئے۔

## سخت ناراضگی ختم

اگر کسی کا کوئی عزیز رشتہ دار سخت ناراض ہو اور صلح پر آمادہ نہ ہو رہا ہو یا میاں بیوی کی آپس میں ناراضگی ہو تو اسے ختم کرنے کے لئے درج ذیل وظیفہ بہت مجرب ہے۔ اس عمل کی برکت سے سخت سے سخت ناراض شخص بھی صلح پر آمادہ ہو جاتا ہے اور اس کے علاوہ رزق میں برکت کے لئے بھی یہ بہت ہی لاجواب عمل ہے۔ اس وظیفہ کی نسبت حضرت ابراہیمؑ سے ہے کیونکہ یہ وظیفہ قرآنی آیت اور حضرت ابراہیمؑ کی دعا ہے۔

وہ وظیفہ یہ ہے۔ رَبَّنَا لِيُقِيْمُوا الصَّلٰوةَ فَاجْعَلْ اَفْئِدَةً مِّنَ النَّاسِ تَهْوِيْٓ اِلَيْهِمْ وَ ارْزُقْهُمْ مِّنَ الثَّمَرٰتِ لَعَلَّهُمْ يَشْكُرُوْنَ (۳۷) (سورۂ ابراہیم)

اس آیت کو اول و آخر تین بار درود پاک کے ساتھ کثرت سے پڑھیں، جتنا بھی کوئی شخص ناراض ہو جب سامنے آئے گا تو خود ہی صلح پر آمادہ ہو کر بات کرنا شروع کر دے اور ناراضگیاں ختم ہو جائیں گی۔



☆ایک نوکری سے گزارہ نہیں ہو رہا یا کاروبار کی آمدن بہت کم ہے۔ یہ نقش گھر لے آئیں پھر کمال دیکھیں۔ نوکری میں ترقی اور عزت پائیں، ان شاء اللہ رزق بے بہا ملے گا (صفحہ نمبر 41)☆

## روحانی بیماریوں کا روحانی علاج
## جادو سے تڑپتے سُلگتے خط اور علاج

آپ بھی اپنے مسائل کیلئے خط لکھیں

رازداری کا خیال رکھا جائے گا

## خون، گوشت گرا اور بیٹی بیمار ہوگئی

محترم شیخ الوظائف صاحب السلام علیکم! میں اپنی چھوٹی بیٹی کی وجہ سے بہت پریشان ہوں یہ تین سال قبل بیمار ہوئی تھی، عبقری کے وظائف سے اسے آرام آیا تھا۔ اب سیکنڈ ایئر میں پڑھتی ہے۔ اب یہ دوبارہ بیمار ہوگئی ہے، گھر میں خون کے چھینٹے، گوشت اور کلیجی کے ٹکڑے اس کے کمرے کے سامنے گرے ہوتے ہیں۔ ہم نے اٹھا کر باہر پھینکا تب سے زیادہ بیمار ہے، بے چینی ہے، نیند بالکل بھی نہیں آتی، کوئی چیز کھانے کو دل نہیں کرتا۔ باقی چار بیٹیاں ہیں ان کی شادیاں ہو چکی ہیں لیکن وہ بھی بیمار رہتی ہیں۔ ہمیں ایسا روحانی علاج تجویز فرمایئے جس سے سب گھر والے مکمل صحت یاب ہو جائیں۔ ہم ہمیشہ آپ کے مشکور رہیں گے (غ، لاہور)

**جواب:** شیطانی اور جناتی چیزوں کے وار انسانوں کو اس وقت تک تکلیف دیتے رہیں گے جب تک ہم ہتھیار نہیں اٹھائیں گے اور ہمارے ہتھیار مسنون اعمال ہیں۔ آپ تمام گھر والے یَا قَهَّارُ کی گیارہ تسبیحات صبح و شام پڑھیں۔ اگر ممکن ہو تو پانی میں پاؤں ڈبو کر یہ عمل کریں ورنہ ویسے بھی کر سکتے ہیں۔ ان شاءاللہ کوئی شیطانی حملہ آپ پر اثر نہیں کریگا اور حفاظت رہے گی

## جادوگر، ٹی وی اور سوشل میڈیا

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میرے شوہر کے کاروبار میں بندش کی وجہ سے کاروبار آج تک بڑھ نہیں سکا اور اُنکی کافی عرصے سے طبیعت بھی خراب رہنے لگی ہے اب تو کام پر بھی کبھی کبھی جاتے ہیں سارا دن اخبار اور ٹی وی دیکھتے ہیں۔ میری بھی طبیعت خراب رہنے لگی ہے، اکیلی نہیں رہ سکتی، اکیلے میں خوف آتا ہے جب سوتی ہوں تو کوئی طاقت میرے پاؤں اُٹھا کر نیچے پھینکتی ہے اور پورا جسم ہل کر رہ جاتا ہے۔ (ثمینہ، لاہور)

**جواب:** ہم ہر چیز کو جادو جنات سمجھتے ہیں جبکہ بعض چیزیں ہماری اپنی غفلت یا کسی برے عمل کا نتیجہ ہوتی ہیں۔ اگر گھر میں سارا دن فلمیں ڈرامے اور ایسی چیزیں دیکھی جائیں اور اس گھر میں نیک جنات بھی ہوں تو وہ بھی تنبیہ کے طور پر تنگ کرتے ہیں۔ آپکے استخارے میں بھی یہی معلوم ہوتا ہے۔ آپ میاں بیوی اللہ سے توبہ کریں اور روزانہ دو نفل پڑھ کر تین بار سورہ یٰسین پڑھ کر دعا کریں اور یہ عمل نیک صالح جنات کو ہدیہ کر دیں۔ انشاءاللہ آپکے تمام مسائل حل ہو جائینگے۔

## روزگار کیلئے پریشان

محترم حکیم صاحب السلام علیکم! میرے دونوں بھائی بیروزگار ہیں انکا کوئی کام نہیں ہے، ایسا لگتا ہے کہ انکے کاروبار پر بندش لگی ہوئی ہے۔ میرے چھوٹے بھائی جسکے ساتھ کام کرتے ہیں اسکا کاروبار بھی رُک جاتا ہے، گھر والے بہت پریشان ہیں۔ (جنید خان، حویلیاں)

**جواب:** سب گھر والے اس دعا کی ایک تسبیح صبح و شام پڑھیں۔ اَللّٰھُمَّ اکْفِنِیْ بِحَلَالِكَ عَنْ حَرَامِكَ وَاَغْنِنِیْ بِفَضْلِكَ عَمَّنْ سِوَاكَ اللہ پاک غیب سے رزق کے اسباب پیدا فرمائینگے۔ اس عمل کے دوران تدبیر کے طور پر روزگار کیلئے کوشش بھی کرتے رہیں کیونکہ دین نے ہمیں تدبیر اختیار کرنیکا حکم دیا ہے۔ بھائیوں سے کہیں کہ سارا دن باوضو رہنے کی کوشش کریں اور یَا بَاسِطُ کا ورد کرتے رہیں، رزق اور کاروبار کی بندش ٹوٹ جائیگی اور رزق میں وسعت ہوگی۔

## 35 تولے سونا اور 3 لاکھ نقدی غائب

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! چند دن پہلے ہمارے گھر میں چوری ہوئی۔ ہم ایک دعوت پر گھر سے باہر گئے ہوئے تھے۔ جب واپس آئے تو گھر کے تالے ٹوٹے ہوئے تھے۔ گھر میں داخل ہوئے تو لاکر سے 35 تولے سونا، 3 لاکھ نقدی غائب تھی۔ ایک ماہ ہو گیا ہے، چوروں کا کچھ پتہ نہیں چلا۔ مہربانی فرما کر کوئی پڑھائی بتایئے جو ہم سب مل کر پڑھ لیں۔ ہمیں امید ہے وظائف کرنے سے تمام چیزیں ہمیں واپس مل سکتی ہیں۔

(ن۔ا، کراچی)

**جواب:** آپ کا کسی قسم کا جانی نقصان نہیں ہوا اس پر اللہ کا شکر ادا کریں اور آپ تمام گھر والے ہزاروں، لاکھوں کی تعداد میں "اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّا اِلَیْهِ رَاجِعُوْنَ یَا جَامِعُ یَا مُعِیْدُ" پڑھیں۔ گمشدہ چیز واپس پانے کے لئے یہ بہت مجرب عمل ہے۔

## بن ماں کے بدتمیز اور نالائق بچے کا روحانی علاج

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میرا بھانجا پڑھائی کی طرف توجہ نہیں دیتا اور انتہا کا بدتمیز ہے۔ اس کی حقیقی ماں کا انتقال ہو چکا ہے اور باپ نے دوسری شادی کی ہے۔ ماں باپ کو جواب دیتا ہے بلکہ آگے سے ہاتھ اٹھاتا ہے۔ پڑھنے کا بولو تو رونا اور بدتمیزی کرنا شروع کر دیتا ہے۔ آپ کوئی ایسا عمل بتائیں کہ بچے کا دھیان پڑھائی کی طرف ہو جائے اور تمیزدار بھی ہو جائے۔ (مسز ڈاکٹر رب نواز، بھکر)

**جواب:** بچے ہوں یا بڑے جب ان کے مزاج میں سرکشی اور بے ادبی حد سے بڑھ جائے تو ان کے لئے ایک بہت پُرتاثیر عمل ہے جو بے شمار کا آزمودہ ہے۔ دو تسبیح سورہ اخلاص کی پڑھ کر حضرت عمرؓ کی روح مبارک کو ہدیہ کر دیں اور ان سے عرض کریں کہ ہمارے بچے یا جس کی اصلاح مقصود ہو اس کی طرف توجہ فرمائیں۔ اس عمل کی برکت سے بے ادبی ادب میں بدل جائے گی۔

## ذہن اُلجھا ہوا ہے، ہر وقت غصہ چڑچڑا پن

محترم شیخ الوظائف صاحب السلام علیکم! میرا ایک مسئلہ ہے کہ مجھے ہر وقت غصہ آتا ہے اور سر میں بھی درد رہتا ہے۔ میرا ذہن بری طرح منفی سوچوں میں اُلجھا ہوا ہے۔ مجھے کوئی دَم یا روحانی عمل بتا دیں جس سے میں ٹھیک ہو جاؤں، اللہ پاک مجھے اپنا ذاتی گھر عنایت فرمادے اس کیلئے بھی وظیفہ بتایئے۔ (ح،ز۔اوکاڑہ)

**جواب:** آپکو روحانی دنیا کا ایک خاص عمل بتاتا ہوں۔ دن میں کسی بھی وقت وضو کر کے جائے نماز پر بیٹھ جائیں، آنکھیں بند کر کے سر کو جھکا کر تصور کریں کہ خانہ کعبہ پر نور کی بارش برس رہی ہے اور آپ میزابِ رحمت کے نیچے بیٹھی ہوئی ہیں، ساری نور کی بارش میزابِ رحمت کے ذریعے آپکے اوپر پڑ رہی ہے۔ بس 10 منٹ صرف یہ تصور کریں۔ جہاں اس عمل کی برکت سے سوچوں اور جذبوں میں مثبت تبدیلی اور مزاج میں اطمینان حیرت انگیز طور پر رچ بس جائیگا، اسکے ساتھ انوکھی روحانی کیفیات بھی نصیب ہونگی۔ ذاتی گھر کیلئے وضو کے درمیان کی دعا سارا دن سینکڑوں ہزاروں کی تعداد میں پڑھیں۔



آج آپ باعزت اور خوشحال زندگی گزار رہے ہیں اور اپنی نسلوں میں عزتیں اور خوشحالی برقرار چاہتے ہیں تو اس لاہوتی نقش کو پُر کریں۔ یہ نقش آپ کو نسل در نسل عزتوں کے تاج پہنائے گا (صفحہ نمبر 41)

# چہرہ کے ساتھ پاؤں بھی چمکائیے! مکمل حسین نظر آئیے!

فوزیہ سلیمان

اکثر خواتین پاؤں کی صفائی اور خوبصورتی پر توجہ اس لیے نہیں دیتیں کہ ان کے نزدیک پاؤں کا خوبصورتی سے کوئی تعلق نہیں ہوتا یا وہ پاؤں کی صفائی اور خوبصورتی کو حسن و آرائش سے ماورا سمجھتی ہیں۔ ان کا خیال ہوتا ہے کہ اگر کپڑے اچھے پہن لیے جائیں، میک اَپ کرلیا جائے تو پاؤں کی جانب کسی کی نظر ہی نہیں جاتی۔ بس چہرے کو چمکا لینا اور خوبصورت دیدہ زیب کپڑے پہن لینا ہی خوبصورت نظر آنے کیلئے کافی ہے جبکہ خوبصورت، دلکش اور نرم و نازک پاؤں ہی آپ کی شخصیت کی عکاسی کرتے ہیں۔

## ذہین اور سلیقہ مند خواتین

آج ہم آپ کو بتائیں گے کہ آپ کی شخصیت میں آپ کے پاؤں کی کیا اہمیت ہے؟ آپ کس طرح تھوڑی سی توجہ دے کر اپنے پاؤں کو خوبصورت، نرم و نازک اور دلکش بنا سکتی ہیں۔ آپ کے جسم میں پاؤں کی بڑی اہمیت ہے کیونکہ ان کی وجہ سے ہی آپ کھڑی ہوسکتی ہیں۔ آپ کے کھڑے ہونے کا انداز لوگوں کو بتا دیتا ہے کہ آپ کس قدر ذہین اور سلیقہ مند ہیں۔ آپ کی شخصیت کو ایک نظر میں جانچنے والے آپ کے پاؤں کا بھی بغور جائزہ لیتے ہیں۔ بعض خواتین تو اپنے پیروں سے اس حد تک لاپرواہ ہوتی ہیں کہ جیسے یہ ان کے پیر نہیں، کسی اور کے ہیں۔ ان خواتین کے پاؤں کھردرے، بدنما، خشک، ایڑھیاں پھٹی ہوئی اور ٹخنوں پر کالے نشان پڑ جاتے ہیں۔ غلط میٹریل اور ڈیزائن کے جوتے پہننے سے پیروں پر چنڈیاں پڑ جاتی ہیں جو بدنما تو لگتی ہیں ساتھ ہی تکلیف کا باعث بھی بنتی ہیں۔

## خراب جوتوں سے مختلف بیماریاں

پاؤں کی حفاظت کے سلسلے میں سب سے اہم بات یہ ہے کہ آپ کے پہننے والے جوتے خوبصورت ہونے کے ساتھ ساتھ آرام دہ بھی ہونے چاہئیں۔ ان کا سائز زیادہ تنگ نہ ہو۔ تنگ جوتے پہننے سے پاؤں کی کھال بہت زیادہ حساس ہو جاتی ہے۔ جوتا لگنے سے پاؤں میں ورم آجاتا ہے اور مختلف جگہوں پر چنڈیاں بن جاتی ہیں۔ نرم چنڈی کو دُور کرنے کیلئے پہلے تو اس کی موٹی کھال کو جو اوپر جم جاتی ہے اسے کسی طرح سے اُتار دیں اور اس کے اوپر سلور نائٹریٹ کا محلول لگائیں۔ چنڈیوں کی صفائی اور دوائی لگاتے وقت آپ کے ہاتھ اور اوزار جراثیم سے پاک ہوں اور اگر آپ ذیابیطس کی مریضہ ہیں تو پھر چنڈی کو بالکل ہاتھ نہ لگائیں۔ گندے جوتے یا گندے موزے پہننے سے پیروں کو مختلف بیماریاں لگ سکتی ہیں۔ مثال کے طور پر گٹے پڑنا یا فنگس وغیرہ۔ پاؤں کھلے نہ چھوڑیں اس طرح گردوغبار سے آپ کے پاؤں میلے تو لگتے ہیں، رنگ بھی کالا ہوجاتا ہے۔

سفید خوبصورت پاؤں رکھنے کا بہترین طریقہ بند جوتوں کا استعمال ہے اگر آپ عام روٹین میں بند جوتوں کا استعمال کریں تو جب کبھی شادی وغیرہ کی تقریب میں فینسی جوتے زیب تن کریں گی تو وہ بہت خوبصورت معلوم ہوں گے۔

## پاؤں خوبصورت بنانا نہایت آسان

اس کے علاوہ پاؤں کی خوبصورتی میں ناخن سب سے زیادہ اہمیت کے حامل ہیں۔ پاؤں کے ناخن اوپر نیچے بے تکے بڑھے ہوئے نہ ہوں بلکہ جیسے ہی تھوڑے سے بڑے ہوں انہیں فوراً شیپ کرلیں۔ دوسری صورت میں یہ ہوتا ہے کہ اکثر خواتین کے پاؤں کے ناخن چلتے ہوئے یا گھر میں ٹیبل وغیرہ سے ذرا سا ٹکرا جائیں تو پورا ناخن اُکھڑنے کا اندیشہ ہوتا ہے۔ اس سے نہ صرف پاؤں کی خوبصورتی متاثر ہوتی ہے بلکہ بہت زیادہ تکلیف بھی ہوتی ہے۔ نرم ناخن پر رات کو سونے سے پہلے زیتون کے تیل کا مساج کرنا چاہیے اور اچھی طرح اوپر اور نیچے کی جانب سے ناخن کو ملنا چاہیے۔ اس سے ناخن کی چمک میں اضافہ ہوگا۔ جب ناخن تھوڑا سا بڑھ جائیں تو نیل کٹر سے انہیں شیپ لازماً کرلیں۔ اپنے پاؤں کو مزید خوبصورت بنانے کیلئے ہفتے یا دو ہفتے میں پاؤں کے پیڈی کیور ضرور کروائیں۔

ایک ٹب میں نیم گرم پانی ڈالیں۔ اگر آپ کے پاؤں تھکے ہوئے ہیں تو اس میں تھوڑا سا نمک ڈالیں' پھر ناخنوں پر کیوٹیکل کریم اچھی طرح سے ملیں اور پاؤں کو پانی میں دس سے پندرہ منٹ کیلئے بھگو کر تھوڑی دیر کیلئے ریلیکس ہو کر بیٹھ جائیں۔ تھکن میں کمی محسوس ہوگی اور پاؤں کی کھال بھی نرم ہو گی۔ اس کے بعد کیوٹیکل پش کی مدد سے ناخنوں کے گرد مٹی وغیرہ کے ذرات کو صاف کریں۔ پانی (باقی صفحہ نمبر 59)

# بریسٹ کینسر سے چھٹکارا چاہیے تو گھبرائیے مت! میرا آزمودہ علاج کروائیے!

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! گزشتہ دو ماہ سے سینے میں تکلیف کا سامنا تھا۔ میں نے کچھ پین کلر ادویات کا استعمال کیا جس سے عارضی طور پر افاقہ ہوجاتا مگر ایک سے ڈیڑھ ہفتہ گزرنے کے بعد دوبارہ تکلیف شروع ہو جاتی۔ ایک وقت ایسا آیا کہ پین کلر ادویات سے فائدہ ہونا بھی ختم ہو گیا۔ میرے چچا ایک بڑے ہسپتال میں بطور ڈاکٹر خدمات سرانجام دے رہے تھے۔ والدین نے ان سے رابطہ کیا اور ان سے علاج کروانا شروع کیا۔ ڈاکٹر صاحب نے کچھ ضروری ٹیسٹ کروانے کا مشورہ دیا جن کی رپورٹس سے معلوم ہوا کہ مجھے بریسٹ کینسر ہوگیا ہے۔ میں نے جب یہ خبر سنی تو گھبرا گئی کیونکہ چند ماہ پہلے ہمارے علاقے میں ایک خاتون کا اسی بیماری کی وجہ سے انتقال ہوا تھا۔ مجھے والدین اور چچا نے حوصلہ دیا۔ میں نے باقاعدگی سے ڈاکٹر کی ہدایات پر عمل کرتے ہوئے ادویات کو مستقل مزاجی سے استعمال کرنا شروع کیا مگر مجھے مکمل طور پر فائدہ نہیں ہو رہا تھا۔ ان دنوں ٹوکن پر میری حضرت حکیم صاحب سے ملاقات ہوئی۔ والدہ نے میری بیماری سے متعلق حضرت حکیم صاحب کو آگاہ کیا۔ حضرت حکیم صاحب نے مجھے تسلی دی اور فرمایا کہ آپ عبقری دواخانہ کی خون صفاء' ٹھنڈی مراد' نورتن شفاء' دیسی اینٹی بائیوٹک شفاء' کالی کڑوی شفاء اور اس کے علاوہ مرہم سکون (لگانے کے لئے) استعمال کرنے کا مشورہ دیا۔ میں نے ان کی ہدایات پر عمل کرتے ہوئے ان ادویات کو استعمال کرنا شروع کیا اور ساتھ ڈاکٹر کی دی ہوئی ادویات بھی استعمال کرتی رہی۔ اللہ کا شکر ہے کہ چند ماہ میں مجھے بریسٹ کینسر کے مرض سے مکمل شفاء مل گئی اور دوبارہ ٹیسٹ کروانے پر رپورٹس بھی بالکل ٹھیک آئیں۔ (انیلہ جاوید' اسلام آباد)

**نوٹ: اگر آپ کے کسی عزیز یا جاننے والے کو چھاتی کا کینسر ہے اور آپ ڈاکٹری علاج کروا رہے ہیں تو اس کے ساتھ ساتھ عبقری کی ادویات خون صفا' ٹھنڈی مراد' نورتن شفاء' دیسی اینٹی بائیوٹک شفاء اور کالی کڑوی شفا اور مرہم سکون (لگانے کے لئے) استعمال کروائیں۔ ان ادویات سے بے شمار لوگوں نے شفاء پائی' آپ بھی ضرور آزمائیں۔**



☆ اگر دفتر میں آپ کے مخالفین ہیں تو وہ آپ کے موافق بن جائیں گے۔ اس لاہوتی نقش کی برکت سے ان کے دلوں میں آپ کی عزت پیدا ہوگی اور ماحول پُرسکون ہوگا (صفحہ نمبر 41 دیکھئے)

# مرحوم والدہ کی دعاؤں نے ذلت سے نکال کر عزت کے تاج پہنا دیئے

زندگی کیسے بدلی

قارئین! شیخ الوظائف کی محافل موبائل (میموری کارڈ) انٹرنیٹ وغیرہ پر سننے سے لاکھوں کی زندگیاں بدل رہی ہیں انوکھی بات یہ ہے چونکہ دوران محفل اسم اعظم پڑھا جاتا ہے، جہاں محفل سنی جاتی ہے وہاں گھریلو الجھنیں حیرت انگیز طور پر ختم ہوجاتی ہیں آپ بھی سنیں خواہ تھوڑی سنیں روزانہ سنیں آپ کے گھر گاڑی میں ہر وقت محفل چلے۔

محترم شیخ الوظائف صاحب السلام علیکم! آپ انسانیت کے لئے جس خیر اور بھلائی کا ذریعہ بن رہے ہیں اس احسانِ عظیم کا صلہ تو اللہ پاک ہی آپ کو عطا فرمائے گا۔ آپ لوگوں کو اللہ سے ملا رہے ہیں، مجھ گناہگار کو آپ کی بدولت قلبی چین وسکون نصیب ہوا' میں بے بسی اور گناہوں کی قید سے آزاد ہوا۔ آپ کو بہت دعائیں دیتا ہوں۔ میری دعا ہے اللہ پاک آپ کو دنیا و آخرت میں ترقیاں اور کامیابیاں عطا فرمائے۔ آمین!

## مختلف گناہوں اور علتوں کا شکار

میری مرحوم والدہ آپ سے بہت عقیدت رکھتی تھیں، ایسا کوئی دن نہیں گزرتا تھا جس دن انہوں نے آپ کی روحانی محفل یا عبقری رسالہ کی کوئی بات نہ کی ہو۔ وہ عبقری رسالہ سے دیکھ کر ادویات کا استعمال اور روحانی بیڈٹی والا عمل کرتیں اور آپ کو دعاؤں سے نوازتیں۔ جب اللہ نے مجھے تسبیح خانہ سے جوڑا تو اس سے پہلے میں مختلف گناہوں اور علتوں میں مبتلا تھا۔ آپ کی روحانی محفل کو آن لائن سنتا رہا جس سے زندگی میں تبدیلیاں آنا شروع ہوئیں۔ جب پہلی مرتبہ تسبیح خانہ آکر آپ کی زیارت کا شرف حاصل کیا تو وہ دن اور آج کا دن ہے دل سے فیصلہ کیا کہ ان شاءاللہ اب ہر محفل تسبیح خانہ آکر سنوں گا۔ آپ کی روحانی محافل کی ریکارڈنگ میں بھی اللہ پاک نے کوئی غیبی طاقت رکھی ہے جو دل کی دنیا بدل دیتی ہے۔ سب گھر والے روحانی محفل کو شوق سے سنتے ہیں۔

## نجات کا کوئی ذریعہ نہیں

جب میں نے آپ کی روحانی محفل کو سننا شروع کیا تو اس سے پہلے میں موسیقی کا بہت زیادہ شوق رکھتا تھا اور دیگر گناہوں بھری دنیاوی لذتیں بھی زندگی میں شامل تھیں۔ ان گناہوں سے چھٹکارے کا کوئی ذریعہ نہیں بن پا رہا تھا۔ میں کوشش کے باوجود بھی ان گناہوں کی دلدل سے خود کو نہیں نکال پا رہا تھا۔ اس دوران آپ کی روحانی محافل سننا شروع کیں تو اپنے گناہوں پر شرمسار ہوتا کہ کسی طرح سے ان سے نجات حاصل کرلوں مگر اس کے باوجود بھی موسیقی اور دوسرے گناہوں میں مبتلا رہتا۔ ایک دن جب آپ کی زبان مبارک سے یہ اشعار سنے "نیکاں دے لڑ لگ کے میں وی شاید بخشیا جانواں" اور "نہ میں سوہنی نہ دولت پلے"۔ ان اشعار نے مجھے گناہوں سے چھٹکارے کے لئے تقویت دی اور اللہ کا کرم ہے اب میں موسیقی اور دوسری دنیاوی لذتیں یعنی گناہوں بھری زندگی چھوڑ چکا ہوں۔

## مرشدِ کامل کی بدولت دل کی دنیا بدل گئی

عبقری تسبیح خانہ کا فیض مختلف شکلوں میں مل رہا ہے۔ میں حلال وحرام کا خیال نہ رکھتا تھا۔ ایسے معاملات تھے جن سے میری آخرت میں ضرور پکڑ ہوتی او مرشد کا فیض بھی نہ ملتا۔ دل میں آتا کہ ان علتوں سے نکل جاؤں لیکن دیر کرتا رہا تو اللہ پاک نے ایسا نظام بنایا کہ میرے معاملات درست کر دیئے۔ ایک معاملہ یہ تھا کہ ایک مکان غیر شرعی طریقے سے میرے نام تھا جس کی مالیت بہت زیادہ تھی مگر میں نے چند لاکھ کے عوض وہ مکان جس میں بھائیوں کا بھی حصہ تھا اپنے نام لگوا لیا دنیاوی قانون کے مطابق وہ مکان میرے نام ہے لیکن اللہ کا قانون کچھ اور فیصلہ دیتا ہے۔ اللہ کے قانون کے فیصلے کے مطابق محض اللہ کے فضل سے میں نے سب کا حق واپس دینے کا فیصلہ کرلیا اور سب کو بتا دیا کہ آپ کا اتنا حق ہے۔ والدہ کی وفات پر سارا اختیار میرے ہاتھ میں آ گیا مگر میں نے آپ کی تعلیمات پر میں اُن کا حق دینے کا فیصلہ کیا۔ اللہ نے اُن کے دل کو نرم کیا اور اُنہوں نے اپنا حق معاف کر دیا۔ ایک بھائی کا حصہ رہتا ہے وہ بھی ان شاءاللہ جلد ایک مکان بیچ کر ادا کردوں گا۔ اپنے مرشدِ کامل کی بدولت ہی مجھ پر یہ حقیقت کھلی ہے کہ حلال میں بہت خیر اور برکت ہوتی ہے اللہ کی مدد ایسی شامل ہوئی کہ حق والوں نے اپنا لاکھوں کا حق معاف کر دیا ورنہ آج کے دور میں کوئی ایک ہزار معاف نہیں کرتا۔ یہ اللہ ہی کی مدد سے ہوا جو اللہ نے اُن کے دل نرم کر دیئے اور اس کا ذریعہ آپ بنے۔

## دعائیں قبول نہ ہونے کا شکوہ اب نہیں

مرادوں کو پانے اور نسلوں کے مقدر سنوارنے کے لئے نومبر 2023 "سوا رب درود پاک" کے چلہ میں سورۂ اخلاص کی گیارہ جمعراتوں کے عمل کی اختتامی دعا میں شامل ہوں۔

# جنات کی خباثتیں

## خبیث جن نے شوہر کو مجھ سے بدظن کر دیا

قسط نمبر 5

محترم شیخ الوظائف صاحب السلام علیکم! چند سال پہلے میں نے اپنی بیٹی کی شادی کی۔ شادی کے کچھ عرصہ بعد اس پر ایک جن آنا شروع ہو گیا۔ وہ جن بیٹی کے ساتھ خبیث حرکتیں کرتا۔ اس کی خباثتوں کی وجہ سے میری بیٹی کا شوہر اس سے بدظن ہو گیا اور اسے طلاق دے دی۔ اس شیطانی جن نے اس کے بعد بھی میری بیٹی کو نہ چھوڑا اور آئے روز خباثتیں پھیلاتا۔

## پاؤں تلے زمین نکل گئی

میری بیٹی کو ایسے پوشیدہ امراض نے گھیر لیا جسے سن کر میرے پاؤں تلے زمین نکل گئی۔ میں نے بیٹی کا روحانی علاج کروایا جس سے اس کے پوشیدہ مسائل میں کافی کمی آئی۔ کچھ عرصہ سکون رہا مگر پھر میری بیٹی کے ساتھ مزید جناتی مسائل شروع ہوئے اس پر پہلے ایک جن مسلط تھا اب تین سے چار روزانہ جنات آنا شروع ہو گئے جو میری بیٹی کو اذیتیں دیتے' اس کے جسم پر صبح نشانات ہوتے' حتیٰ کہ بعض اوقات دانتوں کے نشانات واضح نظر آتے۔ جب بھی اپنی بیٹی کا کہیں رشتہ کرنے کی کوشش کرتی تو جنات زیادہ تنگ کرنا شروع کر دیتے اور ایسے حالات پیدا کر دیتے کہ اس کی شادی نہ ہوتی اور وہ بیٹی کو صاف کہتے ہیں کہ ہم نے تمہیں شادی کے قابل نہیں چھوڑا' شادی ہو بھی گئی تو فوراً طلاق کروا دیں گے۔

## خوفناک چیخوں سے پڑوسی بھی ڈر جاتے

جب کوئی تسبیح اور ذکر کرنے کی کوشش کرتا ہے یا کوئی بزرگ اس کے علاج کی کوشش کرتا ہے تو ان کے جانے کے بعد جنات اس قدر بیٹی کو اذیت دیتے ہیں کہ آس پاس والے پڑوسی بھی اس کی چیخیں سن کر ڈر جاتے ہیں۔ کسی کے کہنے پر تسبیح خانہ لاہور میں شب جمعہ کی روحانی محفل میں آنا شروع ہوئے' پھر شیخ الوظائف سے ملاقات ہوئی' انہوں دم فرمایا بیٹی وہیں پر سکون ہو گئی اس کے کندھوں دماغ سے سارا بوجھ اتر گیا اور ایک وظیفہ دیا سورۂ آل عمران کی پہلی دو آیات "الٓمّٓ ۝ اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْحَيُّ الْقَيُّوْمُ (۲)" کا ورد صبح وشام تین تسبیح پڑھنے کے لئے بتایا۔ شروع جنات نے بہت تنگ کیا مگر پھر آہستہ آہستہ جنات آنا کم ہو گئے اور پھر یہ سلسلہ ختم ہو گیا۔ اب الحمدللہ! بیٹی بالکل ٹھیک ہے' صحت بھی دن بدن بہتر ہو رہی ہے۔ (پوشیدہ)

# مشکلات،غربت، بندش ختم اور دولت مند ہونے کیلئے صرف پرندوں کی دعا ہی کافی ہے!

رخسانہ، پشاور

محترم شیخ الوظائف صاحب السلام علیکم! چند سال پہلے ہم سخت پریشان اور حالات سے مجبور سخت سردی میں آپ کے اسسٹنٹ صاحب سے ملاقات کے لئے آئے۔ لوگوں کا رش شروع ہوا، پتہ چلا آج شیخ الوظائف صاحب سے ملاقات کا دن ہے ہم بھی اس طرف آئے، وہاں کھڑے ایک بزرگ بوڑھے بابا کی بڑی منت سماجت کی مگر انہوں نے اس معاملے میں بے بسی کا اظہار کردیا کہ بغیر ٹوکن کے آپ سے ملاقات نہیں ہوسکتی۔ ان دنوں غربت، پریشانی اور مسائل کی کشتی میں ڈوبے ہوئے تھے۔ اس وقت دل ہی دل میں رو رو کر اللہ سے فریادیں کر رہے تھے۔ ادھر تسبیح خانہ کی دیواروں پر کبوتروں نے شور مچایا۔ ہم نے یعنی میں اور بیٹیوں نے آپ کا بتایا ہوا عمل تین تین بار درود شریف، ایک بار سورۂ فاتحہ اور تین بار سورۂ اخلاص بے شمار تعداد میں پڑھ کر کبوتروں کو ہدیہ کیا۔ اس کے علاوہ سورۂ قریش اور بھی بہت کچھ ہدیہ کیا۔ بس پڑھتے رہے، ان کو ہدیہ کرتے رہے اور ہر بار ان کبوتروں کی منت کرکے دعا کے لیے درخواست پیش کرتے رہے۔ وہ شور مچاتے رہے جیسے ہمارے ساتھ رو رہے ہوں۔ ہم کو تسلیاں دیتے ہوں اور میں پاگلوں کی طرح ان سے باتیں کرنے لگی۔ اس دوران کچھ ایسی کیفیات ملیں کہ اللہ نے دل میں بات ڈال دی کہ بہت جلد ہمارے دکھی دل آسودہ ہوجائیں گے۔ پھر جب اسسٹنٹ صاحب سے ملاقات کا وقت آیا اور ہم سب یک وقت اکٹھے ملے۔ ان کو حالات بتائے اور انہوں نے اعمال دیئے اور تسلی دی۔

## سسکیوں اور آہوں بھری صدائیں

اگلی مرتبہ جب ملاقات کے لئے ٹوکن ملنا تھا' میں نے رو رو کر دعا کی درخواست کی، بے بس مجبور، ماں آہوں سسکیوں میں، شوہر، بچیوں ہم سب نے ہاتھ اٹھائے۔ پھر سارے گھر والے ہاتھ میں موبائل لیے سورہ قریش 41،41 بار سب نے پڑھی اور مسلسل ٹوکن والے نمبر پر کال کرتے رہے آخر کار اللہ نے ہماری فریاد سن لی۔ اس خوشی میں ہم سب بہت روئے اور اللہ پاک کا شکر ادا کیا۔ شکرانے کے نفل پڑھے۔ اب یقین ہوگیا کہ ان شاء اللہ اب مسائل ختم ہوگئے اور خوشحالی آگئی۔ ہمیں یقین تھا کہ یہ سب کرم پرندوں کی دعا سے ہوا ہے۔ پھر ایک ایک روپیہ اکٹھا کرتے رہے آخر کرائے کا بھی انتظام ہوگیا۔ اِدھر اُدھر سے مزید ادھار لیا اور متعلقہ دن آپ سے ملاقات اللہ پاک نے فرمادی۔ ملاقات کے بعد سب سے پہلے پرندوں کے پاس گئے۔ تسبیح خانہ کی چھت اور آس پاس جہاں کبوتر ہوتے ہیں ان کا شکریہ ادا کیا اور ان کو پھر 3 بار درود شریف' ایک بار سورۂ فاتحہ اور تین بار سورۂ اخلاص کا ہدیہ پیش کیا۔ کبوتروں نے اب خوشی سے شور مچایا۔ میں نے محسوس کیا کہ یہ بھی خوش ہیں۔ اس دن یقین ہوگیا کہ ان پرندوں کی دعاؤں سے ہی ہمارے الجھے ہوئے مسائل حل ہوں گے کیونکہ شیخ الوظائف سے بھی بار ہا اس عمل کے فوائد سن چکے تھے۔ چنانچہ اس دن سے آج تک گھر کی چھت پر دو بڑے تھال رکھے ہوئے ہیں۔ روزانہ ایک میں صاف پانی ڈالتی ہوں۔ ہر دو تین دن بعد برتن دھوتی ہوں، صاف پانی ڈالتی ہوں اور دوسرے میں باجرہ، چاول' گندم ڈالتی ہوں۔ جب صبح چھت پر دانہ، پانی ڈالنے جاتی ہوں تو سب دیواریں، کبوتر، چڑیوں، کوؤں، مینا اور دوسرے پرندوں سے بھرے ہوتے ہیں۔ جیسے وہ میرے آنے کا انتظار کرتے ہیں۔

## پرندوں کی دعا سے سویا نصیب جاگ اٹھا

**میں دن میں وقفہ وقفہ سے 3،3 بار درود شریف اور ایک بار سورۂ فاتحہ اور تین بار سورۂ اخلاص پڑھتی ہوں اور ان پرندوں کو ہدیہ کرکے انہیں دعا کا کہتی ہوں۔ اس عمل کی برکت سے میری پریشانیاں ختم ہونے لگی ہیں' مشکلات اور مصائب دن بدن کم ہوتے جارہے ہیں اور حالات بھی بہتر ہو رہے ہیں۔ پہلے گھر میں بے چینی اور بے سکونی تھی۔ گھر کا ہر فرد کسی نہ کسی مسئلہ میں مبتلا رہتا تھا لیکن اب زندگی میں سکون آنا شروع ہوگیا ہے' گھر میں چین اور سکون نصیب ہوا ہے۔ میں نے اس عمل کو اب مستقل زندگی کا حصہ بنالیا ہے۔ دانہ، پانی ڈالتے وقت، نیک مخلوقات کو بھی مخاطب کرکے ان کو بھی دعا کی درخواست پیش کرتی ہوں' چیونٹیاں بھی بہت آتی ہیں۔ اپنی اولاد کے اچھے نصیب اور مسائل کے حل کے لئے دعائیں کرتی ہوں۔ اس کے علاوہ ایک کھانے کے بعد جو روٹی بچ جائے اس کے چھوٹے چھوٹے ٹکڑے کرکے آیت الکرسی پڑھ کر دم کے بعد وہ بھی پرندوں کو ڈالتی ہوں اور اللہ سے رزق، دولت، صحت، عافیت، بچوں کے نصیب سب مسائل کی دعا مانگتی ہوں۔ اس عمل کی برکات ملنا شروع ہوگئی ہیں جنہیں اللہ تعالیٰ نے مجھ ظاہر بھی کرنا** (باقی صفحہ 65)

## آخر ہماری مشکلات کیوں بڑھ رہی ہیں

مولانا وحید الدین خان (مرحوم)

کوئی جہاز مشکل میں پھنس جائے تو وہ ریڈیو کے ذریعے خاص سگنل بھیجتا ہے۔ اس کو اصطلاح میں ایس او ایس (SOS) کہتے ہیں۔ اس کا مطلب یہ ہوتا ہے کہ ہم مصیبت میں ہیں، ہماری مدد کرو مگر اس قسم کے سگنل کی قیمت اسی وقت ہے جب اس کو وصول کرنے والا اسٹیشن اسے اہمیت دے اگر وصول کرنے والا اسٹیشن اسے اہمیت نہ دے تو وہ فضا میں بکھر کر رہ جائے گا۔ وہ (SOS) ایسا کلام بن جائے گا جس کو بولنے والے کے سوا کسی اور نے سنا ہی نہ ہو۔ موجودہ زمانے میں ہمارے لکھنے اور بولنے والے بھی خدا کے نام گویا ''ایس او ایس'' بھیج رہے ہیں، وہ کہہ رہے ہیں کہ خدایا! ظالموں کے خلاف ہماری مدد کر۔ مگر سو سال پکار کے باوجود ہماری مصیبت ختم نہیں ہوتی۔ اس سے ظاہر ہے کہ ہم جس خدائی سٹیشن کو اپنا ایس او ایس بھیج رہے ہیں اس کے نزدیک اس کی کوئی قیمت ہی نہیں۔

ہم خدا سے دوسروں کی بربادی مانگ رہے ہیں جبکہ خدا یہ چاہتا ہے کہ ہم اس سے دوسروں کی ہدایت مانگیں۔ ہم اپنے قومی مقاصد کیلئے اللہ کو پکار رہے ہیں مگر اللہ صرف اس پکار کو سنتا ہے جو دینی مقاصد کیلئے کی گئی ہو۔ ہم لوگوں کو آگ میں ڈالنے کی دعا کر رہے ہیں حالانکہ خدا کی مرضی یہ ہے کہ ہم لوگوں کو آگ سے بچانے کی دعا کریں ایسی حالت میں ہمارا ''ایس او ایس'' خدا کے یہاں کیسے لائق توجہ ہوسکتا ہے۔ جو فائر بریگیڈ پانی لیے ہوئے بیٹھا ہو اور اس سے ہم کہیں کہ آگ برساؤ تو وہ کیسے ہماری بات کو سنے گا۔ لوگ سمجھتے ہیں کہ ان کی جنتیں ریزرو ہیں، یہی وجہ ہے کہ انہیں دوسروں کو جہنم کی آگ سے بچانے کی فکر نہیں۔ اگر لوگوں کو اللہ کا ڈر ہو تو وہ جان لیں کہ قیامت میں اللہ کی پکڑ سے وہی شخص بچے گا جس نے دوسروں کو اللہ کی پکڑ سے بچانے کی فکر کی ہوگی۔ لوگوں کے پاس صرف الفاظ ہیں، اس لیے کہ وہ قیامت کی ہولناکی کو دوسروں کے کھاتے میں ڈالے ہوئے ہیں۔ اگر وہ جان لیں کہ وہ خود بھی قیامت کی ہولناکی کے کنارے کھڑے ہیں تو ان کی زبانیں بند ہوجائیں۔ خدا کی پکڑ کا خوف ان کو اتنا ہلکان کردے کہ وہ ہنسنے سے زیادہ روئیں اور وہ بولنے سے زیادہ خاموش دکھائی دینے لگیں۔



☆☆ جس گھر میں بھی یہ نقش ہوگا وہاں چوری، ڈکیتی نہیں ہوگی۔ حفاظت کی روحانی اور نورانی ڈھال اس گھر کا حصار کرلے گی۔ کبھی بھی کسی قسم کا حادثہ یا نقصان نہیں ہوگا (صفحہ نمبر 41) ☆☆

# بیوی کو خوش رکھنا بھی ایک آرٹ! سیکھ لیجئے

عارف انصاری

اصل میں زندگی کو حقائق پر مبنی جس دانشمندانہ ترتیب کے ماتحت ہونا چاہیے، ہم اکثر اس کا اہتمام نہیں کر پاتے۔ گویا شب و روز کے معاملات پر دل کا رسوخ اتنا زیادہ ہے کہ پاسبانِ عقل منہ تکتا، سر پیٹتا رہ جاتا ہے۔ چھوٹی چھوٹی غلط فہمی بڑے بڑے تنازعات میں ڈھل جاتی ہیں۔ یہ غلط فہمیاں ہمارے ربط و ہم آہنگی کے وجود اور امکان تک کو ختم کر دیتی ہیں۔ ایک تلخی دوسری کو جنم دیتی ہے اور پھر چڑچڑا پن اور نفرت جبکہ اس سے اگلا مرحلہ مکمل بیزاری کا ہے۔

## جینے کی دو سطحیں، عقل اور جذبات

جینے کی دو سطحیں ہیں، ایک عقلی اور دوسری جذباتی۔ پہلی کا تعلق عمل سے اور دوسری کا تخیل سے ہے۔ عمل کرنے والے کا طرزِ عمل یہ ہوتا ہے کہ دو کو دو سے ضرب دیا ہے تو نتیجہ چار ہی آئے گا اور کریلا بو کر آم کاٹنے کی اُمید فضول ہے جبکہ تخیل پرست فرض بہت کرتے ہیں۔ سوال یہ ہے کہ میاں اور بیوی میں عموماً کس کا رویہ عقلی اور کس کا جذباتی ہوتا ہے؟ جواب یہ ہے کہ محمود و ایاز ایک ہی صف میں کھڑے ہیں، لہٰذا دونوں کا حصہ برابر ہے۔ اصل میں سارا مسئلہ اپنی ذات کو ترجیح دینے کا ہے۔ زندگی کے وہ مراحل بڑے منحوس ہوتے ہیں جب انسان خود ترسی و بے چارگی میں مبتلا ہو جائے۔ یاد رکھیں کہ قسمت بہادروں کا ساتھ دیتی ہے۔

فرائض کی ادائیگی اور بہترین کاموں کے صلے کیلئے دوسروں کی طرف دیکھنا ایک قدیم حماقت ہے کیونکہ اچھائی خود ایک اعلیٰ ترین صلہ ہے۔ اچھے کاموں کے بعد جو اطمینان آپ کے ضمیر کو حاصل ہوتا ہے، جو روشنی آپ کے دل میں پھیلتی ہے اور جو اعتماد آپ کے ذہن کا حصہ بنتا ہے تو وہ نور جو آپ کے چہرے پر جگمگاتا ہے اور وہ دنیا و مافیہا سے بے نیاز بیش قیمت نیند جو آپ کی آنکھوں میں گھلتی ہے اور وہ لائق افتخار نتائج جو مستقبل میں آپ کو بلند کر دیتے ہیں۔ کیا اس سے اچھا بھی کوئی صلہ ہو سکتا ہے؟ لبِ لباب یہ کہ میاں بیوی کو سب سے زیادہ زور ذہنی و دلی ہم آہنگی پر دینا چاہیے۔ اپنے مسائل کو اوور اسٹیمیٹ کرنے کے بجائے دوسرے کی پریشانیوں کا ادراک بھی ضروری ہے۔ مزید یہ کہ مسائل سے متعلق باہمی صلاح مشورہ لازمی ہے۔ وقت بے وقت چخ چخ کے بجائے مناسب موقع دیکھ کر، دھیمے اور نارمل لہجے میں اپنے پرابلمز ایک دوسرے سے شیئر کیجئے، ان کا حل نکالیے۔ گفتگو کے دوران خواہ کیسی ہی بات کیوں نہ ہو، ایک دوسرے کو ٹوکنے سے گریز کریں۔ پہلے تحمل سے سنیں پھر اطمینان سے اپنا مؤقف بیان کریں۔ اس بات کا خاص خیال رکھیں کہ کبھی اس چکر میں مت پڑیں کہ آپ کا شریکِ سفر ہر بات بنا کہے ہی سمجھ لے گا اور ہر ضرورت بغیر طلب کیے پوری کر دے گا بلکہ اس کیلئے اظہار کرنا ضروری ہے۔

## اپنی مرضی کی افادیت اور نقصان کا تجزیہ کریں

مزید برآں ہمیں اپنی ''مرضی'' کی افادیت اور نقصانات کا تجزیہ بھی کرنا ہوگا۔ ضروری نہیں کہ شوہر دفتر سے گھر پہنچے تو بیوی یاقوتی لبوں پر دیدہ زیب مسکراہٹ سجائے خیر مقدم کرے۔ گھر کی ہر چیز قرینے سے اپنی جگہ پر ہو۔ کھانا لذیذ اور بستر سازگار ہو جبکہ یہ بھی عین ممکن ہے کہ بیوی بن سنور نے کے بعد واقعی بہت حسین لگ رہی ہو اور میاں جی حالاتِ حاضرہ پر تبصرہ کرنے والی کسی انتہائی بے ہنگم شخصیت پر آنکھیں گاڑے اور کان لگائے بیٹھے ہوں۔ ایسے بے شمار گھریلو معاملات میں فوری اشتعال کے بجائے اگر تحمل اور دُور اندیشی کا مظاہرہ کیا جائے تو ڈھیروں مسائل پیدا ہی نہ ہوں۔

آخر میں ہم چاہیں گے کہ کچھ باتیں خوشی کے حوالے سے بھی کر لی جائیں۔ مسرت سے متعلق متفقہ رائے یہ ہے کہ یہ انسانی قلب و ذہن کی ایک مخصوص کیفیت ہے اور بیرونی دنیا سے اس کا کوئی تعلق نہیں۔ مزید یہ کہ کوئی لگا بندھا طریقہ یا صورت ایسی نہیں جو آپ کو ہمیشہ خوش رکھ سکے۔ مثلاً اگر آپ کو پوری دنیا کا حکمران بنا دیا جائے اور ساری آسائشات اور تمام نعمتوں پر آپ کا تصرف ہو تب بھی مکمل اور پیہم خوشی کی ضمانت نہیں دی جا سکتی۔ گویا خوش رہنے کے آرٹ کو سمجھنے کیلئے ہمیں اپنی از سرِ نو تربیت کرنی ہوگی۔ ہمیں سمجھنا ہوگا کہ ہماری مسرت کا دارومدار اس بات پر نہیں کہ ہمارے پاس کیا ہے بلکہ اس پر ہے کہ ہم خود کیا ہیں۔ ہمیں اپنی خواہشات کی سطح کو اپنے عمل کی سطح سے نیچے رکھنا ہوگا۔ اس کا مطلب ہرگز نہیں کہ آپ خواہشات کا گلا گھونٹ دیں۔ بلکہ اس ضمن میں محض ایک محتاط انتخاب ضروری ہے۔ دوسروں سے منفی مقابلے بازی کی روش گھریلو سکون برباد کر دیتی ہے۔ آپ کا کام تو بس اتنا ہے کہ مستقل مزاجی کے ساتھ، چپ چاپ مصروفِ کار رہیں۔ زندگی سے متعلق علم میں اضافہ کرتے چلے جائیں۔ اگر ہم نے ایسا کر لیا تو یقین جانیے کہ ہماری تمام خواہشات یا تو پوری ہو جائیں گی یا پھر ہمیں ان کی ضرورت ہی محسوس نہیں ہوگی۔

# تین جوہر گیارہ قطرے اور پتے کی پتھری غائب!

محترم حضرت شیخ الوظائف صاحب السلام علیکم! میرے پاس ایک بہت قیمتی نسخہ ہے جو بہت سے لوگوں کا مجرب ہے۔ میری امی کے پتے میں پتھری ہوگئی۔ ایک بڑے ہسپتال کے ڈاکٹرز نے کہا کہ آپریشن ہوگا۔ لیکن میں نے اللہ کا نام لے کر یہ دوائی شروع کی، تھوڑے ہی عرصے میں ایسا کرشمہ ہوا کہ پتھری کا نام ونشان بھی غائب ہوگیا۔ یہ نسخہ بہت سے لوگوں کو دیا، سب کو سو فیصد نفع ہوا۔ اگر پتھری گردے کی بھی ہو تو اسی نسخے سے بہت جلد شفاء ملتی ہے۔

نسخہ: **ھوالشافی:** ست پودینہ، ست اجوائن، ست کافور۔ تینوں چیزیں ہم وزن لے کر شیشے کی بوتل میں ڈال لیں۔ درودِ ابراہیمی پڑھتے ہوئے ہر کھانے کے ایک گھنٹے کے بعد ایک مرتبہ درود شریف پڑھ کر گیارہ قطرے ڈراپر سے پانی میں ملا کر پینے ہیں۔ دن میں تین مرتبہ پینا گردے اور پتے کی پتھری کا شافی علاج ہے۔

## آنکھوں میں پیپ نما مواد

میری آنکھوں میں اتنا جالا آتا تھا، میں سمجھتا تھا کہ میری آنکھوں میں پیپ پیدا ہو کر نکل رہی ہے۔ صبح کے وقت آنکھیں نہیں کھلتی تھیں۔ میں نے یہ ٹوٹکہ استعمال کیا، اللہ کے حکم سے تین دن میں ہی مکمل شفا ہوگئی۔ نسخہ: روزانہ نو عدد کالی مرچ لے کر نو مرتبہ ''بسم اللہ'' پڑھ کر ثابت ہی دودھ کے ساتھ لے لیں۔ ان شاء اللہ پہلے دن ہی فائدہ ہوگا۔ یہ نسخہ مجھے میری نانی نے بتایا تھا۔ اس کے علاوہ میں نے عبقری کی برکت والی تھیلی پر سورہ کوثر کا عمل کیا اور روحانی عطر لگایا، میرے رزق میں بہت برکت ہوئی۔ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ اَحْمَدُ رَّسُوْلُ اللّٰهِ ٣٥ مرتبہ لکھ کر اپنے پاس رکھا تو پنجگانہ نماز نصیب ہوئی اور وہ سکون ملا کہ بیان نہیں کرسکتا۔ (عمران رشید، ملتان)



ہر روز آسمان سے جہاں آفات، بلیات اترتی ہیں وہاں رحمتیں، برکتیں بھی نازل ہوتی ہیں۔ لاہوتی نقش سے آفتوں، بلاؤں، بیماریوں سے حفاظت رہے گی اور رحمتیں متوجہ ہوں گی (صفحہ نمبر 41)

## نو سالہ بچہ اپنا وزن بھی نہیں اٹھا سکتا

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میرا پوتا جس کی عمر نو سال ہے، یہ کھڑا نہیں ہوسکتا، اپنا وزن برقرار نہیں رکھ سکتا اور چل بھی نہیں سکتا بلکہ کرسی کے بغیر بیٹھ بھی نہیں سکتا۔ دائیں یا بائیں طرف گر جاتا ہے اور بات بھی صحیح طریقے سے نہیں کرسکتا اور نہ ہی سمجھ سکتا ہے ڈاکٹروں کی سمجھ میں بھی کچھ نہیں آرہا، دوا کھانے کے باوجود معذوری برقرار ہے۔(عبدالرحیم، راولپنڈی)

**مشورہ:** آپ بچے کو عبقری دواخانہ کی معجون شفاء یابی اور معذور شفاء ٹانک لکھی گئی ترکیب کے مطابق استعمال کروائیں۔ ان ادویات میں قدرتی جڑی بوٹیوں کا بہت قیمتی جوہر ہے جو معذور اور پیدائشی کمزور بچوں کے لئے نئی زندگی ہے۔ کچھ عرصہ مستقل مزاجی سے استعمال کرنا شرط ہے کیونکہ ایسی حالت سے نکلنے میں کچھ وقت درکار ہوتا ہے۔ چند ماہ کے استعمال سے ہی مثبت تبدیلی نظر آئے گی۔ انشاء اللہ

## کان سے بہتی پیپ کا علاج بتائیے!

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میرے کان میں تکلیف ہے، کان سے پیپ بہتی ہے، پیپ بہت زیادہ تو نہیں لیکن اس میں تھوڑا خون بھی آتا ہے، یہ بیماری تقریباً مجھے آٹھ سال سے ہے، بہت دوا کی لیکن کوئی افاقہ نہ ہوا۔ وقتی طور پر رک جاتی ہے لیکن پھر شروع ہوجاتی ہے اور کان میں شائیں شائیں کی آوازیں بھی آتی ہیں، کوئی دوائی یا مشورہ تجویز فرما دیں تازندگی دعاگو رہوں گا۔(عنایت اللہ، چارسدہ)

**مشورہ:** کان سے متعلقہ تمام بیماریوں کے لئے ایسا قہوہ بتاتا ہوں جو بے مثال دوا اور شافی علاج ہے۔ ھوالشافی: انجیر تین دانے، سونف 2/1 چمچ چائے والا، سبز پودینہ دیسی (پتے اور شاخ سمیت)۔ ترکیب: رات کے وقت چند شاخیں سبز پودینہ انجیر ٹکڑے ٹکڑے کرکے اور سونف کو 2 کپ پانی میں ڈال کر ابالیں۔ جب پانی ایک کپ باقی بچے تو اتار کر رکھ لیں۔ صبح کے وقت مل چھان کر میٹھا ملانا چاہیں تو ملالیں اور چسکی چسکی پی لیں۔ دن میں تین سے چار بار استعمال کریں۔ اس کے علاوہ عبقری کا کان شفاء ڈراپر استعمال کریں۔ یہ ایسا باکمال نسخہ ہے جو کان کا بہنا، کان کے دوسرے تمام مسائل اور ENT کے مسائل کا بہترین علاج ہے۔ پولن الرجی اور ڈسٹ الرجی میں بھی مفید ہے۔

## بیٹے کا جسم ہڈیوں کا ڈھانچہ

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میرے بیٹے کی عمر 19 سال ہے۔ شروع سے کچھ کمزور ہے لیکن اب تو ہڈیوں کا ڈھانچہ بن چکا ہے۔ اسے احتلام اور جریان بہت زیادہ ہے۔ بہت قطرے آتے ہیں۔ ہر دوسرے تیسرے دن نیند میں ناپاک ہوجاتا ہے۔ آنکھیں اندر دھنس گئی ہیں اور منہ

# نو سالہ بچہ اپنا وزن بھی نہیں اٹھا سکتا

بہت چھوٹا اور پتلا ہے، رنگ زرد اور جسم ہڈیوں کا ڈھانچہ، جسم میں دردیں ہوتی ہیں اور بال ابھی سے سفید ہورہے ہیں۔ بلغم بہت زیادہ ہوتی ہے، گلے سے ہر وقت ریشہ گرتا ہے، کھانستا رہتا ہے۔ سر بہت دکھتا ہے منہ سے بو آتی ہے یہ ہماری اکلوتی اولاد ہے۔ بچہ مجھے خود کہتا ہے مجھے اچھی سی دوائی لے کر دیں۔(ن، ا۔ چیچہ وطنی)

**مشورہ:** تخم بالنگو اور تخم ریحان ہموزن مکس کرکے محفوظ کر لیں۔ ایک بڑا چمچ دودھ میں ڈال کر چھوٹے چھوٹے گھونٹ پلائیں۔ اس بات کا دھیان رہے کہ جب یہ دونوں تخم دودھ میں مکس کریں تو ان کو دودھ میں پھولنے سے پہلے ہی پی لیں، زیادہ دیر رکھیں نہیں اور چمچ سے بار بار گھول کر پئیں تاکہ تخم برتن کے پیندے میں نہ بیٹھ جائیں۔ اس ٹوٹکے سے تمام جسمانی کمزوریاں دور ہوکر جسم تروتازہ ہوجائے گا۔

بستر مرگ پر پڑے سسکتے، تڑپتے اور آہ و بکا کرتے مریضوں کے خطوط

# آسان غذائی و ادویاتی علاج

براہ راست شیخ الوظائف سے جانیے

نہ قطار نہ انتظار

## بال نرم وملائم اور چمکدار! بالوں کا جھڑنا، خشکی ختم!

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میرا مسئلہ یہ ہے کہ کچھ عرصہ پہلے میرے سر کے بال جھڑنا شروع ہوئے تو سر گنجا ہونے لگا۔ ہر قسم کا علاج کیا، ڈاکٹری، ہومیوپیتھک اور حکیمی علاج بھی مگر مرض بڑھتا گیا جوں جوں دوا کی۔ سر میں خشکی اور سکری بھی بہت زیادہ ہے۔ براہ مہربانی اچھا سا علاج تجویز فرمائیں۔(حمیرا زاہد، اوکاڑہ)

**مشورہ:** ایسے لوگ جو بالوں کا ٹرانسپلانٹ کرا چکے تھے لیکن پھر بھی بالوں کی جڑیں مضبوط نہ ہوئیں اور خشکی نے انہیں بے بس کردیا تھا۔ جب انہیں یہ ٹوٹکہ استعمال کروایا گیا تو مزید کسی علاج کی ضرورت نہیں رہی۔ ایک پیالی میں ایک دیسی انڈا توڑ لیں انڈے کے برابر وزن میں دیسی سرخ مہندی جو کیمیکل سے پاک ہو اور اسی مقدار میں سرسوں کا تیل اور دہی ملا کر پیسٹ بنالیں۔ انگلیوں سے اچھی طرح بالوں کی جڑوں میں لگائیں اور پانچ چھ گھنٹے لگا رہنے دیں۔ اسکے بعد عبقری ہربل شیمپو سے دھولیں۔ بالوں کا گرنا اور سکری ختم، بال گھنے نرم ملائم اور چمکدار ہونگے۔

## مثانے میں گوشت نما رسولی

محترم حضرے حکیم صاحب السلام علیکم! سات سال سے میرے مثانے میں گوشت نما رسولی ہے، معدے اور دل کے پاس درد ہوتا ہے۔ مثانے والی رسولی کیلئے کئی جگہوں سے دوائی لی مگر کوئی فرق نہیں پڑا۔ یہ کینسر نما رسولی ہے جیسے مثانے میں کینسر ہو۔ کئی جگہوں سے دم بھی کروایا، سب یہی کہتے ہیں کہ آپ پر جادو، سحر یا بندش ہے۔ میں دن رات اسی بیماری کے دکھ میں گھل رہی ہوں، صحت یاب ہونے کا کوئی راستہ نظر نہیں آرہا۔ اس رسولی کو ختم کرنے کے لئے نسخہ یا دوا عنایت فرمائیں۔(شفقت پروین، حاصل پور)

**مشورہ:** آپ عبقری دواخانہ کی تیار کردہ گلٹیوں رسولیوں سے نجات کورس اور سات تخم شفاء کچھ عرصہ اعتماد اور مستقل مزاجی سے استعمال کریں۔ بہت سی خواتین انہی ادویات کے ذریعے اس مرض سے نجات پاکر آج صحت مند زندگی گزار رہی ہیں۔

اس صفحہ پر امراض کا علاج اور مشورہ ملے گا توجہ طلب امور کے لئے پتہ لکھا ہوا جوابی لفافہ ہمراہ ارسال کریں۔ لکھتے ہوئے اضافی گوند یا ٹیپ نہ لگائیں کھولتے ہوئے خط پھٹ جاتا ہے۔ رازداری کا خیال رکھا جائے گا۔ روحانی مسائل کیلئے علیحدہ خط لکھیں۔ صفحے کے ایک طرف لکھیں۔ نام، موبائل نمبر اور شہر کا نام یا مکمل پتہ خط کے آخر میں ضرور تحریر کریں۔ نوجوانوں کے خطوط احتیاط سے شائع کیے جاتے ہیں ایسے خطوط کے لئے جوابی لفافہ لازم ہے کیونکہ اکثر خطوط اشاعت کے قابل نہیں ہوتے۔

## بے بس کردینے والی بیماریوں سے پریشان ہیں؟

دیر مت کیجئے ابھی لکھیں

# ایمرجنسی مرادیں پانے کا مختصر مگر شاندار عمل!

میں نے اس عمل کو بہت بار آزمایا‘ الحمدللہ! بہت اچھے نتائج سامنے آئے۔ یہ عمل کر کے جس سے بھی کوئی کام ہو اس پر پھونک دو۔ اگر ’’یقین‘‘ ہوگا تو ایک دفعہ، دو دفعہ یا تیسری دفعہ میں ان شاءاللہ ضرور کام ہوگا۔ اکثر ایسا ہوتا تھا کہ ہمیں کوئی کام ہوتا تھا اور والدہ محترمہ کو بہت غصہ آ رہا ہوتا تھا تو ہمیں وہ کام کرنے کی اجازت نہیں ملتی تھی۔ جب سے یہ عمل ملا ہے اس کی برکت سے اب ہر کام با آسانی ہو جاتا ہے۔

## کئی مرتبہ تجربہ کیا‘ تیر نشانے پر لگا

ایک مرتبہ ہم نے کسی ضروری کام کے سلسلے میں کہیں جانا تھا۔ والدہ کو غصہ بہت شدید آیا ہوا تھا۔ ہم پریشان! اچانک خیال آیا اور یہ عمل تین دفعہ کیا، والدہ پر پھونکا‘ انہوں نے فوراً بخوشی اجازت دے دی۔ ایک مرتبہ مجھے امتحانات کے دوران اس عمل کا حیرت انگیز مشاہدہ ہوا۔ جیسا کہ سب جانتے ہیں پیپر کرنے کے دوران کمرۂ امتحان میں رول نمبر سلپ چیک ہوتی ہے ورنہ پیپر میں بیٹھنے ہی نہیں دیتے۔ ایک دن ایسا ہوا کہ میں رول نمبر سلپ لانا بھول گیا، پرچہ شروع ہو گیا۔ تھوڑی دیر بعد سپرنٹنڈنٹ صاحب نے کہا کہ سب بچے اپنی رول نمبر سلپ نکال کر سامنے رکھیں‘ میں چیک کروں گا۔ یہ سن کر میری تو جیسے جان ہی نکل گئی کہ اب کیا کروں۔ فوراً یہ عمل شروع کیا، پڑھتا گیا اور ان پر پھونکتا گیا۔ میری لائن کی باری آئی تو میں تقریباً آخر سے کچھ پہلے بیٹھا ہوا تھا۔ آدھی لائن تک تو انہوں نے ایک ایک سیٹ چیک کی پھر انہوں نے باقی (جن میں میں بھی شامل تھا) کو نظر انداز کر دیا اور آگے نکل گئے۔

## تھک ہار کر یہ عمل کیا‘ مفت میں کام ہو گیا

ہمارے ایک جاننے والے ہیں ان کو بھی میں نے یہ عمل بتایا۔ ایک دفعہ وہ بتانے لگے کہ ان کے ہاں اے سی فٹنگ کے لیے آدمی آیا۔ کام کے دوران اچانک گیس والا پائپ ٹوٹ گیا جس کے بغیر اے سی چل ہی نہیں سکتا۔ وہ پائپ مرمت کروانے مارکیٹ گئے۔ ایک دُکان والے کے ہاں پہنچے لیکن اس سے پائپ ٹھیک نہ ہوا۔ انہوں نے یہی عمل کرنا شروع کر دیا۔ ایک دُکان پر پہنچے، دُکان دار شٹر گرا رہا تھا اس سے بات کی کہ یہ چیز چاہیے۔ اللہ نے اس کے دل میں بات ڈال دی‘ اس نے دوبارہ دکان کا شٹر کھول دیا۔ کاؤنٹر کے سامنے سامان پھیلا پڑا تھا اس کو پھلانگتا ہوا اندر گیا اور چند منٹ میں پائپ مرمت کر دیا۔ اس سے بھی زیادہ حیرت کی بات یہ کہ وہ کہنے لگے میں سمجھ رہا تھا کہ وہ اس وقت کام کرنے کے زیادہ پیسے لے گا لیکن یقین کریں‘ اس نے بروقت کام بھی کر کے دیا اور ایک پیسہ بھی نہیں لیا‘ کہنے لگے یہ دیکھ کر اس عمل پر میرا یقین اور بڑھ گیا۔ **عمل یہ ہے:** اول و آخر تین مرتبہ درود شریف‘ ایک مرتبہ سورۃ فاتحہ اور تین مرتبہ سورۃ اخلاص پڑھیں‘ دعا کریں یا بندے پر پھونک دیں۔

## میاں بیوی میں جھگڑوں کا خاتمہ

ایک اور عمل جو ہمارے تجربے میں ہے وہ بھی قارئین کے لئے پیش خدمت ہے۔ دو آدمیوں کے درمیان جھگڑا ختم کرنے کیلئے یا کوئی گھریلو لڑائی جھگڑا‘ غلط فہمی یا پریشانی ختم کرنے کے لئے یہ عمل بہت مجرب ہے۔

ہمارے قریبی جاننے والوں کے گھر میں اکثر میاں بیوی کے درمیان جھگڑے ہوتے تھے۔ چھوٹی چھوٹی بات پر جھگڑا اور اچھا خاصا فساد پیدا ہو جاتا تھا۔ عام طور پر یہ دیکھا گیا ہے کہ جس گھر میں میاں بیوی کے جھگڑے بہت ہوتے ہیں‘ ان گھرانوں کے بچوں پر بہت بُرا اثر پڑتا ہے۔ اسی لیے معاملہ جب زیادہ بگڑنا شروع ہوتا تو ان کا ایک بیٹا جو سمجھدار تھا‘ فوراً چھ اذانوں کا یہ عمل کرتا۔ اس عمل سے بہت فائدہ ہوتا اور جھگڑا بھی فوراً ختم ہو جاتا۔ **عمل کا طریقہ:** گھر میں کسی بھی جگہ کھڑے ہو کر چاروں اطراف مغرب‘ مشرق‘ شمال اور جنوب کی جانب رخ کر کے ایک ایک مرتبہ اذان دیں اور پھر اوپر اور نیچے چہرہ کر کے بھی ایک ایک بار اذان دیں۔ اس طرح چھ مرتبہ اذان ہو جائے گی۔ گھر کا کوئی فرد بھی اگر یہ عمل کرے تو نحوست دور ہو کر گھر میں سلوک‘ اتفاق و محبت پیدا ہوگی۔

# رُکیے! عینک لگوانے سے پہلے مجھے ضرور پڑھ لیجئے

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! عبقری کی ادویات سے ہمارے بہت سے مسائل حل ہوئے ہیں۔ میں آج نظر کی کمزوری کے علاج کے لئے دو مشاہدے بتا رہا ہوں۔ ایک میرا اپنا ہے اور دوسرا میری کزن کا ہے۔ میں چند مہینوں سے محسوس کر رہا تھا کہ میری نظر کمزور ہو رہی ہے لیکن میں نے اس طرف توجہ نہیں کی۔ جب مجھے نظر میں بہت زیادہ دھندلا پن محسوس ہوا تو میں نے اس مسئلے کو سنجیدگی سے لیا اور آنکھوں کے ماہر ڈاکٹر سے چیک کروایا۔ اس نے مجھے عینک لگوانے کا مشورہ دیا اور کہا کہ اگر عینک نہ لگائی تو نظر اور زیادہ کمزور ہو سکتی ہے۔ میں نے ڈاکٹر کے مشورے پر عمل کیا اور عینک لگوالی۔ لیکن مجھے عینک لگانے کی وجہ سے بے چینی رہتی تھی۔ میں ہر وقت یہی سوچتا کہ عینک سے بھی کسی طرح جان چھڑواؤں۔ لیکن اس کے علاوہ کوئی دوسرا راستہ نہیں تھا۔ میں اس نیت سے صدقہ بھی کرتا رہا کہ کسی طرح عینک سے نجات مل جائے۔ ایک دن والدہ نے عبقری رسالے میں عبقری دواخانہ کا تیار کردہ ’’عینک توڑ ڈراپر‘‘ کے بارے میں پڑھا تو مجھ سے کہنے لگیں کہ تم بھی یہ استعمال کر کے دیکھو۔ میں نے اسی دن عبقری کی مقامی ایجنسی سے عینک توڑ ڈراپر لا کر استعمال کرنا شروع کر دیا۔ اس سے ایک بار تو آنکھوں میں چبھن ہوتی ہے لیکن اس کا کوئی نقصان نہیں ہے بلکہ یہ آنکھوں کے لئے بے حد مفید ہیں۔ کچھ عرصہ یہ ڈراپر استعمال کرنے سے میری نظر صاف ہوگئی اور اب میں عینک لگائے بغیر آسانی سے کتاب پڑھ سکتا ہوں۔ جبکہ اس سے پہلے مجھے عینک کے بغیر کتاب پڑھنے میں بہت مشکل پیش آتی تھی۔ الحمدللہ! ایک سستی سی دوا سے اللہ نے میری یہ پریشانی دور فرما دی۔ چند دن گزرے تھے کہ مجھے پتہ چلا کہ میری چچا زاد کی بھی نظر کمزور ہوئی ہے۔ انہوں نے بھی نظر چیک کروائی تو عینک لگوانی پڑی۔ میں ان کے گھر گیا تو انہیں اپنا تجربہ بتایا۔ انہوں نے حیرانگی کا اظہار کیا اور کہنے لگیں کہ مجھے بھی یہ ڈراپر منگوا دیں۔ میں نے انہیں بھی ’’عینک توڑ ڈراپر‘‘ لا دیا۔ انہوں نے چند دن استعمال کیا جس سے انہیں بھی حیرت انگیز فائدہ ہوا اور ان کی نظر بھی ٹھیک ہوگئی‘ کچھ عرصہ مسلسل عینک توڑ ڈراپر استعمال کرنے سے انہیں عینک سے نجات مل گئی۔ یہ ڈراپر تو آنکھوں کے لئے نئی زندگی ہے۔ مجھے اس بات کا یقین ہو گیا ہے کہ قدرتی جڑی بوٹیوں میں ہی انسان کے لئے مکمل شفاء موجود ہے۔ (تنزیل قیوم، جہانیاں)



☆لوگ دشمن بن چکے ہیں؟ دشمنوں کی سازشیں ہمیشہ ناکام ہوں گی اور آپ کو سربلندی ملے گی۔ کبھی نقصان نہ ہوگا کوئی آپ کے خلاف قدم اٹھائے تو ناکام اور نامراد ہوگا (صفحہ نمبر 41)☆

1۔ کسی سے کام نکلوانا ہو تو بس یہ پڑھ کر پھونک دیں!

# انسانوں، جنات اور حیوانوں کے شر سے بچنے کا لاہوتی عمل

## تمام مخلوقات کے شر سے حفاظت

جو شخص یہ چاہتا ہے کہ تمام مخلوقات کے شر سے محفوظ رہے اور ان کی خیر سے مستفید ہوتا رہے تو ہر نماز کے بعد 21 مرتبہ وَاللّٰهُ يَعْصِمُكَ مِنَ النَّاسِ (سورۃ مائدہ آیت 67) پڑھنے کا معمول بنالے۔ کسی بھی مخلوق انسان، جنات، حیوان اور چرند پرند کی طرف سے اسے کوئی ضرر نہیں پہنچے گا بلکہ ہمیشہ خیر پائے گا۔ یہ بہت طاقتور اور انمول عمل ہے۔ قسمت والا ہوگا جو اس عمل کو قدر سے لے گا۔ ہر کام میں کامیابی ملے گی، کبھی ناکامی کا سامنا نہیں ہوگا۔

## نسلیں بے سوال پلیں گی!

اگر سورہ قدر کو بارش کے دوران پڑھیں، اللہ کریم اس بارش کو سلامتی بنا دیں گے اور فصلوں یا عمارتوں کا نقصان نہیں ہوگا۔ قبولیتِ دعا کیلئے بھی یہ مجرب عمل ہے۔

اگر سورۃ قدر کو وضو کے بعد ایک مرتبہ پڑھیں تو عبادت میں نورانیت نصیب ہوگی۔ اسی سورۃ کو نمازِ جمعہ کے بعد گیارہ بار پڑھیں، نسلیں بے سوال پل جائیں گی۔ ان شاء اللہ العزیز!

## ہمیشہ وسیع دسترخوان نصیب ہوگا

جو شخص کھانے کے بعد تین مرتبہ سورۃ قریش پڑھنے کو اپنی عادت بنائے گا، اللہ کریم تین فوائد عطا فرمائیں گے:

(۱) جو کھانا کھائے گا وہ کھانا کبھی بیماری نہیں بنے گا ہمیشہ شفاء اور برکت کا ذریعہ ہی بنے گا۔ (۲) سدا نعمتیں، انعامات اور وسیع دسترخوان نصیب ہوگا۔ (۳) ایک انوکھا فائدہ یہ کہ اللہ کریم اس عمل کرنے والے کی سات نسلوں کو جسمانی، روحانی رزق عطا فرمائیں گے، ان شاء اللہ!

## علت، قلت اور ذلت سے محفوظ رہیں

یہ عمل سالہا سال سے میرے اپنے معمول میں ہے۔ جو شخص بھی ان دو اسماء "یَاحَفِیْظُ یَاسَلَامُ" کا کثرت سے ورد کرے گا ان شاء اللہ علت، ذلت اور قلت سے محفوظ رہے گا۔ گھر سے نکلتے وقت گیارہ مرتبہ پڑھنے سے واپس گھر آنے تک جان مال اسباب کی غیبی حفاظت رہے گی۔

## بہترین نیند اور دل کا سکون پائیے

رات کو سوتے وقت دل پر ہاتھ رکھ کر گیارہ بار یَابَاعِثُ یَانُوْرُ پڑھیں۔ (۱) اچھی نیند آئے گی۔ (۲) خاتمہ بالخیر عطا ہوگا۔ (۳) دل کے عارضوں سے محفوظ رہیں گے۔

(۴) اللہ کریم دل کو نورانیت اور روحانیت عطا فرمائیں گے۔

(۵) اعمالِ مسنونہ کی برکت نصیب ہوگی۔ اس عمل کی ایسی برکت ہے کہ اس پر استقامت اختیار کرنے والے کو اللہ جل شانہ مرنے سے پہلے ان شاء اللہ العزیز مقام ولایت عطا فرمائیں گے! (محمد ابراہیم، فیصل آباد)

# پالتو جانور کا مرنا تیری جان کا صدقہ ہے!

حضرت موسیٰ سے ایک آدمی نے درخواست کی کہ اُسے جانوروں کی زبان سکھا دیں تاکہ وہ ان کی باہمی گفتگو سمجھ سکے۔ حضرت موسیٰ نے فرمایا "اس بات کو چھوڑ دے کیونکہ اس میں کئی خطرات پوشیدہ ہوتے ہیں۔ قاعدہ ہے کہ جس بات سے منع کیا جائے اس کی طرف رغبت اور بڑھتی ہے"۔ عرض کرنے لگا "سرکار! آپ اللہ کے نائب ہیں، میری استدعا قبول فرمائیں"۔ حضرت موسیٰ نے فرمایا "یہ نہ ہو کہ کل تو پچھتائے کیونکہ تو یہ نہیں جانتا کہ تیرے لیے کون سی چیز بہتر ہے اور کون سی مضر"۔ بارگاہِ الٰہی سے حکم ہوا "اے موسیٰ! اس کی تمنا پوری کر دے"۔ اس شخص نے کہا "سارے جانوروں کی زبان نہ سہی صرف میرے گھریلو پالتو جانور کتے اور مرغ کی زبان سکھا دیں"۔ حضرت موسیٰ نے فرمایا "جا آج سے ان دونوں جانوروں کی بولی پر تجھ کو قدرت حاصل ہوگی"۔ وہ شخص یہ سن کر خوش خوش اپنے گھر چلا گیا۔ صبح ہوئی تو خادمہ نے دسترخوان جھاڑا۔ اس میں سے رات کا بچا ہوا روٹی کا ٹکڑا زمین پر گرا تو مرغ وہ ٹکڑا اٹھا کر لے گیا۔ کتے نے کہا "دوست! تو تو دانہ دُنکا کھا کر بھی اپنا پیٹ بھرلے گا اگر روٹی کا ٹکڑا مجھے دے دے تو میرا گزارا چل جائے گا"۔ مرغ نے کہا "میاں! صبر کرو، خدا تجھے بھی دے گا۔ کل ہمارے مالک کا گھوڑا مر جائے گا، تو پھر پیٹ بھر کر کھانا"۔ وہ شخص ان دونوں کی گفتگو سن رہا تھا۔ فوراً اٹھا، گھوڑا کھولا اور جا کر منڈی بیچ آیا اور نقصان سے اپنے آپ کو بچا لیا۔ دوسرے دن بھی روٹی کا ٹکڑا مرغ لے اُڑا۔ کتے نے غصے میں آکر مرغ سے کہا "اے فریبی! یہ دروغ گوئی کب تک چلے گی تو جھوٹا ہے۔ ارے اندھے نجومی تو سچائی سے محروم ہے"۔ مرغ نے جواب دیا "وہ گھوڑا دوسری جگہ مر گیا۔ مالک نے نقصان سے بچنے کیلئے گھوڑا بیچ ڈالا تھا فکر نہ کر کل اس کا اونٹ مر جائے گا تو خوب پیٹ بھر کر کھانا"۔ یہ سن کر مالک اٹھا اور اونٹ بھی بیچ آیا۔ اس طرح اس کے مرنے کے غم اور نقصان سے اپنی جان بچالی۔ تیسرے دن پھر ایسا ہی واقعہ پیش آیا تو کتے نے مرغ سے کہا "ارے کمبخت! تو تو جھوٹوں کا بادشاہ ہے۔ آخر کب تک تو مجھے فریب دیتا جائے گا"۔ مرغ نے کہا "بھائی! اس میں میرا کوئی قصور نہیں، مالک نے اونٹ بیچ ڈالا اور اپنے آپ کو نقصان سے بچا لیا"۔ مرغ نے کتے کو تسلی دیتے ہوئے کہا "فکر نہ کر کل اس کا خچر مر جائے گا۔ اسے صرف کتے ہی کھا سکتے ہیں، تم بھی جی بھر کر کھانا"۔ مالک نے جب یہ سنا تو اس نے خچر بھی فروخت کر دیا۔ مالک اپنی ہوشیاری پر بے حد خوش تھا اور کہنے لگا کہ جب سے میں نے مرغ اور کتے کی زبان سیکھی ہے "قضا و قدر کا رخ پھیر دیا ہے"۔ چوتھے دن مرغ نے کہا "مالک نے اپنا مال تو بچا لیا لیکن اس نے اپنا خون کر لیا۔ ایک نقصان سو نقصان کو دفع کرتا ہے، جسم اور مال کا نقصان جان کا صدقہ بن جاتا ہے۔ بادشاہوں کی عدالت سے سزا ملے تو مال کا جرمانہ ادا کر کے جان بچ جاتی ہے لیکن قضائے الٰہی کے بھید سے بے خبر ہوتے ہوئے بھی جو آدمی اپنا مال بچاتا ہے وہ محض نادان ہے اگر وہی مال اس پر سے صدقہ ہو جاتا تو شاید اس سے بلا ٹل جاتی اب کل یقیناً مالک خود مر جائے گا اس کے وارث اس کی وفات پر گائے ذبح کریں گے۔ بس پھر تمہارے وارے نیارے ہیں۔ گھوڑے، اونٹ اور خچر کی موت اس نادان کی جان کا صدقہ تھا۔ وہ مال کے نقصان سے تو بچ گیا لیکن اپنی جان گنوا بیٹھا"۔ مالک مرغ کی باتیں غور سے سن رہا تھا۔ جب اس نے اپنی موت کی پیشن گوئی سنی تو مارے خوف کے تھر تھر کانپنے لگا۔ گرتا پڑتا حضرت موسیٰ کی بارگاہ میں حاضر ہوا اور روتے ہوئے عرض کیا کہ اے خدا کے پیغمبر! میری دستگیری فرمائیے۔ حضرت موسیٰ نے سن کر فرمایا کہ "میں نے تمہیں کہا تھا اس ہوس کو چھوڑ دے کیونکہ اس میں کئی خطرات پوشیدہ ہیں مگر تو نہ مانا۔ اے عزیزم! اب تیر کمان سے نکل چکا ہے اس کا لوٹ کر آنا فطرت کے خلاف ہے اب میں تیرے لیے سلامتی ایمان کی دعا کر سکتا ہوں"۔ یہ سن کر اس نوجوان کی طبیعت دفعتاً بگڑ گئی اور وہ قے کرنے لگا۔ اس کی یہ قے موت کی علامت تھی اس کو گھر لے جایا گیا۔ گھر پہنچتے ہی وہ مر گیا۔ (حکایات رومی، صفحہ نمبر 133)



حاسدین آپ پر بار بار جادو کے وار کرواتے ہیں تو اس بار ان کے وار ان پر پلٹ جائیں گے۔ اس طاقتور ترین لاہوتی نقش سے جادو کے وار کرنے والے پر پلٹتے دیکھیں (صفحہ نمبر 41 دیکھئے)

# معاشی تنگی ہے تو 140 مرتبہ صرف ’’ل‘‘ لکھیں برکت، رزق، دولت کے دروازے کھلوائیں

آئیں عبقری سے عملیات سیکھیں!

جب بھی کسی چیز کو سیکھا جاتا ہے تو ابتداء اس چیز کی ABC ’’ا، ب‘‘ سے کی جاتی ہے۔ نوری عملیات کی ابتداء اور انتہا حروف تہجی ہیں! حروف تہجی کے لفظوں سے مل کر قرآن بنا ہے۔ تمام وظائف، مسنون دعائیں، اذکار اور اسم اعظم بھی انہی حروف کا مجموعہ ہیں۔ اس عملیاتی کلاس میں سب سے پہلے حروف تہجی کے عملیاتی رازوں کو افشاں کیا جائے گا۔ حروف تہجی کے خاص حروف کے چلے اور با مؤکل اعمال کی خصوصی اجازت دی جائے گی۔ جو شخص حروف کے ظاہر و باطن سے واقف ہو جائے وہ صد درجہ یقین اور مرتبہ مقربین تک پہنچے گا۔ حروف تہجی کے بعد پھر عملیات کا اگلا باب شروع کیا جائے گا۔ اس سنہری موقع سے ضرور فائدہ اٹھائیں۔ یہ موقع شاید پھر نہ ملے!!!!

## حرف ل کے خواص

حرف ’’ل‘‘ کا مزاج خاکی، اعدادِ مکتوبی ۳۰ اور اعدادِ ملفوظی ۷۱ ہیں۔ مؤکل طاطائیل ہے۔ اگر اس حرف کی زکوٰۃ ادا کرنی ہو تو اس حرف کو ۴۴۴۴ مرتبہ اس وقت پڑھیں جب قمر منزل صرفہ میں ہو یہ چاند کی ۱۲ ویں منزل ہے۔ اگر زکوٰۃ با مؤکل ادا کرنی ہو تو اس طرح پڑھیں۔ ’’اَجِبْ یَاطَاطَائِیْل بِحَقِّ لَام‘‘۔ اس حرف سے حق تعالیٰ کا ایک صفاتی نام ’’یَالَطِیْفُ‘‘ شروع ہوتا ہے۔ قرآنِ حکیم میں اس حرف کا استعمال ۳۰۴۳۲ مرتبہ ہوا ہے۔ ذیل میں حرف لام کے کچھ اعمال دیئے جارہے ہیں جنہیں صرف جائز مقاصد کے لئے کرسکتے ہیں ورنہ سخت نقصان ہوگا۔

**اس عمل کا ہدیہ:** اس کا ہدیہ سفید چاول پکا کر دودھ کے ساتھ چینی ڈال کر چالیس افراد کو کھلائیں۔

## معاشی مسائل کا حل

اگر معاشی تنگدستی کا سامنا ہو اور حالات کسی بھی طرح سازگار نہ ہورہے ہوں تو نہایت باریک کاغذ پر بہت باریک قلم سے حرف ’’ل‘‘ روزانہ ایک سو کتالیس مرتبہ لکھیں۔ نئی قینچی سے کاٹ کر نمروڑی دے کر گولیاں بنالیں اور آٹے میں لپیٹ کر دریا، سمندر، نہر یا تالاب میں ڈال دیں۔ یہ عمل چالیس روز تک جاری رکھیں۔ دورانِ عمل ہر جمعرات کو شام کے وقت ایک آدمی کو فی سبیل اللہ کھانا کھلا دیں۔ اگر کسی آدمی کے اندر کھانا کھلانے کی سکت نہیں ہے تو کامیابی کے بعد دس غریبوں کو کھانا کھلانے کی نیت کرلے۔ یہ عمل کاروبار میں ترقی، گھر میں برکت، ملازمت کے حصول، دُکان میں برکت اور معاشی مسائل کے حل کیلئے بہت ہی لاجواب ہے‘ ان شاءاللہ کامیابی ہوگی۔

## دشمن سے نجات

اگر کسی دشمن کی طرف سے جان کا خطرہ ہو تو اسے چاہیے کہ ہر روز وقت اور جگہ کی قید کے ساتھ دوسو بار حرفِ ’’ل‘‘ پڑھا کرے تو دشمنوں سے نجات پائے گا اور امن میں رہے گا۔

اس کے اِردگرد ۷۰ لام کا دائرہ کھینچ دیں۔ اس کے بعد اس پترے کو دریا کے کنارے پر دبا دیں۔ ان شاءاللہ مخلوق اطاعت کرے گی۔

## حرف ل کے مؤکل کی تسخیر

اپنے ظاہر و باطن کو پاک کرکے خلوت میں بیٹھ کر 45 مرتبہ دعوت اور 45 مرتبہ اضمار پڑھیں۔ منزل صرفہ کا ہونا لازم ہے۔ (دعوت) اجب یا طاطائیل یا لائیل لام یا لام یا طاطائیل یا لائیل بحق یا لطیف یا بنائیل بحق یا ستار۔

## زوجین میں محبت

زوجین اور رشتہ داروں میں محبت کے لئے جب بُرجِ قوس ۱۹ درجے پر ہو تو ۸ لام کورے مٹی کے پیالے پر چاروں مؤکل جبرائیل، اسرائیل، میکائیل اور عزرائیل نام کے ساتھ لکھیں‘ لکھتے وقت صندل کا بخور لیں۔ آخر میں طالب و مطلوب کے نام مع اسماء والدہ لکھ کر اس نقش کو چولہے کے نیچے اس طرح دبا دیں کہ آنچ پہنچتی رہے۔ ان شاءاللہ مطلوب کے دل میں طالب کی محبت پیدا ہوگی۔

اس کے علاوہ ایک اور عمل کسی چھری پر ۷۰ مرتبہ لام لکھیں اور ۷۱ مرتبہ لام پڑھ کر بادام کی دو گریوں پر پڑھیں۔ اُن کو چھری سے ٹھوکا دے کر بادام کی گری نکال کر ایک گری مرد کو دوسری گری عورت کو دیں۔ ان کے درمیان کیسی ہی عداوت کیوں نہ ہو ختم ہوگی اور باہم محبت پیدا ہوجائے گی۔

## مخلوق مطیع ہوگی

چاندی یا سونے کے پترے پر اپنا نام مع والدہ کے لکھیں اور

# آئیں مرحومین سے باتیں کریں! ایک تسبیح بخشش کا ذریعہ بن گئی!

محترم شیخ الوظائف صاحب السلام علیکم! عبقری رسالہ میں چند بار میں نے استغفار کے فضائل اور دنیاوی فوائد پڑھے۔ اس کے علاوہ ایک بار شب جمعہ کی روحانی محفل میں آپ سے ایک عمل سنا کہ روزانہ استغفار کی ایک تسبیح پڑھ کر اس کا ثواب اپنے آباؤ اجداد کی ارواح مبارک اور ان کے متاثرین کو ہدیہ کریں کہ اگر ان کی وجہ سے کسی کی حق تلفی ہوئی ہے اور وہ کسی پکڑ میں ہیں تو اس عمل کے ذریعے اللہ نے چاہا تو ان کی تلافی ہوجائے گی۔

میں نے اس دن سے ہی یہ عمل شروع کردیا۔ روزانہ ایک تسبیح استغفار کی پڑھ کر اس کا ایصال ثواب اپنے آباؤ اجداد اور ان کے متاثرین کو ہدیہ کرنا شروع کردیا۔ ابھی چند ہی دن گزرے تھے کہ میں نے خواب میں دیکھا کہ میرے آباؤ اجداد میں سے کوئی بوڑھا شخص لڑکھڑاتا ہوا شکریہ کے انداز میں آکر میرے قدموں میں گرجاتا ہے جس سے مجھ پر یہ ہوا کہ اس عمل کی برکت سے اللہ تعالیٰ نے ان کی بخشش فرمادی ہے۔ اس دن کے بعد اس عمل پر میرا یقین مزید پختہ ہوگیا اور اب روزانہ باقاعدگی سے شیخ الوظائف کی اس بات پر عمل کرتے ہوئے مرحومین کو اعمال کا ہدیہ پیش کرنے کی کوشش کرتا ہوں تاکہ مرحومین کو اس عمل سے فائدہ ہو۔ (محمد زاہد، لاہور)

**نوٹ:** آپ بھی شیخ الوظائف کی اجازت سے یہ عمل کیجئے اور اپنے مرحومین سے ملاقات کریں اور عبقری میں ضرور لکھئے۔ **نوٹ:** آپ کے پاس کوئی اور عمل ہو جس سے مرحومین سے گفتگو کلام ہو تو ضرور لکھیں‘ کوئی واقعہ ہو تو ضرور لکھیں۔



☆اگر آپ کا کاروبار زوال پذیر ہے اور سب اسباب کا سہارا لے کر دیکھ چکے، لیکن کوئی فائدہ نہ ہوا۔ اب کاروبار میں زبردست وسعت کے لیے لاہوتی نقش آزمائیں (صفحہ نمبر 41 دیکھئے)☆

# انوکھا عمل! غیب سے ایسے (پوشیدہ) مدد آتی ہے کہ سب حیران!

محترم شیخ الوظائف صاحب السلام علیکم! میں کچھ مجرب وظائف عبقری رسالہ کے لئے تحریر کر رہی ہوں۔ امید ہے ہو جو قارئین ان وظائف کو آزمائیں گے انہیں نفع ہوگا اور وہ مجھے ضرور اپنی دعاؤں سے نوازیں گے۔

## عید پر گھنٹوں والے کام منٹوں میں

جب بھی کسی کام میں رکاوٹ پیش آ رہی ہو یا وقت کم اور کام زیادہ ہو تو میں ایک عمل کرتی ہوں جس سے میرا کام منٹوں میں سمٹ جاتا ہے اور رکاوٹیں بھی ختم ہو جاتی ہیں۔ اکثر ایسا ہوا ہے کہ عید پر کمرے اور گھر کی صفائی کرنی ہو اور کام زیادہ ہو تو میں کام کرنے سے پہلے ایک مرتبہ درود شریف اوّل و آخر اور ایک تسبیح پہلے کلمہ کی پڑھتی ہوں اور دعا مانگتی ہوں کہ یااللہ! میرے کام میں آسانی پیدا کر دیں تو غیب سے ایسی مدد آتی ہے کہ میں حیران ہو جاتی ہوں کہ یہ کام کیسے ہو گیا۔ کچھ ہی دیر میں فارغ ہو جاتی ہوں اور تھکاوٹ بھی نہیں ہوتی۔ تمام رکاوٹیں ختم ہو جاتی ہیں۔

اگر کسی کو کم سنائی دیتا ہو تو ''یَاسَمِیْعُ'' جتنا زیادہ ہو سکے پڑھیں۔ خاص طور پر جو بچے بہرے پن کا شکار ہوں تو یہ وظیفہ بہت فائدہ دیتا ہے۔ کان کھلنے شروع ہو جاتے ہیں اور سنائی بھی ٹھیک دیتا ہے۔ جو لوگ کانوں کے امراض میں مبتلا ہیں یہ عمل ضرور کریں' ان شاء اللہ شفاء ہوگی۔

## حفاظت کا انوکھا وظیفہ

اگر کسی بھی چیز کی حفاظت مقصود ہو تو اس کے لئے میرا بارہا کا آزمودہ وظیفہ ہے۔ ایک مرتبہ اچانک کہیں جانا تھا اور میرے پاس ایک جوتا تھا' وہ بھی کھلا ہوا۔ مجھے بہت پریشانی ہوئی کہ ان کے گھر میں جا کر کھل نہ جائے اور شرمندگی کا سامنا نہ کرنا پڑے۔ میں نے راستے میں چلتے ہوئے اللہ پاک کے کلام پر یقین رکھتے ہوئے وظیفہ شروع کیا' تین بار اوّل و آخر درود شریف، ایک بار آیت الکرسی، تین مرتبہ سورۃ الاخلاص۔ اس عمل کی برکت سے اللہ پاک نے میرے جوتے کی حفاظت فرمائی اور حیران کن طور پر میرا جوتا جسے میں نے صرف ہلکا سا اٹکایا ہوا تھا' وہ بالکل ٹھیک رہا اور اللہ پاک نے مجھے شرمندگی سے بچا لیا۔ میں نے اس پر اللہ تعالیٰ کا بہت شکر ادا کیا۔

## آئیں! اپنے رب سے مشورہ کریں!

محترم شیخ الوظائف صاحب السلام علیکم! میں جب بھی کسی الجھن کا شکار ہوتی ہوں یا کوئی کام کرنا ہو اور سمجھ نہ آ رہی ہو کہ وہ میرے حق میں بہتر ہے یا نہیں تو فوراً اپنے رب سے مشورہ کرتی ہوں جس کے بعد میری الجھن سلجھ جاتی ہے اور اللہ کی طرف سے اشارہ ہو جاتا ہے کہ وہ کام میرے لئے موزوں ہے یا نہیں۔ اس عمل کی برکت سے میں بڑے بڑے نقصانات سے بچ جاتی ہوں اور زندگی میں آنے والے مصائب اور آزمائشیں ٹل جاتی ہیں۔ اس کی ترتیب مجھے عبقری رسالہ سے ہی ملی تھی جو یوں ہے۔

دو رکعات نفل اس طرح پڑھیں کہ جب سورۃ الفاتحہ پڑھتے ہوئے ''اِیَّاکَ نَعْبُدُ وَ اِیَّاکَ نَسْتَعِیْنُ'' پر پہنچیں تو اس آیت کی مسلسل تکرار کریں' اچانک کچھ ہی دیر میں کوئی غیبی قوت آپ کی گردن کو دائیں یا بائیں موڑ دے گی۔ دائیں طرف ہو تو کام درست ہے اگر بائیں طرف ہو تو ٹھیک نہیں۔ اس کے بعد اپنی دونوں رکعتیں عام نوافل کی طرح مکمل کر کے سلام پھیر لیں۔ (ن' ش' ملتان)

**قارئین! اگر آپ کے پاس بھی استخارہ کا کوئی مجرب عمل ہو تو بذریعہ خط ہمیں ضرور لکھیں۔**

# فصل کی کٹائی کے وقت وظیفہ پڑھیں اور کمال دیکھیں!

محترم شیخ الوظائف صاحب السلام علیکم! ہمارا زیادہ تر خاندان زراعت کے شعبے سے وابستہ ہے۔ آج اسی ضمن میں قارئین کی خدمت میں اپنا مشاہدہ تحریر کر رہی ہوں جو عبقری کی بدولت ہی حاصل ہوا ہے۔ میں نے عبقری رسالہ میں ''حٰمٓ لَا یُنْصَرُوْنَ'' کے بہت سے مشاہدات پڑھے تھے۔ مجھے جب بھی کوئی مشکل پیش آتی تو اس عمل سے بہت نفع ہوتا۔ میں نے اسی وظیفہ کو اپنی فصلوں میں برکت اور حفاظت کی نیت سے پڑھنا شروع کر دیا جس سے بہت زیادہ نفع ہوا۔

ایک بار سخت گرمی کے دن تھے اور موسم ایسا خوشگوار تھا کہ گندم کا ٹنا بہت مشکل ہو گئی تھی۔ موسم کے پیش نظر یہ بھی خطرہ تھا کہ اگر جلد فصل نہ کاٹی گئی تو برباد ہونے کا خدشہ ہے۔ ہمارے کچھ حاسدین تھے جو تماشہ دیکھنے کے لئے تیار تھے کیونکہ ہماری زمین کافی زیادہ تھی مگر ان دنوں زیادہ لوگ بھی میسر نہیں تھے جو ایک ہی دن میں فصل کاٹ سکیں۔ ایسا محسوس ہوا جیسے چند دنوں میں موسم کی وجہ سے فصل خراب ہو جائے گی۔ ہم نے چند لوگوں کی مدد سے فصل کٹوانا شروع کر دی۔

جب فصل کی کٹائی ہو رہی تھی اس دوران میں کثرت سے ''حٰمٓ لَا یُنْصَرُوْنَ'' کا وظیفہ توجہ اور دھیان کے ساتھ پڑھتی رہی اور فصل کا تصور کرتے دم کرنا شروع کر دیا۔ اس وظیفہ کی برکت سے اللہ تعالیٰ نے ہمیں بڑے نقصان سے بچا لیا' غیبی مدد ملی اور ہم نے بہت جلد فصل بھی کاٹ لی۔ اس وظیفہ کی برکت سے اس فصل میں بہت برکت ہوئی۔ ہمارے حاسدین جو ہماری فصل کی بربادی کا تماشہ دیکھنا چاہتے تھے انہیں مایوسی کا سامنا کرنا پڑا' وہ اپنے ہاتھ منہ میں ڈال کر ہمیں حسرت سے دیکھنے لگے۔ اللہ تعالیٰ نے اپنے کلام کی برکت سے حفاظت اور خیر والا معاملہ فرمایا' ہمیں نقصان اور رسوائی سے بچا لیا۔ (ف' خانیوال)

**کسان بھائی قومی ترقی میں ہمارا ساتھ دیں** قارئین! کوئی ٹوٹکہ روحانی ہو یا طبی' جانوروں یا فصلوں کی بیماری میں آزمایا ہو یا سنا ہو' یا آپ نے گھر میں پودے لگائے ہیں یا گھر میں پرندے یا کوئی پالتو جانور رکھے ہیں تو اپنے آزمودہ ٹوٹکے ضرور بھیجیں۔ بیماری کا نام اور دوائی کا نام واضح لکھیں تاکہ دوسرے بھی آسانی سے پہچان سکیں۔ آپ کے چھوٹے سے ایک ٹوٹکے سے لاکھوں کا بھلا ہوگا جو آپ کے لئے قیامت تک کیلئے صدقہ جاریہ بنے گا اس عمل میں غفلت نہ کریں۔

# لاعلاج بہرہ! درست تشخیص سے بالکل ٹھیک

40 سال پرانا کامیاب نسخہ

غلام قادر ہراج (مرحوم) جھنگ

محترم شیخ الوظائف صاحب السلام علیکم! 78-1977 کی بات ہے کہ میں بہرے پن کے مرض میں مبتلا ہوگیا جس کے بعد ایسی پریشانی ہوئی کہ مجھے دنیا کی کوئی بھی چیز اچھی نہ لگتی۔ نوبت یہاں تک پہنچی کہ سکول میں مارننگ اسمبلی کے دعائیہ کلمات سننے سے عاجز تھا۔ بچوں کو پڑھاتا تو بچوں کے کیے گئے سوالات سُن نہ سکتا تھا۔ کسی لائق بچے سے پوچھتا کہ اس نے سبق صحیح سنایا ہے یا غلط۔ سکول کے ہیڈ ماسٹر صاحب کے ساتھ میرے کافی اچھے تعلقات تھے۔ میں نے انہیں بتایا کہ میں بالکل بہرہ ہوچکا ہوں۔ وہ میری یہ بات سن کر کافی فکرمند ہوئے اور انہوں نے مجھے اس مرض کا فوری علاج کروانے کا مشورہ دیا۔ شہر کے مختلف معروف ای۔ این۔ ٹی ڈاکٹرز سے چیک اپ کرایا مگر مرض میں کمی نہ ہوئی۔ بلکہ ڈاکٹروں نے مرض کا مکمل معائنہ کرنے کے بعد بتایا کہ آپ کا یہ مرض اب کسی بھی طرح ٹھیک نہیں ہوسکتا' مرض کی نوعیت اور کیفیات بتارہی ہیں کہ آپ ساری عمر کے لئے بہرے پن کا شکار ہوگئے ہیں۔ ڈاکٹروں کی یہ بات سننے کے بعد میں مزید پریشان ہوگیا۔ میں نے مایوسی کا شکار ہونے کی بجائے کوشش جاری رکھی کہ کسی طرح اس مرض سے شفاء مل جائے۔

ایک دن دوسرے شہر جانا ہوا تو کسی نے کہا کہ یہاں کے ایک بڑے ہسپتال میں ایک ای۔ این۔ ٹی ڈاکٹر ابھی امریکہ سے واپس آئے ہیں جو کافی تجربہ کار ہیں' ان سے چیک کراؤ۔ چنانچہ میں ان کے پاس پہنچ گیا۔ انہوں نے میری ٹھوڑی اور دونوں کانوں کے درمیاں مختلف جدید مشینیں لگائیں اور تسلی سے میرا چیک اپ کیا۔ مجھ سے اس وقت کیفیت پوچھی جو میں نے انہیں بتائی۔ ڈاکٹر صاحب مسکرا پڑے کہ نقص کان کے اندر تھا مگر علاج باہر والے حصے کا ہوتا رہا یعنی اس سے پہلے جن ڈاکٹروں نے علاج کیا تھا ان کی تشخیص درست نہ تھی۔ انہوں نے کہا میں دوائی دیتا ہوں ایک گھنٹہ یہیں ٹھہریں۔ اگر فرق پڑ گیا تو مزید ایک ہفتہ گھر جا کر دوائی جاری رکھیں، فرق نہ پڑے تو معمولی آپریشن کرنا پڑے گا۔ ڈاکٹر صاحب نے کچھ تسلی کے بول بھی فرمائے جس سے دل کو تسلی ہوئی۔ دوائی لینے کے آدھے گھنٹے بعد بندہ تیس فیصد ٹھیک ہوگیا اور ایک گھنٹے کے بعد قوت سماعت تقریباً پچاس فیصد درست ہوگئی۔ میں نے اللہ کا شکر ادا کیا اور ڈاکٹر صاحب کو مرض کی کیفیت سے آگاہ کیا۔ ڈاکٹر صاحب بھی مسکرائے اور مجھے چند دواؤں کا نسخہ لکھ دیا۔

## بے شمار مریض شفاء یاب ہوگئے

میں نے ڈاکٹر صاحب کا شکریہ ادا کیا۔ تمام ادویات میڈیکل سٹور سے باآسانی مل گئیں۔ اللہ ڈاکٹر صاحب کے درجات بلند فرمائے' آمین۔ میں نے گھر جا کر ڈاکٹر کی ہدایات کے مطابق ادویات کا مسلسل سات دن تک استعمال کیا جس سے کانوں کی سماعت سو فیصد درست ہوگئی۔ مجھے پہلے کی طرح بالکل ٹھیک سنائی دینا شروع ہوگیا۔ جس مرض کو کچھ ڈاکٹروں نے لاعلاج قرار دے دیا تھا اللہ کے فضل و کرم سے اور یہ نسخہ استعمال کرنے سے اس کا کامیاب علاج ہوگیا۔

قارئین! اس بات کو 41 سال ہوگئے ہیں مگر اللہ کا شکر ہے کہ آج تک میری قوت سماعت بالکل ٹھیک ہے۔ اس کے بعد میں نے مختلف لوگوں کو جو بہرے پن کے مرض میں مبتلا تھے' انہیں بھی یہی نسخہ استعمال کروایا جس سے وہ بھی بالکل درست ہوگئے۔ تمام ڈاکٹر صاحب کے لئے دعا گو ہوں جنہیں اللہ تعالیٰ نے شفاء کا ذریعہ بنایا۔

**ادویات کا نسخہ اور طریقہ درج ذیل ہے۔**

**(1) Septran (Single)Tablets**

صبح و شام 2،2 گولیاں

**(2) Piriton Tablets**

ایک ایک گولی صبح' دوپہر شام

**(3) methoxamine nasal drops**

پانچ قطرے دن میں تین مرتبہ ناک میں ڈالیں۔ **بلڈ پریشر' دل' شوگر کے مریض معالج کے مشورے سے استعمال کریں۔**

**طریقہ استعمال:** نمبر 1 اور نمبر 2 پر جو گولیاں لکھی ہیں انہیں پانی کے ہمراہ استعمال کریں۔ نمبر 3 پر جو ڈراپس لکھے ہیں پانچ پانچ قطرے صبح' دوپہر' شام لیٹ کر ناک کے دونوں نتھنوں میں ڈالنے ہیں' پھر ناک کو پکڑ کر بند کرنا ہے اور منہ میں ہوا بھر کر گال پھلانے ہیں۔ ہوا کے پریشر سے یہ دوائی کان کے پردوں کے اندر جائے گی جہاں جتنا جما ہوا نزلہ کیرا ہے اس میں حل ہوگا اور تھوک کے ذریعے پیلا مواد باہر نکل جائے گا اور مریض شفاء یاب ہوگا۔ جن لوگوں کی قوت سماعت کمزور ہے یا بہرے پن کا شکار ہیں' میرا مشورہ ہے وہ چند دن یہ نسخہ ضرور استعمال کریں۔

# لوز موشن اور پیچش کا علاج صرف ایک کپ قہوہ!

پیٹ کی تکالیف کیلئے ہمارے گھر کا آزمودہ قہوہ ہے۔ گھر میں جس کو بھی لوز موشن یا پیچش لگتے تو میری خالہ جان اسے یہ قہوہ بنا کر دیتی تھیں۔ ڈیڑھ کپ پانی میں ایک بڑا ٹکڑا دار چینی کا، دو تین چٹکی چائے کی پتی، ایک سبز الائچی اور تھوڑی سی سونٹھ ڈال کر، ابالیں' جب ایک کپ پانی رہ جائے تو حسب ذائقہ چینی ملا کر نوش کریں۔ عموماً ایک ہی کپ سے لوز موشن ٹھیک ہوجائیں گے۔ اگر نہ ٹھیک ہوں تو اگر صبح ایک کپ قہوہ پیا ہے تو ایک کپ دوپہر کو بھی پی لیں۔ ان شاء اللہ ایک یا دو دفعہ پینے سے افاقہ ہوتا ہے۔

## کیا اتنی آسانی سے السر کا علاج ہوسکتا ہے؟

اگر معدے میں السر بہت زیادہ ہو اور آرام نہ آرہا ہو تو فریج میں رکھا ہوا دودھ یعنی دودھ اُبال کر ٹھنڈا کر کے فریج میں رکھ دیں۔ صبح نہار منہ اس میں سے آدھا کپ دودھ لے لیں۔ یہ دودھ چمچ سے پینا ہے۔ ان شاء اللہ ہفتے دس دن میں السر اور تیزابیت ختم ہوجاتی ہے' ہمارا آزمودہ ہے۔ السر جو کہ بہت تکلیف دہ بیماری ہے' اس آسان ٹوٹکے سے ختم ہوجاتا ہے۔

## معدے کی تیزابیت ختم کریں

شیخ الوظائف کی روحانی محفل سے ایک ٹوٹکہ سنا' میں نے آزمایا بہت مفید پایا۔ چھلکا اسپغول دو چمچ، زیتون کا تیل ایک چمچ، کلونجی ایک چٹکی اچھی طرح مکس کر کے دن میں ایک بار لیتی ہوں تو میرے معدے میں تیزابیت نہیں ہوتی کیونکہ میں پٹھوں کے کھچاؤ کیلئے میڈیسن کھاتی ہوں اس سے تیزابیت ہوجاتی ہے۔ ڈاکٹر معدے کا کیپسول کھانے کا مشورہ دیتے ہیں مگر میں چھلکہ اسپغول والا نسخہ استعمال کرتی ہوں تو کوئی تیزابیت نہیں ہوتی یعنی یہ نسخہ تیزابیت کو بھگا دیتا ہے۔ (شازیہ لیاقت، نارووال)



☆☆ اگر شادیوں میں رکاوٹ ہے؟ بچوں کی عمر نکل رہی ہے تو یہ لاہوتی نقش پُر کریں ان شاء اللہ سب رکاوٹیں ختم ہوجائیں گی۔ نقش کی برکت سے بہترین رشتے ہوں گے (صفحہ نمبر 41) ☆☆

# چند بیج روزانہ صحت مند گھرانہ

## چٹکی سے تخم کاسنی لے آئیے!

**قارئین! آپ کیلئے قیمتی موتی چن کر لاتا ہوں اور چھپاتا نہیں، آپ بھی سخی بنیں اور ضرور لکھیں: ایڈیٹر**

ایک صاحب کمال درویش کا قول ہے کہ اگر چنے کے برابر کاسنی کے بیج، جسے تخم کاسنی کہتے ہیں استعمال کیے جائیں تو بچہ خوبصورت ہوتا ہے، تندرست، صحت مند، اور عمر دراز حتیٰ کہ معذور پیدا نہیں ہوتا یعنی یہ بیج اگر پہلے دن سے حاملہ چنے کے برابر صبح اور چنے کے برابر شام پانی کے ہمراہ لینا شروع کردے۔

### بے اولاد خواتین کو اولاد نرینہ ملی

جب سے یہ نسخہ بتایا اور عبقری میں چھاپا، اس دن سے اس کے بہت زیادہ نتائج ملے۔ ایسی خواتین جن کی اولاد نہیں تھی اور اولاد سے مایوس ہوچکی تھیں، ان میں سے کسی نے ایک سال، کسی نے چند ماہ یہ نسخہ استعمال کیا، انہیں اولاد کی امید لگ گئی اور بیٹا پیدا ہوا۔ اس کے علاوہ چنے کے برابر تخم کاسنی کے اور بہت سے فوائد ہیں۔

1۔ چنے کے برابر تخم کاسنی صبح دوپہر شام اگر پانی کے ہمراہ کھانے سے پہلے یا دو گھنٹے بعد استعمال کیا جائے، اس کے بہت زیادہ تجربات جواب تک سامنے آئے ہیں، ہیپاٹائٹس کالا یا پیلا یرقان ایسا جو وبال جان، تکلیف، مصیبت کا ذریعہ بن گیا ہو اور انسان اس کے علاج سے عاجز آ گیا ہو، بالکل ختم ہوجاتا ہے۔ صرف ختم نہیں بلکہ جڑ سے اکھڑ جاتا ہے اور اگر کوئی شخص اس کو استعمال کرے تو اس کو ان شاء اللہ کالا یرقان کبھی نہیں ہوگا۔

### ہر بیج خون کی ایک بوتل

2۔ کچھ لوگوں کا خون گاڑھا ہوتا ہے۔ وہ خون کو پتلا کرنے کے لیے طرح طرح کی ادویات کیمیکل گولیاں، انجکشن استعمال کرتے ہیں، بہت سی چیزیں چھوڑنا پڑتی ہیں، بہت سی لذتوں سے محروم ہوتے ہیں اگر وہ چنے کے برابر دن میں تین بار استعمال کریں، خون کا گاڑھا پن ختم ہوگا، کولیسٹرول سے جان چھوٹے گی، چہرے پر صحت مندی کے آثار واضح نمایاں ہوں گے۔

3۔ جن کے اندر خون کی کمی ہے حتیٰ کہ خون کی کئی بوتلیں لگوا چکا ہے اور پھر ختم ہوجاتا ہے، یا پیشاب اجابت کے ذریعے یا پھر اندر ہی اندر جل جاتا ہے اور ہر وقت اس کا ہیموگلوبن کم ہوتا ہے۔ صحت تندرستی بالکل نہیں ہوتی وہ ہمیشہ یہی تخم کاسنی دن میں تین مرتبہ چنے کے برابر استعمال کرے، بظاہر یہ چھوٹی سی چٹکی مگر ہر بیج خون کی ایک بوتل ہے، ہر بیج کے اندر خون کے سرخ ذرات کی خوراک ہے اور ہر ذرے میں زندگی کے سو فیصد آثار ہیں، ایسی زندگی کہ انسان حیران ہوجائے۔ پھر اس کو چھوڑنا کیوں؟ آپ اگر واقعی خون کی کمی میں مبتلا نہیں ہیں تو خوشی کی بات ہے لیکن اگر استعمال کریں گے تو کبھی اس روگ میں مبتلا نہیں ہوں گے، تکلیف کبھی نہیں ہوگی، صحت تندرستی ہمیشہ آپ کے گلے لگی رہے گی۔

### شوگر اور جگر کے مریض گھبرانا چھوڑیں!

4۔ کچھ لوگ ایسے ہوتے ہیں جن کے ہاتھوں میں سے ہر وقت آگ نکلتی ہے۔ خاص طور پر شوگر یا جگر کی کسی تکلیف میں مبتلا ہوں اور وہ اس آگ کا علاج کرنے میں عاجز ہیں، مختلف ٹوٹکے، ادویات یا کوئی چیزیں استعمال کرتے ہیں جسے یا تو فائدہ نہیں ہوتا یا وقتی فائدہ ہوتا، پھر ویسے کے ویسے ہر وقت پاؤں کے تلوؤں پر گیلی کپڑے کی پٹیاں یا برف ملتے ہیں گیلی پٹیاں باندھتے ہیں مگر صحت مندی کا کوئی بھی راز ان کے کام نہیں آتا۔ اب ہم ایک راز بتاتے ہیں اور وہ راز کاسنی کے بیج ہیں۔ یہ بیج چنے کے برابر دن میں تین بار استعمال کریں، کر کے دیکھیں تو صحیح، گھبراتے کیوں ہیں؟ چند دن، چند ہفتے آپ کو نتائج ملیں گے اور حیرت انگیز ملیں گے۔

5۔ ہائی بلڈ پریشر کا بڑھتا روگ، ٹینشن کے بڑھتے مسائل، ڈیپریشن کا شور ہی شور اور اینگزائٹی کا غلبہ، یہ وہ چیزیں ہیں جو آج سے پہلے نہ سنی تھیں نہ دیکھی، اگر کتب میں تذکرے ملتے بھی ہیں تو اتنے تفصیلی نہیں۔

### چھوٹا سا ٹوٹکہ صحت اور تندرستی کا راز

جبکہ آج ان سب پر کتب ہی کتب لکھی جاچکی ہیں، ان سب کا کوئی حل بھی ہے؟ جی ہاں! آپ کے ہاتھ میں اس کا حل ہے اور بہت زبردست ہے اور وہ حل ہے کہ آپ چٹکی سے بس اپنی زندگی میں تخم کاسنی کو شامل کرلیں، نہ گھبرائیں، نہ پریشان ہوں، نہ مٹھیاں بھر بھر کر گولیاں کھائیں بس تخم کاسنی چنے کے برابر کھانے سے پہلے یا دو گھنٹے بعد آپ کو صحت مندی میں ایسی مدد دے کہ بلڈ پریشر کو اجازت، ٹینشن کو رخصتی، ڈیپریشن کو بائے بائے اور اینگزائٹی کو دھکے دے کر جسم سے نکال دے، چھوٹا سا ٹوٹکہ صحت اور تندرستی کا بالکل سستا راز ہے۔ آپ پچاس، سو روپے میں اپنا نہیں پورے گھر کا علاج کرسکتے ہیں۔



## قربانی کے گوشت سے کراہنے والے اب شوق سے کھائیں گے!

قربانی کے گوشت کی مخصوص مہک دور کرنے کے لئے اس پر آٹا ملیں اور دو تین گھنٹے کے لئے چھوڑ دیں، پھر نیم گرم پانی سے دھولیں۔ گوشت کی مخصوص مہک بالکل دور ہوجائے گی جس کے سبب بہت سے بچے اور کچھ بڑے بھی اسے کھانا پسند نہیں کرتے۔ اگر بار بار لائٹ جا رہی ہو تو ایسے میں قربانی کا گوشت محفوظ رکھنے کے لئے اس پر آٹے کی بھوسی ملیں اور اسے ململ کے کپڑے سے ڈھانپ کر فریزر میں رکھ دیں، گوشت خراب نہیں ہوگا۔

**عبقری ٹوٹکہ سیکشن:** قارئین! بعض اوقات لا علاج بیماریوں میں جہاں بڑی بڑی ادویات اور مہنگے علاج ناکام ہوجاتے ہیں وہاں چھوٹے چھوٹے ٹوٹکے کارگر ثابت ہوتے ہیں جنہیں بظاہر کوئی اہمیت نہیں دی جاتی تو قارئین آپ مستقل بڑے بوڑھوں کے وہ ٹوٹکے سنے آزمائے ہوئے ضرور لکھیں، عبقری نے ایک ٹوٹکہ سیکشن قائم کیا ہے تاکہ مخلوق کی خدمت ہو اور انسانیت کو نفع پہنچے۔ نوٹ: ایسے ٹوٹکے بھیجیں جن میں ادویات کا استعمال نہ ہو اور کہیں ایسا نہ ہو کہ ٹوٹکوں والی کتاب اٹھا کر سارے ٹوٹکے لکھ کر بھیجیں ایسا ہرگز نہ کریں۔ صرف آزمودہ اور سینے کے راز ٹوٹکے ہی بھیجیں۔



آپ لوگوں میں باوقار بننا چاہتے ہیں چاہتے ہیں کہ سب آپ کی عزت کریں۔ آپ بات کریں تو سب متوجہ ہوجائیں۔ زبان میں تاثیر پانا چاہتے ہیں تو نقش کو پُر کریں (صفحہ نمبر 41 دیکھئے)

# اب بس! کوئی مجھے پاگل نہ کہے!

## آپ کی نفسیاتی، گھریلو الجھنوں کا سادہ ساحل

### یہ عادت کس طرح ختم ہوگی

میں اپنے سر کے بال توڑتی رہتی ہوں جس کی وجہ سے گنجی ہو رہی ہوں۔ میں نے کافی بال نوچ ڈالے ہیں۔ میں ایسا کیوں کرتی ہوں اور یہ عادت کیسے ختم ہوگی؟ (فرح، کراچی)

مشورہ: ایسی عادتیں گہرے اضطراب اور اعصابی تناؤ کو ظاہر کرتی ہیں۔ ایسے افراد کے ذہن میں والدین، اساتذہ اور معاشرے میں رہنے والے مختلف افراد کے خلاف منفی جذبات پائے جاتے ہیں۔ جب کسی پر بس نہ چلے تو انسان اپنی ذات کو نشانہ بناتا ہے۔ اس عادت کو ختم کرنے کے لئے مضبوط قوت ارادی کا سہارا لینا ہوگا۔ جیسے ہی ہاتھ سر کی طرف جائے خود کو روک لیں۔ ہر روز آئینہ دیکھتے ہوئے غور کریں کہ جب بال نوچنا چھوڑ دیئے تو کتنی بہتری آئی ہے۔

### اب بس! کوئی مجھے پاگل نہ کہیں!

بچپن میں مجھے غصہ آتا تو سامنے پڑی ہوئی چیزیں پھینک دیتا۔ اب بھی ویسا ہی غصہ ہے۔ ضد کر کے مہنگا موبائل فون لیا تھا، غصے میں آکر پھینکا، وہ ٹوٹ گیا۔ اس وقت بہن کی دوست آئی ہوئی تھی، اس نے کہا تمہارا بھائی تو غصے میں پاگل ہوجاتا ہے۔ میں پاگل ہونا نہیں چاہتا اور یہ بھی پسند نہیں کرتا کہ آئندہ کوئی مجھے پاگل کہے۔ (نوید خان، پشاور)

مشورہ: ایسا شخص جس پر غصہ حاوی ہوجائے، ایسی حرکتیں کرتا ہے جو کسی ہوش مند سے نہیں ہوتیں۔ غصے میں آکر توڑ پھوڑ کرنے والے نفسیاتی مریض ہوتے ہیں۔ آپ کو اپنی کیفیت کا شعور ہوگیا ہے۔ اس لیے اصلاح کر سکتے ہیں۔ خلاف مزاج بات یا صورتحال پر فوری طور پر مشتعل ہونے سے گریز کرتے ہوئے کچھ دیر تنہائی میں بیٹھ جائیں۔ بے چینی ہو تو منہ، ہاتھ دھولیں، پانی پی لیں، گہرے سانس لیں تو خود کو پرسکون اور متوازن محسوس کرنے کی کوشش غصے پر حاوی آجائے گی۔ بات کرتے ہوئے لہجہ نرم اور آواز دھیمی رکھیں۔

### نالائق لڑکوں میں شمار

میں ہر امتحان میں اچھے نمبر حاصل کرتا رہا مگر میٹرک امتحانات کے دوران ایک حادثے میں کافی چوٹیں آئیں۔ پھر بھی امتحان دینے گیا، پاس ہوگیا مگر کوشش کے باوجود اچھے کالج میں داخلہ نہ مل سکا۔ بہت تکلیف ہوتی ہے کہ نمبر کم تھے۔ خود پر غصہ آتا ہے، دل میں خود کو برا بھلا کہتا ہوں۔ مستقبل کی فکر ہے۔ کلاس میں نالائق لڑکے ہیں، اب میرا شمار بھی نالائقوں میں ہوتا ہے۔ (جہانزیب نعمان، سکھر)

مشورہ: ایسا لگتا ہے کہ آپ نے اپنا شمار خود ہی نالائق لڑکوں میں کرلیا، ورنہ پڑھنے میں اچھے ہیں۔ میٹرک میں اہم وجہ سے نمبر کم آئے۔ انٹر میں خوب جی لگا کر پڑھیں اور جو لڑکے پڑھنے میں کمزور ہیں، ان کو بھی اپنے ساتھ شامل کرلیں۔ رہی مستقبل کی بات تو اس حوالے سے کوئی بھی حتمی رائے قائم نہیں کی جاسکتی۔

### نہ پہلے سکون تھا نہ اب

میرے شوہر ملازمت پیشہ خواتین سے بہت متاثر تھے۔ اپنے دوستوں کی بیویوں کا ذکر کرتے جو ہر ماہ باقاعدگی سے رقم گھر میں خرچ کرتی ہیں تو مجھے برا لگتا۔ میں تعلیم یافتہ ہوں، لہٰذا مختلف اداروں میں درخواستیں دیں۔ مجھے اچھی جاب مل گئی۔ وہ بھی خوش ہوئے۔ اب کسی کا ذکر کرتی ہوں تو برا مانتے ہیں، نہ پہلے سکون تھا نہ اب ہے۔ (س، لاہور)

مشورہ: میاں اور بیوی کے رشتے میں بہت سمجھداری سے کام لینا پڑتا ہے اور یہ ذمہ داری بھی عورت پر زیادہ عائد ہوتی ہے۔ گھر کے اخراجات میں شریک ہونا آپ کی ذمہ داری تو نہ تھی۔ اب گھر اور آفس میں فرق کرنا ہوگا۔ جب گھر میں ہوں تو صرف گھر کے معاملات پر ہی بات کریں۔ خاص طور پر کسی بھی مرد کا جو ساتھ کام کرتا ہو بالکل ذکر نہ کریں۔ بنے بنائے پرسکون اور خوشگوار تعلقات تو کم ہی ہوتے ہیں بلکہ انہیں ایک دوسرے کے مزاج کو سمجھتے ہوئے بنانا پڑتا ہے۔

---

سانس روک سات بار یہ پڑھیں! ہر مقصد پورا، ہر قدم حفاظت

# خطرناک سفلی عمل ہو یا طاقتور جادو! ختم

تحفظ سحر و جادو، دشمنان و شیطان سرکش و حادثات اتفاقیہ

## ماہانہ تحفظ جان کا عمل

ایسا عمل جو صرف کسی کامل کی اجازت سے ہی کیا جائے

موجودہ دور مخدوش ہے۔ زندگی کے حادثات سے کوئی شخص محفوظ نہیں، تحفظ کے لیے اسماء نورانی سے یہ وظیفہ تیار کیا جاتا ہے جو حادثات، نظر بد، سحر، چوری، خوف، اغواء، جنات اور غرقابی سے محفوظ رکھتا ہے۔ میں نے برسوں اس عمل کے تماشے صدہا مرتبہ اپنی آنکھوں سے دیکھے ہیں۔ قارئین کی فرمائش پر اس خاص عمل کو شائع کیا جارہا ہے تاکہ دکھی، مجبور، در در کے بھکاری، بیماریوں سے عاجز زندگی کو سکھی بنا سکیں۔

کالی دیوی کا جادو اور سفلی عمل دنیا کے طاقتور ترین جادو میں سے ایک ہے مگر نورانی اور قرآنی عملیات کے آگے جو ولیوں اور اکابرینؒ کی اجازت سے کیے جائیں چند دنوں میں ٹوٹ جاتا ہے۔ سفلی عمل بار بار حملہ آور ہوتا ہے، اس سے بچنے کیلئے مسلسل اوراد و وظائف، مسنون اعمال کی ضرورت ہوتی ہے۔ لہٰذا ادارہ عبقری آپ اور آپ کی نسلوں کیلئے ہر ماہ خاص ساعتوں کے حساب سے ایک خاص عمل، وظیفہ اور صدقہ بتائے گا جس کے کرنے سے آپ ان شاء اللہ زمینی و آسمانی مصائب سے محفوظ رہیں گے۔ لہٰذا ہر ماہ حفاظتی حصار کا عمل کرنا ہرگز نہ بھولیے۔

### جون 2023ء کا حفاظتی حصار

**یَاسَلَامُ یَاقَابِضُ یَاحَسِیْبُ**

صبح و شام صرف 33 مرتبہ اول و آخر تین مرتبہ درود شریف کے ساتھ پڑھیں۔ اس کے علاوہ گھر سے نکلتے ہوئے دایاں پاؤں باہر نکالیں اور اس دوران اپنے مقصد کا تصور کرتے ہوئے 7 مرتبہ سانس روک کر یہی الفاظ پڑھیں اور گھر سے باہر چلے جائیں۔ گھر کے دیگر افراد باہر جانے والے پر تین مرتبہ یہ اسم پڑھ کر ان کا تصور کر کے پھونک ماردیں۔ ان شاء اللہ یقینی حفاظت رہے گی۔ گھر کے ہر فرد کی طرف سے 21 روپے 40 روپے 72 روپے یا 111 روپے صدقہ کردیں۔ حسب توفیق بتائی گئی رقم میں سے کوئی ایک صدقہ پورے گھر کی طرف سے کردیں۔ کسی ایسے شخص کو دیں جو سوال نہ کرسکتا ہو، پیشہ ور بھکاری کو ہرگز نہ دیں۔

**اگلے مہینے کی خاص ساعتوں کے مطابق حفاظت جان کا عمل ''رسالہ عبقری ماہ جولائی 2023ء'' میں پڑھنا ہرگز نہ بھولیے!** ان شاء اللہ ہمیشہ حادثات، ان دیکھی آفات و بلیات اور بیماریوں سے حفاظت رہے گی۔ اگر کوئی نقصان لوح محفوظ پر لکھا بھی ہے تو اللہ کریم کے پاک ناموں کی برکت سے وہ نقصان یا تو ہوگا نہیں یا انتہائی کم ہوگا کہ آپ کو محسوس بھی نہ ہوگا، ان شاء اللہ۔



جو یہ چاہے کہ ہمیشہ زندگی میں کامیابی سے ہمکنار ہو اور ہمیشہ ناکامی سے بچا رہے تو یہ لاحول نقش زندگی کے ہر موڑ پر آپ کا ساتھ دے گا اور آپ کو کامیابی سے ہمکنار کروائے گا (صفحہ نمبر 41 پر)

## چلتے کاروبار کو کالی دنیا کے کالے لوگ کھا گئے!

گیارہ جمعرات کا عمل 'کالی دنیا' کالے لوگ اور کالے روگ سے چھٹکارا کیسے پایا؟ پڑھ لیجئے!

شوہر بیرون ملک کام کے سلسلے میں رہائش پذیر تھے‘ وہاں کے ماحول اور مالی پریشانی کی وجہ سے ان کی دماغی حالت بہت متاثر ہوئی ہے جس کی وجہ سے وہ واپس اپنے ملک آگئے۔ جلد ہی شوہر اس پریشانی کی کیفیت سے نکل آئے اور پھر انہوں نے اللہ کا نام لے کر گھر پر ہی ایک چھوٹا سا کاروبار شروع کیا۔ کچھ ہی عرصے میں دیکھتے ہی دیکھتے ان کا کام پھیلنا شروع ہوگیا اور لاہور کے بڑے نامور اداروں نے ہماری تیار کردہ مصنوعات خریدنا شروع کردیں اور اس کے علاوہ انہوں نے آن لائن بھی کام شروع کردیا وہاں سے بھی اچھے خاصے آرڈر ملنا شروع ہوگئے۔ جب کام بڑھتا گیا تو انہوں نے اس کام کے لئے کچھ مشینیں بھی خرید لیں اور بڑا گھر کرائے پر لے لیا تاکہ بڑے پیمانے پر یہ کام کرسکیں۔ ساس سسر بیرون ملک مقیم ہیں وہ پاکستان آئے تو خاندان کے لوگ انہیں ملنے آنے لگے۔ خاندان کافی بڑا ہے اس لئے روزانہ ہی کوئی نہ کوئی ملنے کے لئے آجاتا‘ ہم مہمانوں کی خوش دلی سے تواضع کرتے اور انہیں خوش آمدید کہتے۔ چند دن گزرے تو کاروبار کم ہونا شروع ہوگیا‘ جن کمپنیوں سے آرڈر ملتے تھے انہوں نے مزید آرڈر لینے سے منع کردیا اور ہمیں بڑا جھٹکا تب لگا جب آن لائن آرڈر آنا بھی ختم ہوگئے۔ کاروبار بالکل ٹھپ ہوگیا۔ ہمیں کچھ سمجھ نہیں آیا کہ چند دن میں ہر چیز ختم ہوگئی۔ لاکھوں کا نقصان ہوا۔ نئی مشینیں اور پیکنگ کا سامان بے کار ہوگیا‘ کسی نے بتایا یا ہمیں نظر بد کھا گئی یا پھر کسی نے ہم پر بندش لگوا دی تھی۔ شوہر کی حالت پھر سے بگڑنے لگی اور اس حد تک بگڑ گئی کہ انہیں گھر کا کوئی ہوش نہ رہا۔ اس دوران تسبیح خانہ میں کالی دنیا‘ کالے لوگ اور کالے روگ کے خاتمے کیلئے گیارہ جمعرات یَالَطِیْفُ یَاوَدُوْدُ کا خاص عمل شروع ہوا۔ میں نے تسبیح خانہ اس عمل میں اپنی حاضری کو یقینی بنایا‘ حیرت انگیز طور پر میرے شوہر میں تبدیلی آنا شروع ہوگئی اور کام کے سلسلے میں انہیں ایک جگہ سے بہت اچھی جاب کی آفر ہوگئی کیونکہ وہ ہنرمند تو تھے ہی بس کوشش کی ضرورت تھی‘ الحمدللہ اب ہم برے حالات سے نکل چکے ہیں۔ (ث، ا۔ لاہور)

**نوٹ: تسبیح خانہ لاہور میں 11 مئی 2023ء سے ”کالی دنیا‘ کالے لوگ اور کالے روگ“ عمل کا آغاز ہوچکا ہے‘** ایک عدد کالی تھیلی میں پچاس، پچاس گرام ہرڑ، کالی مرچ، کلونجی اور کالے مونگ ڈال کر لائیں‘ گیارہ جمعراتوں کے بعد اس عمل کی اختتامی دعا دس محرم کو صبح دس بجے تسبیح خانہ لاہور میں ہوگی۔

## رشتوں کو کیسے بچایا جائے‘ انمول سبق!

ابوالکلام اپنے بچپن کا واقعہ بیان کرتے ہیں کہ ان کی والدہ ملازمت بھی کرتی تھیں اور گھر کا کام کاج بھی کرتی تھیں۔ ایک رات کھانے کے وقت انہوں نے سالن اور جلی ہوئی روٹی میرے والد کے آگے رکھی۔ میں والد کے ردعمل کا انتظار کرتا رہا کہ شاید وہ غصے کا اظہار کریں۔ مگر انہوں نے انتہائی سکون سے کھانا کھایا۔ میری والدہ نے روٹی جل جانے کی معذرت کی مگر میرے والد نے کہا کہ ان کو یہ روٹی کھا کر لطف آیا۔ اسی رات اپنے والد کو شب بخیر کہنے‘ میں ان کے کمرے میں گیا تو ان سے سوال کیا کہ کیا واقعی انہیں جلی روٹی کھا کر لطف آیا؟ انہوں نے پیار سے مجھے اپنے بازوؤں میں بھر لیا اور جواب دیا کہ تمہاری والدہ نے ایک پرمشقت دن گزارا اور پھر تھکنے کے باوجود گھر آکر ہمارے لئے کھانا بھی تیار کیا۔ ایک جلی ہوئی روٹی کچھ نقصان نہیں پہنچاتی مگر تلخ ردعمل اور بدزبانی جذبات کو مجروح کرتی ہے۔ میرے بچے! زندگی بے شمار ناپسندیدہ اشیا اور شخصیات سے بھری ہوئی ہے۔ میں بھی کوئی بہترین یا مکمل انسان نہیں ہوں اور یہ سمجھتا ہوں کہ ہمارے اردگرد لوگ اور عزیز واقربا بھی غلطی کرسکتے ہیں۔ لہٰذا ایک دوسرے کی غلطیوں کو درگزر کرنا، رشتوں کو بخوبی نبھانا اور اعلیٰ ظرفی کا مظاہرہ کرنا ہی تعلقات میں بہتری کا سبب بنتے ہیں۔ زندگی اتنی مختصر ہے کہ اس میں معذرت اور پچھتاوؤں کی کوئی گنجائش نہیں ہونی چاہیے۔

## جان ہے تو جہان ہے! املی آلو بخارہ کے ایک گھونٹ نے سمجھا دیا

جان ہے تو جہان ہے اور تندرستی ہزار نعمت ہے۔ ان محاوروں سے بخوبی اندازہ ہوتا ہے کہ ہمارے لئے صحت کتنی اہم ہے اور یہ کتنی بڑی نعمت خداوندی ہے۔ اس کا احساس تو صرف وہی کرسکتا ہے جو اس نعمت سے محروم ہوگیا ہو‘ وہی اس نعمت کی حقیقی قدر جان سکتا ہے۔ ہم بچپن سے جوانی اور پھر بڑھاپے تک زندگی کا سفر طے کرتے ہیں‘ کیا ہم نے سوچا کہ ہم چل پھر رہے اور کھا پی رہے ہیں تو یہ اللہ کی کتنی بڑی عطا ہے۔ میں نے ایک کتاب میں پڑھا تھا کہ انسانی جسم پانچ سو سال تک صحت مند اور سلامت رہ سکتا ہے لیکن ہماری اپنی بے اعتدالی کی وجہ سے یہ جسم ساٹھ ستر سال تک بلکہ اس سے پہلے ہی بوڑھا ہوجاتا ہے۔ اگر ہم یہ بے احتیاطی دور کرکے صحت کو سنبھال کر چلیں تو بہت بیماریوں سے بچ سکتے ہیں۔ اس لئے میں نے گھر میں مصنوعی اور رنگ برنگی چیزوں کی بجائے فطرتی چیزوں کو رواج دینے کی ایک کوشش کی ہے۔ عبقری نے اس میں میرا بھرپور ساتھ دیا ہے۔ میں جب سے عبقری کا املی آلو بخارہ کا مشروب استعمال کررہا ہوں‘ میرے اعصاب میں قوت وطاقت آگئی ہے اور جسم سے سستی کاہلی ایسے نکلی ہے جیسے مجھے کبھی اس کا احساس ہی نہ رہا ہو۔ میرا جگر بہت متاثر ہو چکا تھا اور میرے جسم میں خون کی کمی رہتی تھی‘ بہت وٹامن استعمال کیے مگر کب تک کرتا رہوں گا‘ علاج بالغذا ہی سب سے بہتر علاج ہے۔ عبقری کا بہت بہت شکریہ کہ اس نے ہمیں ایسی بہترین اشیاء کا احساس دلایا۔ میری اہلیہ کے چہرے پر چھائیاں پڑ چکی تھیں جب سے یہ مشروب استعمال کرنا شروع کیا ہے اس کے چہرہ سے چھائیاں اور داغ دور ہوگئے ہیں اور چہرہ خوبصورت ہوگیا ہے۔ ایسی غذائیں ہمارے جسم کی بنیادی ضرورت ہیں جبکہ ہم انہیں چھوڑ کر ادھر ادھر کی چیزوں میں وقت ضائع کررہے ہیں۔ املی آلو بخارہ شربت صرف ذائقے میں ہی لاجواب نہیں بلکہ گرمی اور تپتی دھوپ سے جسم پر ہونے والے اثرات‘ حدت اور گرمی کو ختم کرکے طبیعت میں فرحت اور بشاشت پیدا کرتا ہے۔ میں تو کہوں گا کہ یہ مشروب تو آخری درجے کی شفاء رکھنے والی دوا کا کام بھی کرتا ہے۔ جسم کے روئیں روئیں سے بیماریوں کے اثرات کو نکال کر صحت اور فٹنس بھر دیتا ہے۔ یہ مشروب آب حیات ہے خاص طور پر ہمارے خطے میں جہاں سخت گرمی پڑتی ہے یہ مشروب تو قدرت کا ایک انمول تحفہ ہے۔ اس کا کچھ عرصہ مستقل استعمال اجڑے ویران اور بیمار جسم کو سرسبز وشاداب اور تندرست وتوانا بنا دیتا ہے۔ جگر کی اصلاح کرکے صالح خون پیدا کرتا ہے‘ جسم کی رنگت کو نکھارتا اور چہرے پر سرخی لاتا ہے۔ (سلیم جاوید، بہاولپور)



☆☆اس نقش میں انوکھی طاقت اور تاثیر ہے اگر یہ نقش شوہر کے پاس ہو تو بیوی اس کی فرمانبردار ہوگی۔ گھر میں صلح‘ اتفاق کی فضا قائم ہوگی اور قابل رشک زندگی ہوگی (صفحہ نمبر 41)☆☆

# 6 ماہ میں 6 انچ قد بڑھ گیا! بے شمار کا آزمودہ عمل

دنیا میں آج کل جہاں اور بہت سے طبی مسائل جنم لے رہے ہیں ان میں ایک اہم مسئلہ قد کا نہ بڑھنا بھی ہے۔ اس کی مختلف وجوہات ہو سکتی ہیں۔ اس میں ایک بڑی اہم وجہ گلے کے غدود کا بڑھ جانا بھی ہے۔ اس لئے پہلے ان غدود کا علاج کیا جاتا ہے۔ کھٹی، تیز مرچ مصالحہ وچٹ پٹی اور تلی ہوئی چیزوں سے اجتناب کروایا جاتا ہے۔ اس کے علاوہ مختلف طبی ماہرین مختلف علاج تجویز کرتے ہیں۔ یہ ایک ایسا پیچیدہ مسئلہ ہے جس کے سبب بہت سے لڑکیوں اور لڑکوں کے رشتے جلد طے نہیں ہو پاتے اور وہ بیچارے مختلف حیلے اختیار کرتے ہیں لیکن تمام جتن کرنے کے باوجود بھی زیادہ فائدہ نہیں ہوتا۔ میرے ساتھ بھی کچھ اسی طرح کا مسئلہ تھا۔ آج سے چند سال قبل میں نے میٹرک کا امتحان دیا سب لڑکوں کا قد مجھ سے بڑا تھا مگر میرا قد 5 فٹ سے بھی چھوٹا تھا' سکول کے لڑکے مجھ پر آوازیں کستے تھے جنہیں سن کر بہت برا لگتا تھا۔ میں نے قد بڑھانے کے لئے مختلف ایلو پیتھک اور ہومیو پیتھک علاج کروائے مگر زیادہ افاقہ نہ ہو سکا۔ میٹرک کے امتحان دینے کے بعد رزلٹ تک کافی فراغت تھی۔ ان دنوں میری کوشش ہوتی تھی کہ اپنا وقت فضول چیزوں میں برباد کرنے سے بہتر کسی کتاب' اخبار یا میگزین کا مطالعہ کرلوں۔ ایک دن میں عبقری میگزین کا مطالعہ کر رہا تھا' اس دوران قد بڑھانے کے لئے ایک عمل پڑھا۔ میں نے یقین کامل اور توکل علی اللہ کر کے وہ عمل شروع کر دیا۔

قارئین! یقین کریں اس عمل کی بدولت میرا قد تقریباً 6 انچ کے قریب 6 ماہ کے اندر اندر بڑھ گیا۔ پھر میں نے اس عمل کو مستقل اپنی ترتیب میں شامل کرلیا۔ اب میرا قد تقریباً پانچ فٹ اور چھ انچ کے قریب پہنچ چکا ہے۔ اس عمل کی مدت پابندی کے ساتھ چھ ماہ ہے۔ یقین کامل شرط ہے۔ وظیفہ کی مکمل تاثیر پانے کے لئے فرائض کی ادائیگی لازمی' گناہوں اور جھوٹ سے بچنا اور سچ بولنا شامل ہے۔ یہ میرا مشاہدہ اور تجربہ ہے۔ آپ بھی یہ عمل کریں اور فائدہ پائیں۔

طریقہ: آدھا گلاس پانی لیں' پہلے درود ابراہیمی ایک بار پڑھیں۔ اس کے بعد پھر سورۃ یوسف کی پہلی آیت اور یہ کلمات تین مرتبہ پڑھیں" الٓرٰ تِلْكَ اٰيٰتُ الْكِتٰبِ الْمُبِيْنِo الرَّحِیْمُ الرَّحِیْمُ الرَّحِیْمُ یَا اَللّٰہُ یَا مُرِیْدُ'' اس کے بعد ایک بار درود ابراہیمی پڑھیں۔ گلاس پر پھونک مار کر تصوراتی طور پر اپنے قد کو بڑھتا ہوا خیال کرتے ہوئے بیٹھ کر تین گھونٹ میں دم کیا ہوا پانی پی لیں۔ یہ عمل اسی ترتیب سے ایک مرتبہ صبح اور ایک مرتبہ شام بلا ناغہ کریں۔ اگر مجبوراً عمل چوک جائے تو اگلے دن مزید ایک بار پڑھ لیں۔ جلد بازی کا مظاہرہ ہرگز نہ کریں کیونکہ شیطان بنے ہوئے کاموں کو بگاڑنے میں دیر نہیں لگاتا۔ اس عمل کے بعد جب فائدہ ہو تو مجھے اپنی دعاؤں سے ضرور نوازیں۔ (محمد رضوان' سیالکوٹ)

## اب میں برگر اور پیزا نہیں کھاتا

السلام علیکم! حضرت جی میں دوسری کلاس میں پڑھتا ہوں اور ہر جمعرات کو تسبیح خانہ میں ہونے والی روحانی محفل میں اپنے بابا کے ساتھ آتا ہوں۔ آپ ہمیں بہت اچھی باتیں بتاتے ہیں۔ پہلے میں سکول میں بہت شرارتیں کرتا اور ٹیچر کا کہنا نہیں مانتا تھا۔ امی جی اگر کسی بات پر ڈانٹ دیتی تو ناراض ہو جاتا اور ضد کرتا تھا۔ اب میں ٹیچر کے ساتھ ادب کے ساتھ پیش آتا ہوں۔ اپنی والدہ کو بھی تنگ نہیں کرتا بلکہ ان کی ہر بات ماننے لگ گیا ہوں' کھانا بھی وقت پر کھاتا ہوں اور شام کو ان کے پاؤں کی مالش کرتا ہوں جس سے وہ دعائیں دیتی ہیں اور بہت خوش ہوتی ہیں۔ پہلے بابا کے موبائل پر گیمز کھیلتا رہتا تھا مگر اب جب بھی وہ آپ کی روحانی محفل لگاتے ہیں تو ان کے ساتھ بیٹھ کر سنتا ہوں۔ میں روزانہ گیارہ مرتبہ سورۃ الم نشرح پڑھتا ہوں جس سے سبق بہت جلدی یاد ہو جاتا ہے۔ پہلے ہر ہفتے برگر یا پیزا کھاتا تھا اور اگر نہ ملتا تو کھانا نہیں کھاتا تھا جس وجہ سے پیٹ پھول گیا تھا اور موشن بھی لگ جاتے تھے۔ اب آپ جس پھل کے فائدے بتاتے ہیں وہ شوق سے کھاتا ہوں' جس سے پیٹ پھولنا اور خراب ہونا ختم ہو گیا ہے۔ سکول میں اپنے دوستوں اور ٹیچر کو اچھی اچھی باتیں بتاتا ہوں جسے سن کر وہ سب بہت خوش ہوتے ہیں۔ (زوہیب سلیم' کراچی)

قارئین! آپ نے پڑھا تسبیح خانہ کیسے نسلوں کی تربیت کر رہا' ہر ماہ ایسے بچوں کی من کی باتیں پڑھنا ہرگز نہ بھولیں! اگر آپ بھی اپنی نسلوں میں نیکی' تربیت' مسنون اعمال' ذکر مصلیٰ لانا چاہتے ہیں تو نہیں ہر جمعرات کی محفل میں تسبیح خانہ لانا ہرگز نہ بھولیں!

# لاہوتی رومال نے کالے یرقان سے چھٹکارا دلا دیا

محترم شیخ الوظائف صاحب السلام علیکم! اللہ تعالیٰ آپ کو' آپ کی نسلوں اور عبقری کی ساری ٹیم کو سدا خوش رکھے۔ آپ کے اس کار خیر میں ہر رکاوٹ اور آزمائش کو دور کرے۔ آج بے شمار لوگ عبقری سے طبی و روحانی بیماریوں میں فیض پا رہے اور عبقری کو دعائیں دے رہے ہیں۔ میں بھی ان خوش نصیب لوگوں میں سے ہوں جنہیں عبقری سے شفاء اور راحت نصیب ہوئی جس پر اللہ کا شکر گزار ہوں۔ چند ماہ پہلے مجھے بخار ہوا جس کی وجہ سے میں سخت کمزوری کا شکار ہو گیا۔ ادویات استعمال کرنے کے بعد بخار ٹھیک ہو گیا مگر چند ہی دنوں بعد دوبارہ ہو گیا اور پھر مجھے ہسپتال میں داخل کر دیا گیا جہاں معلوم ہوا کہ مجھے کالا یرقان ہے۔ وہاں میرا علاج جاری رہا اور ادویات بھی مسلسل کھاتا رہا۔ طبیعت کچھ بہتر ہوئی تو ہسپتال سے ڈسچارج کر دیا گیا۔ صرف دو سے تین دن میری طبیعت کچھ بہتر رہی مگر پھر دوبارہ میری حالت دوبارہ خراب ہونا شروع ہو گئی۔ میں نے والدہ سے ہجویری محل میں موجود آستانہ منت مراد (لاہور شیخوپورہ روڈ سٹاپ قلعہ ستار شاہ) میں جا کر اعمال کرنے کی خواہش کا اظہار کیا کیونکہ میں پہلے بھی اپنے مختلف مسائل کے لئے آستانہ منت مراد میں جا کر اعمال کرتا رہا جس سے میرے بہت سے مسائل حل ہوئے۔ میری حالت بہت خراب تھی اس لئے والد صاحب اور والدہ مجھے لے جانے پر رضا مند نہ ہوئے مگر وہاں جا کر میری نیت سے "لاہوتی رومال' اصحاب کہف' اونٹ کی ہڈی' اسمائے الحسنیٰ کے جلوؤں اور ٹھوٹھیوں والے اعمال کیے۔ ان اعمال کی برکت سے تین دن بعد میں چلنے پھرنے کے قابل ہو گیا اور ہفتے بعد خود آستانہ منت میں جا کر یہ تمام اعمال کیے جن کی برکت سے میں جلد ہی مکمل صحت یاب ہو گیا۔ (عرفان ارشد' سیالکوٹ)

# جنات کی دوستی دشمنی میں کیسے بدلی؟

قمر محمود، ایبٹ آباد

ہم ایک سادہ مگر خوشحال زندگی گزار رہے تھے۔ اکثر ہمیں محسوس ہوتا تھا کہ ہمارے گھر پر جنات وغیرہ کے اثرات ہیں۔ بڑا بھائی دوسرے شہر میں نوکری کرتا تھا جو چھٹی والے دن گھر آتا اور پھر واپس چلا جاتا۔ اس دوران وہ کمرے میں اکیلا نہیں سوتا تھا کیونکہ اُسے اَن دیکھی مخلوق ڈراتی۔ بیڈ کے نیچے اسے آوازیں محسوس ہوتی ہیں مگر دِکھائی کچھ نہیں دیتا تھا۔ اکثر کمرے سے سگریٹ اور کھانے پینے کی چیزوں کی خوشبو آتی تھی مگر ہم ان چیزوں کو اُن کا وہم سمجھتا تھا۔ ہمارے گھر کے ساتھ ہمارے چچا کا گھر تھا۔ اُن کے گھر بھی ایسے ہی اَن دیکھی مخلوق کے اثرات تھے۔ بیٹھک میں بیٹھ کر قرآن پاک کی تلاوت کی جاتی تو اَن دیکھی مخلوق یعنی جنات اپنے ہونے کا احساس دلاتے‘ جیسے غلافِ قرآن ہوا میں خودبخود اوپر اُٹھتا اور نیچے آجاتا۔ ہم میاں بیوی ایک اچھی خوشحال زندگی گزار رہے تھے۔ جوائنٹ فیملی سسٹم تھا اور ہمارے گھر میں روایتی لڑائی جھگڑے نہیں تھے۔ اس دوران ہم نے گھر کے قریب ایک مکان جو کرائے پر دیا ہوا تھا۔ اُسے گرا کر اُس کی تعمیر نو شروع کی اور یہیں سے ہمارے اندرونِ خانہ تبدیلیوں کا آغاز شروع ہوگیا۔ سب سے پہلے جو المناک واقعہ پیش آیا وہ یہ کہ میرے والد صاحب کا انتقال ہوگیا‘ ہمارے لئے یہ ایک سانحہ تھا۔ میں سمجھتا ہوں کہ اُن کے ساتھ ہی گھر سے برکت بھی اُٹھ گئی۔ عمر کے آخر حصہ میں ضعف اور علالت کے باوجود استغفار‘ فرض نمازیں اور تہجد ادا کرتے رہے جس سے آنے والی بلائیں ٹلی رہیں۔

جب اُن کی وفات ہوئی تو چند دن بعد میری بیوی کو بخار ہوا اور گلے میں تکلیف شروع ہوئی۔ اسے ہم ڈاکٹر کے پاس لے گئے‘ جب علاج شروع ہوا تو مرض کم ہونے کے بجائے اور بڑھنے لگا۔ ڈاکٹر خود حیران کہ افاقہ کیوں نہیں ہو رہا۔ ایک رات ہم والدہ کے کمرے میں سو رہے تھے۔ میری بیوی اُٹھی‘ مجھے گریبان سے پکڑلیا اور عجیب وغریب باتیں شروع کردیں۔ اُس وقت ہم سمجھے کہ یہ شدید بخار کا اثر ہے۔ وہ عجیب سی باتیں کرتی تھی۔ کسی کے مشورے پر ہم انہیں ایک عامل کے پاس لے گئے۔

## بیوی پر جنات کی حاضری

انہوں نے دم کیا اور بیوی پر جنات کی حاضری ہوگئی۔ ان جنات کا کہنا یہ تھا کہ ہم نے اُن کا گھر گرادیا ہے (جو میں نیا گھر بنوا رہا تھا) وہ گھر جہاں اُن کے آباؤ اجداد صدیوں سے رہ رہے ہیں۔ اب اس گھر میں جس جگہ بیت الخلاء بنایا ہے وہاں ہمارے بڑوں کی قبریں تھیں۔ یہ باتیں ہمارے لیے انتہائی حیران کن تھیں پھر جنات نے ہمیں آج سے تیس بتیس برس پہلے کے ایک واقعہ کا حوالہ دیا کہ جو گھر ہم نے دوبارہ تعمیر کیا ہے تقریباً بتیس سال پہلے گھر کے جس کونے میں جنات رہتے تھے وہاں چچا اور چچی نے کوئی نجاست والی چیز پھینک دی تھی جس سے انہیں غصہ آیا۔ لہٰذا جب بھی چچا اور چچی کھانا کھانے لگتے تو کھانے میں کیڑے پڑجاتے۔ انہوں نے جب کسی عامل کو دکھایا تو پتہ چلا کہ جنات کے رہنے والی جگہ پر کوئی غلاظت پھینکی گئی ہے جن پر جنات انتقام لے رہے ہیں اور رزق میں خرابیاں پیدا کررہے ہیں۔ انہوں نے اس جگہ کو صاف کیا‘ جنات سے معافیاں مانگیں‘ خوشبو لگائی اور تلاوت کا اہتمام کیا جس کے ان کی بعد تلافی ہوگئی۔

## جنات کی فرمائشیں

اب تقریباً بتیس سال کے بعد دوبارہ یہ واقعہ ہمارے ساتھ ظہور پذیر ہوا۔ ہم نے جنات سے معافی مانگی مگر انہوں نے بیوی پر زیادہ سختی کردی۔ اس کے بعد بیوی کی ایک اور زندگی شروع ہوگئی۔ وہ سوتی تو خواب مین اسے جن نظر آتے اور اسے عجیب باتیں بتاتے۔ بیوی میں حاضر ہوکر وہ فرمائشیں کرتے۔ بیوی کا کھانا پینا حیرت انگیز طور پر بڑھ گیا۔ کھانے میں صرف گوشت اور مرغ یعنی چرغہ جتنا بھی ہوا اس کے علاوہ ابلے انڈے ایک سے دو کلو مٹھائی وہ آرام سے کھالیتی‘ دودھ جلیبی اور کئی چیزیں اکٹھی کھالیتی۔ گھر والے حیران کہ یہ اتنا کیسے کھالیتی ہے۔ بہن بھائی ڈرنے لگے اور وہ جو کچھ کہتی وہ مان لیتے اور اگر نہ مانتے تو چیخنا چلانا اور چیزوں کو توڑنا شروع کردیتی۔ جب حاضری ہوتی تو ہم جنات سے معافی مانگتے۔ آخر کار ایک دن ان جنات نے کہا کہ ہم تنگ کرنا چھوڑ دیں گے اگر آپ نے جس جگہ بیت الخلاء بنایا ہے اسے ختم کردیں۔ ہم نے یہ شرط فوراً مان لی۔ آخر ڈیڑھ سال کے بعد جنات کا غصہ ٹھنڈا ہونا شروع ہوگیا۔ تلاوت‘ ذکر اور ان کی جگہ پر خوشبو لگانے سے وہ جنات ہمارے دوست بن گئے۔ وہ بیوی کے ذریعے ہمیں وظائف پڑھنے کے لئے بتاتے جس سے بہت فائدہ ہوتا۔

اس سے پہلے ہمیں عبقری‘ شیخ الوظائف‘ موتی مسجد اور علامہ لاہوتی صاحب کے بارے میں بالکل بھی علم نہ تھا۔ ان سب سے ان جنات نے ہی ہمیں روشناس کروایا ہے۔ اس پر اللہ تعالیٰ اور ان جنات کا جتنا شکریہ ادا کیا جائے کم ہے۔

# پوشیدہ امراض کا علاج! سینے پر یہ لفظ لکھیں شفاء پائیں!

محترم شیخ الوظائف صاحب السلام علیکم! اللہ تعالیٰ آپ اور آپ کی نسلوں کو دنیا وآخرت دونوں کی برکتیں اور خیریں اور ہر فتنے‘ بری نظر سے آپ کی حفاظت فرمائے‘ آمین! میں اپنے چند مشاہدات عبقری قارئین کے لئے تحریر کررہا ہوں۔

## نظر کی کمزوری

میری نظر دن بہ دن کمزور ہوتی جارہی تھی۔ نظر کی عینک بھی لگی ہوئی تھی۔ میرے ایک دوست نے ایک نسخہ بتایا اور کہا کہ پہلے اس کی بھی نظر کمزور تھی مگر اس نسخے سے انہیں فائدہ ہوا۔ نسخہ یہ تھا کہ حسب ضرورت سونٹھ لیں۔ تھوڑی سی مقدار میں مٹھی میں ڈال کر دن میں تین چار بار کھالیں۔ یہ نسخہ چالیس دن استعمال کرنا تھا۔ میں نے اس نسخہ کو استعمال کیا تو میری نظر کافی بہتر ہوگئی عینک کا نمبر بھی کم ہوگیا ہے۔

## پوشیدہ بیماری کا علاج

مجھے مہینے میں کئی بار احتلام ہوجاتا تھا اور اکثر ہفتے میں دو تین بار ہوجاتا۔ میں نے رات کو سوتے وقت سورۃ الطارق (پارہ 30) ایک مرتبہ پڑھ کر اور اس کے علاوہ اپنے سینے پر دل کے مقام پر نام ”عمر“ لکھ کر سوجاتا۔ میں نے کچھ عرصہ مسلسل یہ عمل کیا اور اب بھی جاری ہے۔ اس عمل کی برکت سے اب میری پوشیدہ بیماری جڑ سے ختم ہوگئی ہے اور اب ایک نارمل زندگی گزار رہا ہوں۔ (لیاقت علی، آزاد کشمیر)

**جادو جنات سے پریشان ہیں تو یہ تاریخ یاد رکھیں!**

جادو جنات نے خوشیاں چھین لیں، عاملین کو پیسے دے کر تھک گئے مگر نجات نہ ملی ”سوا رب درود پاک“ چلہ میں 625 مرتبہ بسم اللہ تعویذ کا طاقتور عمل جادو جنات کے خلاف ننگی تلوار ہے۔

# چند لاکھ کی خاطر جھوٹا قرآن اٹھانے والے کا بھیانک انجام

(ی، لاہور)

محترم شیخ الوظائف صاحب السلام علیکم! میری دعا ہے کہ اللہ آپ کو آپ کی نسلوں کو برکت و عافیت اور صحت و تندرستی والی لمبی عمر فرمائے اور ہمیشہ اپنی رحمت، فضل و کرم کے سائے میں رکھے آمین! عبقری رسالہ اور روحانی محافل میں اکثر قرآن کی سفارش سے لوگوں کی زندگیاں خوشحال اور قرآن کی بددعاؤں، بےادبی اور بےحرمتی کی وجہ سے زندگی اور نسلیں تباہ ہونے کے بارے میں پڑھا اور سنا ہے۔ اس لیے آج میں بھی خط لکھنے پر مجبور ہوگئی کہ ایسا ہی واقعہ ہمارے ساتھ پیش آیا، یہ واقعہ بہت لمبا ہے جسے مختصر بیان کر رہی ہوں۔

میرے ابو اور ان کے دوست اکٹھے ہی کپڑے کا کاروبار کرتے تھے۔ میرے ابو کی مارکیٹ میں اپنی دکانیں تھیں۔ دادا ابو جو بہت دور اندیش تھے وہ والد صاحب کو منع کرتے تھے کہ تم نے جس شخص کے ساتھ کپڑے کے کاروبار میں شراکت داری کی ہے اس شخص کا کردار ٹھیک نہیں وہ بددیانت، دھوکے باز انسان ہے۔ مگر ابو نے کبھی ان کی بات پر غور نہیں کیا۔ اسی طرح زندگی کے دن گزرتے گئے، والد صاحب کے دوست یعنی کاروبار میں جو شخص شراکت دار تھے ان کی اولاد بھی جوان تھی اور کچھ ہی عرصہ میں انہوں نے اپنے تمام بچوں کی دھوم دھام اور اچھے خاصے خرچے کے ساتھ شادیاں بھی کیں۔ دادا اور نانا ابو نے کہا کہ یہ شخص تم کو دھوکہ دے رہا ہے مگر ابو نے کبھی ان کی اس بات پر غور نہیں کیا کیونکہ وہ اپنے دوست پر مکمل اعتماد کرتے تھے۔ ایک وقت ایسا آیا کہ میرے ابو کو اپنی دکانیں بچانے کیلئے کچھ دکانیں بیچنی پڑیں، کیونکہ ابو کے بھتیجے نے دکانیں بدمعاشوں کے ہاتھوں بیچ دی تھیں۔ اس وقت ساری مارکیٹ نے ابو کا ساتھ دیا اور پولیس کے ساتھ مل کر دکانیں بچالیں۔ پھر انہوں نے یہ مشورہ دیا کہ ان کو بیچ دو۔ اس وقت والد صاحب کے دوست کا اصل چہرہ سامنے آیا۔ ایک دکان جس میں انہوں نے اپنا سامان رکھا ہوا تھا والد صاحب نے خالی کرنے کا کہا تاکہ دکان بیچ کر کہیں اور شفٹ کر دیں تو انہوں نے کہا یہ تو میں نے تم سے خرید لی ہے۔ ابو نے کہا مگر میں نے تو آپ کو یہ دکان نہیں بیچی۔ وہ شخص بہت اطمینان سے جھوٹ بول رہا تھا اور آخر کار یہ معاملہ عدالت پہنچ گیا۔ جج صاحب کے سامنے بات آئی تو والد صاحب نے کہا کہ اگر یہ شخص یعنی والد صاحب کا دوست قرآن پر حلف دے کہ میں نے اسے دکان بیچ دی ہے تو میں اپنا دعویٰ واپس لے لوں گا۔ وہ شخص لالچ میں اندھا ہوگیا اور عدالت میں جھوٹا قرآن اٹھالیا۔ اب خدا کی کرنی ایسی ہوئی کہ کچھ دنوں کے بعد اس کے گھر پوتا ہوا، سوا مہینے کے بعد اس کا عقیقہ کرنے لگے خوب تیاریاں کیں، مہمان آرہے تھے، بہو بیٹے کو دودھ پلا کر جھولے میں لٹا کر کسی کام میں لگ گئی، تھوڑی دیر بعد شور مچا کہ بچے کے منہ سے جھاگ نکل رہی ہے۔ شور و غل ہوا کہ اس کو کیا ہوا۔ مگر بچہ نہ بچ سکا اور فوت ہوگیا۔ عدالت میں ایک اور شخص نے جھوٹا قرآن اٹھا کر والد صاحب کے دوست کو سچا ثابت کرنے کے لئے گواہی دی تھی، چند ہی دن بعد اس شخص کا ایک حادثہ میں انتقال ہوگیا۔ ابو نے قرآن پر فیصلہ چھوڑتے ہوئے دکان چھوڑ دی تھی۔ مجھے آج تک یہ بات نہیں بھولی۔ دادا کی کرنی پوتے کو بھرنی پڑی۔ اس بات کو تقریباً 25 سے 30 سال ہوگئے ہیں کہ ایک دکان کی خاطر جھوٹا قرآن اٹھالیا۔ اس کے بعد اس شخص کی ساری زندگی دکھوں، مصیبتوں اور پریشانیوں میں سسک سسک کر گزری۔ والد صاحب نے فیصلہ اللہ کے قرآن پر چھوڑ دیا انہیں اللہ تعالیٰ نے نعم البدل دے دیا مگر جھوٹا قرآن اٹھانے والا شخص عبرت کا نشان بن گیا۔ اللہ ہم سب کو معاف کردے اور ایسے گناہ کی سوچ سے بھی محفوظ رکھے۔ آمین

میری دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ آپ کو اور عبقری کو سدا ہماری اصلاح اور ہدایت کا ذریعہ بنائے رکھے۔ عبقری کے سارے نظام، آپ کو اور آپ کی نسلوں کو شاد و آباد رکھے۔ آمین۔

میرے ساتھ اکثر یہ مسئلہ ہوتا ہے کہ شب جمعہ کی محفل میں آتے وقت کوئی نہ کوئی دشواری اور ناگواری، بیماری یا پریشانی کی صورت میں سامنے آجاتی ہے مگر جیسے ہی تسبیح خانہ کی گلی میں داخل ہوتی ہوں تو تمام مسائل، ناگواریاں اور دشواریاں ختم ہو جاتی ہیں۔ اس وقت ہم سب حیران ہو جاتے ہیں کہ واقعی یہاں کوئی اللہ والے کامل ولی رہتے ہیں۔ میں ہر نماز میں آپ کے لئے خیر کی دعائیں کرتی ہوں۔

## صرف نہائیں اور نظر بد سے نجات پائیں!

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! دین سے دوری کی وجہ سے میں ہمیشہ اس بات سے ناواقف رہا کہ نظر انسان کی زندگی پر کس قدر گہرا اثر ڈالتی ہے۔ جب میں سخت بیمار ہوا تو مجھے دادا جی نے فرمایا کہ تمہیں نظر بد لگی ہے اس کا دم کروالو۔ میں پہلے تو تیار نہ ہوا لیکن ایک دو دن بعد مرتا کیا نہ کرتا، ان کے ساتھ ایک بزرگ کے پاس گیا ان کی چھوٹی سی دکان تھی جس میں عطر، خوشبوئیں اور تسبیحات وغیرہ کا سامان رکھا ہوا تھا۔ انہوں نے مجھے دم بھی کیا اور ایک صابن بھی دیا کہ یہ صابن اسم اعظم کا دم شدہ ہے، جب بھی غسل کرو اس صابن سے کیا کرو تو تمہارے اوپر سے نظر بد کے تمام اثرات زائل ہو جائیں گے۔ یہ صابن عبقری کا روحانی سوپ تھا۔ میں نے گھر آکر اس صابن سے غسل کیا تو ایسا محسوس ہوا جیسے جسم سے کوئی بھاری وزن اور نحوست اتر گئی ہے اور جسم بالکل ہلکا پھلکا ہوگیا۔ میں نے مزید کچھ عرصہ عبقری روحانی سوپ سے غسل کیا تو صحت بحال ہوگئی اور بیماری نے میری جان چھوڑ دی۔ دوبارہ ان بزرگ کے پاس ان کا شکریہ ادا کرنے گیا تو انہوں نے بتایا کہ اس صابن پر طاقتور روحانی کلمات پڑھے گئے ہیں جس وجہ سے تمہاری نظر بد ٹھیک ہوگئی ہے، پھر انہوں نے ہی عبقری رسالے سے میرا تعارف کروایا۔ (عبدالوہاب، منڈی بہاؤالدین)

## مٹی میں ہاتھ ڈالیں تو سونا ہو جائے!

جس کام میں ہاتھ ڈالیں گے کامیابی ملے، لوگ آپ کی مثالیں دیں گے۔ نومبر 2023 میں ہونیوالے سوا رب درود پاک چلہ کے مؤکلات اللہ کے امر سے آپ کے ساتھ رہیں، ہر میدان میں فتح

## پھنسی، پھوڑے اور پیپ کے زخموں کا لاجواب نسخہ

محترم شیخ الوظائف صاحب السلام علیکم! پھنسی، پھوڑوں اور پیپ زدہ زخموں کے لئے والدہ مرحومہ کا لاجواب نسخہ پیش کر رہی ہوں امید ہے یہ ان کے لئے صدقہ جاریہ کا باعث ہو گا۔ ثابت اسپغول لے کر دودھ میں ابال لیں، دودھ اور اسپغول کی مقدار اتنی رکھیں کہ لیپ زیادہ گاڑھا نہ ہو بلکہ پتلا ہو۔ تھوڑی دیر ابالنے سے یہ مرہم کی صورت اختیار کر جائے گا۔ اس نیم گرم مرہم کو پھنسی، پھوڑوں، پیپ والے زخم اور حتیٰ کہ اگر جسم کے کسی حصہ میں کانٹا چبھ جائے اور کانٹے کا کچھ حصہ جسم کے اندر ہی رہ جائے تو متاثرہ جگہ پر یہ مرہم لیپ کر دیں، کانٹا بھی نکل جائے گا، پھوڑے، پھنسی اور پیپ والے زخم بھی ٹھیک ہو جائیں گے۔ (ع، م، لاہور)

# سفر پر جانے سے پہلے امام رضا سلام اللہ ورضوانہ علیہ کا مشورہ ضرور پڑھ لیں!

### فرمان حضرت امام رضا سلام اللہ ورضوانہ علیہ

"سفر کے دوران پیٹ نہ تو بالکل خالی ہو اور نہ ہی بہت زیادہ بھرا ہوا ہو بلکہ ان دونوں کیفیتوں کی درمیانی حالت مناسب ہے۔اس کے علاوہ شدید گرمی میں سفر کرنا مناسب نہیں ہے۔مسافر کو چاہیے کہ ایسی غذائیں استعمال کرے جو جسمانی لحاظ سے ٹھنڈی ہوں۔مثلاً گوشت، پھل اور ایسا سالن جو بچھڑے کے گوشت و پوست سے تیار کیا گیا ہو۔سرکہ، نباتات کا تیل، کچے انگور اور اسکے علاوہ دوسری ٹھنڈی غذائیں کھائے۔"

### جدید سائنسی ریسرچ

سفر میں اکثر لوگ سر چکرانے، بے سکونی، سر درد، متلی اور قے وغیرہ کی شکایت کرتے ہیں۔طبی ماہرین کا مشورہ ہے کہ ایسے افراد سفر سے پہلے اور دورانِ سفر تیز بومصالحے دار، گرم اور چکنائی والی غذاؤں سے گریز کریں۔ایسی غذاؤں کا انتخاب کریں جن کی تاثیر ٹھنڈی اور فرحت بخش ہو۔بچھڑے کا گوشت عمدہ لذیذ، جلد ہضم ہونے والا اور ہلکا ہوتا ہے، بالخصوص دستی کا گوشت بیماری سے خالی ہوتا ہے اور اس کا شمار قوت بخش غذا میں ہوتا ہے۔

### ہوٹلوں کے کھانے سے پرہیز کیجئے

سفر کے دوران، بہت زیادہ کھانے سے گریز کریں کیونکہ سفر میں اگر اسہال شروع ہوجائیں تو ان سے صرف تکلیف اور پریشانی ہی نہیں ہوگی، بلکہ سفر کا اصل مقصد بھی فوت ہوجائے گا۔دورانِ سفر اسہال کے علاوہ پیچش، یرقان، میعادی بخار، پولیو اور آنتوں میں طفیلی کیڑے ہونے کا سخت خطرہ ہوتا ہے۔گرم ممالک میں بالعموم اور صفائی کے لحاظ سے خراب معیار والے ممالک میں بالخصوص تعدیوں (انفیکشنز) کا امکان زیادہ ہوتا ہے۔خراب معیار والے ہوٹلوں سے مسافر با آسانی اور بہت جلد متاثر ہوجاتے ہیں کیونکہ وہاں ہر قسم کے روغنی اور چٹ پٹے کھانے خوب ڈٹ کر کھائے جاتے ہیں جو سخت نقصان دہ ہوتے ہیں۔سفر کے دوران متوازن غذا کا استعمال کرنا چاہیے ورنہ دوسری صورت میں مشکلات کا سامنا کرنا پڑسکتا ہے۔سفر کے دوران ایسے پھلوں کا استعمال کرنا انتہائی مفید جن میں پانی کی مقدار زیادہ ہو۔

### دورانِ سفر غذائی احتیاط

زیادہ تر مسافر ٹینشن اور ڈپریشن کا شکار ہوجاتے ہیں' ان سب کی ایک وجہ سفر میں مناسب غذاؤں کا استعمال نہ کرنا ہے۔سفر کے دوران بلڈ پریشر کم ہوجاتا ہے جس سے طبیعت نڈھال ہوجاتی ہے۔اس کی ایک وجہ یہ ہے کہ اکثر لوگ سفر سے پہلے کچھ بھی کھا کر نہیں نکلتے یہ سوچ کر کہ راستہ میں حاجت کی ضرورت محسوس نہ ہو جس سے وہ مزید پریشانی میں مبتلا ہو جاتے ہیں۔سفر کے دوران بہت سی بیماریاں جن میں ہیضہ، ٹائیفائیڈ بخار، ہیپاٹائٹس جیسے خطرناک امراض شامل ہیں ان کی وجہ غیر معیاری اور غیر متوازن غذا کا استعمال ہے۔ایک اندازے کے مطابق اسہال (پیچش) کا مرض 40 فیصد مسافروں کو ہوتا ہے، جسے سفری اسہال کہتے ہیں۔اگر آپ سفر میں کھانا گھر سے لے جارہے ہیں تو زیادہ درجہ حرارت پر پکائیں اس طرح کھانا زیادہ دیر محفوظ رہے گا۔



# شادی کے بعد خوشگوار ازدواجی زندگی کا راز، صرف عبقری

(نسرین اختر، چکوال)

محترم شیخ الوظائف صاحب السلام علیکم! میری زندگی میں بہت سے مسائل اور پریشانیاں تھیں جس کے متعلق میں نے آپ کو بذریعہ خط مع جوابی لفافہ اپنے مسائل سے آگاہ کیا۔آپ نے مجھے ان مسائل اور پریشانیوں کے حل کے لئے "یَاحَیُّ یَاقَیُّوْمُ اِیَّاكَ نَعْبُدُ وَاِیَّاكَ نَسْتَعِیْنُ بِرَحْمَتِكَ اَسْتَغِیْثُ" کا وظیفہ توجہ اور دھیان کے ساتھ کثرت سے پڑھنے کا فرمایا۔میں نے اس وظیفہ کو سوا لاکھ کرنے کی نیت کی' ابھی وظیفہ کی تعداد پچاس ہزار بھی نہیں ہوئی تھی کہ میرے حالات بدلنا شروع ہوگئے۔اللہ نے اپنا خاص کرم کیا اور زندگی میں بہت زیادہ خوشگوار تبدیلیاں آنا شروع ہوگئیں۔اس کے علاوہ میں نے عبقری رسالہ کے گزشتہ شمارے لوگوں میں تقسیم کرنا شروع کردیئے جس سے وظیفہ کی تاثیر میں مزید اضافہ ہوا اور حیران کن نتائج ملنا شروع ہوگئے۔زندگی سے ناکامیاں ختم اور کامیابیاں ملنا شروع ہوگئیں۔

میرے اوپر سخت گندے شیطانی اثرات تھے جس وجہ سے رشتہ میں رکاوٹ اور بندش تھی اور شادی نہیں ہو رہی تھی مگر اس وظیفہ اور عبقری کے گزشتہ شمارے تقسیم کرنے کی برکت سے جلد ہی رشتہ میں بندش ختم ہوگئی اور اللہ تعالیٰ نے کرم کیا میرا ایک اچھی جگہ پر رشتہ قائم ہوگیا۔اس عمل کی برکت سے شادی کے غیبی اسباب بھی بن گئے اور آج میں خوشگوار ازدواجی زندگی بسر کر رہی ہوں۔میں دن رات آپ اور عبقری کے سارے نظام کے لئے دعائیں کرتی ہوں۔میں نے اب بھی اسی وظیفہ کو جاری رکھا ہوا ہے اور ہر ماہ حسب توفیق عبقری رسالہ لوگوں میں تقسیم کرتی ہوں جس کی برکات مل رہی ہیں۔مجھ پر جو گندے شیطانی اثرات تھے وہ بھی کافی حد تک ختم ہوچکے ہیں۔میری خواہش اور دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ سدا عبقری کے ساتھ منسلک رکھے تاکہ مجھے اور میری نسلوں کو آسانیاں اور خیریں ملتی رہیں۔میں دن رات آپ کے لئے دعائیں کرتی ہوں اور اللہ تعالیٰ کے ساتھ ساتھ آپ کا بھی شکریہ ادا کرتی ہوں کہ اس رب کریم نے آپ کی ذات کو میرے اور بے شمار لوگوں کی راہنمائی کا ذریعہ بنایا ہوا ہے۔اللہ تعالیٰ آپ کو اس کام کا اجرِ عظیم عطا فرمائے۔آپ کی اور آپ کی نسلوں کی ہر فتنے اور آزمائش سے حفاظت فرمائے اور عبقری کو سدا شاد و آباد رکھے۔آمین!

# طب اصحاب رسول ﷺ

## دورِ صحابہؓ کا انمول تحفہ! بنائیں پیئیں اور جگمگا جائیں

"حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ ہم نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے لیے (چمڑے کے) مشکیزے میں نبیذ بنایا کرتے تھے۔ ایک مٹھی کشمش یا کھجور لے کر مشکیزہ میں ڈال دیا کرتے۔ پھر رات کو اس میں پانی ڈال دیا کرتے تھے، جسے آپ دن میں پیتے تھے، یا دن کے وقت پانی ڈال دیتے تھے، جسے آپ رات میں پیتے تھے۔" (مسند احمد)

### نبیذ تمر (کھجور کا شربت)

نبیذ کی بہت سی اقسام ہیں لیکن آج ہم نبیذ تمر کے بارے میں بات کریں گے۔ نبیذ کا تعلق دور نبوی ﷺ کے معمولات سے ہے احادیث کی کتابوں میں جب نبوی غذاؤں کا مطالعہ کرتے ہیں تو نبیذ ایک ایسی اصطلاح ملتی ہے جس کا استعمال اہل عرب اب بھی کرتے ہیں لیکن عجم میں اس کا استعمال ختم ہوگیا ہے۔ کھجور کا شربت پینے سے گرمی' پیاس اور تھکاوٹ کا احساس ختم ہوجاتا ہے' اعصابی کمزوری دور ہوجاتی ہے اور جسمانی طاقت بڑھتی ہے۔ دل جگر اور دماغ کو تسکین ملتی ہے۔ یہ شربت معدے' جگر مثانے کی گرمی کا توڑ ہے۔ عورتوں اور مردوں کے پوشیدہ امراض کا بہترین علاج ہے۔ ہاتھوں پیروں کی جلن اور منہ کی خشکی، لعاب دہن کا کم ہونا، پیشاب کی جلن' معدے کی تیزابیت، قبض اور پیٹ سے جڑی بہت سی بیماریوں کا بہترین علاج ہے۔ کھجور میں وٹامنز اور منرلز کا خزانہ پایا جاتا ہے۔

گرمیوں میں ہم مختلف قسم کے مشروبات کا استعمال کرتے ہیں لیکن اگر ہم ان ڈرنکس کی جگہ کھجور کا شربت استعمال کریں تو اپنی نسلوں کی بہترین نشوونما' جوانی کو برقرار اور بڑھاپے کو شاندار صحت کے ساتھ گزار سکتے ہیں۔ یہ شربت جسم کو فوری توانائی دیتا ہے۔ کھجور کا شربت دن بھر کی جسم کی غذائی ضروریات پوری کرنے کے ساتھ ساتھ نہایت لذیذ بھی ہوتا ہے۔ اب آپ کو کھجور کا شربت بنانے کا طریقہ بتاتے ہیں۔

**ترکیب** رات کو ایک گلاس پانی میں تین عدد کھجوریں ڈال کر رکھ دیں۔ یہ بات یاد رکھیں کہ آپ نے کھجوریں بھگونے سے پہلے ان کی گٹھلیاں نکال کر ان کو پانی سے اچھی طرح دھولینا ہے۔ صبح ان کھجوروں کو اسی پانی میں اچھی طرح ہاتھوں سے ملیں تاکہ کھجوروں کے ریشے پانی میں حل ہوجائیں۔ اب اس کو چسکی چسکی پی لیں، صبح نہار منہ استعمال کریں۔ صبح کا بھگویا ہوا شام کو استعمال کریں اور شام کا بھگویا ہوا صبح کے وقت استعمال کریں۔ کیونکہ بارہ گھنٹوں کے بعد اس میں خمیر پیدا ہوجاتا ہے۔ خمیر کا پیدا ہوجانا اس کے استعمال کو مشکوک بنادیتا ہے۔ لہٰذا اس کو تازہ ہی استعمال کریں۔

### دنیا مجبور ہو کر فطرت کی طرف پلٹ رہی ہے

صرف کھجور کا استعمال گرمی اور تری دکھاتا ہے لیکن اگر اسی کھجور کو پانی میں بھگو کر اس کا شربت بنایا جائے تو اس سے زیادہ پرتاثیر اور تسکین سے بھرپور شاید کوئی شربت ہو۔ ویسے بھی اس وقت پوری دنیا میں دل کے امراض' انجائنا' ہارٹ اٹیک کیلئے کھجور کا استعمال بہت تیزی سے رواج پکڑ رہا ہے کیونکہ دنیا واپس فطرت کی طرف پلٹ رہی ہے اور کھجور فطرت ہے۔ صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین کی زندگی میں کھجور کا شربت پینا بہت زیادہ ثابت ہے۔ بڑے بڑے محدثین' اولیاء و صالحین' حضرت پیران پیر شیخ عبدالقادر جیلانی رحمۃ اللہ علیہ بھی نبیذ کا استعمال بہت زیادہ کرتے تھے۔ امام جعفر صادق سلام اللہ و رضوانہ علیہ سے بھی نبیذ کا استعمال ثابت ہے۔ اس کے علاوہ تاریخ کا مطالعہ کیا جائے تو معلوم ہوتا ہے کہ شہنشاہ اورنگزیب عالمگیر رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ بھی صبح ناشتے میں نبیذ کا استعمال کرتے۔

### ہائی بلڈ پریشر اور قبض کا بہترین علاج

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! مجھے ہائی بلڈ پریشر کا بہت سنگین مسئلہ تھا۔ کھانے پینے میں ذرا سی بے احتیاطی ہوجاتی تو بلڈ پریشر شوٹ کرجاتا اور ہاتھ پاؤں میں بہت جلن ہوتی۔ مجھے کسی نے ٹھنڈی مراد استعمال کرنے کا مشورہ دیا۔

جب سے میں عبقری دواخانہ کی یہ دوا استعمال کررہا ہوں تو مجھے درج ذیل فائدے ہوئے ہیں۔ میرا بلڈ پریشر آئے دن ہائی ہوجاتا تھا جو اس دوا کے استعمال سے کنٹرول ہوچکا ہے۔ قبض کا بھی اکثر مسئلہ رہتا تھا مگر ٹھنڈی مراد استعمال کرنے سے یہ مسئلہ بھی ختم ہوگیا ہے۔ اس کے علاوہ مجھے پیشاب کے بعد قطرے آتے تھے تو اب آنا وہ بھی بند ہوگئے ہیں ورنہ میری صحت بہت کمزور ہورہی تھی۔ ازدواجی زندگی کے خوشگوار لمحات میں بہت اضافہ ہوگیا ہے ورنہ میں مطمئن نہیں تھا لیکن جب سے ٹھنڈی مراد کے کرشمات ملے ہیں اور مجھے دوسری بیماریوں سے نجات ملی ہے تو اب خوشگوار ازدواجی لمحات میں بھی اضافہ ہوا ہے۔ ہمارے ہاں جہاں ہر بندہ گرمی کا مریض ہے یا گرم اور مصالحے دار اشیاء کھا کر معدہ، مثانہ اور جگر کی گرمی کا مریض بن چکا ہے' ایسے تمام لوگوں کو ٹھنڈی مراد ضرور استعمال کرنی چاہیے۔ اس دوا کے استعمال سے میری زندگی سکون میں آگئی ہے بلکہ میری صحت کو چار چاند لگ گئے ہیں۔ (معین الدین، بہاولپور)

### کالے جادو سے ہوئے بیماری کے وار

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! مجھے یقین نہیں تھا کہ جادو یا جنات کا بھی وجود ہوتا ہے لیکن جب میں خود اس بیماری سے گزرا تو مجھے احساس ہوا کہ ان کا وجود ہے اور حقیقت میں ہے۔ جب میں ہسپتال میں داخل تھا تو مجھے عجیب و غریب خواب آتے تھے جن میں سانپ اور کالے رنگ کے کتے مجھ پر حملہ کررہے ہوتے تھے۔ ایسے خواب دیکھنے کے بعد میری حالت اور زیادہ بگڑ جاتی تھی۔ اصل میں میرے ساتھ واقعہ یہ ہوا کہ میری زندگی بہت خوشحال گزر رہی تھی کہ کچھ حاسدین نے جادو کے حملوں سے مجھے بستر کے ساتھ لگا دیا۔ مجھے پہلے تو اس چیز کی سمجھ نہیں آئی کہ جادو ہے یا پھر کوئی بیماری ہے۔ میں کافی عرصہ ہسپتال میں داخل رہا لیکن کچھ فرق نہ پڑا۔ میرے والد صاحب اکثر اپنے ساتھ کسی عامل کو لے آتے تا کہ وہ مجھے دم کردے۔ جب بھی مجھے دم کیا جاتا میری حالت اور زیادہ بگڑنے لگتی۔ پھر والد صاحب کو کسی نے بتایا کہ اسے عبقری کا جادو شکن پانی استعمال کروائیں۔ انہوں نے عبقری کا جادو شکن پانی منگوا کر مجھے دینا شروع کیا۔ جیسے جیسے میں اسے استعمال کرتا رہا میری حالت ٹھیک ہوتی گئی۔ سر میں جو شدید تکلیف تھی وہ بھی کم ہونے لگی، جسم میں جگہ جگہ درد تھی اس میں افاقہ ہونے لگا۔ میں ہسپتال سے گھر واپس آگیا۔ گھر میں بھی جادو شکن پانی کا استعمال جاری رکھا، صرف اس کے استعمال سے ہی میری تمام بیماری ختم ہوگئی۔ (جہانگیر احمد، لاہور)



جہاں بھی جائیں سب لوگ آپ سے محبت کریں اور آپ کا استقبال کریں۔ اس نقش کو پُر کرنے والے کو ہر جگہ عزت اور احترام ملے گا سب کے دل آپ کے لئے موم ہوجائیں! (صفحہ نمبر 41)

# قبض، کمی خون، بے خوابی اور حاملہ کیلئے لاجواب چٹکلہ

مسعود احمد، فیصل آباد

محترم شیخ الوظائف صاحب السلام علیکم! میں کافی سالوں سے عبقری رسالہ پڑھ رہا ہوں۔ اس رسالہ میں شائع ہونے والے مختلف ٹوٹکے استعمال کیے ہیں اور لوگوں کو بھی بتائے ہیں جس سے بہت فائدہ ہوا ہے اور ہو رہا ہے۔ عبقری رسالہ میں شائع ہونے والے ٹوٹکوں کی خاص بات یہ ہے کہ اس میں بہت سادہ اور عام فہم ٹوٹکے دیئے جاتے ہیں جسے ہر شخص گھر پر خود تیار کر کے استعمال میں لاسکتا ہے۔ یوں تو میرے بے شمار آزمودہ ٹوٹکے ہیں جن سے نفع ملا ہے مگر یہاں جسمانی دردوں کے حوالے سے اپنے دو ٹوٹکوں کا مشاہدہ تحریر کر رہا ہوں۔

آج سے کچھ عرصہ پہلے عبقری رسالہ میں سہانجنا کے بارے میں پڑھا تھا جس میں لکھا تھا کہ یہ تین سو بیماریوں کا علاج ہے۔ سہانجنے کے پتوں کو خشک کر کے پیس لیں اور پانی میں ملا کر اس کا قہوہ بنالیں یا دودھ لسی وغیرہ میں بھی یہ سفوف ملا کر استعمال کریں۔ قبض، خون کی کمی، بے خوابی اور حاملہ عورتوں کے لئے لاجواب ہے۔ اسے جسمانی تکالیف میں آزمایا اور مؤثر پایا۔ اس کے علاوہ عبقری رسالہ میں چھپنے والا ہلدی اور کھجور کے ٹوٹکے سے بھی جسمانی دردوں میں بہت افاقہ ہوا۔ یہ نسخہ بھی میں نے استعمال کیا اور دوسروں کو بھی بتایا جن کو شفاء ملی۔ اس کا طریقہ یہ ہے کہ ہلدی اور کھجور ہم وزن پیس کر محفوظ کر لیں اور اس سفوف کا آدھا چمچ دودھ کے ساتھ استعمال کر لیں۔ ان شاء اللہ جسمانی دردوں سے یقینی نجات مل جائے گی۔ دعا ہے اللہ تعالیٰ آپ کو اسی طرح دُکھی انسانیت کی خدمت کیلئے قبول کیے رکھے۔ آمین ثم آمین!

## عبقری روحانی کلاس 2023ء

آئیے! آپ بھی روحانی عملیاتی دنیا کے شہسوار بنیں

8،7،6،5 صفر المظفر تسبیح خانہ لاہور میں گزاریئے! 5 صفر المظفر کو عبقری روحانی کلاس فجر کے بعد تسبیح خانہ لاہور میں ہوگی، حاضری یقینی بنائیے!

### 8،7،6 صفر المظفر کو حزب البحر کا چلہ

شیخ الوظائف کی زیر نگرانی حزب البحر کا چلہ کیجئے۔ دنیا کا خطرناک ترین جادو اس چلہ کے آگے راکھ کا ڈھیر۔ شریر جنات جنھوں نے نسلیں برباد کردی ہوں اب نہ رہیں گے۔ بے اولادی اور بیروزگاری نے تباہ کردیا ہو تو ان چار دنوں کا انتظار کیجئے۔ دنیا کا کوئی مسئلہ کوئی الجھن کوئی پریشانی ہو بس آئیے! چلہ میں شامل ہوں اور مشکلات سے نجات پا کر گھر جائیے! تین دن روزہ رکھوا کر حزب البحر پڑھوائی جائے گی۔ سحری و افطاری کا انتظام! خواتین و حضرات دونوں شامل ہو سکتے ہیں۔

# سخت بندش اور جادو نے زندگی کا سکھ چین برباد کر دیا

محترم شیخ الوظائف صاحب السلام علیکم! اللہ تعالیٰ آپ، آپ کی اولاد اور آنے والی نسلوں میں خیر و برکت عطا فرمائے۔ آمین! مجھ پر شیطانی اثرات اور بندش تھی۔ زندگی کا سکون لٹ چکا تھا، بہت پریشان تھا۔ اپنے علاج کے لئے در بدر ہو رہا تھا۔ چند سال پہلے میں تسبیح خانہ لاہور میں اسم اعظم کے دم میں شامل ہوا جس سے مجھے بہت فائدہ ہوا۔ جسم ہلکا پھلکا ہوگیا۔ اس دن سویا اور رات کے وقت جب اچانک میری آنکھ کھلی تو دیکھا کہ میرے بائیں طرف ایک کالا سا شخص بیٹھا ہوا ہے اور میرے قریب آنے کی کوشش کر رہا ہے مگر کوئی طاقت اسے میرے قریب نہیں آنے دے رہی۔ جب میں نے اس سے بات کرنا چاہی تو وہ بیٹھے بیٹھے ہی چلنے لگ گیا میں نے غور سے دیکھا تو اس کی ٹانگیں نہیں تھیں۔ مجھے معلوم ہوا کہ وہ کوئی شیطانی جن تھا۔ اس کے بعد مجھ پر نیند کا غلبہ ہوا اور میں دوبارہ سو گیا۔ خواب میں شیطانی مخلوق نظر آئی۔ صبح اٹھا تو طبیعت میں بہتری تھی۔ میں اسم اعظم کے دم میں شامل ہوتا رہا۔ اللہ تعالیٰ کے فضل اور دم کی برکت سے میرا پندرہ سالہ پرانا جادو اور بندش اس روحانی دَم سے ختم ہوگئی اب گھر میں سکون اور برکت ہے۔ اسم اعظم کے دم والے ڈبے کو استعمال کیا جس سے بہت نفع ہوا۔ **روحانی پیکیج نمبر 1:** خوشبودار روحانی پھوار جس سے نظر بد کا خاتمہ، جادو کے اثرات ختم ہوتے ہیں، **روحانی پیکیج نمبر 2:** اسم اعظم کا دم شدہ شفائیہ نمک! گھر میں پکانے کی چیزوں میں یہی نمک استعمال کرنے سے شفاء ملتی ہے۔ **روحانی پیکیج نمبر 3:** جادو شکن ماچس! یہ ماچس جلانے سے بندشیں ختم ہوتی ہیں۔ **روحانی پیکیج نمبر 4:** حزب البحر کے چلہ کا دم شدہ شفائیہ پانی! یہ پانی استعمال کرنے سے جسم میں کوئی بیماری ہو تو ختم ہو جاتی ہے اور صحت و تندرستی نصیب ہوتی ہے۔ **روحانی پیکیج نمبر 5:** نورانی عمل شدہ آٹا، چاول، چینی! یہ چیزیں راشن میں مکس کرنے سے بہت زیادہ برکت ملتی ہے۔ **روحانی پیکیج نمبر 6:** بے اولادی اور پوشیدہ امراض کیلئے خاص عمل شدہ 16 چھوہارے بے اولاد جوڑوں کے لئے بہت مجرب ہیں۔ **روحانی پیکیج نمبر 7:** چار رنگی بدنی تعویذ! لا علاج بیماری اور کالے جادو کے لئے بس یہ تعویز جسم پر پھیریں، شفاء اور راحت پائیں۔ **روحانی پیکیج نمبر 8:** اسم اعظم کی دم شدہ روحانی اگربتی گھر میں لگانے سے امن و سکون قائم ہوتا ہے اور لڑائی جھگڑے ختم ہوتے ہیں۔ اس کے علاوہ میرا تجربہ ہے کہ حلقہ کشف المحجوب میں شامل ہونے سے روحانی ترقی ملتی ہے۔ بس شرط اتنی ہے کہ یقین اور توجہ کے ساتھ ان اعمال کو کچھ عرصہ مسلسل کریں اور پھر نتیجہ خود دیکھیں۔ (ریاض احمد، مردان)

## اسم اعظم کے دم میں آنیوالوں کیلئے خوشخبریاں

شیخ ابن عربیؒ کے شجرے کے خاص عمل سے ہر دعا قبول

★ لنگر دل کھول کر لائیں۔ مسائل کے حل کیلئے یہ لنگر اسی مجمع میں تقسیم کردیں ★ دعا کے بعد شفائیہ نمک پر خاص دم، پھر یہ نمک ہر سعادت مند اور خوش قسمت اپنے ہمراہ لے جائیں، استعمال کریں اور دکھوں کو مٹتے دیکھیں۔
★ دایاں ہاتھ سر پر رکھوا کر چند لمحوں کا طاقتور ''ہجویری چلہ'' ہر مصیبت سے حفاظت۔ ☆ خاص عمل، پیاروں کی مغفرت، درجات کی بلندی اور آخری وقت میں کلمہ نصیب۔ یہ خاص الخاص عمل بھی ہوگا۔

**نوٹ: اسم اعظم کا اگلا دم 10 محرم الحرام کی صبح تسبیح خانہ لاہور میں ہوگا۔ ان شاء اللہ**

تسبیح خانہ میں ہونے والے اسم اعظم کے روحانی دم میں بچے، بوڑھے، جوان، خواتین سب شرکت کر سکتے ہیں۔ خواتین ہر حال میں شامل ہو سکتی ہیں۔ پہلے وقت لینے کی ضرورت نہیں، اجازت عام ہے۔ 7، 14 یا 21 اسم اعظم کے روحانی دم میں لازماً شرکت کریں۔ اگر زندگی کا معمول بنالیں تو ساری زندگی ہر پریشانی، بیماری، گھریلو الجھن، کاروباری مسائل کا سو فیصد حل ہے۔



یہ نقش اچھے نصیب اور بیٹیوں کے مقدر سنوار دے گا۔ ایک بار پرکرلیں تو زندگی بھر اس نقش کی خیر آپ کی بیٹی کے ساتھ رہے گی اور زندگی میں ہمیشہ سکھ چین اور سکون رہے گا (صفحہ نمبر 41)

# خواتین کے مسائل اور ان کے تسلی بخش جواب!

## دماغ کی کمزوری کی وجہ سے بال گرنا!

میرے سر کے بال گرتے ہیں۔ گزشتہ کسی شمارے میں ایک ٹوٹکہ شائع ہوا تھا کہ کمزور بالوں کے لئے کلونجی میتھی کے بیج اور آملے بھگو کر ان کا پانی بالوں کی جڑوں میں لگانے سے فائدہ ہوتا ہے۔ کیا میں وہ لگا سکتی ہوں؟ میرے سر میں خشکی نہیں، صرف بال گرتے ہیں۔ (ثمرین، خیر پور میرس)

مشورہ: اکثر دماغ کی کمزوری سے بھی بال گرنے شروع ہو جاتے ہیں۔ آپ زیتون کے تیل میں تھوڑا سا کسٹرائل ملائیے اور ہر تیسرے دن رات کے وقت بالوں کی جڑوں میں خوب لگائیے۔ صبح سر دھوئیے۔ کلونجی اور میتھی کے بیج کے بجائے آپ سیکا کائی آدھ پاؤ اور آملے ایک پاؤ منگا کر رکھ لیجئے۔ دو پھلیاں سیکا کائی اور مٹھی بھر آملے رات کو پانی میں بھگو دیجئے۔ صبح پیس کر اس سے اپنا سر دھو لیجئے۔ کسٹرائل لگانے کے بعد آپ شیمپو یا صابن سے سر دھوئیے تاکہ چکنائی نکل جائے۔ بادام آپ کیلئے مفید ثابت ہوں گے۔ کم از کم سات بادام صبح کھائیے اس کے ساتھ دودھ کا ایک گلاس پی لیں تو اور بھی فائدہ ہوگا۔ بال عموماً کسی بیماری یا بخار کی وجہ سے بھی گرنے لگتے ہیں۔ بادام اور دودھ کے استعمال سے دماغی کمزوری بھی دور ہو جائے گی۔

## چہرے کے دانے، سیاہی مائل گردن

میرے چہرے پر بہت دانے نکلتے ہیں، جو ختم ہونے کے بعد داغ چھوڑ جاتے ہیں۔ میری جلد چکنی ہے۔ دوسری بات یہ کہ میری گردن سیاہی مائل ہے۔ ایک دن نہ صاف کروں تو برا حال ہوتا ہے، مجھے بتائیے میں کیا کروں؟ (ن۔ق، رحیم یار خان)

مشورہ: آپ گرمی کے موسم میں دودھ، چھاچھ، دہی اور سبزیاں استعمال کیجیے اور گوشت سے پرہیز کیجیے۔ پنسار کی دکان سے ایک پاؤ گل منڈی لیجیے اور اس کے سولہ دانے آدھے گلاس پانی میں بھگو دیجئے۔ چھلنی میں پانی چھان کر ایک چمچ شہد ملا کر پی جائیے۔ شہد نہ ملے تو آپ عناب کا شربت ملا سکتی ہیں ورنہ گل منڈی کے ساتھ عناب کے سات دانے رات کو بھگو دیجئے اور تھوڑی سی چینی ملا کر صبح نہار منہ پیجئے۔ تین چار ہفتے پی کر دیکھیے آپ کا یہ مسئلہ حل ہو جائے گا۔ سیاہی مائل گردن کیلئے دو چمچ دودھ لے کر اس میں ایک لیموں نچوڑیئے۔ روئی پر یہ دودھ لگا کر اچھی طرح گردن صاف کیجیے۔ گردن کا میل آہستہ آہستہ اتر جائے گا پھر آپ سادہ بیسن سے گردن صاف کر کے صابن سے دھو لیجیے۔ ایک ہفتے میں فرق پڑ جائے گا۔

## زچگی کے بعد کی کمزوری

مجھے زچگی کے بعد بہت کمزوری ہوگئی ہے۔ بچہ الحمدللہ صحت مند ہے۔ دورانِ حمل جسم پر نشان بھی پڑ گئے ہیں ان کا بھی کوئی حل بتائیے۔ (ح۔س، خانیوال)

مشورہ: سپاری پاک ایک دوا ہے جو کسی دواخانے سے خرید کر روزانہ استعمال کریں۔ اپنی غذا کا خاص خیال رکھیے۔ دودھ، گھی، مکھن غذا میں شامل کیجیے۔ غذا کی کمی سے کمزوری ہو جاتی ہے۔ دودھ میں شہد ڈال کر پینے سے توانائی آتی ہے۔ موسمی پھلوں سے صحت پر خوشگوار اثر پڑتا ہے۔ آپ کی شیر خوار بچی ہے لہٰذا ماں کی صحت اچھی ہوگی تو بچہ بھی تندرست رہے گا۔ دوا کے بجائے غذا پر توجہ فرمائیے۔ داغوں کیلئے آپ تیل کی مالش روزانہ کیجیے۔ ابھی گرمی کا موسم ہے آپ معمولی سا کسٹرائل داغوں پر ملوائیے، یہ بہت مؤثر ہے۔ گرمی ختم ہو تو مچھلی کا تیل روزانہ ملنے سے داغ خاصے کم ہو جائیں گے۔

## زرد چہرہ بیماری کی علامت!

میرا رنگ بے حد پیلا ہے' لوگ مجھے بیمار سمجھتے ہیں۔ میں علاج کرا کے تھک چکی ہوں۔ فرسٹ ایئر کی طالبہ ہوں، دودھ موافق نہیں آتا، پیٹ خراب ہو جاتا ہے، خون کی کمی ہے۔ ذرا سا کام کرتی ہوں تو سانس پھول جاتا ہے۔ ٹانگوں اور بازوؤں میں درد رہتا ہے۔ پیٹ کی خرابی کے باعث ٹھیک طرح کھا بھی نہیں سکتی اور کام بھی نہیں کر سکتی۔ مجھے مشورہ دیجیے میں کیا کھاؤں؟ (عائشہ پروین، فیصل آباد)

مشورہ: آج کل آلو بخارا اور خوبانی کا موسم ہے۔ آپ دونوں پھل باقاعدگی سے کھائیے۔ رات کو بادام گیارہ عدد اور تھوڑی سی کشمش پانی میں بھگو کر صبح نہار منہ کھائیے۔ دن کے دس بجے پھل لیجیے۔ ہفتے میں ایک بار بکرے کی کلیجی ہلکی سی بھون کر ضرور کھائیے۔ قلفے کا ساگ اور پالک آپ کیلئے اچھی غذا ہے۔ آلو پالک، گوشت پالک اور قیمہ پالک ہفتے میں کم از کم دو بار کھائیے۔ صبح کی سیر ضرور کیجیے۔ سورج جب نکلتا ہے تو اس کی کرنوں کے سامنے کھڑے ہو کر گہرے گہرے سانس لیجیے۔ گہرا سانس لے کر ایک منٹ کیلئے روکیے پھر آہستہ آہستہ سانس باہر نکالیے۔ ایسا کرنے سے آپ کا سانس پھولنا ختم ہو جائے گا۔

## پیٹ میں کیڑے ہوں تو بچے بہتر نشوونما کیسے پائیں؟

میرے دو بیٹے ہیں' جو ہر وقت مرجھائے رہتے تھے۔ اگر کبھی طبیعت کچھ بہتر ہوتی تو کھیلتے کھیلتے پیٹ پکڑ کر بیٹھ جاتے کہ پیٹ میں درد ہو رہا ہے۔ انہیں نہ کھانے کی ہوش ہوتی نہ پینے کی، بھوک ہی نہیں لگتی تھی۔ میں بڑی مشکل سے زبردستی تھوڑا سا کھانا کھلاتی تھی۔ اکثر یہ بیمار پڑے رہتے اور ان میں خون کی بہت کمی ہوگئی تھی۔ میں نے انہیں کئی بار ڈاکٹر سے بھی چیک کروایا کہ انہیں ٹھیک سے بھوک کیوں نہیں لگتی اور یہ کھانے سے کیوں پریشان ہوتے ہیں۔ بھوک لگوانے کے لئے کئی بار ادویات بھی استعمال کروا کر دیکھ چکی تھی لیکن خاص فائدہ نہ ہوا۔ میں نے آپ کو اس بارے میں تفصیل سے خط لکھا تھا۔ جواب میں عبقری دواخانہ کا تریاق استعمال کروانے کی ہدایت کی گئی۔ میں نے عبقری دواخانہ سے تریاق منگوا کر بچوں کو دینا شروع کیا تو انہیں پیچش لگ گئے۔ میں نے دوا کے ساتھ بروشر کو تفصیل سے پڑھا تو میں سمجھ گئی کہ دوا نے اپنا کام شروع کر دیا ہے۔ ان کے پیٹ میں کیڑے ہیں جس کی وجہ سے انہیں ٹھیک سے بھوک نہیں لگتی اور یہی وجہ ہے کہ جو کھانا کھاتے ہیں اس سے بھی صحت پر اچھا اثر نہیں پڑتا۔ میں نے کچھ عرصہ مسلسل تریاق استعمال کروائی۔ اس سے انہیں بھوک لگنے لگی اور ہاضمہ بہت اچھا ہو گیا۔ اب تو خود بخود کھانے کے لئے کہتے ہیں اور اچھی طرح کھانا کھاتے ہیں۔ اب ان کی صحت اچھی ہوگئی ہے اور جسم بھرنا شروع ہو گیا ہے۔ تریاق کے استعمال سے پیٹ میں موجود جراثیم کا خاتمہ ہوتا ہے جس سے انسان بڑی بیماریوں سے محفوظ رہتا ہے۔ (نور فاطمہ، اسلام آباد)

حکیم محمد عثمان

# بھنڈی اگر لاکھ کی بھی ملے تو خرید لیں!

بھنڈی دیکھنے میں ایک عام ترکاری ہے لیکن قدرت نے اسے غذائیت کے ساتھ ساتھ بعض امراض کو دُور کرنے کی صفات سے بھی مالا مال کیا ہے۔ آج کل ہر چیز میں ملاوٹ پائی جاتی ہے۔ مصالحہ جات میں عام طور پر بہت زیادہ ملاوٹ ہوتی ہے جس کا نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ اچھا بھلا انسان بعض بیماریوں میں مبتلا ہو جاتا ہے۔ مگر اللہ تعالیٰ نے قدرتی طور پر بھنڈی کی پھلی یا ترکاری میں گلے کی بیماری کا علاج رکھا ہے۔ جن لوگوں کے گلے چٹ پٹے کھانوں سے خراب ہو جاتے ہیں' گلے میں درد اور خراش یا چبھن محسوس ہوتی ہو تو ان لوگوں کے لئے بھنڈی کا استعمال بہت مفید ثابت ہوتا ہے۔ اس کے علاوہ بداحتیاطی اور بے اعتدالی کی وجہ سے انسانی صحت پر جو برے اثرات مرتب ہوتے ہیں اس کے لئے بھی بھنڈی کی سبزی کا استعمال مفید ہے۔

## جسمانی صحت میں مفید

حکماء کہتے ہیں کہ بھنڈی اپنی افادیت کے لحاظ سے بہت اہمیت رکھتی ہے کیونکہ اس میں لحمیات، نشاستہ اور چکنائی کے علاوہ میگنیشیم، پوٹاشیم، سوڈیم، فولاد اور کیلشیم کی وافر مقدار پائی جاتی ہے۔ فولاد کے انسانی جسم میں خون کے سرخ خلیے بناتا ہے اس طرح کیلشیم، انسانی جسم کی سختی، کرارا پن کو قائم رکھتا اور انہیں ٹوٹ پھوٹ سے بچاتا ہے۔ حکماء اور اطباء کے نزدیک بھنڈی سرد تر ہے اس لیے اس کے ساتھ گرم مصالحہ، ادرک اور گوشت کا استعمال زیادہ مفید ہوتا ہے۔ یہ سبزی چونکہ لیس دار ہوتی ہے اس لیے دیر میں ہضم ہوتی ہے اور اس کی ثقالت دُور کرنے کیلئے ہی اسے گرم مصالحہ اور ادرک کے ساتھ کھانے کا مشورہ دیا جاتا ہے۔

گرمی کی شدت اور تپش کی وجہ سے انسان کا نظام ہضم کمزور ہو جاتا ہے اور اکثر لوگ پیچش میں مبتلا ہو جاتے ہیں ایسی صورت حال میں کچی یا پکی بھنڈی کا استعمال فائدہ مند رہتا ہے کیونکہ اس سے آنتوں کی سوزش خود بخود ختم ہو جاتی ہے۔ خونی پیچش کے مرض میں مبتلا بھنڈی کی ترکاری کھانا بہت مفید ہے کیونکہ اس کا استعمال خونی پیچش کے ساتھ ساتھ پیشاب کی سوزش کو میں بھی مفید ثابت ہوتا ہے۔

## مثانے کی سوزش اور پیشاب میں تکلیف

جن لوگوں کو سوزاک ہو یا جنہیں پیشاب آنے میں جلن محسوس ہوتی ہو ان کیلئے یہ سبزی بہت مفید ثابت ہوتی ہے۔ خاص کر مثانے کی سوزش کیلئے تو بھنڈی کا استعمال اکسیر کا کام کرتا ہے۔ اس کیلئے یہ کرنا چاہیے کہ ایک سو گرام بھنڈی کو آدھا کلو پانی میں بیس منٹ تک جوش دے کر ٹھنڈا کر لیں۔ پھر وقفے وقفے سے پانچ پانچ تولے یہ پانی پینے سے جلن میں کمی واقع ہوتی ہے' اس مقصد کیلئے بھنڈی کا سالن بھی بہت مفید ہے۔ اگر نرم نرم بھنڈیوں کو خشک کر کے ان کا سفوف بنا لیا جائے تو وہ پیشاب کی جلن اور جریان کیلئے بہت مفید ہوتا ہے۔ مگر یہ خیال رہے کہ اس سبزی کو زیادہ دیر تک نہیں پکانا چاہیے کیونکہ زیادہ پکانے سے اس کے جوہر ضائع ہو جاتے ہیں۔ کس قدرت حیرت کی بات ہے کہ قدرت نے اس معمولی سی سبزی میں انسانی صحت کیلئے کس قدر فوائد جمع کر دیئے ہیں۔ پاکستان کے تمام علاقوں میں بھنڈی کی سبزی عام طور پر پچاس فیصد سے زیادہ لوگوں کی پسندیدہ سبزی ہے جو مختلف بیماریوں کے خلاف شفاء کا کام دیتی ہے۔



محمد اسماعیل خاں، نارووال

# اور آخر کار طلاق ہوگئی! اللہ نے اس سے بہتر عطا فرما دیا

محترم شیخ الوظائف صاحب السلام علیکم! میں نے عبقری رسالہ سے بہت خیریں اور برکتیں پائی ہیں۔ میری اجڑی ہوئی برباد زندگی اس رسالہ کی وجہ سے دوبارہ آباد ہوئی۔ میری شادی کا مسئلہ کافی عرصہ سے چل رہا تھا یعنی گھر والے شادی کا نام نہ لیتے تھے۔ اکثر ایسا بھی ہوتا کہ جس جگہ وہ شادی کرنا چاہتے وہاں میں نہ چاہتا، کبھی والدہ مانتیں والد نہ مانتے اور کہیں والد مانتے تو والدہ نہ مانتیں اور کبھی میں اور میرے گھر والے مانتے تو لڑکی والے جواب دے دیتے تھے۔ یعنی شادی میں کوئی نہ کوئی رکاوٹ آ جاتی۔ آخر کار مشکل سے شادی ہوئی مگر ایسے ناگزیر حالات پیدا ہوگئے کہ شادی کامیاب نہ ہو سکی اور آخر کار طلاق ہوگئی۔ میں سخت مایوسی کا شکار ہو گیا اور اپنی مسجد کے ایک درویش صفت بزرگ کے پاس گیا جو بچوں کو قرآن پاک بھی پڑھاتے تھے۔ میں نے انہیں اپنے مسائل کے متعلق بتایا۔

انہوں نے مجھے ''ماہنامہ عبقری'' تھما دیا۔ میں نے رسالہ پڑھنے سے پہلے پوچھا کہ اس کے ایڈیٹر کون ہیں؟ وہ فرمانے لگے بڑے اللہ والے ہیں اور حکیم بھی ہیں۔ میں نے ماہنامہ پڑھنا شروع کر دیا اور پڑھتا ہی چلا گیا اور اس طرح میرا تعارف ''عبقری'' سے ہوا۔ کیونکہ اس رسالہ میں لوگوں کے مسائل نہیں بلکہ ان کا حل دیا جاتا ہے۔ میں ''عبقری'' کے پرانے شمارے بھی تلاش کرتا اور پڑھتا۔ عبقری کے ایک شمارے میں ایک وظیفہ تھا ''ایک عمل اور دس آزمودہ کرشمے'' میں نے اس کے فوائد پڑھے' اس وظیفے کی اجازت عام تھی۔ میرے دل میں آیا کہ میں اس عمل کو اپنے مسائل کی نیت سے پڑھوں کیونکہ شادی کے مسئلہ نے بے چین اور بہت پریشان کر دیا تھا۔ جب وظیفہ پڑھنا شروع کیا تو دل کو سکون ملنا شروع ہو گیا اور بے چینی ختم ہونے لگی۔ شادی کرنے کو دل بھی چاہتا تھا لیکن شادی کروانے کیلئے کسی سے کہنا بھی نہیں چاہتا تھا۔ میں نے کہا اب اللہ ہی میری شادی کروائے گا۔ میں مطمئن تھا اور پورا یقین تھا۔ میں وظیفہ پڑھتا رہا۔ ان ہی دنوں میرے پھوپھا نے میرے لئے ایک رشتہ ڈھونڈ لیا۔ اس وظیفہ کی برکت سے شادی بھی ہوگئی۔ گھر میں بے بہا برکت اور اس کے علاوہ سکون اور چین کی زندگی ملی۔ وظیفہ یہ ہے۔ اَللّٰهُمَّ اغْفِرْلِیْ وَلِوَالِدَیَّ وَلِلْمُؤْمِنِیْنَ وَالْمُؤْمِنَاتِ وَالْمُسْلِمِیْنَ وَالْمُسْلِمَاتِ اَلْاَحْیَآءُ مِنْهُمْ وَالْاَمْوَاتْ۔ سارا دن نہایت کثرت کے ساتھ اس وظیفہ کو توجہ اور دھیان سے اپنے مسئلہ کا تصور کرتے ہوئے پڑھیں' ان شاء اللہ تھوڑے ہی عرصہ میں کامیابی مل جائے گی۔

# 18 سالہ بیماری لاکھوں کا علاج 100 روپے میں شفاء مل گئی

سجاد احمد، گوجرانوالہ

شیخ الوظائف صاحب السلام علیکم! اللہ پاک آپ‘ حضرت علامہ لاہوتی پراسراری اور عبقری کے ساتھ جڑے تمام مخلصین جو دن رات مخلوق کی خدمت میں مصروف ہیں ان سب کو دنیا اور آخرت کی نعمتوں سے نواز دے‘ عبقری تسبیح خانہ کی سدا حفاظت اور وسعت عطا فرمائے۔ آمین!

میں اپنے حالات میں بُری طرح پھنسا ہوا تھا۔تقریباً اٹھارہ بیس سال پہلے بیمار ہوا۔ پہلے ڈاکٹروں سے دوائی لیتا رہا مگر افاقہ نہ ہوا اور بے بس ہو کر اشتہاری حکماء سے دوائی لیتا رہا۔ میرا سارا سرمایہ بیماری کے علاج میں خرچ ہو چکا تھا۔اب گھر میں والدین کی بنائی ہوئی کوئی بھی چیز دیکھتا اس کو بیچ کر اپنے میڈیکل ٹیسٹ کرواتا، پھر لوگوں سے قرض لے لے کر اپنا علاج کرواتا رہا۔میری ذاتی الیکٹریکل کی دکان تھی وہ بھی ختم ہوگئی۔ حالات ایسے تھے اپنے اور بیگانے ساتھ چھوڑ گئے۔ میرے والدین میرا علاج کراتے کراتے دنیا سے رخصت ہوگئے۔تقریباً 1999ء سے میں نے اپنی بیماری کا علاج کراتے کراتے کوئی ڈاکٹر، حکیم، پیر باوا، مولوی اور پیر بابا نہیں چھوڑا۔ یہ میں جو پہلے کے حالات لکھ رہا ہوں یہ لکھتے لکھتے چار پانچ ورق بھر جائیں لیکن میرے پیر مرشد محترم حضرت حکیم صاحب اور قارئین یہ مختصر سا تحریر کر رہا ہوں۔ مجھے ہر ڈاکٹر، حکیم، باباجی پیر اور عامل مولوی کسی نے صحیح بات نہیں بتائی، ہر کسی نے مجھے ہر حال میں لوٹا۔ میں لاکھوں روپے لگا چکا تھا جس کسی پیر اور عامل نے بھی سامان مانگا وہ سامان دیا۔کسی نہ بکرے کی سری‘ گوشت اور کسی نے کپڑا‘ کسی نے زعفران وار کسی نے انڈے‘ پیسے اور نہ جانے کیا کیا مانگا۔

## نام نہاد عاملوں کے نذرانے

کسی نے تیل دَم کر کے‘ کسی نے تھکی دے کر اپنا نذرانہ وصول کیا۔ان میں سے کوئی بھی مالی ہدیہ کے بغیر بات تک نہ سنتا۔حساب اور استخارہ کے لئے کچھ کم اور کچھ بھاری رقم وصول کرتے۔ وقت ایسے چل رہا تھا جو کماتا دوائی لے آتا یا کسی پیر بابا، پیر باوا عامل یا حکیم کی نذر کر آتا، گھر آ کر وہی بیماری۔ حالات تنگ، لڑائی جھگڑا وہی حالات پہلے جیسے رہتے۔ اکثر ایسے ہوتا کہ بازار سے گزرتا تو اخبار فروش اور بک سٹال پر عبقری رسالہ پر نظر پڑتی مگر کبھی پڑھنے کی توفیق نہ ہوئی۔ایک دن میں اپنے حالات کا مارا تھکا، ٹوٹا، بیماری کی حالت میں کام کے سلسلے میں گلی سے گزر رہا تھا، میری نظر ایک کاغذ پر پڑی جو مٹی میں اَٹا ہوا تھا۔ مجھے شبہ تھا کہ اس پر اللہ کا نام نہ لکھا ہو‘ کاغذ اُٹھا کر جھاڑ کر دیکھا تو وہ کاغذ عبقری دواخانہ کی تیار کردہ روحانی پھکی کے فوائد کا بروشر تھا۔ میں وہ کاغذ پڑھتا گیا، دل میں تسلی ہوتی گئی اور شیخ الوظائف کی عظمت میرے دل میں اُترتی گئی۔ میں اس وقت شہر میں موجود عبقری ایجنسی ہولڈر کے پاس گیا جسے پہلے سے جانتا تھا۔وہاں سے روحانی پھکی اور عبقری رسالہ لیا۔ بروشر پر دی گئی ہدایات کے مطابق اسم اعظم کی دم کی ہوئی روحانی پھکی کھانا شروع کر دی۔ پہلے دن ہی کافی افاقہ محسوس ہوا۔ قارئین اٹھارہ سال سے لاکھوں روپے لگا کر مرض دن بدن بڑھ رہا تھا مگر صرف چند روپے کی اسمِ اعظم کی دم شدہ روحانی پھکی کھا کر میں تین دن میں مکمل صحت یاب ہوگیا۔ میں لوگوں کو بتانے لگا کہ مجھے صحت مل گئی ہے، مجھے شفا مل گئی ہے۔لوگ حیران ہونے لگے کہ جس قدر بیماری کی وجہ سے یہ کمزور ہوگیا تھا اس کو تو مر جانا چاہیے تھا یہ صحت یاب کیسے ہوگیا۔صحت یاب ہونے کے بعد میں شیخ الوظائف اور عبقری کا دلدادہ ہوگیا۔

## خود کو کوستا اور پچھتاتا ہوں

عبقری رسالہ پڑھا بہت ہی اچھا لگا ایسا شمارہ پہلے کہیں دیکھا نہیں تھا۔ میں اس وقت کو کوس رہا ہوں اور پچھتا رہا ہوں ’’عبقری‘‘ رسالہ پڑھ لیتا یا کوئی اللہ کا بندہ یا بندی مجھے رسالے کے بارے میں بتا دیتا یا مجھے ہدیہ کر دیتا تو میرا کام بن جاتا اور اتنا پیسا لگائے بغیر میں صحت یاب ہو جاتا۔

پھر میں عبقری تسبیح خانہ کا پوچھ کر شب جمعہ کی روحانی محفل میں حاضری دینے لگا۔شیخ الوظائف کے پیارے اخلاص بھرے بول سن کر بہت خوش ہوا۔ ہر شب جمعہ میں تسبیح خانہ میں حاضری دیتا ہوں جو میرے لئے عید کے دن کی طرح ہوتا ہے۔اب ہر وقت سوتے جاگتے اُٹھتے بیٹھتے اپنے دل میں آپ کی عظمت اور عبقری نظام میں کھویا رہتا ہوں۔ قرآنی اور مسنون اعمال زندگی میں شامل ہو چکے ہیں۔

میں کھلا ایک وقت کا تعین کر کے کھلا ’’یا حفیظ، یا سلام‘‘ اور ’’حٰمٓ لَا یُنْصَرُوْنَ‘‘ شیخ الوظائف اور عبقری کے سارے نظام کا تصور کر کے پڑھتا ہوں‘ حفاظت اور وسعت کی دعائیں مانگتا ہوں۔اسم اعظم کے روحانی دم (باقی صفحہ 59)

# رزق کے دروازے کھلے کاروبار وسیع اور اپنا گھر ملا

معین بی بی، لاہور

محترم شیخ الوظائف صاحب السلام علیکم! میں تین سال سے عبقری کے ساتھ منسلک ہوں۔الحمدللہ، اللہ نے عبقری کی بدولت نعمت سے نوازا۔لیکن اس دوران اپنے مشاہدات تحریر نہ کرسکی۔عبقری سے جو آسانیاں پائیں اور نفع حاصل کیا آج ان میں سے چند مشاہدات تحریر کر رہی ہوں۔

## رزق میں برکت

مالی پریشانی ہو تو فجر کے بعد اول و آخر درود شریف اور 11 بار سورۂ مزمل پڑھنے سے رزق کے دروازے کھل جاتے ہیں۔اس کے علاوہ میرے شوہر ہر جمعہ مغرب کی نماز کے بعد 11 بار سورۂ فاتحہ گیارہ بار سورۂ اخلاص اور 11 بار سورۂ کوثر پڑھتے ہیں۔ جو رزق مہینے میں ملتا تھا‘ ہفتے میں مل جاتا ہے۔

## قے کا علاج

اُلٹی بہت زیادہ آتی ہو تو انار دانہ اور پودینہ کوٹ کر پیس لیں اور تھوڑا سا پانی ملا کر پی لیں‘ چاہیں تو نمک ملا لیں۔ بہت فائدہ ہوگا ان شاءاللہ۔ جتنی بھی بدہضمی ہو، عبقری دواخانہ کی ہاضم خاص کھاتے ہی فوری افاقہ ہوتا ہے‘ میرا آزمودہ ہے۔

## مضبوط قوت حافظہ

میرا بیٹا ماشاءاللہ حفظ کر رہا ہے۔ عبقری رسالہ میں قوت حافظہ اور علمی ترقی کے لئے ایک وظیفہ پڑھا۔ میں نے اپنے بیٹے کو وہ وظیفہ یاد کروایا اور پڑھنے کا مشورہ دیا جس سے اس کا حافظہ بہت مضبوط ہوا اور اسے تعلیمی میدان میں بھی بہت فائدہ ہو رہا ہے۔وہ وظیفہ یہ ہے۔ اَللّٰھُمَّ نَوِّرْ قَلْبِیْ بِعِلْمِكَ وَاسْتَعْمِلْ بَدَنِیْ بِطَاعَتِكَ وَبَارِكْ وَسَلِّمْ پڑھیں۔6 بار یہ دعا بِطَاعَتِكَ تک پڑھیں اور ساتویں بار وَبَارِكْ وَسَلِّمْ بھی ساتھ پڑھنا ہے۔

## ذاتی گھر مل گیا

ہمارا اپنا ذاتی گھر نہیں تھا‘ میں نے کاروبار اور گھر کی نیت سے وضو والی دعا ’’اَللّٰھُمَّ اغْفِرْلِیْ ذَنْبِیْ وَوَسِّعْ لِیْ فِیْ دَارِیْ وَبَارِكْ لِیْ فِیْ رِزْقِیْ‘‘ پڑھنے کا معمول بنا لیا جس کی برکت سے اللہ تعالیٰ نے مجھے اپنا ذاتی گھر عطا کیا۔



حروف مقطعات ظلم کے سامنے ڈھال ہیں اور ظالم کے لئے ہدایت کا پیغام ہیں۔ان حروف کا لاہوتی نقش پُر کریں ظالم کا شر آپ کا کبھی کچھ نہ بگاڑ سکے گا اور کفایت اور کفالت ہوگی (صفحہ نمبر 41)

## بے جان جسم کو چست اور طاقتور بنائیے! بالکل مفت ٹوٹکہ

پاکیزہ احمد، لاہور

محترم شیخ الوظائف صاحب السلام علیکم! میں نے آپ کی روحانی محفل میں سنا' عبقری میں بھی لوگوں نے اپنے مشاہدات تحریر کیے کہ نہانے کے بعد جسم پر تیل کی مالش کرنے سے جسم سے ہر قسم کی تھکن اتر جاتی ہے۔ خواتین کے ساتھ یہ مسئلہ بہت زیادہ ہوتا ہے کیونکہ سارا دن گھر کے کام کاج اور گھر والوں کی خدمت میں مصروف رہنے کی وجہ سے اپنی صحت کا خیال رکھنا بھول جاتی ہیں۔ گرمیوں کے موسم میں صبح دس بجے سے تین بجے کے درمیان کچن میں جا کر کام کرنا کسی آزمائش سے کم نہیں ہوتا۔ اس دوران گرمی قہر کی طرح محسوس ہو رہی ہوتی ہے' ایسا محسوس ہوتا ہے جیسے جسم سے جان نکل رہی ہو اور تکلیف سے سر پھٹنے لگتا ہے۔ جب میں نے آپ کے بتائے ہوئے ٹوٹکے پر عمل کرنا شروع کیا نہانے کے بعد جسم پر تیل کی مالش کرنا شروع کی تو اس ٹوٹکے سے بے جان جسم چست اور طاقتور بن گیا۔ جسم پر تھکاوٹ کا نام و نشان بھی نہ رہا۔ اس ٹوٹکے کو میں نے اپنے معمول کا حصہ بنا لیا جس سے صحت بہترین اور بیماریوں سے حفاظت رہتی ہے۔ سارا دن کام کرنے کے باوجود بھی تھکاوٹ محسوس نہیں ہوتی۔ میرے شوہر نے بھی اس ٹوٹکے سے بہت فائدہ پایا مگر جب وہ نہانے کے بعد سفید سوٹ پہنتے تو کپڑوں پر تیل کے نشان پڑ جاتے۔ اس کا حل انہوں نے یہ نکالا کہ تیل لگانے کے بعد رومال سے وہ ہلکا سا جسم کو صاف کر لیتے ہیں جس سے کپڑوں پر داغ نہیں لگتے۔ کیونکہ آپ فرماتے ہیں تیل لگانے کے بعد تولیہ استعمال نہیں کرنا۔

### گرمی توڑ نسخہ

ہم نے آدھا چمچ چائے والا تخم بالنگو اور مشروب عبقری حسب طبیعت ایک گلاس دودھ میں ڈال کر خوب استعمال کرنا شروع کیا جس سے ہمارا خاندانی مسئلہ حل ہو گیا۔ رمضان کے مہینے میں سخت گرمی اور منہ خشک ہو جاتا۔ آپ نے گرمی کے روزوں میں تخم بالنگو کو صبح سحری وافطاری میں ٹھنڈے شکر کے شربت میں ڈال کر استعمال کرنے کا ٹوٹکہ بتایا۔ میں نے اس ٹوٹکے کو استعمال کیا جس سے سارا رمضان خیروعافیت کے ساتھ گزرا' تھکاوٹ' گرمی اور پیاس کا احساس بھی نہ ہوا۔ میں نے دل سے آپ' آپ کی اولاد اور نسلوں کو دعائیں دیں۔ اسی مقصد کے لئے 250 گرام گلقند میں دس گرام چھوٹی سبز الائچی پیس کر مکس کر لیں۔ روزانہ ایک بڑا چمچ کھا لیں تو اس سے بھی مذکورہ تمام فوائد حاصل ہوں گے۔ اللہ پاک آپ کو' آپ کی نسلوں کو قیامت تک سرسبز وشاداب رکھے' برکت والی لمبی عمر دے' تسبیح خانہ کو قیامت تک آباد رکھے تاکہ ہم اور ہماری آنے والی نسلیں عبقری سے فائدہ اُٹھاتی رہیں۔

### جان' مال اور اولاد کی حفاظت

جب سے مسنون دعا ''بِسْمِ اللّٰهِ عَلٰى دِيْنِيْ وَ نَفْسِيْ وَوَلَدِيْ وَ اَهْلِيْ وَمَالِيْ'' کے بارے میں آپ سے سنا ہے تو اس دعا کو تین مرتبہ صبح وشام اپنی جان' مال' عزت اور اولاد کی حفاظت کی نیت سے پڑھنا اپنے معمول میں شامل کر لیا ہے۔ میں نے اپنے بچوں کو یہ دعا یاد کروا دی ہے۔ صبح اُٹھتے ہی اور مغرب کے بعد بچے ایک بار کلمہ طیبہ دس بار درود شریف اور تین بار یہ دعا ضرور پڑھتے ہیں۔

گزشتہ عید کا واقعہ ہے ہمارے گھر مہمان آئے ہوئے تھے، شام کا وقت تھا، میں نے بڑے بیٹے کو سامان لینے کے لئے بھیجا لیکن کچھ ضروری سامان منگوانا بھول گئی جس کے لئے میں نے اپنے آٹھ سالہ بیٹے کو دکان پر بھیج دیا اور پھر مہمانوں کی تواضع کی۔ رات کو بیٹے نے بتایا کہ جب میں دکان پر گیا تو ساری گلی میں اندھیرا تھا اور کوئی بھی آدمی نظر نہیں آ رہا تھا سوائے ایک مشکوک آدمی کے جو گلی کے کونے پر کھڑا مجھے گھور رہا تھا واپسی پر میرا تعاقب کرنے لگا۔ میرے بیٹے نے کہا کہ اماں میں اس دوران راستے میں ''اَللّٰهُ اَكْبَرُ'' پڑھتا رہا اور گھر سے نکلتے وقت ''بِسْمِ اللّٰهِ عَلٰى دِيْنِيْ وَنَفْسِيْ وَوَلَدِيْ وَ اَهْلِيْ وَمَالِيْ'' والی دعا پڑھ لی تھی اسی لیے خیروعافیت سے گھر پہنچ گیا اور وہ آدمی دوسری گلی میں چلا گیا۔ میں نے فوراً دو رکعت نفل شکرانے کی نیت کر کے پڑھے اور اللہ کا شکر ادا کیا کہ ان دعاؤں نے حفاظت کی۔

## مزیدار مشروب کا نسخہ! گیارہ دن میں ہر قسم کا یرقان ختم

حافظ عبدالقیوم، پشاور

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! آپ کا بہت شکر گزار ہوں' واقعی آپ کے دل میں اُمت کیلئے بہت غم ہے۔ آپ کو اللہ نے بہت بڑا دل عطا کیا ہے جس میں لوگوں کے لئے رحم اور خیر خواہی کا جذبہ بھرا ہوا ہے۔ اس کا اجر آپ کو اللہ تعالیٰ ہی عطا فرمائے گا۔ اپنے چند مشاہدات عبقری کے لئے تحریر کر رہا ہوں۔

### مقدمہ سے خلاصی

اگر کسی شخص کا کوئی الکا ہوا ہو یا کوئی بھی جائز مراد ہو تو درج ذیل آیت کو کامل یقین کے ساتھ اُٹھتے بیٹھتے مسلسل پڑھے۔ یہ آیت فتح کے دروازے کھول دیتی ہے۔ یہ میرا آزمودہ اور نہایت مجرب عمل ہے۔ آیت یہ ہے۔ اِنَّمَآ اَمْرُهٗٓ اِذَآ اَرَادَ شَيْـًٔا اَنْ يَّقُوْلَ لَهٗ كُنْ فَيَكُوْنُ (سورۃ یٰس، آیت ۸۲، پارہ ۲۳)۔ اگر کوئی شخص کسی ناجائز مقدمہ کا شکار ہو تو روزانہ کسی بھی نماز کے بعد 133 مرتبہ اوّل وآخر 13 مرتبہ درود پاک کے ساتھ یہی آیت پڑھے۔ اس وظیفہ کو پڑھنے والا اگر حق پر ہوا تو ان شاء اللہ کامیابی ملے گی۔ ناحق پڑھنے والا مزید مصیبت میں گرفتار ہو سکتا ہے۔

### ہر قسم کے یرقان کا خاتمہ

یرقان کسی بھی قسم کا ہو یہ ٹوٹکہ استعمال کرنے سے ان شاء اللہ شفاء نصیب ہو گی۔ ھوالشافی: آلو بخارا دو دانے' املی' چھ دانے، ثابت دھنیا دو چمچ، سنڈھ دو دانے، تخم ریحان ایک چمچ۔ ان اشیاء کو شام کے وقت پانچ گلاس پانی میں بھگو دیں۔ صبح نہار منہ تمام اشیاء کو دونوں ہاتھوں سے خوب مسل کر چینی ملا کر نہار منہ پی لیں۔ گیارہ دن سے زیادہ استعمال نہ کریں۔ اس ٹوٹکے کے استعمال سے ان شاء اللہ یرقان کسی بھی قسم کا ہو ختم ہو جائے گا۔

### دودھ اور ہلدی کا فائدہ

مجھے اکثر سردی لگ جاتی تھی اور بخار کی وجہ سے یہ مسئلہ گرمی میں بھی ہو جاتا۔ میں نے سردی میں ایک چمچ اور گرمی میں ایک چوتھائی چمچ ہلدی دودھ میں ڈال کر استعمال کرنا شروع کیا اور مسئلہ حل ہو گیا۔ جب بھی سردی کا موسم آتا ہے تو بھول جاتی ہوں مگر عبقری اور آپ کے ذریعے میری یاد دہانی ہو جاتی ہے۔ معدہ کی گرمی ہمارا خاندانی مسئلہ تھا۔

# اضافی چربی اور بڑھا پیٹ چند دن میں ختم! آدھا چمچ صبح و شام

(محمد اویس، راولپنڈی)

الائچی کی مہکتی ہوئی خوشبو نا صرف ماحول اور آپ کی شخصیت کو خوشگوار بناتی ہے بلکہ آپ اور پورے گھر بھر کی صحت کے لئے بہت مفید ہے۔ الائچی کو مصالحوں کی ملکہ بھی کہا جاتا ہے، جو دنیا بھر میں استعمال کی جاتی ہے۔ ہزاروں سال سے الائچی کو دوا کے طور پر استعمال کیا جارہا ہے اور آج کی جدید طبی تحقیقات نے بھی اس کی افادیت کو ثابت کر دیا ہے۔ الائچی میں بہت سے غذائی اجزاء پائے جاتے ہیں۔ ایک چمچ الائچی میں اٹھارہ کیلوریز، تقریباً ایک گرام فیٹ، چار گرام کاربوہائیڈریٹس، دو گرام فائبر، اور تقریباً ایک گرام پروٹین اس کے ساتھ ساتھ اس مصالحے میں وٹامنز اور منرلز بھی پائے جاتے ہیں، جن میں پوٹاشیم، کیلشیم، آئرن، میگنیشیم اور فاسفورس شامل ہیں۔

## موٹاپا کم اور پیٹ کی چربی پگھلانے کے لیے

موٹاپا کئی بیماریوں کی جڑ ہے جبکہ بڑھا ہوا پیٹ شرمندگی اور بہت سی بیماریوں کا باعث بنتا ہے، موٹاپا اور پیٹ کم کرنے کے لیے بہت سی ورزشیں بھی ہیں لیکن ہر انسان کے لیے جم جانا یا ورزش کا وقت نکالنا ممکن نہیں ہوتا، چھوٹی الائچی کو استعمال اگر باقاعدگی سے کیا جائے تو اس سے نہ صرف کمر پتلی ہوتی ہے بلکہ وزن میں بھی کمی آتی ہے۔

**ھوالشافی:** چھوٹی الائچی، سونٹھ، پودینہ، کلونجی، دیسی اجوائن، زیرہ سیاہ، سونف یہ تمام اجزا 20،20 گرام لے کر پیس کر سفوف بنا کر محفوظ کرلیں۔ کھانے کے بعد آدھا چمچ صبح و شام نیم گرم پانی کے ساتھ لیں۔ اضافی چربی ختم ہوگی اور بڑھا ہوا پیٹ خود بخود اندر ہو جائے گا، سونف سے بار بار بھوک نہیں لگے گی، سونٹھ کھانا ہضم کرے گی، کالا زیرہ، اجوائن اور پودینہ اضافی چربی کو ختم کرنے میں مدد فراہم کریں گے اور کلونجی میں تو ہر مرض کی شفا ہے۔ **تیزابیت سے نجات:** الائچی کو چبانے سے منہ میں بننے والے لعاب میں بھی اضافہ ہوتا ہے جو خوراک کو ہضم کرنے میں بنیادی کردار ادا کرتا ہے، السر کی بیشتر اقسام میں بھی الائچی فائدہ مند ہے۔

**سانس کی بدبو ختم کرتی:** اگر سانس کی بدبو ہزار کوشش کے باوجود بھی ختم نہیں ہوتی تو الائچی استعمال کریں یہ اینٹی بیکٹیریل خصوصیات کی حامل ہے، اس کی تیز خوشبو منہ کی بدبو دور کر دیتی ہے۔ یہ نظام ہاضمہ کو بھی بہتر بناتی ہے جبکہ منہ کی بدبو کی ایک بڑی وجہ نظام انہضام کی خرابی ہی ہوتی ہے۔

## ڈپریشن اور نفسیاتی بیماریوں کا علاج

سبز الائچی میں ڈپریشن کو کم کرنے والی خصوصیات پائی جاتی ہیں۔ الائچی کو پیس کر پاؤڈر بنا لیا جائے، اور اس پاؤڈر کا آدھا چمچ دن میں دو تین بار استعمال کرنے سے ذہنی دباؤ اور ڈپریشن سمیت بہت سے نفسیاتی امراض کے علاج میں فائدہ ہوتا ہے۔ **پسینے کی بدبو دور کرے:** سبز الائچی کا سفوف آدھا چمچ صبح نہار منہ مسلسل استعمال کرنے سے پسینے کی بدبو خوشبو میں بدل دیتی ہے، تاثیر ٹھنڈی ہونے کے سبب گرمیوں میں اس کے استعمال سے انسان خود کو تروتازہ اور ہلکا محسوس کرتا ہے۔ **ہاضمہ اور بخار میں مفید:** دانہ الائچی خورد، طباشیر، گلو برابر کوٹ چھان کر سفوف بنالیں۔ دو رتی سے ایک ماشہ عرق سونف یا پانی سے دیں۔ خرابی ہاضمہ و بخار کیلئے مفید ہے۔ **بچوں کے معدہ کی کمزوری:** طباشیر اور دانہ الائچی کا خورد سفوف بنائیں اور برابر چینی ملا کر ایک رتی ماں کے دودھ میں دیں۔ بچوں کے معدہ کی تقویت کیلئے مفید ہے۔ بچوں کو دست آتے ہوں تو سونف، دانہ الائچی خورد، حب آلاس ہر ایک ایک ماشہ، پانی میں پیس کر چھان لیں اور مصری چھ ماشہ ملا کر صبح و شام پلائیں، بچوں کے دستوں کو روکنے کیلئے مفید ہے۔

# جب کوئی آپ کا سب کچھ برباد کرنے پر آجائے تو اس وقت یہ پڑھیں!

(عطاء اللہ، خانیوال)

محترم شیخ الوظائف صاحب السلام علیکم! میرے ماموں کی بیٹی کا سسرال والوں کے ساتھ جھگڑا رہتا تھا۔ دونوں طرف قریبی رشتہ دار تھے۔ اگر خدانخواستہ ان میں علیحدگی ہوجاتی تو اس سے ہمارے آپس میں کئی خاندانوں کی بول چال بھی ختم ہو جاتی۔ میری خواہش تھی کہ ان کی آپس میں صلح ہو جائے اور مقصود اللہ کی رضا تھی۔ لڑکے والے گھر بسانا اور صلح کرنا چاہتے تھے لیکن لڑکی اور اس کے گھر والے نہیں مانتے تھے۔ میں نے لڑکی کے والد کو سمجھانے کی کوشش کی اور کہا کہ نماز اور ذکر کا اہتمام کر کے اللہ سے مانگیں کہ آپ کی بیٹی کا گھر بس جائے مگر وہ الٹا مجھ سے ناراض ہو گئے اور مجھے کسی عورت کے ساتھ منسلک کر کے مجھ پر جھوٹا الزام لگانے کا پروگرام بنایا۔ خاندان کے افراد میری بہت عزت کرتے تھے اور اگر کسی طرح وہ اپنے مقصد میں کامیاب ہو جاتے تو سارے خاندان میں بدنامی ہوتی اور میری بہن جس کا کچھ عرصہ پہلے خاندان میں رشتہ طے ہوا تھا وہ بھی خطرہ میں پڑ جاتا اور ہمارا سب کچھ لٹ جاتا۔ میں نے آپ کا بتایا ہوا وظیفہ مسلسل دن رات تین دن تک جاری رکھا۔ ایک دن میں صبح کے وقت بیدار ہوا تو کانوں میں سرگوشی ہوئی کہ بس کرو۔ میں اچانک گھبرا گیا اور اٹھ کر اللہ سے دعا کرنے لگا کہ مجھے اُن کے شر سے محفوظ رکھے۔ اسی دن لڑکے اور لڑکی والوں کا آپس میں جھگڑا ہوا اور جس شخص نے مجھے بدنام کرنے کا پروگرام بنایا تھا اس پر مقدمہ درج ہو گیا جس کے بعد اسے جیل جانا پڑا۔ جیل سے نکلنے کے بعد ایک اور رشتہ دار نے بھی ان پر مقدمہ درج کروا دیا کیونکہ اس نے ان کو اور ان کی بیوی کو بھی مارنے کی دھمکی دی تھی۔ وہ پولیس سے بھاگتا پھرتا رہا۔ آخر کچھ دنوں میں پنچایت بیٹھ گئی اور ہمارا وہ رشتہ دار جس نے مجھے بدنام کرنے کا پروگرام بنایا تھا خاندان کے تمام افراد کی موجودگی میں مجھ سے اور باقی افراد سے معافی مانگی اور اپنی غلطی کا اعتراف کیا۔ یوں اللہ تعالیٰ نے مجھے سرخرو کر دیا۔ ان کا کہنا تھا کہ جب انہوں نے جھوٹا الزام لگایا تو اکثر خواب یا نیم نیند کی حالت میں ایسے محسوس ہوتا تھا جیسے میرا جسم پانی کے اندر ڈوب چکا ہے اور سر باہر ہے' تیروں اور تلواروں کی بارش ہو رہی مگر نجات کا کوئی راستہ نظر نہیں آرہا تھا یا تو پانی میں ڈوب کے مرتا یا تیر تلواروں سے۔ جو وظیفہ میں نے پڑھا وہ یہ ہے۔ ''فَقُطِعَ دَابِرُ الْقَوْمِ الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ'' بلا تعداد پاگل ہو کر یہ عمل کیا۔

## سورہ قریش کا انوکھا کمال

ایک دن میری دکان کے سامنے کوئی رکشہ والا بابا ایک گھنٹے سے کھڑا اپنا رکشہ ٹھیک کرنے کی کوشش کر رہا تھا۔ میں نے سوچا میں سورہ قریش پڑھتا ہوں، میں نے گیارہ بار سورہ قریش پڑھی اور رکشہ کے پاس جا کر اس کے انجن پر دم کر دیا اور ایسے ہی ہاتھ مار کر رکشے والے کو کہا کی سٹارٹ کرو اس نے کہا نہیں ہو رہا میں نے کہا ایک بار کوشش کرو اس نے سٹارٹ کیا تو فوراً سٹارٹ ہو گیا' بابا حیران ہوا کہ یہ تو مکینک کا کام تھا۔ میں نے کہا یہ اعمال کی برکت ہے، پھر اسے بھی سورہ قریش کے فضائل بتائے۔ اسکے علاوہ میرا (باقی صفحہ 63)

محمد طاہر صدیق لاہور

# جنازہ سامنے پڑا امام صاحب نے میت کا راز عام کر دیا

اتنا بڑا جنازہ میں نے اپنی پوری زندگی میں نہیں دیکھا‘ یہ بات کہتے ہوئے انہوں نے پہلو بدلا اور تربوز کا ایک چھوٹا ٹکڑا اٹھایا اس پر کالا نمک چھڑکا اور کھالیا‘ نگلنے کے بعد بولے میرا بہت اچھا دوست تھا‘ سارا دن ہمارے سامنے محنت کرتا‘ ہنس مکھ‘ ہر وقت ہنستا کھیلتا رہتا‘ راہ چلتے کوئی چٹکلہ چھوڑتا اور قہقہے بکھیرتے ہوئے نکل جاتا۔ کبھی اس کے چہرے پر کوئی پریشانی‘ ٹینشن‘ گھبراہٹ نظر ہی نہ آئی۔

## عام سا مسلمان لیکن اللہ کے ہاں بہت خاص

عام سا مسلمان تھا‘ حتیٰ کہ کبھی کبھار مسجد میں جھلک پڑ جاتی مگر عموماً نماز کے وقت مسجد میں بھی نظر نہ آتا تھا اور ذکر تسبیح کرتے تو اس کو کسی نے دیکھا ہی نہ تھا۔ مگر جب اس کا جنازہ دیکھا تو ہر شخص حیران تھا‘ ہمارے علاقہ کی جنازہ گاہ بہت بڑی ہے‘ بہت کم ایسا ہوا ہے کہ جنازہ گاہ مکمل بھری ہو مگر اس نوجوان کے جنازہ پر جنازہ گاہ مکمل ہونے کے بعد باہر بہت زیادہ لوگ تھے‘ بہت لوگ بعد میں پہنچے جو جنازہ سے رہ گئے‘ نجانے کہاں کہاں سے لوگ دوڑ دوڑ کر آ رہے تھے اور اس جوان کے جنازہ میں شامل ہو رہے تھے۔ میرے عزیز مسلسل تربوز اٹھا رہے‘ نمک چھڑک رہے کھا رہے اور ساتھ انتہائی سنجیدہ انداز میں مجھے ایک جنازہ کا احوال سنا رہے تھے۔

عید الفطر کا دوسرا دن تھا‘ میں اپنے اس عزیز سے عید ملنے گیا تو باتوں باتوں میں انہوں نے مجھے بتایا کہ ہماری فیکٹری (جس میں یہ ملازمت کرتے ہیں) کا ایک نوجوان ہمارا کولیگ تھا‘ لاہور کے قریبی ایک شہر سے ہجرت کر کے لاہور آیا تھا اور یہاں پہلے کرائے پھر اپنا چھوٹا سا مکان بنایا اور سارا دن ہمارے پاس رہتا‘ اس کے علاوہ اپنی دو گاڑیاں بھی بنالیں جو رینٹ پر چلتی تھیں ایک لوڈر گاڑی بنائی جو ہماری فیکٹری میں ہی چلتی اور ادارہ اس کو اس کا بھی ماہانہ دیتا تھا۔ چار سے پانچ سال میں اس نے اتنی ترقی کی‘ اس کے بقول میرے رزق میں بہت برکت ہے‘ ہمیشہ خوش رہتا تھا۔ مگر کبھی اس نے اس خوشحالی‘ برکت‘ سکون واطمینان کا راز کسی کو نہیں بتایا تھا‘ بلکہ ہم نے اکثر تجسس بھی کیا‘ جستجو بھی کی اور کھوج لگانے کی بھی کوشش کی کہ آخر اس کی کمائی آتی کہاں سے ہے‘ ہم اس سے سینئر ہیں ہم ایک گاڑی نہ لے سکے‘ اس کے پاس تین تین ہیں‘ ہم آج بھی مشترکہ گھر میں رہتے ہیں‘ علیحدہ پلاٹ نہ لے سکے اور اس نے باہر سے آکر اپنا گھر بھی بنا لیا ہے۔ ایک دن روڈ کراس کر رہا تھا کہ چنگ چی رکشہ اس سے آکر ٹکرایا اس کے سر پر چوٹ لگی اور تین دن ہسپتال میں بیہوش رہنے کے بعد وفات پا گیا مگر اس کے جنازہ نے تمام رازوں سے پردہ اٹھا دیا۔ میرے عزیز نے جب یہ بات کہی تو میں چونک پڑا‘ تکیہ سے ٹیک لگائے بیٹھا تھا سیدھا ہو کر بیٹھ گیا اور پوچھا کون سا راز؟

## میری زندگی میں یہ راز کسی کو نہ بتایئے گا!

بتانے لگے: ہم جب اس کے جنازہ میں شامل ہوئے تو امام صاحب جو کہ کافی بڑی عمر کے تھے‘ مسلسل رو رہے تھے‘ بار بار اس کا چہرہ دیکھتے‘ چومتے اور رونا شروع کر دیتے۔ ان امام صاحب کے پیچھے ہم نے پہلے بھی جنازے پڑھے مگر یہ چیز ہم سب کیلئے نئی تھی کہ آخر امام صاحب اس شخص سے اتنی محبت عقیدت کیوں فرما رہے ہیں۔ جب تمام افراد جنازگاہ میں آ گئے تو اچانک امام صاحب نے سپیکر میں بات فرمائی اور کہا کہ آج جس شخص کا آپ لوگ جنازہ پڑھنے آئے ہیں اس کا ایک راز میرے سینے میں دفن ہے جو اس نے اپنی زندگی میں کسی کو بھی بتانے سے منع کیا تھا مگر اب جبکہ یہ اس دنیا میں نہیں۔ اس کے دنیاوی سارے معاملات سمٹ گئے ہیں‘ لہٰذا اب میں آپ لوگوں کو بتا رہا ہوں۔ جب یہ نیا نیا اس علاقہ میں آیا تو عشاء کے وقت اس نے مجھے آکر اکیلے میں کہا کہ مجھے رات مسجد کے تالے کی ایک چابی مل سکتی ہے میں نے تہجد کے وقت مسجد کھولنی ہے اور تہجد ادا کرنی ہے‘ میں نے اس کی طرف دیکھا‘ پہلی مرتبہ کسی نوجوان نے مجھ سے ایسی بات کی تھی‘ میں نے بخوشی ایک چابی اس کے حوالے کر دی‘ یہ فجر سے تقریباً ایک گھنٹہ پہلے مسجد کا دروازہ کھولتا‘ مسجد کی صفائی کرتا‘ خوشبو جگہ جگہ لگاتا‘ تہجد پڑھتا قرآن کی تلاوت کرتا اور پھر ایک بالٹی میں سردی ہو تو نیم گرم اور گرمی ہو تو تازہ پانی لاتا‘ اور میرے پاؤں دھوتا۔ میں نے بہت منع کیا مگر اس کا کہنا تھا کہ آپ ہمارے امام صاحب ہیں‘ ہمیں دین سمجھاتے ہیں‘ آپ کی وجہ سے مسجد آباد ہے‘ اللہ نے آپ کو اس مسجد کا خادم بنایا اور اتنے بڑے اعزاز سے نوازا لہٰذا مجھے تھوڑی سی خدمت کرنے کا شرف بخشیں اور یہ راز میں اپنی زندگی میں کسی کو نہ بتاؤں گا نہ مجھے کوئی لالچ ہے نہ غرض بس شاید رب کے حضور میری یہ خدمت قبول ہو جائے کہ میں لوگوں کو نماز‘ قرآن اور اذان دینے والے شخص کی خدمت کی ہے لہٰذا میں یہ اپنی زندگی میں کسی کو نہ بتاؤں گا۔

## جنازگاہ میں ہر شخص اشکبار تھا

بس یہ خود مجھے اکثر بتاتا تھا کہ میری ہر الٹی سیدھی ہو رہی ہے‘ تہجد‘ مسجد اور امام مسجد کی خدمت کی وجہ سے۔ مجھے ہر شخص مخلص ملتا ہے‘ نوکری کے ساتھ رب نے اپنا کاروبار دے دیا‘ گھر دے دیا‘ سواری دے دی‘ شادی ہو گئی‘ دو بچے ہو گئے۔ ہر طرف خوشحالی ہی خوشحالی تھی۔ امام صاحب کی باتوں نے وہاں موجود ہر شخص کو رُلا دیا‘ ہر آنکھ اشکبار تھی۔ میرے عزیز جب یہ بات کر رہے تھے تو ان کی آنکھوں میں بھی اس وقت نمی امڈ آئی اور وہ خاموش ہو گئے‘ میں بھی غمزدہ تھا‘ کمرے میں کچھ دیر خاموشی رہی۔ میرے عزیز دوبارہ بولے کہ ہماری کمپنی نے اس کی گاڑی جس کا رینٹ وہ ماہانہ دیتے تھے ہر ماہ اسی طرح دینے کا فیصلہ کیا ہے اور مزید اس کے بچوں کی کفالت اپنے ذمہ لے لی ہے۔

قارئین! مسجد اللہ کا گھر اس کی صفائی ستھرائی اور اس کو آباد کرنے والے اور اس گھر کے خادم یعنی مؤذن‘ امام کی چپکے سے خدمت کر دینے سے کیا اجر و انعام ملتا ہے رب نے دکھا دیا۔ مؤذن و امام بھی انسان ہیں‘ ان کی بھی ضروریات ہیں‘ کمی کوتاہی سب کے ساتھ ہے مگر رب کے گھر میں 24 گھنٹے خدمت کرنے والے کا رتبہ کیسے کم ہو سکتا ہے؟ اپنے مسائل‘ مشکلات‘ الجھنوں کا تصور کرتے ہوئے کبھی کبھی چپکے سے سفید پوشی کا بھرم رکھتے ہوئے ایسے کہ ایک ہاتھ سے دیں دوسرے ہاتھ کو خبر نہ ہو‘ ان کی مدد کر دیا کریں‘ پھر دیکھیں زندگی میں ایسی برکتیں اور کمال ملے گا‘ جس طرح اس جوان کی رب نے دنیا بھی بہترین بنائی اور ان شاء اللہ آخرت بھی بہترین بنائی۔

 (تفصیلات صفحہ نمبر 65 پر)

سلسلہ وار آپ بیتی

قسط نمبر 162

# جنات کا پیدائشی دوست

## علامہ لاہوتی پراسراری

ایک ایسے شخص کی سچی آپ بیتی جو پیدائش سے اب تک اولیاء جنات کی سرپرستی میں ہے' اس کے دن رات جنات کے ساتھ گزر رہے ہیں۔قارئین کے اصرار پر سچے حیرت انگیز دلچسپ انکشافات قسط وار شائع ہو رہے ہیں لیکن اس پُر اسرار دنیا کو سمجھنے کیلئے بڑا حوصلہ اور حلم چاہیے۔

### جنات کا رمضان

رمضان المبارک کے حالات میں آپ کو بتا تا رہتا ہوں۔ ہر رمضان میں جنات کی دنیا میں کیا اہتمام' کیا گہما گہمی' کیا ہلچل اور کیا بھاگ دوڑ ہوتی ہے۔میرے خیال میں اللہ نے جہاں یہ اہتمام انسانوں کو دیا ہے وہاں یہ اہتمام جنات کو بھی انسانوں سے کہیں زیادہ دیا ہے اور جنات رمضان کو جتنا احترام دیتے ہیں' عزت' وقار اور شان و شوکت دیتے ہیں شاید چند انسانوں کے علاوہ عام انسان اتنا نہ دیتے ہوں۔ میں احترام رمضان کے چند واقعات آپ کو سناتا ہوں جو میں نے دیکھے اور حیرت زدہ آنکھوں کے ساتھ کہ عقل دنگ اور حیران۔ابھی شعبان شروع نہیں ہوتا' قرآن کی ترتیل' قرأت' یاد دہانی آپس میں ایک دوسرے کو سننا سنانا' یہ سلسلہ ہوجاتا ہے جگہ جگہ ٹولیاں بیٹھی ہیں' بوڑھے جنات' جوان جنات' اڈھیر عمر جنات' حتیٰ کہ خواتین جنات بھی اس فکر میں شامل ہوتی ہیں کہ ہم رمضان سے پہلے اپنے قرآن کی تلاوت کو سنبھال لیں اور اس میں کوئی غلطی نہ ہو' سناتے ہوئے کوئی خطا نہ ہو' یہ سلسلہ چلتا رہتا ہے اور ایک دوسرے کو سناتے سمجھاتے رہتے ہیں۔ بعض اوقات بڑے بڑے قرآن پڑھنے والے صاحب علم ان کے درمیان موجود ہوتے ہیں تاکہ کوئی غلطی ہو' اگر کسی زیر زبر کا فرق اور مغالطہ یا مخارج میں کوئی کمی ہو تو وہ اس کو فوراً دیکھتے ہیں۔

### قرآن پاک کی تقسیم

دوسرا جو اہم کام وہ کرتے ہیں' رمضان سے پہلے قرآن پاک لیکر ہزاروں نہیں لاکھوں کے حساب سے وہ تقسیم کرتے ہیں۔ان کی ترتیب یہ ہے سارا سال قرآن لیتے رہتے ہیں اور جمع کرتے رہتے ہیں' تقسیم بالکل نہیں کرتے' جب بہت زیادہ جمع کر لیتے ہیں تو رمضان میں ایک دوسرے کو ہدیہ دیتے ہیں۔ دراصل جنات اتنا زیادہ قرآن پڑھتے ہیں کہ ان کے ورق ضعیف ہوجاتے ہیں پھر وہ ضعیف اوراق کو کسی پاک جگہ میں دفن کردیتے ہیں اور اب ان کو نیا قرآن پاک چاہیے ہوتا ہے۔اس کے لیے وہ ایک دوسرے کو بڑھ چڑھ کر ہدیہ دیتے ہیں' حتیٰ کہ میں نے جنات میں ایسے قرآن پاک دیکھے ہیں جن کا ورق ورق چمڑے کا ہوتا ہے' بکری کا چمڑا یا ہرن کا چمڑا یا پھر گائے کے چمڑے پر بھی وہ قرآن پاک لکھا ہوا ہوتا ہے اور لکھائی ایسی مضبوط ہوتی ہے کہ وہ مٹتی ہی نہیں' چمڑے کے قرآن بہت کم جنات کے پاس ہوتے ہیں عموماً کاغذ پر چھپا قرآن مجید ہر جن کے پاس ہوتا ہے اور ہر جن یہی پڑھتا ہے' اتنا زیادہ کہ سارا سال پڑھا جاتا ہے۔ میں نے جنات سے قرآن کی محبت کا انوکھا راز سیکھا ہے کہ قرآن مجید کو بار بار اتنا پڑھا جاتا ہے' ورق بار بار الٹائے جاتے ہیں کہ کاغذ ضعیف ہوجاتا ہے۔

### جنات دیکھ کر قرآن پاک کیوں پڑھتے ہیں؟

اگلا راز جو جنات میں دیکھا وہ ہمیشہ قرآن دیکھ کر پڑھتے ہیں۔ان میں حافظ' عالم' قاری سب ہوتے ہیں لیکن قرآن کریم کو ہمیشہ دیکھ کر پڑھتے ہیں۔کبھی بھی میں نے ان میں نہیں دیکھا کہ وہ قرآن کی دہرائی کر رہے ہوں اور قرآن دیکھ کر نہ کر پڑھ رہے ہوں۔ان کا یقین ہے کہ قرآن دیکھنے سے حافظہ یادداشت بہتر' نظر تیز' دماغ مضبوط' اعصاب قوی ہوتے ہیں' عمر بڑھتی ہے' طبیعت میں سستی ختم' چستی پیدا ہوتی ہے اور یہ نظریں آخری وقت میں جب بند ہو رہی ہوں گی موت کے نام پر ان نظروں کے سامنے قرآن نظر آئے گا بس قرآن کو دیکھتے دیکھتے یہ اللہ کی بارگاہ میں چلے جائیں گے۔

### سورۂ رحمٰن کا سوا لاکھ اور جنات

پھر ایک اور چیز جو خاص طور پر جنات میں دیکھی ہے۔جنات ایک ایک سورۂ کو سوا لاکھ مرتبہ پڑھتے ہیں۔مثلاً بیٹھے بٹھائے فیصلہ کیا کہ ہم نے سورۂ رحمٰن سوا لاکھ پڑھنی ہے' چند جنات بیٹھ جاتے ہیں اور پڑھ لیتے ہیں۔میں نے ایک مرتبہ دیکھا کہ چار بوڑھے جنات بیٹھے سورتیں پڑھ رہے ہیں' ایک گھنٹے تک میں بھی بیٹھا رہا' دیکھتا رہا' ایک ہی چیز بار بار پڑھ رہے ہیں' پتہ چلا کہ ان دونوں نے فیصلہ کیا کہ ہم نے سوا لاکھ مرتبہ سورۂ رحمٰن پڑھنی ہے۔ میں نے ان سے پوچھا کہ سوا لاکھ مرتبہ سورۂ رحمٰن پڑھنے سے کیا ملتا ہے؟ ان میں سے جو زیادہ بوڑھے جن تھے انہوں نے بتایا کہ جو دنیا میں سوا لاکھ مرتبہ سورۂ رحمٰن پڑھے گا موت سے پہلے جنت کا محل اسے دکھایا جائے گا۔اس کو دنیا میں جنت کے مزے اور لذتیں دی جائیں گی' اس کی نسلوں میں دولت اور ولایت کے تاجدار ہوں گے۔وہ کبھی بیٹوں سے محروم' دولت سے محروم' رزق سے محروم نہیں ہوگا' ہمیشہ زمین کے سارے خزانے اور آسمان کے سارے خزانے مچل مچل کر اس کی طرف تیزی سے بڑھیں گے۔وہ دنیا کا خوش قسمت بھی ہوگا اور بامراد بھی۔ اللہ کا دیدار ہوگا' اللہ کے حبیب ﷺ کا دیدار ہوگا' اہل بیتؓ' صحابہؓ کا دیدار اور بڑی بڑی ہستیوں کا نہ صرف دیدار بلکہ ان سے شرف گفتگو' شرف ملاقات حتیٰ کہ ان سے استفادہ کرے گا۔یہ پوچھے گا وہ بتائیں گے' یہ کام کروں؟ یہ کام نہ کروں؟ یہ کام میرے لیے مناسب رہے گا؟ یہ مسئلہ حل ہوگا یا نہیں ہوگا۔وہ بوڑھے جن مزید کہنے لگے: یہ ہماری زندگی بھر کا معمول ہے ہم رمضان میں سوا لاکھ مرتبہ سورۂ رحمٰن پڑھتے ہیں' وہ کل چار جنات بیٹھے پڑھ رہے تھے۔مزید اس کے اور فوائد بتانے لگے: لاعلاج بیماری' روگ' تکلیف' دنیا کی سب سے لاعلاج ترین بیماری ہو جس کا دنیا میں کسی شکل میں کوئی علاج نہ ہو۔ہر بندہ عاجز آچکا ہو' ہر بندہ پریشان ہو' کوئی بھی اس علاج کو نہ کرسکتا ہو' معالج تھک گئے ہوں' بلکہ خود مریض بھی موت مانگتا ہو' اس کے لیے اس وظیفے سے بڑا کوئی حیرت انگیز علاج نہیں' یعنی سورۂ رحمٰن سوا لاکھ مرتبہ پڑھنا۔

### جادوگر یا توبہ کرے گا یا مر جائے گا

ان میں سے ایک بوڑھے جن نے اور فائدہ بتایا' کہنے لگا کہ یہ پرانے جادو کا علاج ہے حتیٰ کہ خود جادوگر کا علاج ہے۔ میں نے پوچھا وہ کیسے؟ کہنے لگے: اگر اتنی بار سورۂ رحمٰن پڑھی جائے جادوگر یا توبہ کرلیتا ہے اگر توبہ کا فیصلہ وہ نہیں کرتا پھر اسے موت اپنے پاس بلا لیتی ہے' وہ جادوگر انسان ہو یا جن۔ پھر انہوں نے اس متعلق اپنے بہت سارے واقعات سنائے کہ کس طرح ہم نے سورۂ رحمٰن پڑھی اور کتنے جادوگروں نے فیصلہ کیا تھا کہ ہم نے لوگوں کو برباد کرنا ہے' لیکن سورۂ رحمٰن پڑھنے کے بعد توبہ کرنے والے بھی ملے اور جنہوں نے توبہ کا فیصلہ نہ کیا ان میں مرنے والوں کی بھی بہت زیادہ اطلاعات ملیں۔کہنے لگے: نظر بد کتنی سخت ہو اور نظر لگانے والا للکار کر کہے کہ کوئی ہے جو تجھے میری نظر سے بچائے' ایسے بندے کے لیے یہ سورۂ ایک تیر بہدف اور تیز دھار تلوار ہے یا تو پھر توبہ کرلے یا پھر اس کی تلوار سے اس کو کوئی نہیں بچا سکتا اور وہ

بوڑھا جن بابا ٹھنڈا سانس بھر کر کہنے لگا میں نے کئی کالے جادو کے جادوگروں کو توبہ کرتے‘ نیکی کی زندگی گزارتے اور پاکیزگی اور طہارت کو سینے سے لگاتے دیکھا اور کئی جنات کو دیکھا کہ ان کو ایسی حالت میں موت آئی کہ جنات اس موت کو دیکھ کر عبرت حاصل کرتے تھے کہ ایسی عبرتناک موت کہ شاید کسی کو نہ آئی ہو۔

## 17 روگ 17 نسلیں! حفاظت رہے گی

ایک اور بوڑھا کہنے لگا جو شخص یہ چاہتا ہے کہ میری سترہ نسلوں میں سترہ چیزیں شامل نہ ہوں‘ وہ سوا لاکھ مرتبہ سورۂ رحمٰن ہر رمضان میں پڑھے۔ 1۔ بیروزگاری۔ 2۔ وقت سے پہلے یتیمی۔ 3۔ دردر کی ٹھوکریں۔ 4۔ مسکینی۔ 5۔ قرض۔ 6۔ لاعلاج بیماریاں۔ 7۔ جادوگروں کے نشانے۔ 8۔ نظربد کے تیر۔ 9۔ وسائل کی کمی‘ مجبوریاں۔ 10۔ رشتہ داروں کی محرومیاں کہ وہ چھوڑ جائیں۔ 11۔ وقت سے پہلے ماں باپ کا سایہ اٹھ جانا۔ 12۔ شریک حیات سے نفرت یا وقت سے پہلے مرجانا۔ 13۔ اولاد کا بے راہ روی کا شکار ہونا۔ 14۔ نسلوں میں اپاہج‘ اندھا‘ لولا لنگڑا پن ہونا۔ 15۔ پیسہ آتا ہو ٹکتا نہ ہو۔ 16۔ گھر میں سونے چاندی‘ مال‘ زیور‘ پیسے کی چوری۔ 17۔ قدم قدم پر ذلت و رسوائی۔

یہ تمام چیزیں اگر کوئی شخص چاہتا ہے کہ اس میں اور اس کی نسلوں میں بھی نہ ہوں اور اس کی نسلیں محفوظ رہیں تو وہ خاموشی سے ہر رمضان میں سوا لاکھ مرتبہ سورۂ رحمٰن ہر مرتبہ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کے ساتھ پڑھے‘ اول و آخر تین مرتبہ درود پاک پڑھے۔

## جنات کا سوا لاکھ‘ انسان کا 125 بار

جب انہوں نے یہ سارے فوائد بتا دیئے تو میں نے ان سے عرض کیا اب آپ بتائیں کیا اتنی انسانوں میں طاقت ہے کہ انسان اس کو سوا لاکھ مرتبہ پڑھ سکیں؟ البتہ اللہ نے آپ کو طاقت بھی دی ہے اور کمال بھی۔ ان میں سے ایک جو بڑا بوڑھا جن تھا مسکرا کر بولا اللہ تعالیٰ نے کسی کو مشقت میں نہیں ڈالا جو نفع ہمیں سوا لاکھ میں ملتا ہے وہی نفع انسانوں میں سوا سو (125 بار) میں ملتا ہے۔ رمضان میں اگر صرف گھر والے‘ گھر سے باہر کوئی فرد نہ ہوں لیکن مخلصین ہوں‘ جن کے اندر خود سچی طلب‘ سچا جذبہ اور تڑپ ہو‘ اگر وہ مل بیٹھ کر اس کو پڑھیں تو اس عمل کا وہ نفع اور کمال سامنے آتے ہیں کہ انسان کی عقل دنگ رہ جاتی ہے‘ سوچیں حیران اور جذبے پریشان ہو جاتے ہیں۔ یہ سب تحائف

علامہ لاہوتی کا عطا کردہ "لاہوتی نقش نمبر 8" اسی شمارہ جون 2023ء کے صفحہ نمبر 41 پر ملاحظہ فرمائیں۔ نوٹ: یاد رہے پہلا نقش ستمبر 2021ء دوسرا نقش دسمبر 2021ء اور تیسرا نقش مارچ 2022ء اور چوتھا نقش جون 2022ء، پانچواں نقش ستمبر 2022 کے شمارہ میں‘ چھٹا دسمبر 2022ء اور ساتواں نقش مارچ 2023ء کے شمارہ میں شائع ہو چکا ہے۔ کُل 12 نقوش کا طاقتور عمل ہے۔ ہر تین ماہ کے بعد ایک نقش ترتیب سے شائع کیا جاتا ہے۔ اگر آپ نے گزشتہ کسی نقش کا عمل نہیں کیا تو آج ہی ستمبر 2021، دسمبر 2021، مارچ 2022ء، جون 2022ء، ستمبر 2022 اور دسمبر 2022ء اور مارچ 2023 کا شمارہ کسی بھی ایجنسی ہولڈر‘ یا دفتر ماہنامہ عبقری سے طلب فرمایئے اور اس خاص عمل میں شامل ہو کر ہر قسم کی پریشانی سے نجات پایئے تاکہ آپ تمام نقوش کی برکات لے سکیں۔ (نوٹ: نقش کے ساتھ اس کی خاص ہدایات بھی شائع ہوتی ہیں ضرور پڑھیں ورنہ فائدے سے محروم رہ جائیں گے۔ گھر کے ہر فرد کے لیے الگ سے نقش ہوگا جو وہ خود پُر کرے گا اگر نہیں کر سکتا تو گھر کے کسی دوسرے فرد سے پُر کروالے۔ نقش کی فوٹو کاپی ہرگز نہ کروایئے ورنہ فوائد سے محروم رہیں گے۔)

مجھے جنات سے ملے اور جنات نے مجھے سکھایا‘ بتایا اور وہ امانتیں میں آپ تک پہنچا رہا ہوں۔

## جنات کا قرآن پڑھتے رونا‘ سکنا

رمضان میں جنات نامعلوم کیسے ایک ایک آیت کو بھی دہرانے کی ترتیب بناتے ہیں۔ میں نے ایسے جنات دیکھے ہیں جنہوں نے فیصلہ کیا کہ آج کی رات صرف یہی آیت ہی دہرانی ہے اور وہ ایک ہی آیت دہراتے رہے اور وہ لاکھوں مرتبہ دہرائی گئی۔ میں نے ایک جن کو دیکھا وہ سورۂ قدر کی پہلی آیت دہرا رہے تھے‘ ایک مرتبہ ایک جن کو دیکھا وہ سورۂ آل عمران کی پہلی دو آیات کو دہرا رہے تھے اور پڑھ رہے تھے‘ پڑھنے میں ان کا اتنا وجدان‘ جذبہ‘ طلب‘ تڑپ اور ولولہ تھا کہ انہیں دنیا جہان کی کوئی خبر نہیں تھی کہ کون کہاں ہے؟ کدھر ہے؟ صبح ہوئی‘ شام ہوئی‘ کوئی خبر نہیں۔ بس فرض نمازوں کے علاوہ کسی چیز کی کوئی خبر نہیں۔ آیات بہت دہراتے ہیں پھر ان کو کیفیات سے پڑھتے ہیں۔

ایک اور چیز رمضان میں یہ دیکھنے میں آئی کہ جنات قرآن پڑھتے ہوئے روتے بہت ہیں‘ رقعت طاری ہو جاتی ہے اتنا روتے ہیں ساتھ بیٹھنے والا کوئی جن شاید پتھر دل ہو حتیٰ کہ پتھر دل بھی ہو تو وہ بھی روئے بغیر نہیں رہ سکتا۔ اتنا روتے ہیں‘ روتے روتے ان کی ہچکیاں آنسو کہ ان کے کپڑے تر ہو جاتے ہیں اور ان کا جسم کپکپاتا ہے‘ ہچکیاں ایسی ہوتی ہیں کہ شاید ابھی ان کی سانس نکل جائے گی۔ جب رو رہے ہوتے ہیں تو ایسا لگتا ہے کہ روح کے تانے بانے ٹوٹ جائیں گے۔ جب جنت کی آیات آتی ہیں تو اس وقت ان کے رونے کی کیفیات بہت زیادہ ہوتی ہیں۔ مجھے ایک تجربہ واقعی واضح ہوا ہے کہ آیاتِ جنت میں جنات بہت زیادہ روتے ہیں‘ اور حد سے زیادہ روتے ہیں اور آیات جہنم پر تھوڑا روتے ہیں۔ میں نے ایک مرتبہ ایک جن سے پوچھا کہ اس کی وجہ کیا؟ کہا کہ آیاتِ جنت میں رونے کی وجہ خوشی ہوتی ہے اور یہ شکر کا‘ خوشی‘ رحمت کا رونا ہوتا ہے اور آیاتِ جہنم میں خوف اور عذاب کا رونا۔ جنات جنت کی خوشی زیادہ محسوس کرتے ہیں اس لیے آیاتِ جنت پر زیادہ روتے ہیں۔

## جنت کی خوشی میں رونے والی قوم

سالہا سال سے جنات کیساتھ رمضان گزار رہا ہوں۔ میں یقین وثوق اور اعتماد سے کہہ سکتا ہوں کہ اگر کوئی شخص بہترین زندگی گزارنا چاہتا ہے اور لاجواب رمضان بسر کرنا چاہتا ہے تو وہ جنات سے سیکھے۔ میرا تجربہ ہے کہ اسوقت جو عذاب‘ بلائیں‘ باوجود انسانوں کی اتنی کمیاں‘ کوتاہیاں کے اگر رُکا ہوا ہے تو صرف جنات کے قرآن پڑھنے اور قرآن پاک پڑھتے ہوئے رونے کی وجہ سے ہے کیونکہ جنات کیفیات اور درد کیساتھ وہ روتے ہیں‘ شاید فرشتے بھی ساتھ روتے ہیں اور جس وجدان کیساتھ وہ آیاتِ جنت میں لپک لپک کر اللہ کریم کو مناتے ہیں‘ مجھے یقین ہے کہ اللہ تعالیٰ کو ترس آتا ہوگا اور یقیناً آتا ہے۔ اللہ تعالیٰ نے جو عذاب کے فیصلے ہماری معصیت کی وجہ سے کیے ہوئے ہیں۔ اللہ کریم وہ فیصلے بدل دیتا ہے‘ انکا رونا نہیں ہوتا‘ اس رونے میں سسکیاں قرآن کی آیات اور پھر آنسو ایسے ہیں جیسے سینہ پھٹ جائیگا اور اگر کوئی دوسرا جن زیادہ دیر انکا رونا سنے تو شاید وہ خود بیہوش ہو جائے کیونکہ میں نے کئی جنات کو بیہوش دیکھا ہے اور وہ واقعی بیہوش ہو جاتے ہیں۔ انکا رونا سسکنا اللہ سے مانگنا اللہ تعالیٰ کے خوف سے ڈرنا وہ سو فیصد روتے بھی ہیں اور اللہ کو مناتے ہیں اور میرا اللہ کریم مان جاتا ہے اور آج تک عذاب کو روکا ہوا ہے۔ (جاری ہے)

## نقش کی برکات سے محروم ہونا چاہتے ہیں تو مجھے ہرگز نہ پڑھیں!

(1) کسی بھی کالی سیاہی والے بال پین یا قلم دوات سے اس نقش کو پُر کرنا ہے‘ سب سے پہلے نیچے دی گئی جگہ پر اپنا اور اپنی والدہ کا نام لکھیں۔ اگر آپ کسی دوسرے کیلئے نقش پُر کر رہے ہیں تو اس کا نام مع والدہ لکھیں‘ اس کی والدہ کا نام معلوم نہیں تو صرف اسی کا نام لکھ دیں۔ (2) نقش کے الفاظ ط س پر قلم پھیریں۔ (3) اس نقش کو پُر کرتے ہوئے ہر لفظ پر 1 بار ’’طٰسٓ‘‘ پڑھیں۔ (4) اس نقش کو کسی بھی دن‘ کسی بھی وقت پُر کر سکتے ہیں۔ نقش پُر کرنے کے بعد 7 دن تک روزانہ دن میں کسی بھی وقت اس نقش کو دیکھتے ہوئے ایک تسبیح ’’طٰسٓ‘‘ کی پڑھیں۔ 7 دن کے عمل کے بعد حسب توفیق شیرینی تقسیم کیجئے۔ (5) یہ نقش صرف ایک فرد کیلئے ہے۔ گھر کا ہر فرد اپنا علیحدہ نقش پُر کرے اور 7 دن کا عمل کرے۔ اگر کوئی بندہ خود یہ عمل نہیں کر سکتا تو اس کی طرف سے کوئی دوسرا بھی کر سکتا ہے۔ ایک وقت میں ایک سے زیادہ نقش بھی پُر کر سکتے ہیں‘ جتنے زیادہ نقش پُر کریں گے اتنی زیادہ برکات‘ خیریں اور سعادتیں ملیں گی۔ آپ اپنے پیاروں عزیزوں اور دوستوں کیلئے بھی یہ عمل کر سکتے ہیں۔ اگر بچے نقش پُر نہ کر سکتے ہوں تو والدین ان کی نیت سے کر لیں۔ حاملہ عورت اپنے بچے کا علیحدہ نقش پُر کرے۔ (6) یہ قرآنی حروف کا نقش ہے ان کو باوضو ہی پُر کریں۔ خواتین ناپاکی کے ایام میں اس نقش کو پُر نہ کریں۔ اگر عمل کے دوران ناپاکی کے ایام آجائیں تو پاکی کے بعد بقیہ عمل مکمل کر لیں۔ نقش کی فوٹو کاپی ہرگز نہ کروائیں۔ ورنہ فوائد سے محروم رہیں گے۔



جنہیں سخت نظر بد چاہے انسان کی یا جنات کی لگی ہو یا کسی لاعلاج بیماری میں مبتلا ہوں وہ اسی صفحہ پر لاہوتی نقش پُر کریں اور شفاء پائیں۔ یہ نقش نظر بد اور بیماری کے اثرات کو زائل کر دے گا۔

ڈاکٹر خالد' اسلام آباد

# صحت مند جسم کا حلیہ بگاڑنا انتہائی آسان! جانیے کیسے؟

آج کل اپنے اچھے خاصے چست اور صحت مند جسم کا حلیہ بگاڑ دینا کوئی مشکل کام نہیں ہے جب گھر پر گھنٹوں ٹیلی ویژن اور کمپیوٹر کے سامنے بیٹھ کر وقت گزارا جائے اور پیزا اور برگر گھر پر ڈلیور کردیئے جائیں تو جسم پر چربی کی تہیں جمالینا بھلا کیا مشکل ہوگا۔ جوں جوں ہمارا طرزِ زندگی بدل رہا ہے، موٹاپا ہمارے جسم پر قابو پاتا جارہا ہے۔ ہاں بہت سے لوگ ایسے بھی ہیں جنہیں کچھ دن بعد اپنی غلطی کا شدید احساس ہوتا ہے اور وہ فیصلہ کرتے ہیں کہ وہ اپنے جسم کو ہر صورت میں اس کی پہلی حالت پر لے جائیں گے۔

## ایک دم وزن گھٹانے پر نہ تلیں

ماہرین کی رائے میں یہ فیصلہ کرتے وقت نہایت محتاط رہنے کی ضرورت ہے اور موٹاپے کو چھانٹنے میں بہت جلدی سے کام نہیں لینا چاہیے یعنی ایک دَم ہی وزن گھٹانے پر نہیں تل جانا چاہیے۔ ایک امریکی ماہر کا کہنا ہے کہ جن لوگوں کو حملۂ قلب کا خطرہ سب سے زیادہ ہوتا ہے، ان میں وہ لوگ بھی شامل ہیں جو ہمیشہ ورزش اور جسمانی سرگرمی سے جی چراتے رہے اور پھر اچانک ایسی ورزشوں پر تل گئے جن سے وہ قطعی مانوس نہ تھے۔

## ورزش کا پہلا قدم چہل قدمی ہونا چاہیے

ورزش کے لئے پہلا قدم یہ اُٹھایئے کہ واک شروع کردیجیے۔ شروع میں تھوڑا تھوڑا چلیے اور رفتہ رفتہ اسے بڑھاتے رہیے۔ ہفتے کے زیادہ تر دنوں میں کچھ (کم ازکم پانچ دن) آدھا آدھا گھنٹہ یا اس سے کچھ زیادہ درمیانے درجے کی ورزش کی جائے جس میں چہل قدمی بھی شامل ہو۔ چھوٹے پیمانے پر ورزش کی ابتدا آگے چل کر آپ کو فائدہ پہنچائے گی۔

چہل قدمی کا ایک اچھا پروگرام آپ کی مجموعی صحت پر مثبت طریقے سے اثرانداز ہوگا۔ اگر آپ وزن کم کرنا چاہتے ہیں، جسم کو مزید چست بنانا چاہتے ہیں تو چہل قدمی کے علاوہ ورزش کے اور طریقے بھی ہیں مثلاً یہ کہ تیراکی یا سائیکلنگ کیجیے۔ بہرحال آپ جو ورزش کرنے کا فیصلہ کریں، اعتدال کو پیشِ نظر رکھیں۔ آپ کو اپنی برداشت اور سکت کا جو اندازہ ہے اس سے کچھ کم بوجھ اپنے اوپر ڈالیے بہترین طریقہ یہ ہے کہ تھوڑی ورزش شروع کیجیے اور جب آپ ذرا عادی ہو جائیں تو پھر ہر ہفتے اس میں دس فیصد اضافہ کرکے اسے مناسب سطح پر لے آئیں۔ اگر آپ روزانہ آدھے گھنٹے سے گھنٹہ بھر تک ورزش کرنا چاہتے ہیں لیکن آپ وقت کی کمی کے باعث یہ ورزش لگاتار نہیں کرسکتے تو کوئی بات نہیں۔ آپ دن کے مختلف اوقات میں دس دس پندرہ پندرہ منٹ ورزش کرکے اپنا یہ دورانیہ پورا کرلیجیے اس سے بھی نمایاں فائدہ پہنچے گا۔ یاد رکھیے، مل جل کر ورزش کرنے کا ذہن پر بھی اچھا اثر پڑتا ہے اور لوگوں سے میل جول بھی بڑھتا ہے اسی لیے بعض ماہرین واک کو بہترین ورزش قرار دیتے ہیں، اور یہ ورزش خاندان کے کئی افراد گروپ کی صورت میں کرسکتے ہیں۔ آخر میں ایک اہم نکتے کی طرف آپ کی توجہ مبذول کرنا ضروری ہے کہ کسی ماہر سے مشورے اور طبی احتیاط سے کام لیجیے اور اپنا خیال رکھیے۔ چکر آئیں، درد ہو یا سینے پر دباؤ محسوس ہو اور بولنے میں دِقت ہو تو سمجھیے کہ آپ اپنے جسم پر زیادہ بوجھ ڈال رہے ہیں جو فائدے کے بجائے نقصان دہ ہوسکتا ہے۔ غلط ورزش سے نقصان پہنچ سکتا ہے۔

## گردوں کی تکلیف ہے تو تانبے کا کڑا آزمائیے!

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میری عمر 67 سال ہے۔ میرے گردوں میں تکلیف تھی۔ ڈاکٹر کو چیک کروایا تو انہوں نے کہا کہ اس کا اب کوئی مستقل علاج نہیں ہے بس دوائیاں استعمال کرتے رہیں۔ آپریشن سے بھی کوئی فائدہ نہیں ہوگا بلکہ خطرہ ہے کہ تکلیف بڑھ جائے گی۔ میں ہر جمعرات آپ کی روحانی محفل سنتا ہوں۔ ایک مرتبہ آپ نے کسی بزرگ کا واقعہ بیان کیا کہ انہوں نے تانبے کا چھلہ پہن رکھا تھا' جب ان سے اس کی وجہ پوچھی گئی تو انہوں نے بتایا کہ ''مجھے گردے کی تکلیف تھی اور ڈاکٹروں نے لاعلاج قرار دے دیا تھا۔ مجھے کسی دانا آدمی نے بتایا کہ آپ تانبے کا استعمال کریں اس سے گردوں کی تکلیف سے محفوظ رہیں گے۔ تب سے میں نے یہ چھلہ پہنا ہوا ہے اور جب سے یہ پہن رہا ہوں مجھے دوبارہ گردوں کی تکلیف نہیں ہوئی''۔ میں نے یہ واقعہ سنا تو مجھے ایسا لگا جیسے آپ نے میرے لئے ہی یہ ٹوٹکہ بیان فرمایا ہے۔ میں نے عبقری کا نورانی حفاظتی کڑا لے کر اپنی بازو پر چڑھا کر پہن لیا تاکہ نظر نہ آئے۔ چند دن پہنا تو مجھے دوا کھانے کی بھی ضرورت محسوس نہ ہوئی۔ الحمدللہ اتنا سنگین مسئلہ صرف تانبے کے نورانی کڑے سے حل ہوگیا۔ جیسے کھانے کی ادویات میں بھی اللہ ہی شفاء ڈالتا ہے ایسے ہی تانبے کو بھی علاج کے لئے استعمال کریں تو اس کی خاصیت کو بھی انسان پر اللہ جل شانہ ہی ظاہر فرماتے ہیں۔ یہ بالکل ایسے ہی ہے جیسے ہم کسی مرض کے لئے دوا استعمال کرتے ہیں۔ ایسے قیمتی راز ہم تک پہنچانے کے لئے میں تہہ دل سے آپ کا مشکور ہوں' اللہ آپ کو' آپ کی نسلوں کو شاد و آباد رکھے۔ آمین (عظمت اللہ، خوشاب)

**نوٹ: کڑا بازو کے اوپر چڑھا کر پہنیں، کلائی پر نظر نہ آئے**

## ڈپریشن نے پیچھا چھوڑ دیا! نبوی راز آپ بھی لیجئے!

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! آپ کا حلقہ احباب اتنا وسیع ہے کہ آپ جو بات بھی ارشاد فرماتے ہیں بے شمار لوگ اس پر عمل بھی کرتے ہیں اور اپنے تجربات اور مشاہدات بتاتے ہیں۔ میں بھی آپ کو اپنا ایک تجربہ بتانا چاہتا ہوں۔ مجھے ڈپریشن ہوا۔ قریبی رشتہ داروں کی طرف سے کچھ معاملات ایسے ہوئے کہ میں سخت ڈپریشن میں چلا گیا۔ ایک دن میں ڈپریشن کا علاج تلاش کررہا تھا تو میری نظر تلبینہ پر گئی۔ میں نے اس پر کچھ مزید تحقیق کی تو معلوم ہوا کہ ایک حدیث شریف میں آیا ہے کہ تلبینہ استعمال کرنے سے دل سے غم اتر جاتا ہے۔ میں نے اس حدیث پر غور کیا تو معلوم ہوا یہ تو ڈپریشن کا علاج ہے اور یہ دل سے غم کو اتار دیتا ہے۔ ہمارے گھر میں عبقری کی مصنوعات استعمال ہوتی ہیں۔ اس لئے عبقری کا تلبینہ پہلے سے موجود تھا۔ میں نے تلبینہ تیار کرکے استعمال کرنا شروع کیا، جیسے جیسے میں تلبینہ استعمال کرتا رہا میرے دل سے غم ہلکا ہوتا رہا اور میں ڈپریشن سے باہر نکل آیا اور میری زندگی میں سکھ چین اور راحت آگئی۔ میں تو سب کو یہی مشورہ دوں گا کہ جو شخص بھی ڈپریشن سے نجات پانا چاہتا ہے وہ اس غذا کو استعمال کرنا شروع کردے۔ اسے جہاں صحت کے اور بہت سے فائدے ہوں گے' ان میں ایک ذہنی سکون بھی ملے گا اور قلبی راحت بھی ملے گی۔ آج کے دور کی سب سے بڑی ضرورت ذہنی' قلبی سکون اور راحت ہے۔ عبقری تلبینہ اس کے لئے لاجواب چیز ہے بہترین پیکنگ میں دستیاب ہے خراب ہونے کا بھی خدشہ نہیں ہے۔ (مراتب علی، ملتان)



 (تفصیلات صفحہ نمبر 65 پر) ☆☆

(گل شیریں، واہ کینٹ)

# ایک عمل سے دولت کی ریل پیل! محتاجی دور

## محتاجی دور! دولت اور رزق میں وسعت کیسے ملی؟

اس سلسلے میں قارئین کی آزمودہ تحریریں' ان کی مشکلات' فاقے' بے روزگاری' بیماری کیسے ختم ہوئی؟ کیسے ایک فاقوں میں مبتلا' دولت مند ہوا' شائع کی جائیں گی۔ آپ بھی اپنایا اپنے کسی عزیز کا آنکھوں دیکھا واقعہ یا سنا ہوا ضرور لکھیں۔ لاکھوں کا بھلا اور آپ کا صدقہ جاریہ

محترم شیخ الوظائف صاحب السلام علیکم! میں آپ کو اپنے روحانی تجربات ارسال کر رہی ہوں تاکہ ماہنامہ عبقری میں شائع ہو کر لاکھوں قارئین کے لئے تنگدستی اور محتاجی سے نکلنے کا ذریعہ بن جائیں اور میرے لئے آخرت کا سامان ہو جائے۔

چند سال پہلے ہماری مالی حالت بہت ہی خراب تھی' میرے شوہر بیروزگار تھے' ان کے باقی بہن بھائی بیرونِ ملک میں بہت خوشحال تھے لیکن انہوں نے کبھی میرے شوہر کے بارے میں نہیں سوچا کہ ہمارا بھائی کس حال میں ہے؟ میرے شوہر بھی خوددار ہیں وہ کسی کے سامنے ہاتھ نہیں پھیلا سکتے بلکہ خود محنت کر کے کمانا چاہتے ہیں۔ ایک بات قابلِ ذکر ہے کہ میرے شوہر کے دو بہن بھائی انگلینڈ میں تھے' جب خاندان کے لوگ ان سے کہتے کہ اپنے بھائی کو بھی ادھر بلا لیں تو وہ انہیں ٹال دیتے تھے کہ بہت رقم درکار ہے' لاکھوں خرچہ ہوگا' ابھی حالات بھی خراب ہیں اور ایجنٹوں کے فراڈ کی باتیں سنا کر خاموش کروا دیتے۔ ہمیں تنگدستی نے ایسا گھیرا کہ بات فاقوں تک آگئی' شوہر بہت پریشان تھے۔ مجھے وظائف کرنے کا بہت شوق تھا۔ میں نے ان کو حوصلہ دیا کہ ہم اللہ سے مانگتے ہیں وہ ضرور آسانیاں پیدا فرمائے گا۔ میں نے وظائف کی ایک مستند کتاب سے رزق کی وسعت کے لئے ایک وظیفہ لیا اور پڑھنا شروع کر دیا' وظیفے کے ساتھ ہی اللہ کی ذات پر پختہ یقین اور دعا کا دامن بھی تھام لیا۔ ہم تمام گھر والوں نے مل کر روزانہ سات ہزار مرتبہ حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ کا وظیفہ پڑھنا شروع کر دیا بس پھر حیران کن طور پر غیب سے کام بنتے گئے' ہمارا ہر ناممکن کام بھی ممکن ہوتا گیا۔ آخر کار ویزہ اپلائی کیا تو منظور ہو گیا پھر میرے شوہر کسی بڑی رقم کے بغیر' بنا بہن بھائیوں کی مدد کے انگلینڈ چلے گئے۔ وہاں بہت اچھا کاروبار چلا رہے ہیں' سال میں کئی بار یہاں بھی آجاتے ہیں۔ اب دولت کی ریل پیل ہے۔ وظیفہ یہ ہے: "حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ" سات ہزار مرتبہ روزانہ سترہ دن تک پڑھنا ہے۔ جب تک مسائل حل نہ ہوں ہر ماہ یہ عمل کرنا ہے۔ مشکل سے مشکل کام بھی آسان ہو جائے گا۔ ان شاء اللہ۔

قسط نمبر 2

# آنکھوں میں جلن' خارش سے راحت پانے کا راز!

محترم شیخ الوظائف صاحب السلام علیکم! عبقری کے گزشتہ شماروں میں ادارہ کی طرف سے اعلان ہوا تھا کہ استعمال شدہ پتی کے فوائد تحریر کریں۔ میں گزشتہ کچھ سالوں سے عبقری رسالہ پڑھ رہا ہوں اور اس رسالہ میں شائع ہونے والی تحریروں سے بہت استفادہ حاصل کیا ہے۔ میری بہت سی پریشانیاں' طبی اور روحانی مسائل اس رسالہ سے حل ہوئی ہیں۔ اس لیے آج میں بھی عبقری کے لئے استعمال شدہ پتی سے متعلق اپنا ایک آزمودہ تجربہ تحریر کر رہا ہوں تاکہ یہ نیکی میرے لئے صدقہ جاریہ بن جائے۔ اکثر لوگ جو ویلڈنگ کے شعبہ سے تعلق رکھتے ہیں ان کی آگ کے شعلوں کی وجہ سے آنکھیں خراب ہو جاتی ہیں' اس کے علاوہ جن لوگوں کی آنکھوں میں چبھن اور جلن رہتی ہے ان کے لئے بھی مفید نسخہ ہے۔ ایسے افراد کو چاہیے کہ جب بھی آنکھیں خراب ہوں تو چائے کی استعمال شدہ پتی (نارمل یعنی گرم نہ ہو) کو رات کے وقت کپڑے میں لپیٹ کر آنکھوں پر باندھ دیں اور صبح کے وقت آنکھوں سے یہ پٹی اتار کر اپنا چہرہ اور آنکھیں پانی سے دھولیں۔ چند بار یہ عمل آزمالیں ان شاء اللہ آنکھوں کے ان امراض سے نجات مل جائے گی۔ خاص طور پر ویلڈنگ کرنے والوں کی آنکھیں بہت متاثر ہوتی ہیں' انگاروں کی وجہ سے آنکھوں میں جلن اور بہت خارش ہوتی ہے ایسے افراد کے لئے بہت مفید ٹوٹکہ ہے۔ (علی اصغر، رحیم یار خان)

**قارئین! آپ چائے کی پتی کے تجربات بھیجے' آپ کی امانتیں آپ کو لوٹا رہے ہیں' آئندہ بھی لکھتے رہیں!**

اس ماہ کا نورانی مراقبہ

# الجھنیں' مسائل اور لاعلاج بیماریوں کا روحانی علاج

مراقبے کے جب کمالات کھلیں گے تو حیرت کا انوکھا جہان اور مشکلات کا سو فیصد حل خود آپ کو حیرت زدہ کر دے گا۔

مراقبہ دور جدید کی تمام ضدی بیماریوں کا آزمودہ علاج ہے' خاص طور پر ٹینشن' ڈیپریشن' ذہنی' جسمانی دباؤ' کھچاؤ' نیند کی کمی کا پوری دنیا میں مانا ہوا علاج ہے' بڑے بڑے ماہر نفسیات ان تمام بیماریوں کا علاج مراقبہ سے ہی کر رہے ہیں' جدید سائنس آج اسے امراض کا یقینی علاج قرار دے رہی ہے۔ Meditation یعنی مراقبہ ازل سے روحانیت کی ترقی اور مشکلات کے حل کا علاج رہا ہے ہزاروں تجربات کے بعد عبقری کے قارئین کے لئے مراقبے سے علاج پیش خدمت ہے۔ سوتے وقت اگر باوضو اور پاک سوئیں تو سب سے بہتر ورنہ کسی بھی حالت میں صرف 10 منٹ بستر پر بیٹھ کر لاتعداد مسلسل يَا مَالِكُ يَا قُدُّوْسُ پڑھیں' اول و آخر 3 بار درود شریف پڑھیں پھر لیٹ جائیں۔ جس مرض کا خاتمہ یا الجھن کا حل چاہتے ہوں اس کو ذہن میں رکھ کر یہ تصور کریں کہ "آسمان سے سنہرے رنگ کی روشنی میرے سر سے پورے جسم میں داخل ہو کر اس مرض کو ختم یا الجھن کو حل کر رہی ہے اور اس وظیفے کی برکت سے میں سو فیصد اس پریشانی سے نکل گیا/گئی ہوں" یہاں تک کہ اس تصور کو دہراتے دہراتے نیند آجائے۔ شروع میں تصور بناتے ہوئے آپ کو مشکل ہوگی لیکن بعد میں آپ پر جب اس کے کمالات کھلیں گے تو حیرت کا انوکھا جہان اور مشکلات کا سو فیصد حل خود آپ کو حیرت زدہ کر دے گا۔

**نوٹ: مراقبے کے تجربات ہمیں لکھنا نہ بھولیں**

## میری کمیاں ضرور بتائیں

ایڈیٹر نے ہمیشہ اعتراف کیا ہے کہ میں ہر پل اصلاح کا محتاج ہوں' کسی کتاب میں حوالہ رہ گیا ہو' کوئی کمی ہو' ایڈیٹر نے اپنی کتاب کے لیے کسی کتاب کا حوالہ لیا ہو' وہ نہ لکھ سکے ہوں' کیونکہ اب سے پہلے کتب ادارے چھاپتے تھے اب عبقری خود چھاپتا ہے جہاں کوئی کمی' غلطی' آپ کو نظر سے گزرے آپ ادارہ کو ضرور اطلاع دیں' کیونکہ بندہ ہر پل اصلاح کا محتاج ہے۔



انصاف کی تلاش میں دردر کے دھکے کھا رہے ہیں' لیکن کوئی ساتھ دینے والا نہیں ہے تو گھبرائیں نہیں 9، 10 محرم تسبیح خانہ میں گزاریں اور فیصلے اپنے حق میں ہوتے دیکھیں (تفصیلات صفحہ نمبر 65 پر)

# کلیجی کباب پائے اور نہاری کے شوقین متوجہ ہوں!

ڈاکٹر ارسلان پاشا، لاہور

عیدالاضحیٰ کی آمد کے ساتھ ہی خواتین اس اہم فریضے کے استقبال کیلئے تیاریاں شروع کر دیتی ہیں کیونکہ کوئی بھی موقع ہو خواتین اپنی ذمہ داریوں کو بخوبی سمجھتی ہیں اور خوش اسلوبی کے ساتھ نبھاتی ہیں۔ عید قرباں ایک منفرد مذہبی تہوار ہے جس میں ہر صاحب حیثیت مسلمان خدا کی راہ میں جانور کی قربانی دے کر حضرت ابراہیمؑ کی سنت کی تجدید کرتا ہے۔ عیدالاضحیٰ کی ایک خاص بات گوشت کی فراوانی ہے اس موقع پر ہر فرد گوشت کے ساتھ پورا انصاف کرتا ہے۔ گوشت کے مختلف مزے دار پکوان بھوک میں اضافے کا باعث بنتے ہیں اور ایسا محسوس ہوتا ہے کہ اس موقع پر دیگر تمام غذاؤں کی اہمیت صفر ہو جاتی ہے۔

عید قرباں کے موقع پر گوشت پکانے، کھانے اور اسے محفوظ رکھنے کے حوالے سے احتیاطی تدابیر اختیار کرنا اس لیے ضروری ہے تاکہ بعد میں مختلف بیماریوں کا سامنا نہ کرنا پڑے۔ گوشت کھانے کے فوائد اپنی جگہ مگر اہم بات ان ضروری امور کو مدِنظر رکھنا ہے جن کے باعث اکثر افراد عیدالاضحیٰ کے بعد بیمار ہو جاتے ہیں اس لیے گوشت کی تیاری، محفوظ کرنے اور کھانے میں کچھ احتیاطی تدابیر کو ضرور مدِنظر رکھنا چاہیے تاکہ صحت برقرار رہے۔ عید قرباں کے موقع پر چند ضروری اور اہم باتوں پر عمل کرنے سے ہم نا صرف گوشت کی مکمل غذائیت سے لطف اندوز ہو سکتے ہیں بلکہ اپنی صحت کو برقرار اور محفوظ بھی رکھ سکتے ہیں۔

## گوشت کی چکنائی

ہمارے معاشرے میں ایسے کھانوں کو ہی غذائیت بخش اور لذیذ سمجھا جاتا ہے جس میں چکنائی یا گھی کی فراوانی ہو خصوصاً گوشت کے پکوان میں گھی کی زیادتی لازمی خیال کی جاتی ہے جب کہ یہ حقیقت ہے کہ گوشت میں بذاتِ خود پہلے سے بہت زیادہ چکنائی موجود ہوتی ہے پھر مزید مقدار میں گھی استعمال کرنے سے گوشت کے پکوان صحت کیلئے بہت مضر ثابت ہوتے ہیں اس لیے ضروری ہے کہ ضرورت کے مطابق گھی کا استعمال کریں جس میں گوشت گل جائے عادتاً زیادہ گھی ڈالنے سے معدے پر مضر اثرات مرتب ہوتے ہیں۔

ماہرین غذائیت کے مطابق عام انسان کو دن بھر میں آٹھ سے دس اونس تک گوشت کی ضرورت ہوتی ہے۔ سرخ گوشت مذکورہ مقدار سے زیادہ استعمال کیا جائے تو خون میں یورک ایسڈ کی مقدار بڑھ جاتی ہے جو کہ جوڑوں کے درد کا باعث بنتی ہے اس لیے گوشت کھاتے وقت یہ بات مدِنظر رکھیں کہ آپ کے جسم کو کس حد تک گوشت کی ضرورت ہے۔ اُدھیڑ عمر افراد بھنی ہوئی کلیجی، کباب، پائے اور نہاری و مغز وغیرہ سے پرہیز کریں۔ یہ کولیسٹرول بڑھاتی ہے اور شوگر کے مرض میں بھی نقصان دہ ہیں۔ ماہرین کا کہنا ہے کہ جوڑوں کے درد، ہائی بلڈ پریشر اور شوگر بیماری میں مبتلا افراد کو گوشت کم کھانا چاہیے کیونکہ گوشت میں یورک ایسڈ زیادہ ہوتا ہے جو ان مریضوں کو نقصان پہنچاتا ہے ایسے افراد کو بھی احتیاط کرنی چاہیے جن کے دانت کم ہوں۔

## موٹاپے میں مبتلا افراد احتیاط کریں

زیادہ وزن کے حامل افراد خاص طور پر خواتین بھنا ہوا گوشت زیادہ کھانے سے پرہیز کریں۔ پلاؤ، قورمہ اور کباب بھی کم مقدار میں کھائیں۔ عید کے موقع پر گوشت کے پکوانوں میں سب سے بہتر ہوگا کہ وہ باربی کیو بنالیں۔ بہتر ہوگا کہ اسے جلایا نہ جائے بلکہ اسے اندر تک دھیمی آنچ پر پکایا جانا چاہیے، کوئلوں پر اچھی طرح پکا ہوا یہ گوشت بُھنے ہوئے گوشت کے مقابلے میں بہت مفید ثابت ہوتا ہے۔

## پانی کا زیادہ استعمال کریں

موسم چاہے کوئی بھی ہو، پانی ہر موسم میں انسان کی بنیادی ضرورت ہے۔ کسی بھی موسم میں گوشت زیادہ استعمال کرنے سے مختلف مسائل پیدا ہو سکتے ہیں جبکہ ہمارے ہاں عیدالاضحیٰ کی قربانی کا گوشت کافی عرصہ تک استعمال کیا جاتا ہے اس لیے یہ بہت ضروری ہے کہ گوشت کے پکوان پسند کرنے والے افراد پانی زیادہ پئیں تاکہ جسم سے غیر ضروری فاسد مادوں کا اخراج ہوتا رہے اور معدے سے متعلق امراض سے بھی محفوظ رہا جا سکے۔

بعض امراض اس نوعیت کے ہیں جن میں گوشت کا استعمال ترک کر دینا لازمی ہوتا ہے۔ مثلاً گردے کی خرابی، یرقان، جگر اور معدے کے امراض، جوڑوں کے درد میں مبتلا مریض، امراضِ قلب اور دانتوں و مسوڑھوں کے جملہ امراض وغیرہ



## برص کے روگ نے مایوسی کی آخری حد تک پہنچا دیا

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میرے جسم پر کئی جگہوں پر برص کے نشانات پڑ چکے تھے۔ میں ہر وقت احساس کمتری کا شکار رہنے لگا۔ میری اس پریشانی کا کوئی حل نہیں تھا۔ سکن سپیشلسٹ کو چیک کروایا لیکن تسلی بخش علاج نہیں ہوا۔ لوگوں کی میری طرف اٹھنے والی نظریں مجھے اندر سے توڑ کر رکھ دیتیں۔ میں لوگوں کے درمیان رہنا ناپسند کرتا تھا۔ حتیٰ کہ مجھے خودکشی کے خیالات بھی آتے تھے۔ کیونکہ لوگ مجھے دیکھ کر کراہت کا اظہار کرتے تھے۔ بچپن سے میں بالکل ٹھیک تھا۔ لیکن اب عین جوانی کی عمر میں میرے ساتھ یہ روگ لگ گیا جس نے میری زندگی کو ایک جگہ پر کھڑا کر دیا جس کی وجہ سے میں آگے نہیں بڑھ سکتا تھا اور ہر کام کرنے سے پہلے میری یہ بیماری میری راہ میں رکاوٹ ہوتی تھی۔ میں ہر وقت دعا کرتا تھا کہ یا اللہ کسی طرح مجھے اس عیب سے نجات دلا دے۔ ہمارے ایک درد دل رکھنے والے ہمسائے نے مجھے عبقری کی مرہم برص لا کر دی اور مستقل استعمال کرنے پر بیماری ختم ہونے کی یقین دہانی کروائی۔ وہ صاحب قابل اعتماد شخص تھے میں ان کی بات کو نظر انداز نہیں کر سکا۔ میں نے مرہم کو برص کے نشانوں پر اچھی طرح لگانا شروع کیا اس طرح لگاتا کہ یہ جلد میں جذب ہو جائے۔ چند دن میں میں نے محسوس کیا کہ میرے ہاتھ پر جو نشان ہے وہ مندمل ہو رہا ہے۔ میں نے یہ دیکھا تو میری خوشی کا کوئی ٹھکانہ نہیں تھا۔ مجھے امید نظر آئی تو مسلسل استعمال کرتا رہا۔ اب برص کے داغ اتنے مدھم ہو چکے ہیں کوئی بہت غور سے دیکھے تو نظر آتے ہیں ورنہ عام طور پر محسوس بھی نہیں ہوتے (راحیل بھٹی، فیصل آباد)

# بارش کا پانی پیجئے! زندگی کا اصل مزہ لیجئے جی ہاں! یہ سچ ہے

## چھینکوں اور نزلہ وزکام کے لئے سوفیصد مجرب نسخہ

''عبقری'' جولائی 2014ء کے شمارے میں ''خوشگوار صحت کیلئے ناک کو وقت دیں'' پڑھا، مجھے بھی عرصہ دراز سے چھینکوں، نزلہ وزکام، گلے میں خراش، طبیعت میں بے چینی، اُکتاہٹ، الرجی، مٹی، دھول، پولن وغیرہ تھی۔ تقریباً دس بارہ سال پہلے اسلام آباد کے مشہور الرجی کے اسپیشلسٹ نے بھی مجھے بتایا تھا کہ ناک کے نتھنوں میں ویزلین یا زیتون (کا تیل) لگائیں اس سے فائدہ ہوتا ہے لیکن میں نے زیادہ توجہ سے عمل نہیں کیا پھر اب کچھ مہینے پہلے میں خود سے ہی زیتون والا نسخہ ناک میں کیا اس سے مجھے بے حد فرق پڑا، چھینکوں میں کافی کمی آئی اور بھی مسائل ختم ہوگئے بلکہ جب سے جولائی کا شمارہ پڑھا تو ہمارے گھر میں ملازم لڑکا اس کو بھی چھینکوں، نزلہ وزکام، ناک سے پانی آنے کا مسئلہ تھا، اُسے بھی شروع کروایا تو اُسے بھی فائدہ ہوا اب اُس کی چھینکیں بھی کم ہوگئی ہیں، یہ سوفیصد صحیح نسخہ ہے۔

### گرتے بالوں کا علاج

(۲) میں ''عبقری'' کے پرانے شمارے بھی کبھی کبھار پڑھ لیتی ہوں ایسے ہی ایک دن میں مارچ 2011ء کے شمارے میں مضمون ''بارش کے پانی سے فرسٹ پوزیشن لیں'' دوبارہ پڑھا تو یہ بات بالکل درست ہے کیونکہ بارش کا پانی میں بھی تقریباً ایک سال سے سر دھونے کیلئے استعمال کر رہی ہوں کیونکہ ہمارے گھر پانی بورنگ کا ہے جس سے بال بہت زیادہ گر رہے تھے۔ ایک دفعہ میں نے ویسے ہی بارش کا پانی جمع کیا اور اس سے بال دھوئے تو بال نہایت سلکی اور خوبصورت ہوگئے۔ بارش کا پانی اُبالنے پر بھی ویسا ہی خالص رہتا ہے، کوئی آلودگی نہیں ہوتی۔ آپ خود اُبال کر دیکھیں ایک ذرہ بھی نہیں نکلے گا لیکن بارش کا پانی ململ کے کپڑے سے پہلے چھان ضرور لیں کیونکہ بارش کے دوران اس میں مٹی، پتے شامل ہوجاتے ہیں۔ جب یہ پانی پینے کے لیے استعمال کیا ہے' دماغی کمزوری' ٹینشن' اعصابی کھچاؤ ختم ہوگیا ہے' معدہ کے مسائل کم ہوئے ہیں' صحت دن بدن بہترین اور چہرے پر رونق آنا شروع ہوگئی ہے۔ یہ کالم سوفیصد درست لکھا ہوا ہے۔

### لذیذ کھانا بنانے کا روحانی فارمولا

روزمرہ زندگی میں بھی میں ورد کرتی رہتی ہوں۔ مثلاً کھانا پکاتے وقت اگر اللہ کا ذکر واذکار کیا جائے تو کھانے میں لذت، برکت اور ذائقہ آتا ہے۔ میں کچن میں جاتے ہی سب سے پہلے درود شریف پڑھتی رہتی ہوں پھر یَاحَفِیْظُ گیارہ بار، یَاسَلَامُ اکیس بار، یَاقَادِرُ یَانَافِعُ چالیس بار، بِسْمِ اللّٰهِ الَّذِیْ لَا یَضُرُّ مَعَ اسْمِهٖ شَیْءٌ فِی الْاَرْضِ وَلَا فِی السَّمَآءِ وَهُوَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ تین بار۔ آیت الکرسی اگر نہیں پڑھا جائے تو غذا ہر قسم کے مضر اثرات سے محفوظ رہتی ہے۔ میرے ساتھ ایسا بھی ہوا کہ کھانا جلتے جلتے محفوظ رہا۔ عین وقت پر میں پہنچی اور جلنے سے بچ گیا۔ اللہ کے کلام میں جتنی طاقت ہے وہ کسی اور میں نہیں لیکن ایمان، یقین، اعتماد ضروری ہے۔ رش، ٹریفک کے ہجوم سے بچ کر نکلنے والا عمل سورۂ الم نشرح بھی نہایت باعمل ہے۔ کئی دفعہ کار پارکنگ کیلئے جگہ نہیں مل پاتی تھی ایسے میں جیسے ہی سورۂ الم نشرح تین مرتبہ پڑھ کر دَم کرتی تھی جگہ فوراً مل جاتی تھی کبھی جب میں پڑھنا بھول جاتی تھی تو میرے شوہر کہتے تھے کہ آج سورۃ نہیں پڑھی جو کار پارکنگ کی جگہ نہیں مل رہی، ٹریفک زیادہ ہے۔



# ایک چمچ زیرہ سے خراب پیٹ کا علاج' بارہا کا آزمودہ!

محترم شیخ الوظائف صاحب السلام علیکم! میں عبقری رسالہ پڑھتی اور رسالہ میں دیئے گئے ٹوٹکے آزماتی ہوں۔ چند آزمودہ ٹوٹکے قارئین کی خدمت میں پیش کر رہی ہوں۔

### خارش کا یقینی خاتمہ

مجھے ہر سال گرمیوں میں بہت زیادہ خارش ہوتی تھی۔ میں نے عبقری رسالہ میں خارش کے خاتمہ کے لئے ایک ٹوٹکہ پڑھا کہ اگر خارش کا مسئلہ ہو تو ناریل کا تیل، گندھک اور بورک ایسڈ ملا کر خارش والی جگہ پر لگائیں۔ اس سے جتنی بھی سخت خارش ہو وہ ختم ہوجاتی ہے۔ یہ میرا آزمودہ ہے۔

### خراب پیٹ ٹھیک ہوگیا

جب بھی پیٹ خراب ہوجائے تو اس بیماری کے لئے عبقری کے دو آزمودہ ٹوٹکے ہیں۔ ایک چمچ زیرہ کھالیں یا پھر ایک چمچ خشک پتی کھالیں۔ ان دونوں ٹوٹکوں میں سے کوئی بھی آزمالیتی ہوں اور میرا خراب پیٹ ٹھیک ہوجاتا ہے۔

### آنکھوں کی الرجی

ہر سال گرمیوں میں آنکھوں کی الرجی ہوجاتی تھی۔ میں نے یہ عمل کیا کہ کچھ دن فرض نماز کے بعد آیت الکرسی پڑھتے وقت ''وَلَا یَئُوْدُهٗ حِفْظُهُمَا'' گیارہ مرتبہ پڑھ کر ہاتھوں کی انگلیوں پر پھونک مار کر اپنی آنکھوں پر انگلیاں رکھتی اور باقی آیت الکرسی مکمل کرلیتی۔ اس سے مجھے بہت فائدہ ہوا اس سال الرجی نہیں ہوئی اور اس کے علاوہ میری نظر کی کمزوری کا مسئلہ بھی حل ہوگیا۔ (ثمینہ مبشر' لاہور)

## چار سالہ بچی اور شیطانی چڑیل کے وار

محترم شیخ الوظائف صاحب السلام علیکم! میری چار سالہ بیٹی رات کو اچانک ڈر کر اٹھ جاتی اور بتاتی کہ اسے کوئی چیز اپنی طرف کھینچتی ہے' سوتے وقت اکثر خواب میں کوئی چڑیل نظر آتی ہے جو اس کے بالوں کو نوچتی ہے۔ میں نے یہ مسئلہ اپنی مسجد کے امام صاحب کو بتایا۔ انہوں نے مجھے لاہور شیخوپورہ روڈ پر قلعہ ستار شاہ کے قریب واقع ہجویری محل کے آستانہ منت مراد میں جا کر اعمال کرنے کا مشورہ دیا۔ میں اسی دن اپنی بیٹی کو لے کر وہاں پہنچ گیا اور وہاں آستانہ منت مراد میں اونٹ کی ہڈی' اصحاب کہف کے نام' تھوتھوں' لاہوتی ڈوپٹہ و رومال اور اسمائے الحسنیٰ کے جلووں والے اعمال کیے۔ اس دن میں نے خواب میں ایک چڑیل کو جلتے ہوئے دیکھا جس کے بعد میری بیٹی کا مسئلہ حل ہوگیا اور دوبارہ اسے کبھی کسی شیطانی چیز نے تنگ نہیں کیا۔ (اجمل شہزاد' گوجرانوالہ)

 (تفصیلات صفحہ نمبر 65 پر)

# حاسدین مجھ سے بھیک منگوانا چاہتے تھے‘ 3 دن میں کرم ہوگیا

(س، لاہور)

ہمیں عبقری سے وابستہ ہوئے چار سال ہو گئے ہیں۔ میری زندگی میں بہت زیادہ تکالیف، مصیبتیں، پریشانیاں اور عذاب تھے۔ لگتا تھا کہ زندہ قبر میں ہوں۔ لیکن روحانی محفل سننے اور عبقری کی وجہ سے بے شمار فوائد ملے جس سے میری زندگی میں سکون آ گیا۔ کتنی دفعہ سوچا آپ کو لکھ دوں کہ میری طرح کسی اور کو بھی فائدہ پہنچے۔

دنیا میں ہر شخص ماں کی اہمیت پر بات کرتا ہے‘ ہمیشہ ماں کی تعریف و توصیف بیان کرتا ہے مگر ایسے کم لوگ ہیں جو بیوی کی اہمیت اور دکھوں پر بات کرتے ہوں۔ اللہ کا شکر ہے آپ نے اپنی روحانی محافل میں اکثر اس معاملے پر بات کی ہے۔ آپ کی ایک روحانی محفل جس میں آپ نے ساس کے اپنی بہو پر ظلم کے واقعات سنائے اس سے بہت فائدہ ہوا۔ میری ساس اور شوہر کے رویہ میں تبدیلی آئی۔ اس روحانی محفل کو سن کر بہت سے ایسے گھرانے جو عبقری کے ساتھ وابستہ ہیں ان میں تبدیلی آئی اور معاملات بہتر ہوئے۔ مجھے بہت خوشی ہے کہ شکر ہے کوئی تو اللہ پاک کا بندہ ہے جس کو اس رشتہ کا بھی احساس ہے۔ میری طرح ظلم سہتی بیویوں کو سکون ملا کہ کوئی تو ہے جو ہمارے دکھوں کو بیان کرنے والا ہے۔

## بیوی کو گھر سے نکال دو

میری زندگی میں بڑے عذاب تھے یہاں تک کہ سسرال اور میکے والے دونوں نے مل کر میری زندگی عذاب کر دی تھی۔ میرے شوہر کو کہا کہ اس کو گھر سے نکالو، بچوں کو سکول سے اُٹھا لو جبکہ میرا بڑا بیٹا اولیول اور باقی بچے بھی تعلیم حاصل کر رہے تھے۔ میں نے آپ سے ایک عمل سنا کہ تین سو بار اَللّٰہُ اَکْبَرُ صدقے کی نیت کر کے پڑھیں اور ساتھ سورۃ الفاتحہ پڑھیں اور اس کا ثواب اپنے شوہر کی روح کو ہدیہ کریں۔ آپ یقین کریں کہ میں نے اس عمل کو پڑھ کر اپنے شوہر‘ ساس، سسر اور تمام سسرال والوں کی روح کو ہدیہ کرنا شروع کر دیا۔ اس کے علاوہ اپنے ماں باپ بھائیوں اور بھابیوں کی روح کو، اپنی روح کو اور اپنے بچوں کی روح کو ہدیہ کیا اور ساتھ آپ نے جو چاولوں والا صدقہ کہ ایک مٹھی میں چاول لیں اور ہر دانے پر اَللّٰہُ الصَّمَدُ پڑھ کر یہ چاول دوسرے چاولوں میں ملا کر مچھلیوں کو ڈالنا تھے یہ عمل کیا اور اس کے ساتھ بکرے کا بھی صدقہ کیا۔ آپ نے دو، دو کر کے بارہ مرتبہ دو رکعت نماز نفل ادا کرنے اور ہر سلام کے بعد ایک ہزار مرتبہ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم اول وآخر سات مرتبہ درود شریف کے ساتھ پڑھنے کا عمل بتایا۔ مجھے کسی نے بتایا کہ اس عمل پر چھ سے سات گھنٹے لگ جاتے ہیں مگر میری مشکلات اتنی زیادہ تھیں کہ میں نے اللہ پاک سے ہمت مانگی اور شروع کیا، مجھے جس عمل نے سب سے زیادہ فائدہ پہنچایا وہ یہی ہے باقی اعمال سے بھی فائدہ ہوا۔ آپ نے فرمایا تھا کہ اللہ پاک تین دن میں فیصلے کر دیتے ہیں۔ آپ نے بالکل سچ فرمایا اس وظیفے نے ناممکن کو ممکن کر دیا۔ مجھے اور میرے بچوں کو دوبارہ زندگی عطا کر دی، لوگوں کی کوشش تھی کہ مجھے اور میرے بچوں کو گلیوں میں فقیر بنا دیں پر اللہ کی رحمت نے سارے عذاب دُور کر دیئے اور ہمیں سکھ کا سانس لینا نصیب ہوا۔ قارئین سے گزارش ہے کہ جو بھی یہ عمل کرے وہ جلدی نہ کرے‘ میرے حالات بھی آہستہ آہستہ بہتر ہوئے۔ تین سو بار اللہ اکبر کے عمل سے بہت سی مشکلیں حل ہوئیں۔ میرا دعویٰ ہے کہ کوئی بھی اپنی کسی مشکل کے لئے یہ عمل کرے اور اس کا کام نہ ہو ایسا ممکن نہیں۔ سورۃ قریش سارا دن پڑھنے سے رکاوٹیں ختم ہوتی ہیں۔ روحانی محفل سننے کی برکت سے سارے دشمنوں کو معاف کیا۔ کبھی وہ وقت تھا کہ میں کہتی تھی کہ کسی کو معاف نہیں کروں گی۔ اعمال کی برکت سے اللہ پاک نے توفیق دی اور میرا غصہ ختم ہوا اور بنا کسی کے کہے خود ہی اپنے دشمنوں کو جو معافی کے قابل بھی نہ تھے‘ معاف کرنے کے بعد ان کے رویے میں بھی لچک آ رہی ہے۔

# بے اولادی کے مسئلہ نے ساری خوشیاں چھین لیں

چند ماہ پہلے میری منگنی ہوئی‘ میری ہونے والی ساس کا رویہ بھی بہت اچھا تھا اور وہ مجھے ہمیشہ بیٹی کہہ کر پکارتیں‘ جو چیز اپنی اکلوتی بیٹی کے لئے خرید کر لاتیں وہی میرے لئے بھی ضرور لاتیں۔ میرے جو منگیتر تھے وہ پڑھے لکھے اور ایک اچھے سرکاری عہدے پر نوکری فائز تھے۔ ہمارے چچا یعنی والد صاحب کے دوست جن کے اصرار پر میرا رشتہ ہوا تھا‘ وہ بھی ان کی بہت تعریف کرتے تھے۔ ہماری دو سال منگنی رہی اور جب میں نے اپنی تعلیم مکمل کر لی تو والدین نے دھوم دھام کے ساتھ ہماری شادی کر دی۔ میری شادی ہوئے ایک سال گزر گیا مگر اولاد کی امید نہ لگی۔ میڈیکل ٹیسٹ کروانے سے معلوم ہوا کہ میں بانجھ پن کا شکار ہوں۔ جس دن یہ خبر ملی اس دن کے بعد میری ساس کا رویہ بدلنا شروع ہو گیا۔ پہلے وہ میری غلطیوں کو بھی نظر انداز کر دیتی تھیں لیکن جب انہیں معلوم ہوا کہ میں بانجھ پن کا شکار ہوں تو انہوں میری چھوٹی چھوٹی باتوں میں خامیاں نکالنی شروع کر دیں۔ میرے شوہر نے بھی مجھ سے آنکھیں پھیر لیں اور بات بات پر لڑنا جھگڑنا شروع کر دیا۔ میں اپنے شوہر سے اجازت لے کر چند دن کے لئے گھر گئی تو والدہ مجھے تسبیح خانہ لاہور میں موجود گوشہ میں لے گئیں اور وہاں جا کر ہم نے کرشماتی چرخہ والا عمل‘ بندش توڑ تالہ‘ طلسماتی خنجر‘ سکندری شیشہ‘ خوشبو دار طلسمات‘ برکتی دستر خوان‘ نورانی جھرو کے‘ چکی حضرت بی بی فاطمہؓ والے تمام اعمال کیے۔ مجھے ایسے محسوس ہوا جیسے جسم پر کوئی بہت بھاری بوجھ تھا جو اچانک ختم ہو گیا۔ دو دن بعد میرے شوہر مجھے واپس گھر لے گئے۔ شوہر کے رویہ میں کچھ بہتری محسوس ہوئی۔ میں نے اللہ کا شکر ادا کیا اور ساتھ ہی ساتھ طلسماتی خنجر والے عمل کے دوران جو حروف صوامت کے الفاظ ’’اَحَدَ سَصَطَعَ کَلْمُوْہ‘‘ پڑھے تھے انہیں اپنے معمول میں شامل کر لیا۔ چند ماہ بعد مجھے اولاد کی امید بھی لگ گئی اور میری ساس کا رویہ بھی اچھا ہو گیا۔ یہ سب گوشہ طلسمات میں روحانی طلسماتی اعمال کرنے کی برکت سے ہوا۔ (پوشیدہ)

## عملیاتی چرخہ اور حیرت انگیز طلسمات! دُکھ درد پریشانیاں چند منٹ میں دور

تسبیح خانہ لاہور کے ہال نمبر ایک میں مردوں کیلئے اور تسبیح خانہ لاہور ہال نمبر دو میں خواتین کیلئے ’’گوشہ طلسمات‘‘ بنایا گیا ہے۔ جس میں اولیاءؒ کے 8 آزمودہ عمل دیئے گئے ہیں۔ بندش توڑ تالے کا انوکھا عمل‘ چابی گھمائیں اور بندش کھلوائیں۔ عملیاتی چرخہ اور حیرت انگیز طلسمات جس سے مشکلیں، بندشیں چند لمحوں میں دور۔ صبح و شام لوگ بغیر کسی اپوائنٹمنٹ کے بالکل مفت اپنے روحانی مسائل کا حل پائیں۔ گوشہ طلسمات روزانہ صبح 8 تا شام 6 بجے تک کھلا رہے گا۔ (اجازت عام ہے۔)

# منگل کے دن چھری ہاتھ میں پکڑ کر یہ عمل کیجئے! نحس گھڑیوں سے نجات پائیے

## (کسوف وخسوف) سورج، چاند گرہن 2023ء

2023ء کے سورج چاند گرہن کے اثرات بد سے محفوظ رہنے‘ نحس لمحات میں اپنی نسلوں کو محفوظ رکھنے‘ گھر کاروبار کو محفوظ رکھنے کیلئے آپ کیلئے یہ ماہ جون 2023ء کیلئے چنا گیا ہے۔

### نحوست بھرے لمحات سے نجات (ماہ جون)

1۔ ماہ جون کے ہر منگل والے دن دوپہر 3 بجکر 5 منٹ سے لے کر 6 بجکر 15 منٹ تک کسی بھی وقت ہاتھ میں کسی بھی دھات کی چھری پکڑ کر صرف 13 مرتبہ یاخبیر یاحلیم یاشافی پڑھیں۔ اس چھری پر اور اپنے پورے بدن پر پھونک ماردیں۔ اب اس چھری کو کچن کے استعمال میں لائیں‘ اس سے جو بھی چیز کاٹیں گے ان شاء اللہ اس میں خیر‘ برکت اور شفاء ہوگی۔ آنے والی آفات وبلیات سے حفاظت ہوگی۔

2۔ اس مہینے روزانہ جب بھی سونے کے لئے بستر پر لیٹیں تو گیارہ مرتبہ یَا مُؤْمِنُ کا ورد کریں۔ اس مختصر طاقتور عمل کی برکت سے حفاظت اور کفالت کا انوکھا نظام متوجہ ہوگا۔

3۔ ذوالحجہ کے چاند کی گیارہ سے لیکر 17 تک روزانہ صحن یا چھت پر چاند کو دیکھتے ہوئے یَاجَامِعُ یَانُوْرُ یَابَاقِیُ سات مرتبہ پڑھ کر اپنے ہاتھوں پر دم کر کے سارے جسم پر ہاتھ پھیریں‘ یہ عمل 7 مرتبہ دہرائیں۔ نوٹ: اگر موسم ابر آلود ہونے کی وجہ سے چاند نظر نہ آرہا ہو یا چھت وغیرہ میسر نہ ہو تو اپنے کمرہ میں ہی بیٹھ کر اوپر دیکھتے ہوئے یہی عمل کریں۔

عمل کا ہدیہ: سات دن کے بعد جب یہ عمل مکمل ہو جائے تو 70 روپے یا 700 روپے کسی مستحق کو صدقہ دیں۔ یہ صرف تین عدد وظائف ہیں جو آپ کو اس پورے مہینے میں نحس گھڑیوں سے ان شاء اللہ محفوظ رکھیں گے اور آپ کی آنے والی خوشیوں کے در کھلیں گے۔

### سال کا دوسرا سورج گرہن!

14 اور 15 اکتوبر کی درمیانی شب لگنے والا گرہن رنگ آف فائر کے نام سے جانا جائے گا۔ اس کا نقطہ آغاز 14 اکتوبر رات 8 بجکر 03 منٹ 50 سیکنڈ جبکہ باقاعدہ آغاز رات 9 بجکر 10 منٹ 11 سیکنڈ۔ نقطہ عروج رات 10 بجکر 59 منٹ 32 سیکنڈ جبکہ آغاز اختتام گرہن 15 اکتوبر رات 12 بجکر 49 منٹ 01 سیکنڈ اور مکمل خاتمہ 01 بجکر 55 منٹ 16 سیکنڈ پر۔ گرہن 26.56 درجہ پر لگے جس کا دورانیہ تقریباً 5 گھنٹے 52 منٹ رہے گا۔

اس کے سال بھر کے اثرات سے محفوظ رہنے کیلئے عبقری میں ہر ماہ آنے والے چھوٹے چھوٹے اعمال کرنا ہر گز نہ بھولیے۔

### سال کا آخری چاند گرہن! دن یاد رکھیے!

سال کا آخری جزوی قمری گرہن 28 اور 29 اکتوبر کی درمیانی شب 28 اکتوبر انتہائی نقطہ آغاز 23 بجکر 01 منٹ 44 سیکنڈ پر جبکہ باقاعدہ آغاز 00 بجکر 35 منٹ 18 سیکنڈ ہو جس کا نقطہ عروج 29 اکتوبر 01 بجکر 14 منٹ آغاز خاتمہ گرہن 29 اکتوبر 01 بجکر 52 منٹ 37 سیکنڈ جبکہ مکمل خاتمہ گرہن 03 بجکر 26 منٹ 19 سیکنڈ پر ہوگا

4 گھنٹے اور 25 منٹ طویل

گرہن پاکستان میں بھی دیکھا جاسکے گا۔

## جینے کی امید کھو چکا تھا مخلص کا مشورہ کام آگیا

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! دو سال پہلے میرا ٹرانسفر ایک ایسی جگہ ہوا جہاں اردگرد فیکٹری ایریا تھا۔ وہاں کا پانی ناقص تھا مگر بعض اوقات منرل واٹر کی عدم دستیابی کی وجہ سے مجبوراً وہ پانی پینا پڑتا۔ تقریباً چار ماہ بعد میرے گردے میں تکلیف ہونا شروع ہوگئی۔ میں بیمار رہنے لگا اور مسئلہ اس حد تک خراب ہوگیا کہ میرے گردے ناکارہ ہونے لگے اور ڈائیلائسز کی نوبت آگئی۔ میں جینے کی امید بھی کھو چکا تھا کیونکہ میں پوری طرح صحت یاب نہیں ہو پارہا تھا اور گردوں کا مرض بھی بڑھتا چلا جارہا تھا۔ گھر والے بھی میری اس بیماری کی وجہ سے سخت پریشان تھے۔ میرے بھائی کے ایک دوست نے عبقری دواخانہ کی ”گردے فیل شفاء“ دوا استعمال کرنے کا مشورہ دیا۔ میں گردوں کا ڈائیلائسز بھی کرواتا رہا اور اس کے ساتھ ساتھ گردے فیل شفاء دوا کا بھی استعمال کرتا رہا۔ ایک ماہ مسلسل یہ دوا استعمال کرنے سے مجھے کچھ افاقہ محسوس ہوا۔ میرے اندر جینے کی ایک آس اور امید پیدا ہوئی۔ میں نے اس دوا کو مسلسل چار ماہ استعمال کیا اور اس دوران ڈاکٹر کے مشورہ کے مطابق ڈائیلائسز بھی ہوتے رہے۔ اللہ کا شکر ہے کہ اس مخلص انسان کا مشورہ کام آگیا اور میرے گردے جو بے جان اور ناکارہ ہورہے تھے تندرست ہونا شروع ہوگئے۔ اللہ کا شکر ہے گردہ شفاء کی وجہ سے اب میں ایک نارمل زندگی گزار رہا ہوں اور عبقری کو دعائیں دے رہا ہوں۔ (آفتاب سلیم‘ سکھر)

## سخت بخار اور جسمانی درد علاج مجھ سے لیں!

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! جب بھی موسم تبدیل ہوتا تو میں بخار کے مرض میں مبتلا ہوجاتا اور پھر میں ہفتوں اسی مرض میں مبتلا رہتا جس کے بعد سخت کمزوری ہوجاتی‘ آنکھیں بھی دھنس جاتی تھیں۔ چند ماہ پہلے میں نے عبقری رسالہ میں جوہر شفاء مدینہ کے بارے میں پڑھا اور اس بار جب بخار ہوا تو میں نے بروشر میں دی گئی ہدایات کے مطابق جوہر شفاء مدینہ کا قہوہ بنا کر استعمال کیا۔ میری طبیعت ان دنوں بخار کی وجہ سے کافی نڈھال ہوگئی اور صحت بھی کمزور ہونا شروع ہوگئی۔ اللہ کا شکر ہے کہ تین دن مسلسل یہ قہوہ پینے سے بخار بالکل ختم ہو گیا اور میں صحت یاب ہوگیا۔ بخار کے بعد جسمانی کمزوری کا جو سامنا کرنا پڑتا تھا اس بار وہ مسئلہ بھی نہیں ہوا۔ پہلے جب بھی بخار ہوتا تھا تو مختلف ادویات کا استعمال کرتا‘ انجکشن اور ڈرپ لگتی‘ بستر سے اٹھنا بھی مشکل ہوجاتا تھا۔ مگر جوہر شفاء مدینہ کے استعمال سے اس بار ان تمام مسائل سے حفاظت رہی۔ میری والدہ کے جسم میں درد اور بے چینی رہتی تھی جس وجہ سے وہ ساری رات سو نہیں پاتی تھیں۔ میں نے انہیں بھی جوہر شفاء مدینہ کا قہوہ بنا کر استعمال کروایا اللہ کا شکر ہے کہ ایک ہفتہ میں ان کی تمام جسمانی تکالیف ختم ہوگئیں۔ میرے گھر میں ہر وقت جوہر شفاء مدینہ موجود ہوتی ہے جب بھی گھر میں کوئی بیمار پڑتا ہے تو اسی دوا کے استعمال سے اللہ پاک شفاء عطا فرما دیتے ہیں۔ (مدثر امجد‘ ساہیوال)

# سسرال‘ شوہر‘ زمانہ اور اب اولاد کا غم

قسط 6

زندگی میں دکھ اور غم پیدائش کے پہلے دن سے ہی ملنا شروع ہوگئے۔ جب آنکھ کھولی تو خود کو یتیم پایا۔ جب ہوش سنبھالی تو بنیادی ضروریات اور تعلیم کے لئے کسی نہ کسی رشتہ دار کے آگے ہاتھ پھیلانا پڑتا۔ چھوٹی عمر میں ہی میری شادی کے لئے واویلا شروع کر دیا گیا۔ شادی کے معاملے پر والدہ اور دھدیال والوں کا آپس میں جھگڑا ہوا جس وجہ سے میری والدہ گھر چھوڑنے پر مجبور ہوگئیں لیکن انہیں اس بات کی خبر نہ تھی کہ باہر بھیڑیئے رہتے ہیں اور اپنی جوان بیٹی کو لے کر کہاں جاؤں گی کیونکہ وہ کبھی باہر نہیں نکلی تھیں اور نہ انہیں باہر کی دنیا کا پتہ تھا۔ والدہ ایک قریبی رشتہ دار عورت کے پاس لے کر چلی گئیں جو بہت ہی لالچی تھی۔ اس خاتون نے چند ہزار روپے کے عوض میرا رشتہ ایک ایسے گھرانے میں کر دیا جو پہلے سے ہی بدنام تھا۔ مگر اس خاتون کو وہ پیسے بھی نہ مل سکے اور میری زندگی بھی برباد ہوگئی۔ میرے سسرال والے بہت تنگ نظر ہیں۔ انہوں نے ہمیشہ میرے کردار کو غلط نظر سے ہی پرکھا صرف اس وجہ سے کہ میں شہر کی ہوں اور ان کے نزدیک شہر سے تعلق رکھنے والی عورت برائیوں اور علتوں کا شکار ہوتی ہے جبکہ میں اپنی والدہ کی طرح شہر سے تعلق رکھنے کے باوجود چار دیواری میں ہی رہی۔ شادی کے پہلے دن سے ہی یہ معاملات شروع ہوگئے۔ آج شادی کو 23 سال ہوگئے پہلے شوہر اور سسرال والوں نے جینا محال کیا ہوا تھا مگر اب اولاد جوان ہوگئی ہے اور ان کے سامنے مجھے گالیاں دی جاتی ہیں‘ بری طرح ذلیل کیا جاتا ہے۔ دو وقت کھانا بھی نصیب نہیں ہوتا‘ کوئی دن ایسا نہیں گزرا جس دن میں روئے بغیر سوئی ہوں۔ سسرال‘ شوہر اور زمانے کا غم تو برداشت کرتی رہی مگر اب اولاد کا غم برداشت نہیں ہوتا۔ بڑا بیٹا شراب پینے لگا ہے اور چھوٹے بیٹے کو بھی مختلف نشوں کی لت لگ چکی ہے‘ نشے کے لئے پیسے نہ ملے تو گالیاں نکالتا ہے اور مجھ پر ہاتھ اٹھانے سے بھی گریز نہیں کرتا۔

میں ٹی بی اور دمہ کے امراض میں مبتلا ہو چکی ہوں۔ خودکشی کرنے کو دل چاہتا ہے لیکن سوچتی ہوں جہاں اتنی زندگی کاٹ لی وہاں تھوڑی اور سہی اور میکے جاتی ہوں تو ان سے اپنی ضرورتوں کیلئے ہاتھ پھیلاتی ہوں اور دل چاہتا ہے ڈوب کر مر جاؤں۔ میری چھوٹی بیٹی کے ساتھ بیٹے بہت برا سلوک کرتے اور بات بات پر اسے مارتے ہیں۔ وہ جوان ہو چکی ہے مگر ابھی تک اس کے جہیز اور شادی کے لئے کوئی سامان نہ بنا سکی۔ بیٹے کوئی کام نہیں کرتے‘ باپ کو بھی مارتے ہیں۔ شوہر مجھے گھر سے نکالنے پر تلا ہوا ہے۔ باپ بیٹے بہت ذلیل کرتے ہیں اور نشے کے لئے مجھ سے اور میرے رشتہ داروں سے پیسے مانگنے لگتے ہیں۔

## ایسے دکھوں اور کانٹوں بھری زندگی سے نکلنے کا عمل

صبح و شام 29 مرتبہ سورۂ قصص کی آیت نمبر 24 رَبِّ اِنِّیۡ لِمَاۤ اَنۡزَلۡتَ اِلَیَّ مِنۡ خَیۡرٍ فَقِیۡرٌ کا ورد اپنے مسائل کا سخت تصور کرتے ہوئے گڑگڑا کر یقین توجہ اور دھیان کے ساتھ کریں۔ مغرب کے بعد 33 مرتبہ اول وآخر تین بار درود پاک کے ساتھ یہی آیت پڑھ کر پانی دم کریں۔ یہ پانی پینے اور کھانے میں شامل کریں۔ **اس عمل کا ہدیہ:** چالیس دن بعد 24 یا 124 روپے کی شرینی تقسیم کر دیں۔ اس عمل کو اپنے مسئلے کے حل تک جاری رکھیں۔ ان مسائل میں مبتلا تمام افراد یہ عمل ہر حالت میں کر سکتے ہیں۔

# حجام سے گنجے پن کا علاج مل گیا!

محترم شیخ الوظائف صاحب السلام علیکم! میں جتنا بھی اللہ کا شکر ادا کروں کم ہے کہ آج کے جدید دور میں جہاں آئے روز نت نئی بیماریاں اور پیچیدہ مسائل سے تقریباً ہر شخص بری طرح متاثر ہے وہاں عبقری ہمیں ان مسائل کا آسان حل بلاتفریق‘ رنگ ونسل ہماری دہلیز پر دے رہا ہے۔ اپنے کچھ مشاہدات تحریر کر رہا ہوں‘ امید ہے آپ عبقری رسالہ میں شائع کریں گے۔

## خونی و بادی بواسیر

کچھ عرصہ پہلے مجھے بواسیر ہوگئی اور اس بیماری نے بے چین و پریشان کر کے رکھ دیا۔ اس بیماری سے شفاء پانے کے لئے میں نے ماہنامہ عبقری میں خونی و بادی بواسیر کے لئے ایک نسخہ پڑھا جس میں ھوالشافی: پچاس گرام کلونجی، پچاس گرام اسپغول کا چھلکا اور سو گرام شہد، کلونجی پیس لیں۔ کلونجی کا سفوف‘ شہد اور چھلکا اسپغول آپس میں مکس کر کسی ڈبے میں محفوظ کر لیں۔ ایک چمچ ناشتے اور ہر کھانے کے بعد چاہیں تو نہار منہ بھی لے سکتے ہیں۔ میں نے یہ نسخہ تیار کیا اور چند ماہ استعمال کیا اس نے مختصر عرصہ میں مجھے اس بیماری سے شفا دِلوادی۔

میرے سر پر ایک دانہ سا نکلا، میں سمجھا یہ گرمی دانہ ہے یا پھر کسی کیڑے وغیرہ نے کاٹ لیا ہے۔ کچھ دن بعد وہاں سے میرے بال غائب ہونا شروع ہوگئے۔ میں بال کٹوانے گیا تو حجام نے کہا کہ آپ کو بالچر ہے۔ میں پریشان ہوگیا، میں نے اسی سے پوچھا اس کا کوئی علاج؟ کہنے لگا شہر میں میرے چچا ہیں، وہ دَم بھی کرتے اور دوائی بھی دیتے ہیں۔ میں شہر گیا، ان کے چچا کو تلاش کیا اور آخر کار وہ مل گئے۔ میں نے کہا آپ کے بھتیجے نے بھیجا ہے اور یہ مسئلہ ہے۔ انہوں نے کہا دَم نہیں ہوسکتا کیونکہ آپ تاخیر سے آئے ہیں۔ میں نے کہا نسخہ بنا دیں‘ مگر انہوں انکار کر دیا۔ میں نے اس شخص کی منت سماجت کی جس کے بعد وہ مجھے نسخہ دینے پر راضی ہوگئے۔ میں نے وہ نسخہ لکھا اور استعمال کیا۔ اس نسخے کی وجہ سے چند ہفتوں میں ہی میرا بالچر کا مسئلہ حل ہوگیا۔ میرے بہنوئی کو بھی بالچر کا مسئلہ تھا میں نے انہیں بھی یہی نسخہ بنا کر دیا جس سے انہیں بھی شفاء مل گئی۔ وہ نسخہ قارئین کی خدمت میں پیش کر رہا ہوں۔ **ھوالشافی:** ایک پاؤ سرخ مرچ ثابت جو تقریباً ڈیڑھ انچ لمبی ہو اور ڈنڈی وغیرہ نہ ہو اور گائے کا دیسی گھی لیں۔ **طریقہ:** صاف شدہ ایک پاؤ سرخ مرچ کو توے پر ڈالیں اور پلیٹ (سٹیل وغیرہ والی) سے ڈھانپ دیں، چولہے پر رکھ کر اتنی دیر آگ پر پکائیں کہ ساری مرچ جل کر کوئلہ بن جائے۔ ٹھنڈا ہونے پر ان مرچوں کو ہاتھ سے مسل کر راکھ بنا لیں اس میں گائے کا دیسی گھی اتنا ڈالیں کہ پیسٹ بن جائے، دوائی تیار ہے، ڈبی میں محفوظ کر لیں اس دوائی کو متاثرہ جگہ پر صبح لگالیں اور شام کو دھولیں۔ ان شاءاللہ ایک ماہ یا ڈیڑھ ماہ میں بالچر کا مسئلہ بھی ختم ہو جائے گا اور نئے بال بھی اُگ آئیں گے۔ اگر کوئی شخص بالچر کے مرض میں مبتلا ہو تو میرا یہ آزمودہ ٹوٹکہ ضرور آزمائیں ان شاءاللہ شفاء ہوگی۔ (نوٹ) مرچ جلانے والا کام کسی کھلی فضا میں کریں کیونکہ اس سے گھٹن، چبھن وغیرہ ہوتی ہے جس سے گھر کے باقی افراد کو بھی پریشانی کا سامنا ہوتا ہے۔ (م۔ا، نارووال)

## یہ عمل آپ کی نسلوں کو رنگ دے گا

تمام مخلصین شیخ الوظائف‘ ان کی نسلوں اور تمام نظام کی کفایت‘ کفالت‘ برکت‘ عافیت اور فتنوں سے حفاظت کا تصور کر کے دو رکعات نفل نماز حاجت اور تین مرتبہ سورۃ یٰسین والے عمل کا اہتمام کریں اور شیخ الوظائف کی خاص توجہات اور دعائیں لیں! اس عمل کا فیض اور برکتیں آپ کی نسلوں کو رنگ دے گا۔ ان شاءاللہ۔

# روحانی چلہ سے اتنا ملا زندگی بھر شکر کروں تو بھی کم ہے

محمد سلیم کشمیری، لاہور

میں لڑکپن سے لے کر آج تک مختلف وظائف کرتا رہا مگر ان وظائف کے ساتھ جو شرائط ہوتی ہیں، ان کا خیال نہیں رکھتا تھا اور اکثر عمل میں ناغہ بھی ہو جاتا' اس کی وجہ سے مجھے وظائف کی تاثیر نہ مل سکی۔ لیکن جب عبقری کا تعارف ہوا اور شیخ الوظائف کی کتب کا مطالعہ کرنا شروع کیا تو اس سے صحیح رہنمائی اور بہت مفید معلومات نصیب ہوئیں۔ پھر میں نے تسبیح خانہ حاضر ہو کر ہر ہفتے ہونے والے روحانی چلہ میں شرکت کی جس سے مجھے اتنا رزق' عافیت برکت ملی کہ میری زندگی راحت کدہ بن گئی۔ پہلے میرے دل و دماغ پر ہر وقت غموں دُکھوں کے خیالات مسلط رہتے تھے اب مجھے ایسا محسوس ہوتا ہے کہ منوں وزنی بوجھ سے نجات ملی اور مجھے خوش رہنا، اطمینان وسکون نصیب ہوا ہے۔

میری زندگی غموں دُکھوں، مسائل ومشکلات کے بہت بڑے سمندر میں پھنسی ہوئی تھی۔ میرا کچھ بھی نہیں بچا تھا لیکن روحانی چلہ سے واپسی کے بعد اب مجھے کھوئی ہوئی طاقتیں، برکات، آسانیاں، کامیابیاں، توفیق، تکمیل اور قبولیت دوبارہ واپس ملنی شروع ہو گئی ہیں اور تمام مرادیں پوری ہونے کی قوی اُمید اور آثار نظر آ رہے ہیں۔

## ذکرِ خاص کی برکت سے ذاتی گھر ملا!

روحانی چلہ کے دوران ذکرِ خاص کروایا جاتا ہے۔ میں نے اس عمل کے بعد اللہ سے دعا کی کہ میرے پاس اسباب نہیں لیکن تو اس عمل کی برکت سے مجھے اپنا ذاتی گھر عطا فرما دے۔ میں جس گھر میں رہتا تھا اس کا مالک مکان گھر خالی کروا رہا تھا اور میرے پاس اتنی رقم نہیں تھی کہ میں دوسرا گھر لے سکوں لیکن اللہ نے میرے لئے ایسے ایسے راستے اور دروازے کھول دیئے جو میرے خیال اور وہم وگمان میں بالکل نہیں تھے اور میں کرائے کے گھر کے لئے پریشان تھا لیکن اللہ نے مجھے اپنا گھر دے دیا۔ یہ بات ایک معجزے سے کم نہیں ہے۔ میں نے روحانی چلہ کی برکت دیکھی تو مسلسل چلہ میں شامل ہونا شروع کر دیا' اس کی برکت سے میرے اندر اپنی ذات سے نکل کر مخلوق خدا کی خدمت کا جذبہ پیدا ہوا۔ پہلے بھی لوگوں کے غم اور درد سنتا تھا لیکن کسی کی پرواہ نہیں تھی لیکن اب دل سے دعائیں نکلتی ہیں کہ اللہ سب کے دکھ درد ختم کر دے۔ تسبیح خانہ میں خدمت کرنے کا شوق اور جذبہ نصیب ہوا ہے۔ میری شدید خواہش ہے کہ مجھے میرے مرشد کی خصوصی توجہات اور دعائیں نصیب ہوں تا کہ میں بھی گناہوں اور اللہ کی نافرمانی سے پاک زندگی گزار سکوں۔

## پہلے میں حلیے سے نشئی لگتا تھا

پہلے میرا حلیہ نشہ کرنے والے اور پاگل قسم کے لوگوں جیسا ہوتا تھا اب حلیے میں صفائی' سلیقہ اور شخصیت میں ایک اطمینان اور خوش گواری آ گئی ہے۔ زندگی کا اصل سلیقہ تو اللہ والوں کی صحبت میں رہ کر ہی نصیب ہوتا ہے۔ روحانی چلہ کے دوران تسبیح خانہ سے بیعت ہونے کے بعد مجھے اس استغفار اَسْتَغْفِرُ اللهَ رَبِّیْ مِنْ كُلِّ ذَنْبٍ وَّاَتُوْبُ اِلَيْهِ کا تحفہ ملا' میرا دل چاہتا ہے کہ میں ہر وقت یہی پڑھتا رہوں۔ اس کے مجھے اتنے فائدے ملے کہ میں ساری زندگی سر سے لے کر پاؤں تک اپنی پوری طاقت اور قوت کے ساتھ اللہ کا شکر ادا کرنے کی کوشش کرتا رہوں اور ساری زندگی پوری پوری رات جاگ کر ذکر وعبادت کرتا رہوں تب بھی اپنے اللہ کا شکر نہیں ادا کر سکتا۔ آج کے دور میں تسبیح خانہ جو مبارک اعمال اور نعمتیں بانٹ رہا' کہیں اور اس کی مثال نہیں ملتی۔

# کورا پیالہ لائیں عمل کریں اور خوشخبریاں پڑھتے جائیں!

**تسبیح خانہ میں ہر ہفتے تین دن کا چلہ جمعرات عصر سے شروع' اتوار ظہر تک اختتامی دعا ہوتی ہے!**

## چلہ کے معمولات! 7 روحانی پیکیج! جادو' بندشیں' بیماریاں' مشکلات ختم

یقین جانیئے! جو بھی تسبیح خانہ میں 3 دن گزار کر گیا۔ آج خوشحال ہے اس کی مرادیں پوری ہو چکی ہیں' بیماریاں ختم' روگ ختم' بندشیں ختم! آیئے! آزما لیجئے!

**(1) پرانا سوٹ ہمراہ لائیں! جادو' جنات' آسیب' بیماریاں ختم!** پرانا سوٹ ہمراہ لائیں' سوٹ کو سامنے رکھ کر خاص عمل کروایا جائے گا' بس گھر جا کر تین راتیں سوتے وقت' صرف یہ سوٹ پہنیں' پھر اپنی جادو جنات' آسیب بیماریوں کو ختم ہوتا دیکھیں۔

**(2) تالا کے عمل سے ہر بندش کھل گئی!** ایک چھوٹا نیا تالا چابی کے ہمراہ لے آئیں' اس پر خاص عمل ہوگا' بس گھر جا کر اسے کھولیں گے تو تمام بندشیں ختم ہو جائیں گی۔

**(3) بے اولادی ختم! ان شاء اللہ بیٹا ہوگا! 3 عدد آلو ہمراہ لائیں!** اولاد نرینہ اور بانجھ پن کے خاتمہ کیلئے آلو پر عمل کروایا جائے گا۔ گھر جا کر بتائی گئی ترتیب سے استعمال کریں۔

**(4) کروڑ پتی بننے کا روحانی نسخہ!** شکر' ٹوٹا چاول' اور باجرہ یہ تینوں چیزیں ایک ایک پاؤ لے کر مکس کر لیں۔ کسی ڈبے میں لے آئیں' شاپر میں نہ لائیں۔ غربت' تنگدستی' بے روزگاری کیلئے اس پر آخری باکمال عمل کروایا جائیگا۔

**(5) آیئے! کامیاب استخارہ کیجئے!** استخارے کیلئے ایک عمل کروایا جائے گا! ہر کام کا نفع نقصان آپ کے سامنے کھل جائے گا! جاگتی آنکھوں سے دیکھیں۔

**(6) گھریلو جھگڑے اور ناچاقیاں واقعی ختم:** گھریلو جھگڑے' میاں بیوی کی ناچاقیاں ختم اور شدید محبت کیلئے ایک تعویذ ہاتھ کی مٹھی میں بند کر کے عمل ہوگا۔ جس کے بعد تعویذ کو جلا دیا جائے گا! جیسے ہی تعویذ جلے گا آپس کے جھگڑے' اور نفرتیں بھی جل جائیں گی۔

**(7) جائے نماز' مٹی کا کورا پیالہ اور خوشبو ہمراہ لائیں!** ہر قسم کی حاجت اور مشکل کے فوری حل کیلئے جائے نماز' مٹی کے پیالے اور خوشبو پر عمل ہوگا۔ گھر جانے سے پہلے ہی ان شاء اللہ آپ کو خوشخبری مل جائے گی۔

## اہلیان سندھ پر شیخ الوظائف کی خاص شفقت!

صوبہ سندھ میں جتنے تاریخی مقامات ہیں یا ہاتھ کی لکھی ہوئی قلمی کتب ہیں' آپ کے علم میں ہے' ہمیں ضرور خط یا ٹیلی نار کے نمبر پر اطلاع دیں اور تفصیل سے بھیجیں۔

ان شاء اللہ دسمبر میں شیخ الوظائف کا اندرون سندھ کا سفر ہوگا اور وہ وہاں تشریف لائیں گے۔ عبقری سے عشق و محبت کرنے والے ہی توجہ کریں گے۔ درج ذیل نمبر پر صرف ایس ایم ایس یا واٹس ایپ کریں۔

**03438710009**



زندگی سے تنگ آ چکے ہیں ہر طرف سے مصائب پریشانیاں ہیں۔ خودکشی کرنے سے پہلے 9،10 محرم تسبیح خانہ میں گزاریں آپ کے لئے زندگی کی نئی راہیں کھلیں گی کامیابی کے در کھلیں گے (تفصیلات صفحہ نمبر 65 پر)

# وظائف اور ٹوٹکے لوگ ایسے پوچھتے ہیں جیسے میں کوئی بڑا پیر یا حکیم ہوں!

## تسبیح خانہ میں آئے احباب کے بتائے مشاہدات! عبقری قارئین کے نام

### زخموں کے لئے مرہم! دس سال سے آزمودہ نسخہ

محترم شیخ الوظائف صاحب السلام علیکم! تسبیح خانہ میں یہ میرا تیسرا رمضان ہے۔ میں خاندانی حکیم تو نہیں ہوں مگر حکمت کا بہت زیادہ شوق ہے۔ میں نے پرانے حکیموں اور معالجوں سے چند نسخے سیکھے اور آزمائے جن سے نفع ہوا۔ مگر ساری زندگی کی محنت ایک طرف اور جو تسبیح خانہ میں تیسرا رمضان گزار رہا ہوں وہ ایک طرف رکھا جائے تو یہ حقیقت ہے کہ جتنے آسان اور آزمودہ طبی ٹوٹکے تسبیح خانہ میں قیام کرنے والے لوگ بتاتے ہیں اس کی نظیر کہیں اور نہیں ملتی۔ تسبیح خانہ سے ملنے والے طبی ٹوٹکے اپنے عزیز واقارب کو بتاتا ہوں اور خود بھی آزماتا ہوں جن سے واقعی بہت فائدہ ہوتا ہے۔ آج اپنا ایک مجرب نسخہ پیش کر رہا ہوں جو میرا دس سالہ آزمودہ ہے۔ وہ نسخہ پائیوڈین بنانے کا ہے۔ ھوالشافی: اسپرٹ' تھنر 'لاک دانہ اور چندرس یہ اجزاء لیں۔ تھنر اور اسپرٹ برابر برابر مقدار میں لیں اگر ایک ایک لٹر تھنر اور اسپرٹ ہیں تو پچاس پچاس روپے کی لاک دانہ اور چندرس ہو (چندرس بھی کہتے ہیں سندرس بھی کہتے ہیں یہ فرنیچر کی پالش میں کام آتی ہے) اس کو دھوپ میں رکھ دیں تاکہ وہ آپس میں حل ہو جائیں۔ اس کے بعد کپڑے سے نتھار لیں جو صاف شیشے کی طرح ہو جائیں گی۔ بس نسخہ تیار ہے۔ اگر کبھی کوئی زخم ہو جائے' تھوڑا سا کٹ لگ جائے تو ٹانکے لگوانے کی بھی ضرورت نہیں۔ یہی لگائیں خون بھی رک جائے گا' زخم بھی مل جائے گا' نشان بھی نہیں پڑے گا۔ دس سال سے آزمودہ ہے۔ پورے علاقے میں اگر کسی کو کٹ لگتا ہے تو ہمارے گھر آجاتا ہے۔ میں اس کو یہی نسخہ استعمال کرواتا ہوں جس سے الحمدللہ! یہی زخم ٹھیک ہو جاتا ہے۔ اس سے پہلے یہ نسخہ میں صرف استعمال کرواتا تھا مگر شیخ الوظائف اور تسبیح خانہ مقیمین کی سخاوت کو دیکھتے ہوئے یہ نسخہ عام کر رہا ہوں۔

### رانوں (ٹانگوں) میں ریشز کے لیے

السلام علیکم! میں تقریباً سات بار مختلف مساجد میں اعتکاف کر چکا ہوں۔ مگر تسبیح خانہ کی ترتیب ہی نرالی ہے۔ آج تک میں نے نہیں دیکھا کہ رمضان میں جو لوگ اعتکاف کرتے ہیں ان کی اس طرح تربیت کی جائے جس طرح تسبیح خانہ میں کی جاتی ہے۔ یہاں پر ایسے روحانی وظائف دیئے جاتے ہیں جن کی برکت سے الجھنوں اور مشکلات میں پھنسے لوگ محض اللہ کے نام کی برکت سے نکل آتے ہیں۔ اس کے ساتھ ساتھ ایسے طبی ٹوٹکے بتائے جاتے ہیں جو نہایت آسان اور ہماری روزمرہ زندگی میں کام آتے ہیں۔ میں اپنا ایک تجربہ بیان کرنا چاہتا ہوں کا جو میرا بارہا کا آزمودہ ہے۔ جن لوگوں کو گرمی کے موسم میں چلنے سے رانوں میں ریشز پڑ جاتے ہیں۔ وہ یہ مرہم خود بنائیں اور استعمال کریں ایک بار لگانے سے ہی فرق پڑتا ہے۔ ھوالشافی: دو چمچ ویزلین، سپٹران کی دو بڑی گولیاں پیس لیں' ایک دس لاکھ پنسلین کا ٹیکہ تینوں کو مکس کر کے مرہم بنا لیں اور ریشز پر لگائیں۔

### بادی بواسیر کا مجرب علاج

قارئین السلام علیکم! میں سارا سال رمضان کا انتظار کرتا ہوں کہ کب رمضان آئے اور میں تسبیح خانہ میں جا کر قیام کروں تاکہ اس مبارک ماہ اور تسبیح خانہ کی برکتیں سمیٹوں۔ کیونکہ یہاں روحانی بیماریوں کے ساتھ ساتھ جسمانی امراض کا ایسا انوکھا علاج ملتا ہے کہ اپنے خاندان کے ساتھ ساتھ جن کے ساتھ آپ کی جان پہچان ہو ان تمام لوگوں کا بھی بھلا ہو جاتا ہے۔ اب تو لوگ مجھ سے روحانی وظائف اور جسمانی نسخہ جات وٹوٹکے ایسے پوچھتے ہیں جیسے میں کوئی بہت بڑا پیر یا حکیم ہوں۔ الحمدللہ! لوگوں کو ان کی پریشانیوں اور مصائب سے نجات کے لئے آسان وظائف اور نسخہ جات بتاتا ہوں جسے وہ آزماتے ہیں اور ان کا بھلا ہو جاتا ہے۔ اسی طریقے سے ان کا عبقری سے تعارف کرواتا ہوں جس سے انہیں مسنون اعمال والی زندگی نصیب ہو جاتی ہے' ان کی دنیا وآخرت سنورنے کا نظام بن جاتا ہے۔ ایک ٹوٹکہ جو میں نے بارہا آزمایا اور مجرب پایا وہ پیش کر رہا ہوں۔ جو بادی بواسیر کے مرض کے لئے ہے۔ بادی بواسیر کے مریض ضرور استعمال کریں ان شاء اللہ دعائیں دیں گے۔ ھوالشافی: گوگل، رسونت' تخم پیاز' ان تمام اجزاء کو ہموزن پیس کر عرق گلاب میں گولی بنا لیں۔ دو گولی صبح اور دو گولی شام پانی کے ساتھ استعمال کریں۔ ان شاء اللہ چند ہفتوں میں شفاء ہوگی۔

### بچپن سے پچپن تک تمام موسمی امراض کا علاج

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میرے بچے کو گلے میں ٹانسلز تھے۔ میں نے اسے عبقری دواخانہ میں حضرت حکیم صاحب کے اسسٹنٹ صاحب سے چیک کروایا انہوں نے بے بی ٹانک استعمال کرنے کا مشورہ دیا۔ اس سے بچے کے ٹانسلز ختم ہو گئے اور ہم نے سکھ کا سانس لیا۔ اس میں ہمیں ایک فائدہ اور محسوس ہوا کہ بچہ پہلے بالکل دبلا پتلا اور کمزور تھا لیکن بے بی ٹانک کے استعمال سے بچہ صحت مند اور جسم فربہ ہو گیا' چہرے پر رونق آ گئی۔ بے بی ٹانک کے ساتھ بروشر پر لکھا ہوا تھا کہ بڑوں کے لئے بھی یکساں مفید ہے۔ میں نے پڑھ کر نظر انداز کر دیا۔ چند دن بعد میں دفتر کے دوستوں کے ساتھ باہر سے کھانا کھا کر گھر آیا تو مجھے رات کے وقت پیٹ میں درد شروع ہو گئی۔ باہر کے کھانے کی وجہ سے فوڈ پوائزنگ ہو گئی تھی۔ میں نے اہلیہ سے کہا کوئی دوا ہے تو دے دو۔ اہلیہ کوئی میڈیسن تلاش کر رہی تھی کہ میں نے اسے کہا مجھے بے بی ٹانک دے دو۔ میں نے یہی سیرپ استعمال کیا اس سے تھوڑی ہی دیر میں میرا پیٹ درد ٹھیک ہو گیا۔ مجھے نہیں پتہ اس کا نام بے بی ٹانک کیوں رکھا گیا ہے' یہ بچوں بڑوں سب کے لئے انتہائی مفید ہے۔ اب تو یہ سیرپ سارا سال ہمارے گھر میں موجود رہتا ہے۔ جب بھی کوئی بچہ بیمار ہو یا کوئی موسمی وائرس حملہ آور ہو تو یہی دوا ہمارے لئے کافی ہو جاتی ہے۔ گرمیوں میں بچوں کو گرمی لگ جاتی ہے اکثر لو کی وجہ سے بخار یا جسم بے سدھ ہو جاتا ہے، ایسی صورت میں بے بی ٹانک بہترین کام کرتا ہے۔ (ممتاز امین، فیصل آباد)

نیا سلسلہ — قسط نمبر 1

# انگوٹھے پر میتھرے باندھیں دماغی امراض بھگائیں! کامیاب طبی تحقیق

قارئین! کیا آپ ادویات کھا کر عاجز آچکے ہیں یا ایسے مرض میں مبتلا ہیں کہ ادویات کھانے سے بھی قاصر ہیں۔ آپ چاہتے ہیں کوئی ایسا حل یا طریقہ علاج مل جائے جس سے آپ کو ان ادویات سے نجات مل جائے اور آپ بھی تندرستی کی نعمت سے مالا مال ہوجائیں؟ تو جی ہاں یہ ممکن ہے۔

## عبقری نے طبی میدان میں ایک اور راز سے پردہ فاش کردیا!

صحت، راحت، اور شفایابی کے لیے عبقری اپنی روایت کو قائم رکھتے ہوئے آپ کے لیے لایا ہے ایک نیا سلسلہ "سوجوک طریقہ علاج" اس طریقہ علاج میں انسانی جسم کے مسائل کا علاج ہاتھوں اور پاؤں سے کیا جاتا ہے جو کہ بغیر ادویات کھائے شفاء یابی کا قدرتی اور فوری موثر طریقہ علاج ہے جس کے کوئی مضر صحت اثرات بھی نہیں ہیں۔ اس طریقہ علاج میں آپ اپنی جسمانی بیماریوں کا علاج آسانی سے میسر آنے والے اجزاء میتھی، سرسوں، کالی مرچ، گندم وغیرہ کے بیج جسم پر مختلف پوائنٹس مخصوص ترتیب کے ساتھ لگانے سے کرسکتے ہیں۔ کیونکہ ہر بیج کو اللہ رب العزت نے زندگی عطا کی ہے۔ اس کی وضاحت اس حقیقت سے اچھی طرح ہوتی ہے کہ جب ہم بیج بوتے ہیں تو وہ آخر کار درخت بن جاتا ہے۔ اس بات کو ذہن میں رکھتے ہوئے جب ہم بیج کو جسم کے کسی حصے کے پریشر پوائنٹس پر ڈالتے ہیں تو یہ اس حصے کو زندگی بخشتا ہے اور بیماری کو دور کرتا ہے۔ مٹر اور کالی مرچ کے گول، گول شکل کے بیج آنکھوں، سر، گھٹنوں کے جوڑوں اور کمر کے مسائل سے متعلق بیماریوں میں آرام فراہم کرتے ہیں۔ اسی طرح گردے کی شکل والی سرخ پھلیاں گردے اور پیٹ سے متعلق امراض کے علاج کے لیے استعمال ہوتی ہیں۔ ہم اس نئے سلسلے کی پہلی قسط میں ایسے مرض کا آسان علاج بتائیں گے جس کا مریض ہر گھر میں موجود ہے۔ قارئین! اگر آپ نیند کی کمی، آدھے یا پورے سر درد کا شکار ہیں۔ سر کے بالوں میں خشکی، سکری، بالچڑ اور بالوں کا سفید ہونا۔ آنکھوں کے امراض، پانی بہنا، حلقے، تکلیف، دھندلا پن۔ اس کے علاوہ چہرے کے مسائل جن میں کیل مہاسے، دانے، چھائیاں اور داغ دھبے شامل ہیں، ان میں سے کسی مرض کا شکار ہیں تو بغیر کوئی دوا استعمال کیے، ہسپتالوں کے چکر لگائے بغیر، مہنگی مہنگی کاسمیٹکس استعمال کیے اور بغیر ان مسائل کا قدرتی اور مستقل حل چاہتے ہیں تو اس کا علاج نوٹ فرمالیں، آزمائیں اور اپنے پیاروں کو صحت یاب ہوتا دیکھیں۔

ایک عدد کاٹن ٹیپ (جسے عام طور پر ڈاکٹری ٹیپ بھی کہتے ہیں) لیجیے اور ایک چٹکی میتھرے کے بیج لیں۔ میتھرے کے بیج دائیں ہاتھ کے انگوٹھے کے اوپر والے حصے پر رکھ کر اس انداز سے ٹیپ کردیں کہ بیج انگوٹھے کے ساتھ چپکے رہیں اور انگوٹھا ٹیپ سے کور ہوجائے۔ آپ اس پٹی کو رات سونے سے پہلے یا پھر جس وقت سہولت ہو ایک یا دو گھنٹے کے لئے لگا رہنے دیں اور بعد میں اتار دیں۔ ان شاءاللہ پہلے دن ہی آپ کافی افاقہ محسوس کریں گے اور اگر آپ اس ترتیب کو چند ہفتے روزانہ دہرائیں تو ان شاءاللہ مذکورہ تمام امراض سے مستقل اور مکمل نجات پانے میں کامیاب ہوجائیں گے۔

**قارئین اس طریقہ علاج کو ضرور آزمائیں اور اپنے مشاہدات بذریعہ خطوط ہمیں لکھنا ہرگز نہ بھولیں۔ اس کے علاوہ اگر آپ کے پاس بھی اس طریقہ علاج کا کوئی ذاتی مشاہدہ ہو تو ضرور لکھیں اور تفصیل سے لکھیں۔**

# حسن ایسا کہ شوہر کی نظر نہ ہٹے! خواتین کیلئے قیمتی موتی

خواتین کے لئے آج کے دور کا سب سے بڑا مسئلہ اپنی صحت اور حسن و جمال کا خیال رکھنا ہے۔ میں بھی گھریلو خاتون ہوں اور اچھی طرح سمجھتی ہوں کہ بچوں کی دیکھ بھال اور گھر کے کام، مصروفیات، پریشانیاں اور تیزی سے گزرتے وقت میں اپنی ذات کو وقت دینا ممکن نہیں ہوتا۔ خاص طور پر اس طبقے کے لئے جس کے پاس اتنے وسائل نہیں کہ اپنے غذائی شیڈول بنائیں اور ڈائیٹ پلان کے تحت اپنی صحت، فٹنس اور حسن و جمال کا خیال رکھ سکیں اور اس پر ایک اور دکھ کی بات یہ کہ موجودہ دور میں ہمیں نہ چاہتے ہوئے بھی مجبوراً ہر طرح کی ملاوٹ شدہ چیزیں استعمال کرنی پڑتی ہیں۔ ان وجوہات کی بنا پر ہم وقت سے پہلے ہی بڑھاپے کی دہلیز پر قدم رکھ دیتے ہیں اور ہمارا حسن و جمال ماند پڑ جاتا ہے ہمارے شوہر ہم سے اکتا جاتے ہیں۔ اس صورتحال میں کچھ ایسا ہونا چاہیے جو ہمیں ہماری ضرورت کے مطابق مکمل غذائیت دے اور ہمارے حسن اور جوانی کو قائم اور دائم رکھے۔ میرے لئے عبقری کا حسن شفاء سیرپ، اکسیر البدن اور فٹنس فولاد ٹانک اسی مشکل کا بہترین حل اور بے مثال ٹانک ثابت ہوا ہے۔ یہ بڑی بڑی قیمتی غذاؤں اور کاسمیٹک کا بہترین متبادل ہے۔ مجھے اس بات کا تجربہ اس طرح ہوا کہ میں نے اپنے شوہر کی توجہ کو خود سے ہٹتے دیکھا تو سمجھ گئی کہ مجھے اپنے گھر کو بچانا ہے تو شوہر کیلئے زینت اختیار کرنی ہوگی۔ میں نے وقت نکال کر پارلر جانا شروع کیا لیکن جب تک اندر سے ہی نظام بگڑا ہو باہر سے جتنا مرضی رنگ روغن کرلیں فائدہ نہیں ہوگا، پارلر والی اچھی نیک خاتون تھی اس نے مجھے عبقری کی درج بالا ادویات استعمال کرنے کا مشورہ دیا۔ میں نے استعمال کرنا شروع کیا تو محسوس کیا کچھ ہی عرصے میں میرے چہرے پر ایک رونق اور نور ہے۔ جسم میں طاقت، ذہنی سکون ہے۔ میرے چہرے کی رونق بحال اور داغ دھبے جو دانے بننے سے بنتے تھے وہ بھی ختم ہوگئے۔ یہ دیسی ادویات تو قدرتی میک اپ کا کام کرتی ہیں۔ میں تو کہوں گی حسن و جمال پانے کیلئے یہ جادوئی چیزیں ہے۔ میرے شوہر نے چند دنوں میں اتنی تبدیلی دیکھی تو مجھے دیکھ کر اتنے خوش ہوئے، بات کرتے ہیں تو مجھ سے نظر ہی نہیں ہٹاتے، یہ دیکھ کر میرے دل کو سکون ملتا ہے کہ میں اپنے شوہر کو خوش رکھنے میں کامیاب ہوگئی ہوں۔ میری دیکھا دیکھی بہت سی جاننے والی خواتین نے اس کا تجربہ کیا سب کو اس کا بے حد نفع ہوا ہے۔ سارا دن نہ تھکاوٹ ہوتی نہ جھنجھلاہٹ، یہی وجہ ہے کہ جب شوہر گھر آتے ہیں تو میرا موڈ انتہائی خوش گوار ہوتا ہے۔ (ثمینہ عمر، بہاولپور)

## بے شمار پاگئے، آپ بھی محروم نہ رہیں!

جہلم شہر میں واقع "قلعہ روہتاس" میں شیر شاہ سوری کی "شاہی مسجد" کی انوکھی برکات! جس نے وہاں جا کر نوافل ادا کیے، اذان دی، اس کو پانچ مرادیں ملیں۔ بے شمار کا تجربہ۔ 1) اپنا وسیع کاروبار۔ 2) لاعلاج بیماریوں سے شفاء ملی۔ 3) شادی کے مسائل کا فوری حل۔ 4) بیروزگار چند دن میں من چاہی نوکری پاگئے۔ 5) جادو جنات اور بندشوں کا شکار خوشحال ہوگئے۔

صدیوں پرانی مسجد، لاجواب فضائل، انوکھے تجربات



شوہر ظالم ہے اور بات بات پر ذلیل کرتا ہے، بس 9، 10 محرم کے بعد ایسا کبھی نہیں ہوگا شوہر بیوی کے تمام ناز نخرے اٹھانے پر مجبور ہوجائے گا بس دو دن مشکل کشاء عمل کرلیں (تفصیلات صفحہ نمبر 65 پر)

## پریشانی ختم اور دل کا بوجھ ہلکا ہو گیا!

محترم شیخ الوظائف صاحب السلام علیکم! میرے گھر میں کافی تعداد میں مختلف مضامین کی کتب موجود تھیں۔ ایک وقت تھا کہ میں جب تک کوئی کتاب پڑھ نہ لیتا تو نیند نہ آتی تھی۔ مگر شادی اور کاروباری زندگی میں مشغول ہونے کے بعد کتابیں پڑھنے کو وقت بھی نہ ملتا۔ میں کسی بھی طرح ان کتابوں کو ضائع نہیں کرنا چاہتا تھا کیونکہ مجھے کتابوں سے بہت محبت اور لگاؤ تھا۔ میرے رابطہ میں کوئی ایسا دوست اور رشتہ دار بھی نہیں تھا جسے یہ کتابیں ہدیہ کی جاتیں تاکہ وہ ان کا صحیح استعمال کرتا۔ میں نے عبقری رسالہ میں کتابیں ہدیہ کرنے کے بارے میں پڑھا۔ ادارہ عبقری انسانیت کی فلاح و بہبود کے لئے جو خدمات سرانجام دے رہا' سوشل میڈیا پر اس حوالے سے میں نے چند ویڈیوز دیکھی ہوئی تھیں۔ میں مطمئن ہو گیا کہ عبقری سے بہتر کوئی بھی اس ہدیہ کا حقدار نہیں ہے۔ چنانچہ میں نے تمام کتب عبقری کے دفتر لاہور بلٹی کروا دیں اور اس طرح وہ قیمتی کتب ضائع ہونے کی بجائے خیر و نفع کا ذریعہ بن گئیں۔ میری پریشانی بھی ختم ہو گئی اور دل کا بوجھ بھی ہلکا ہو گیا۔ (مکرم، فیصل آباد)

## جسم میں ہر طرح کی گلٹی رسولی کا خاتمہ

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میرے بڑے بھائی دل کے مریض ہیں۔ میں نے انہیں عبقری دواخانہ کا دل شفاء استعمال کرنے کا مشورہ دیا۔ دل شفاء استعمال کرنے کے بعد انہوں نے مجھے بہت زبردست تاثرات بتائے۔ کہنے لگے کہ پہلے میں ڈاکٹری دوائیں استعمال کرتا تھا لیکن جب میں نے دل شفاء کا استعمال شروع کیا چند دن بعد میں نے باقی دوائیں کم کرنا شروع کر دیں۔ اب اگر میں کوئی دوا نہ بھی لوں تو میں صحت مند ہوں لیکن تسلی کے لئے ایک دو دوائیں لے لیتا ہوں۔ مزید کہنے لگے پہلے میں واک کرنے جاتا تھا تو تھوڑا چل کر تھک جاتا اور جسم میرا ساتھ نہیں دیتا تھا جسم میں بے طاقتی رہتی تھی لیکن جب سے میں نے عبقری دواخانہ کی تیار کردہ ''دل شفاء'' استعمال کرنا شروع کیا ہے میں چہل قدمی کرنے جاتا ہوں تو مجھے تھکاوٹ نہیں ہوتی میں دور تک سیر کر کے آتا ہوں لیکن جسم میں کوئی تھکاوٹ اکتاہٹ نہیں ہوتی' جسم میں بے طاقتی اور کمزوری دور ہو گئی ہے۔ دل کی دھڑکن تیز ہونا اور سانس کا پھولنا ختم ہو گیا ہے۔ ایسے ہے جیسے مجھے دوبارہ زندگی کی رونقیں نصیب ہو گئی ہیں۔ (سعد تنویر، چکوال)

## نام حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے فوائد و کمالات صدیوں سے آزمودہ آج بھی اتنے ہی مؤثر، ہر ماہ انوکھے سچے واقعات ضرور پڑھیں!

## کینسر کا مرض' دھوکے باز عاملین اور برکات نام عمرؓ!

محترم شیخ الوظائف صاحب السلام علیکم! تقریباً سات ماہ پہلے والدہ کے چہرے پر ایک چھوٹا سا دانہ نکل آیا' انہوں نے اسے چھیل دیا۔ تقریباً دو ہفتوں بعد وہ دانہ دوبارہ نکل آیا' انہیں شدید تکلیف کا سامنا تھا۔ ڈاکٹر کے مشورہ کے مطابق والدہ نے تین ہفتے مسلسل ادویات کا استعمال کیا مگر دانہ ختم نہ ہوا اور تکلیف بڑھتی چلی گئی جو کہ ناقابل برداشت تھی۔ ہم نے ڈاکٹر کی ہدایات کے مطابق مزید تمام ٹیسٹ کروالیے' رپورٹس چیک کرنے کے بعد ڈاکٹر نے بتایا کہ آپ کی والدہ کے چہرہ پر جو دانہ نکلا ہے اس میں کینسر کے شواہد ملے ہیں۔ ان کی جان کو خطرہ ہے' جلد از جلد علاج کروائیں۔ یہ بات سن کر میرے پاؤں سے زمین نکل گئی۔ میں کسی بھی طرح اپنی والدہ کو نہیں کھونا چاہتا تھا۔ والدہ کا علاج کروانا شروع کیا مگر ابھی ہفتہ ہی گزرا تھا کہ والدہ کی اچانک طبیعت خراب ہوئی اور وہ بے ہوش ہو گئیں۔ ان دنوں والدہ اکثر رات کو اٹھ کر ڈر جایا کرتیں' ہم نے سمجھا شاید بیماری کی وجہ سے پریشان ہیں لیکن پتہ لگا کہ ان پر جادو کروایا گیا ہے۔ مختلف جگہوں سے طبی و روحانی علاج کروایا مگر مسئلہ بڑھتا چلا گیا۔ ایک دن ہمارے ہمسائے میں سے ایک خاتون والدہ کی عیادت کے لئے آئیں۔ انہوں نے بتایا کہ عبقری جولائی 2022ء کے شمارہ میں ستر حاجات کا تعویذ چھپا ہے' اسے آپ پُر کریں۔ انہوں نے بتایا اس تعویذ سے میرے بہت سے مسائل حل ہوئے ہیں۔ میں نے عبقری دواخانہ سے جولائی 2022ء کا شمارہ خریدا اور والدہ کی نیت سے لکھی گئی ترتیب کے مطابق ہر اسلامی ماہ کی یکم کو تعویذ پُر کرنا شروع کر دیا۔ میں اور میری والدہ 200 بار سورۂ اخلاص پڑھ کر حضرت عمرؓ کی روح مبارک کو ہدیہ کرتے رہے۔ چند ہفتوں میں ہی والدہ کی طبیعت میں بہتری آنا شروع ہو گئی۔ ٹھیک چالیس دن بعد والدہ کے چہرے سے کینسر والا دانہ بھی ختم ہو گیا اور دو ماہ بعد جب دوبارہ ٹیسٹ کروائے تو رپورٹس بھی ٹھیک آئیں اور ڈاکٹر صاحب بھی حیران ہو گئے۔ میں اب بھی ہر اسلامی ماہ کی یکم کو یہ نقش پُر کر رہا ہوں جس سے زندگی کی الجھنیں سلجھ رہی ہیں۔ (محمد انور، لاہور)

نوٹ: قارئین آئندہ ماہ عبقری جولائی 2023ء کے شمارہ میں ستر حاجات کا تعویذ نسلوں کے نصیب' مقدر اور پورا سال خوشحالی کے لئے سعد و نحس ساعتوں کے مطابق نقش کی چال' ستاروں اور مؤکلات کی تبدیلی کے ساتھ دوبارہ شائع کیا جائے گا۔ بے شمار لوگوں نے ستر حاجات کے تعویذ سے دکھ درد ٹلوائے۔ آپ بھی لا علاج بیماریاں' روگ اور مرادوں کو پانے کے لئے یہ نقش پُر کرنا ہرگز نہ بھولیں!

## 70 حاجات کا تعویذ اور ہر ماہ کا خاص عمل

70 حاجات کا تعویذ جولائی 2022ء کے رسالہ میں شائع ہوا۔ لاکھوں لوگوں نے اس تعویذ میں اپنی حاجات لکھیں اور مرادیں پائیں۔ اگر آپ نے ابھی تک یہ تعویذ کا عمل نہیں کیا تو آج ہی قریبی بک سٹال یا عبقری ایجنسی ہولڈر سے جولائی کا رسالہ طلب فرمائیں اور تعویذ میں اپنی حاجات لکھیں۔

**11 خالی خانوں کا خاص عمل:** یکم محرم صبح دس بجے عبقری سوشل میڈیا پر لائیو پروگرام میں شیخ الوظائف نے اس تعویذ کا خاص عمل عطا فرمایا۔ اس تعویذ میں کل 70 خانے ہیں، 11 خانے ایسے ہیں جن کے سامنے کوئی حاجت نہیں لکھی گئی وہ خالی ہیں۔ ہر ماہ چاند کی پہلی تاریخ کو دن میں کسی بھی وقت ایک خانے میں اپنی وہ تین حاجات لکھیں جو ناممکن ہوں۔ جیسے خانہ نمبر 1 میں یکم صفر کو اپنی حاجتیں لکھیں۔ خانہ نمبر 2 میں ربیع الاول کو۔ خانہ نمبر 3 میں ربیع الثانی کو۔ خانہ 9 میں جمادی الاول کو۔ خانہ 10 میں جمادی الثانی کو۔ خانہ 16 میں رجب کو۔ خانہ 17 میں شعبان کو۔ خانہ 22 میں رمضان کو۔ خانہ 38 میں شوال کو۔ خانہ 46 میں ذی القعد کو۔ خانہ 51 میں ذی الحج کو۔

نوٹ: اگر آپ تک یہ تعویذ تاخیر سے پہنچا ہے اور خانہ پُر کرنے کا وقت گزر چکا ہے تو پریشان نہ ہوں۔ شیخ الوظائف کی طرف سے خصوصی اجازت ہے۔ پورا سال جب چاہیں تعویذ پُر کر سکتے ہیں۔ جتنے چاہیں تعویذ لے کر پُر کر سکتے ہیں۔ جتنے زیادہ تعویذ پُر کریں گے اتنی جلد مرادیں پوری ہوں گی۔ 70 حاجات کے تعویذ سے جو فوائد حاصل ہوں، ہمیں لکھ کر ضرور بھیجیں صدقہ جاریہ ہے۔



کرائیوں کے گھر سے تنگ ہیں' اپنا ذاتی گھر چاہتے ہیں تو 9، 10 محرم تسبیح خانہ میں گزاریں اور وسیع گھر اور رزق پانے والے مقبول وظائف کروائے جائیں گے (تفصیلات صفحہ نمبر 65 پر)

نیا سلسلہ

کیا انگریز پر جادو' جنات نظر بد کا اثر نہیں ہوتا؟

# وہ جرمن لڑکی جس پر 5 جنات قابض تھے

کیا انگریز پر جادو' نظر بد نہیں ہوتا؟ کیا انگریز جادو جنات اور نظر بد کا کوئی علاج نہیں کرتا؟ یہ ایک ایسا سوال ہے جو ہمارے معاشرے میں ہر دوسرے شخص کے ذہن میں آتا ہے۔ جی ہاں! قارئین آج نہیں صدیوں سے انگریز پر جادو بھی ہوتا ہے' جنات بھی ان پر قابض ہوتے اور نظر بد کے تو یہ سب سے زیادہ شکار ہوتے ہیں اور صدیوں سے اپنے طریقے سے ان کا علاج کرتے آرہے ہیں! ماہنامہ عبقری آپ کو ہر ماہ انگریز پر جادو' جنات اور نظر بد کی سچی کہانیاں انہی کی کتب سے نکال کر دے گا۔ اندوہناک سچی کہانیاں پڑھیے اور خود پر فخر کیجئے رب کریم نے آپ پر کتنا بڑا فضل وکرم فرمایا کہ آپ ایک سچے اور حق دین اور نبی آخر الزماں ﷺ کے امتی ہیں' جنہوں نے قرآن وسنت کی شکل میں ہر قدم پر حفاظت کے اعمال دیئے' جس کی وجہ سے ہم اور ہماری نسلیں حفاظت' کفایت سے رہ رہی ہیں۔ الحمدللہ!

یہ Anneliese Michel نامی ایک لڑکی کی سچی کہانی ہے۔ اس لڑکی کا تعلق جرمنی سے تھا یہ لڑکی 21 ستمبر 1952 کو جرمنی کے ایک شہر میں پیدا ہوئی تھی۔ جب یہ لڑکی 17 سال کی ہوئی اس کے ساتھ عجیب وغریب واقعات کا سلسلہ شروع ہوگیا۔ اس لڑکی کو مختلف آوازیں سنائی دیتی تھیں اور ان آوازوں کو سن کر یہ لڑکی شدید غصے میں آجاتی تھی اور لوگوں کو مارنا شروع ہوجاتی تھی۔ اس کے ماں باپ اس کو نفسیات کے ڈاکٹر کے پاس لے گئے ڈاکٹروں کی ٹیم نے بتایا اس کو کوئی دماغی بیماری ہے پھر اس لڑکی کا علاج شروع ہو گیا۔ لیکن علاج کے باوجود اس کی حالت مزید بگڑتی چلی گئی۔ ڈاکٹرز اس کو زیادہ تر بے ہوش ہی رکھتے تھے۔ اور گھر واپس جا کر اس کی حالت پھر سے خراب ہونا شروع ہو جاتی۔ اگلے چند مہینوں میں اس کی حالت ایسی ہوگئی کہ گھر والے بھی اس کے پاس جانے سے گھبراتے تھے۔ یہ لڑکی کھیاں، مکڑیاں اور کوے تک کھانا شروع ہوگئی۔ یہ لڑکی مختلف زبانوں اور آوازوں میں باتیں کرنا شروع ہوگئی اور بعض اوقات ایسے خوفناک اشارے کرتی جیسے کوئی اس کے ساتھ موجود ہو۔ ڈاکٹرز سے مایوس ہوکر اسکے والدین نے ایک عامل پادری کو گھر بلانے کا فیصلہ کیا۔ اس عامل پادری نے بتایا کہ اس لڑکی کو شیطان نے اس کو اپنے قبضے میں لیا ہوا ہے۔ یہ لڑکی ایسی زبان میں بات کرتی جو کسی کو نہ آتی تھی' پادری نے لڑکی کا علاج شروع کر دیا علاج کے دوران جب لڑکی سے پوچھا گیا کہ اس کے جسم میں کون موجود ہے تو اس کی طرف سے جواب آیا کہ اس کے جسم میں پانچ جنات موجود ہیں۔ 1975 سے 1976 دس ماہ تک اس لڑکی کا علاج جاری رہا لیکن 8 جولائی 1976 میں اس لڑکی کی موت واقع ہوگئی۔ اس لڑکی کی موت کے بعد ایک ڈاکٹر نے بتایا کہ جب وہ اس لڑکی کو علاج کے دوران انجکشن لگا رہا تھا تو Anneliese Michel اس کو دیکھ کر مسکرائی اور کہا کہ شیطان پر کوئی انجکشن اثر نہیں کرسکتا۔ آج بھی اس سچی کہانی پر بہت سی کتابیں لکھی گئی اور موویز بنی ہیں۔ **اہم نوٹ:** واقعی انگریز جادو جنات نظر بد اور پر اسرار دنیا کو مانتے ہیں' کون کہتا ہے نہیں مانتے؟ مزید تفصیلات جاننے کیلئے عبقری ویب سائٹ پر موجود ''جادوئی لائبریری'' کا وزٹ کیجئے۔ www.ubqari.org کا وزٹ کیجئے اور مین بار پر (اوپر والی لائن) موجود بٹن ''جادوئی لائبریری'' پر کلک کیجئے اور پر اسرار جادوئی دنیا میں داخل ہوجائیں۔

سر پر کسی درویش کا ہاتھ نہ ہو تو

# ترقی بھی حاسدین کی نذر ہوجاتی ہے!

میں اپنے روزگار کو بہتر بنانے کے لئے مختلف حربے آزماتا رہتا تھا۔ میری اسی کوشش کو دیکھتے ہوئے میرے ایک دوست نے کہا کہ تم میرے ساتھ کام شروع کرو' ہم مل کر کاروبار کرتے ہیں۔ کیونکہ بچپن سے ایک دوسرے کو جانتے تھے' ایک دوسرے کے مزاج سے واقف ہیں' دھوکہ فریب ہم دونوں کے اندر نہیں ہے بلکہ ایمانداری اور محنت سے کام کرنے کا جذبہ ہے۔ اللہ نے ہمارا ہاتھ پکڑا اور ہمارا کام چل پڑا اور دیکھتے ہی دیکھتے ہمارا کام پورے شہر میں پھیل گیا۔ ہم نے بہت محنت اور ایمانداری سے کام کیا۔ پھر حکمت کے تحت ہم دونوں نے اپنا کام الگ کرلیا کہ کام پھیل گیا ہے آگے چل کر مسئلے مسائل نہ ہوں اس لئے ہم الگ الگ نام سے کام کریں گے۔ ہمارا کام پراپرٹی اور تعمیرات سے متعلق تھا۔ ہم نے خوب پیسہ کمایا' اس دوران میں نے اپنی نوکری بھی چھوڑ دی کیونکہ مجھے جتنا نفع اس کام میں ہو رہا تھا اس کے مطابق میرا نوکری میں وقت دینا وقت ضائع کرنے کے مترادف تھا۔ یہ بات تو طے ہے کہ جب بھی انسان ترقی کی منازل طے کرتا ہے اس کے حاسدین کے تعداد بھی دن بہ دن بڑھنے لگتی ہے۔ ایسا ہی کچھ میرے ساتھ بھی ہوا' میں مالدار ہوا' زندگی میں کچھ سہولیات میسر آئیں لیکن کچھ شریر لوگوں سے یہ ترقی برداشت نہ ہوئی' میں نے کسی بزرگ سے سنا تھا کہ انسان کو کسی درویش کی نسبت ضرور اختیار کرنی چاہیے کیونکہ ہمیں نہیں پتہ ہم پر کون کس وقت کیا حملہ کردے' لیکن اللہ والوں کی نسبت کی برکت سے انسان کی دشمنوں سے حفاظت رہتی ہے۔ چند دنوں میں ہی میرا کام اور میری صحت دونوں ختم ہونا شروع ہوگئے۔ مجھے سمجھ میں ہی نہیں آتا تھا کہ میں نے کیا کرنا ہے ہر چیز بھول جاتا تھا۔ کاروبار بھی ٹھپ ہوگیا اور آخرکار میں خالی ہاتھ گھر میں بیٹھ گیا۔ ایک مخلص نے مجھے مشورہ دیا کہ آپ ہجویری محل (ایڈریس: لاہور شیخوپورہ روڈ سٹاپ قلعہ ستار شاہ) میں چلے جائیں وہاں جادو جنات کے اثرات کی کاٹ کا بہترین نظام ہے انشاء اللہ نامراد نہیں لوٹیں گے۔ میرے پاس کوئی وجہ نہیں تھی کہ میں انہیں انکار کرتا۔ مجھے کیونکہ ہجویری محل کا پتہ نہیں تھا میں نے انہیں عرض کیا کہ مجھے ہجویری محل لے جائیں۔ وہاں پہنچ کر جسم میں تبدیلی اور بہت راحت محسوس ہوئی۔ میں نے وہاں کے ذمہ داران سے ملاقات کی انہوں نے مجھے وہاں رکنے کی اجازت دے دی اور ساتھ خدمت کرنے کی تلقین بھی کی۔ میں جتنے دن وہاں رہا روزانہ خدمت کرتا رہا۔ صفائی یا کسی بھی شعبے کی خدمت میں شامل ہوجاتا جس دن میں آیا تھا اس دن وہاں کے ذمہ دار نے مجھے غور سے دیکھ کر فرمایا تھا کہ یہاں مٹی میں مٹی ہوجانا تم کامیاب ہوجاؤ گے بس میں نے خود کو ہجویری محل کی مٹی میں مٹی کرلیا اور چند دن اسی طرح گزارے۔ چند دن بعد جب میں نے محسوس کیا میں بالکل ٹھیک ہوگیا ہوں تو وہاں سے چند تبرکات لے کر ذمہ دار سے اجازت کے ساتھ واپس آیا تو اللہ نے پھر سے برکات کے دروازے کھول دیئے اور میری صحت اور کاروبار کی بندش کھل گئی۔ (قاسم۔ سکھر)

نوٹ: ہجویری محل میں ترقی' کامیابی پانے' مسائل مشکلات اور الجھنوں سے چھٹکارے کیلئے چند دن' چند ہفتے وہاں عبادت اور خدمت کیلئے ہمراہ بستر جائیں۔



 (تفصیلات صفحہ نمبر 65 پر)

دو خوبصورت بیٹے | گردن تک گندا پانی | خوشی کی خبر | پریشانی کا اندیشہ | خواب اور شیخ الوظائف کی روشن تعبیر

## جانوروں سے بھری گاڑیاں

خواب: میں نے خواب میں دیکھا کہ میں اور میری بیوی چھت پر کھڑے ہیں۔ آسمان پر دیکھتے ہیں کہ ایک جہاز لڑکھڑاتا ہوا آرہا ہے اس کے اوپر سے دو گاڑیاں نیچے گرتی ہیں اور کچھ لوگ جان بچانے کیلئے چھلانگ لگاتے ہیں اس کے بعد اس سے سبزیوں اور جانوروں سے بھری ہوئی گاڑیاں گرتی ہیں پھر اس کے بعد دو بہت خوبصورت کبوتر گرتے ہیں جو کہ میری چھت کی دیوار پر بیٹھ جاتے ہیں، میں انہیں فوراً ہی پکڑ لیتا ہوں۔ (جاوید رانا، شیخوپورہ)

تعبیر: خواب کے مطابق اس بات کا اشارہ ہے کہ آپ کو دو بیٹیوں سے نوازا جائے گا جو کہ بہت خوبصورت اور خوب تر ہوں گی تاہم ان کی اچھی تربیت کا خیال رکھنا ہوگا۔ واللہ اعلم!

## صاف اور گندہ پانی

خواب: میں نے خواب میں دیکھا کہ میں گھر کا صحن دھو رہا ہوں۔ پانی اتنا صاف شفاف ہوتا ہے کہ گھر کا صحن چمکتا دکھائی دیتا ہے۔ منظر بدلتا ہے، میں کسی نامعلوم جگہ سے آرہا ہوتا ہوں کہ راستے میں ایک گندے بدبودار پانی کی ندی بہہ رہی ہوتی ہے۔ میں گردن تک اس گندے پانی میں ڈوب جاتا ہوں، ندی کے کونے پر ایک چھوٹی سی دیوار ہوتی ہے، اسے پکڑ لیتا ہوں تاکہ ندی کا پانی مجھے بہا کر نہ لے جائے۔

تعبیر: آپ کے خواب کے مطابق اس بات پر متنبہ کیا گیا ہے کہ دنیا کے حصول کے چکر میں آخرت سے غافل ہونا سخت نقصان کا باعث ہوسکتا ہے۔ استغفار کثرت سے پڑھیں، فرائض کی ادائیگی اور مسنون اعمال پر توجہ دیں۔ واللہ اعلم!

## نیلے رنگ کا فرش

خواب: میں نے خواب دیکھا کہ اپنے قریبی رشتہ کے گھر پر ہوں۔ میں اِدھر اُدھر کمروں میں پھر رہی ہوں پھر میں ایک کھلی جگہ پر کھڑی ہوں، نیلے رنگ کا فرش ہے۔ میں اس فرش کو صاف کر کے چمکا رہی ہوں۔ تھوڑی ہی دیر بعد دعوت ہوتی ہے جس میں مٹھائی کھاتی ہوں۔ (سعدیہ، ہری پور)

تعبیر: آپ کے خواب کے مطابق اس بات کی بشارت ملی ہے کہ ان شاء اللہ جلد ہی کوئی خوشی کی خبر آپ کو ملنے والی ہے۔ آپ ''یَالَطِیْفُ یَا عَلِیْمُ یَا خَبِیْرُ'' اکیس بار ہر نماز کے بعد پڑھ کر دعا کر لیا کریں۔

## کالا اور موٹا بلا

خواب: میں نے خواب میں دیکھا کہ ایک موٹا اور بڑا بلا ہے، سفید اور کالے رنگ کا، وہ ہمارے گھر میں آیا ہے۔ میں اس کو بھگاتی ہوں تو وہ کبھی ایک کمرے میں گھس جاتا ہے، کبھی دوسرے کمرے میں۔ دروازہ بند کرتی ہوں مگر وہ پھر آجاتا ہے۔ والدہ چاروں قل پڑھنے کا کہتی ہیں۔ (بینش، کراچی)

تعبیر: گھر میں کسی پریشانی یا بیماری آنے کا اندیشہ ہے، فوری طور پر اہلِ خانہ کی طرف سے حسبِ توفیق صدقہ کردیں۔ ہر نماز کے بعد سات بار چاروں قل پڑھیں۔ واللہ اعلم بالصواب

## موٹر سائیکل بس کی آڑ میں

خواب: میں نے دیکھا کہ حلوائی کی دکان پر ہوں۔ تھوڑی دیر بعد جب موٹر سائیکل کو دیکھتا ہوں تو وہ نظر نہیں آتی۔ میں جب جا کر چیک کرتا ہوں تو موٹر سائیکل ایک بس کی آڑ میں کافی دیر بعد نظر آجاتی ہے۔ (راشد خان، صوابی)

تعبیر: خواب کے مطابق اس بات کا اشارہ ہے کہ کسی اہم کام میں تاخیر ہو رہی، حسبِ توفیق صدقہ دیں اور ہر نماز کے بعد یَابَاسِطُ یَافَتَّاحُ اکیس مرتبہ پڑھ کر دعا کریں۔ واللہ اعلم!

# تین پتے لوکاٹ کو جوش دیں، شوگر ہمیشہ کنٹرول

گرمی کے موسم میں انسانی جسم میں تغیر ہوتا ہے خون میں حدت ہوتی ہے۔ لوکاٹ اس موسم میں پیدا ہونے والے مختلف عوارض کا علاج ہے۔ لوکاٹ نہ صرف ایک لذیذ اور مفید پھل ہے بلکہ اسے قدرت نے بہت سے دوائی اجزاء سے بھی سرفراز کیا ہے۔ لوکاٹ ذیابیطس (شوگر) میں بہترین غذا ہے۔ پنجاب کے ایک ذہین اور دانشور جج ذیابیطس (شوگر) کا شکار ہوئے اس مرض کیلئے آسان اور مؤثر نسخہ تجویز کیا گیا کہ وہ لوکاٹ کے تین پتے ڈیڑھ پاؤ پانی میں جوش دیں۔ دو مرتبہ جوش آنے کے بعد اُتار لیں اور ٹھنڈا ہونے پر چھان کر پی لیں۔ جج صاحب نے اس نسخہ کو استعمال کیا اور خدا کے فضل و کرم سے وہ صحت یاب ہوگئے۔

لوکاٹ صفراوی امراض میں فائدہ مند ہے۔ صفرا زیادہ ہونے سے طبیعت خراب، اُبکائی اور قے تک نوبت جا پہنچتی ہے۔ اس صورت میں لوکاٹ کھانے سے یہ تکلیف دُور ہوجاتی ہے اور جلد ہی مکمل شفاء نصیب ہوتی ہے۔ کھانے کے بعد چند دانے لوکاٹ کے کھانے سے کھانا بہترین ہضم ہوتا ہے، بدہضمی کے شکار افراد اگر جتنے دن لوکاٹ بازار میں دستیاب ہے عمل کریں تو ان کا ہاضمہ بہترین، کھانے کے بعد خوشگوار خوشبودار ڈکار آئے گا تو کیوں نہ آج ہی سے اس قدرتی تحفہ سے فائدہ اٹھائیں۔

## امراض قلب اور معدہ کی بیماریاں

بخار کی صورت میں بھی لوکاٹ مفید غذا ہے۔ خون کی حدت اور جوش کی صورت میں بھی لوکاٹ کا استعمال مؤثر ہے اس لیے گھبراہٹ رفع ہوجاتی ہے اور انسان کو تسکین حاصل ہوتی ہے۔ لوکاٹ مفرح بھی ہے، یہ پھل دل کیلئے بھی فائدہ مند ہے۔ خفقان اور دل کی کمزوری میں لوکاٹ کا استعمال کرنا چاہیے۔ لوکاٹ تیزابی مادہ کا مؤثر علاج ہے۔ معدہ اور سینہ میں جلن کی صورت میں لوکاٹ کھائیں۔ گرمی اور جلن سے دست آنے کی صورت میں لوکاٹ اچھی غذا ہے اس پھل کا ایک خاص فعل یہ ہے کہ معدہ اور آنتوں کو طاقت دیتا ہے اس موسم میں پیاس زیادہ محسوس ہوتی ہے، حلق خشک رہتا ہے ایسی صورت میں لوکاٹ مفید ہے جس کے لئے لوکاٹ کا شربت بھی تیار کیا جاتا ہے۔

شربت بنانے کا طریقہ: ایک کلو لوکاٹ لے کر اس کا پانی نکالیں، اس پانی میں ایک کلو چینی ملا کر قوام کرلیں۔ لوکاٹ کا شربت تیار ہوجائے گا اسے مختلف امراض قے، متلی، تیزابی مادہ، بخار، دل کی کمزوری اور خفقان وغیرہ میں استعمال کرائیں۔ ان شاء اللہ مذکورہ امراض کی صورت میں افاقہ ہوگا۔ طبی لحاظ سے لوکاٹ کا مزاج سرد تر ہے، ہمیشہ پکا ہوا لوکاٹ کا پھل میٹھا ہوتا ہے۔ اگر لوکاٹ کو اچھی طرح دھو کر دس دانے روزانہ کھائیں تو اس سے بھی مختلف بیماریوں سے حفاظت رہتی ہے۔

## نہ گھر رہا، نہ شوہر اور نہ ہی بچے! جس طرح میں اجڑی کوئی نہ اجڑے

شوہر کا غم: جب جوانی کی عمر میں پہنچی تو قریبی رشتہ داروں کی طرف سے رشتہ آیا مگر والد صاحب لڑکے کے کردار سے مطمئن نہیں تھے اس لئے انہوں نے انکار کر دیا مگر رشتہ داروں نے بہت زیادہ اصرار کیا اور تسلیاں دیں جس کی وجہ سے والدین نے رشتہ کے لئے ہاں کر دی اور جلد ہی ہماری شادی ہوگئی۔ شادی کے چند دنوں بعد ہی شوہر واپس چلے گئے۔ اللہ تعالیٰ نے مجھے بیٹے کی نعمت سے نوازا۔ چند سالوں بعد شوہر واپس آگئے اور مستقل پاکستان میں رہنے کا فیصلہ کر لیا۔ چند سال بعد اللہ تعالیٰ نے دو جڑواں بیٹیاں عطا کیں۔ میرے سسرال والوں کا شمار صاحب حیثیت گھرانوں میں ہوتا تھا۔ مگر شوہر سارا دن گھر فارغ بیٹھے رہتے اور سسرال والوں کا روز شوہر اور میرے ساتھ لڑائی جھگڑے اور طعن و تشنیع کے مسائل رہتے جس وجہ سے بچوں کو لے کر میکہ میں آگئی۔ چند ماہ بعد شوہر نے رابطہ کیا جس کے بعد معلوم ہوا کہ شوہر کا ایکسیڈنٹ ہوا ہے جس میں بری طرح زخمی ہوئے ہیں۔ شوہر نے یقین دہانی کروائی کہ اب وہ پریشان نہیں کرے گا۔ لہٰذا میں بچوں کو لے کر شوہر کے پاس چلی گئی۔ یہاں آنے کے بعد معلوم ہوا کہ وہ بہت خطرناک قسم کا نشہ کرنے لگ گئے ہیں اور اس نشے میں دھت ہو کر سارا دن بے ہوش ہو کر سوئے رہتے ہیں۔ وہ بیرون ملک شراب وغیرہ پیتے تھے مگر اب نشے کی آخری حد میں جا چکے تھے۔ شوہر مجھے مارتا پیٹتا اور ظلم کرتا۔ میں سخت پریشان تھی کہ بچوں کو لے کر اب کہاں جاؤں کیونکہ شوہر کے پاس واپس آنے پر گھر والے رضامند نہیں تھے اور مجھے منع بھی کرتے رہے۔ بچوں کی خاطر میں وہاں رہنے لگی مگر شوہر کے ہاتھوں روز ذلیل ہوتی۔ سسرال والوں کو بھی میرے حال پر رحم نہ آیا۔ ان کا اپنا بھینسوں کا باڑہ تھا مگر بچوں کو دودھ تک نہ دیا جاتا جب کبھی دودھ دیتے تو وہ ایک بچے کے لئے بھی ناکافی ہوتا جس میں پھر پانی ملا دیا جاتا۔ کھانے پینے کی اگر کوئی چیز مانگی تو بچوں سمیت کمرے میں بند کر دیتے۔ شوہر سے شکایت کرتی تو وہ گالیاں دیتے‘ خود کھاپی کر اور نشہ کر کے سو جاتے مگر بچوں کا کچھ خیال نہ کرتے۔ سسرال میں کچھ لوگ ایسے بھی تھے جو بری نظر سے دیکھتے مگر شوہر اس بات کی بھی پرواہ نہ کرتے۔ میرے والد صاحب کو جب ان حالات کی خبر ہوئی تو انہوں نے فون کیا اور بتایا کہ بس کی ٹکٹیں بک کروا دی ہیں‘ گھر واپس آجاؤ۔ میں شوہر کو چھوڑ کر نہیں جانا چاہتی تھی مگر انہیں میری کوئی پروا اور ضرورت نہ تھی۔ لہٰذا میں بچوں کو لے کر دوبارہ میکہ میں آگئی اس دوران شوہر نے ایک بار بھی نہ روکا۔ اب بھائی شادی شدہ ہیں‘ ان کے اپنے بچے تھے مگر وہ تعاون کی کوشش کرتے۔ کافی عرصہ گزر گیا مگر شوہر کی طرف سے کوئی رابطہ نہ ہوا اور اگر میں زابطہ کرنے کی کوشش کرتی تو اس کے باوجود بھی وہ کوئی جواب نہ دیتے۔ آخر میں نے بچے شوہر کے پاس بھیج دیئے کہ شاید میں نہ سہی بچے دیکھ کر ہی انہیں ترس آجائے۔ آج دس مہینے گزر چکے ہیں‘ نہ ہی میرے سسرال والوں نے مجھے فون کیا اور نہ ہی شوہر نے پوچھا۔ مجھے پتہ نہیں بچے کس حال میں ہیں۔ دل پر کیا گزرتی ہے یہ تو اللہ ہی جانتا ہے۔ اپنے بچے مجھے بہت یاد آتے ہیں۔ میں کیا کروں اپنے پاس بھی نہیں رکھ سکتی کیونکہ بھائی کے اپنے بچے ہیں اور ذریعہ روزگار بھی محدود ہے۔ براہ کرم ان مشکل حالات سے نکلنے کے لئے کوئی ایسا عمل بتائیں جس سے میرا اجڑا ہوا گھر بس جائے۔ (پوشیدہ‘ کراچی)

**ایسے مشکل حالات‘ مصائب اور دکھوں سے نکلنے کا وظیفہ:** صبح و شام 41 مرتبہ یَا مُسَبِّبَ الْاَسْبَابِ سَبِّبْ لِیَ الْخَیْرَ پڑھیں۔ ہر نوچندی پیر کو گھر میں اگربتی جلائیں‘ اس دوران 33 مرتبہ صَلَّی اللّٰہُ عَلٰی مُحَمَّدٍ صلی اللہ علیہ وسلم پڑھیں۔ اس کے بعد کوئی بھی میٹھی چیز یا چند ٹافیاں حسب توفیق بانٹ دیں۔ یہ عمل ہر حالت میں کر سکتے ہیں۔ ان شاءاللہ اجڑتے گھر بس جائیں گے۔

## عبرت حاصل نہ کی آج پچھتا رہا ہوں!

محترم شیخ الوظائف صاحب السلام علیکم! رات کے وقت جب میں بستر پر لیٹتا تو جوڑوں میں کافی تکلیف کا سامنا کرنا پڑتا‘ دن کے وقت بھی کچھ درد کا احساس ہوتا مگر اپنے کام میں اس قدر مصروف ہوتا کہ اس طرف زیادہ توجہ نہ دے پاتا۔ جب رات کا وقت ہوتا درد کی وجہ سے سونا بھی مشکل ہو جاتا۔ میں نے عبقری رسالہ میں جوڑوں کے درد سے نجات کے لئے عبقری دواخانہ کے کراماتی تیل کے بارے میں پڑھا۔ شہر میں میری جس جگہ دکان ہے اس کے قریب ہی عبقری ایجنسی ہے۔ میں ہر ماہ اسی ایجنسی ہولڈر سے عبقری رسالہ خریدتا تھا جس وجہ سے میری اس ایجنسی ہولڈر سے دوستی بھی ہوگئی تھی کیونکہ وہ بہت محبت اور ادب کے ساتھ بات کرتے تھے۔ جب میں ان کے پاس کراماتی تیل کے لئے پہنچا تو انہوں نے بتایا کہ ہم نے کراماتی تیل کا آرڈر دیا ہوا ہے جو کچھ دن بعد دستیاب ہوگا۔ میں نے ان سے کہا ٹھیک ہے میں ہفتے بعد دوبارہ حاضر ہو جاؤں گا لیکن ایجنسی ہولڈر نے مجھے روک لیا اور کہنے لگا کہ میں بھی حکمت کے شعبے سے وابستہ ہوں اور جوڑوں کے درد کے لئے میں نے خالص جڑی بوٹیوں سے ایک تیل تیار کیا جسے ایک ہفتہ استعمال کرنے سے ہی جوڑوں کا درد ختم ہو جائے گا۔ مختصر یہ کہ میں نے ان سے تیل خرید لیا اور ان کی ہدایات کے مطابق رات کے وقت لگانا شروع کر دیا۔ دو ہفتے گزر گئے مگر ذرا برابر بھی فرق محسوس نہ ہوا بلکہ تیل لگانے سے میری ٹانگوں پر سیاہ رنگ کے نشانات پڑ گئے۔ میں نے ایجنسی ہولڈر کو اس متعلق آگاہ کیا تو اس نے بتایا کہ یہ مسئلہ تیل کی وجہ سے نہیں بلکہ کسی انفیکشن کی وجہ سے ہوا ہے جبکہ ڈاکٹر کے مطابق اس تیل میں مضر اثرات والے اجزاء شامل تھے جس سے یہ مسئلہ بنا۔ میں نے کئی بار عبقری رسالہ میں ایجنسی ہولڈر کے متعلق لوگوں کی شکایات کے بارے میں بھی پڑھا تھا مگر اس کے باوجود عبرت حاصل نہ کی اور آج پچھتا رہا ہوں۔ قارئین! میری آپ سے گزارش ہے کہ ایجنسی ہولڈر جو مرضی کہے مگر کبھی بھی اس سے عبقری کے علاوہ کوئی اور پروڈکٹ نہ خریدیں ورنہ سخت نقصان ہوگا۔ (محمد نیاز‘ لاہور)

## خشک‘ بے رونق ڈاڑھی چمکدار اور مضبوط!

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میری ڈاڑھی میں بہت زیادہ خشکی اور بال بھی بے رونق تھے۔ جب بھی ڈاڑھی کو کنگھی کرتا تو بال بھی ٹوٹتے تھے۔ شروع میں تو زیادہ مسئلہ نہ تھا مگر آہستہ آہستہ بال کثیر تعداد میں اترنا شروع ہو گئے۔ میں نے مختلف تیل بدل کر دیکھے اور کئی ترکیبیں استعمال کیں مگر نفع نہ ہوا۔ ڈاڑھی کے بال روکھے اور بے رونق ہونے کی وجہ سے دوست احباب کافی مزاح کرتے تھے‘ ان کے سامنے تو میں بھی مسکرا دیتا مگر دل ہی دل میں مجھے بہت برا لگتا تھا۔ میرے پاس اس مسئلہ کا کوئی حل موجود نہ تھا۔ میں ہر ماہ عبقری رسالہ پڑھتا ہوں مگر اس رسالہ سے بھی کوئی حل نہ مل سکا۔ اللہ کا کرم ہوا کہ گزشتہ ماہ عبقری رسالہ میں ''گڈ بیرڈ آئل'' ڈاڑھی والے تیل کے بارے میں اشتہار پڑھا تو میری خوشی کی انتہا نہ تھی۔ کیونکہ مجھے یقین ہے عبقری جو بھی پراڈکٹ بناتا ہے وہ خالص اور مضر اجزاء سے پاک ہوتی ہے۔ میں نے عبقری کے ادویات بکنگ والے نمبر پر کال کر کے گڈ بیرڈ آئل منگوا لیا۔ میں نے دن میں دو بار اس آئل کا استعمال شروع کر دیا۔ دو ہفتے مسلسل استعمال کرنے سے بالوں کی خشکی اور روکھے پن میں کمی آئی۔ میں نے استعمال جاری رکھا اور ایک ماہ کے مسلسل استعمال سے ڈاڑھی کے بال مضبوط‘ چمکدار اور سیاہ نظر آنا شروع ہو گئے ہیں۔ خشکی بھی بالکل ختم ہو چکی ہے۔ میں اب بھی بیرڈ آئل استعمال کر رہا ہوں جس سے بال ٹوٹنا بھی کم ہو چکے ہیں۔ (محمد خالد‘ گوجرانوالہ)

# چار دانے ہریڑ اور اجوائن کا قہوہ! تمام جسمانی غلاظتیں ختم

غلام قادر ہراج (مرحوم) جھنگ

تیزابیت، تبخیر، گیس اور قبض جیسے عوارض اس قدر عام ہو چکے ہیں کہ ہر دوسرا فرد ان کے ہاتھوں تنگ نظر آتا ہے۔ ملاوٹ سے بھرپور اور مصنوعی غذائی اجزاء کے استعمال سے معدے کی قدرتی کارکردگی بری طرح متاثر ہو کر رہ گئی ہے۔ سگریٹ، چائے نوشی، بازاری مشروبات، بیکری مصنوعات، مرغن اور چٹخارے دار خوراک، تیز مصالحہ جات اور فاسٹ فوڈ کے بے دریغ استعمال نے معدے اور انتڑیوں کے افعال و اعمال کا ستیاناس کر دیا ہے۔ تیزابیت، تبخیر اور گیس کی ایک بڑی وجہ قبض سمجھی جاتی ہے جب قبض کے سبب انتڑیوں میں فاسد مادوں کا اجتماع ہوتا ہے تو طبیعت میں ناگواری، بے چینی اور اضطرابی کیفیت کا اظہار سامنے آتا ہے۔ معدے میں تیزابی مادے بہت زیادہ جمع ہو جاتے ہیں تو ان کا اخراج گردوں کے ذریعے بذریعہ پیشاب مشکل ہو جاتا ہے۔ یہی تیزابی مادے جسم کے جوڑوں میں جمع ہو کر نقرس، گنٹھیا، شائیکا اور کمر درد کا موجب بنتے ہیں پھر بلڈ پریشر، امراضِ قلب اور فالج کے حملے شروع ہو جاتے ہیں۔

## یورک ایسڈ کے اسباب

جسم میں بڑھتے ہوئے تیزابی مادوں کو طبی اصطلاح میں یورک ایسڈ کہا جاتا ہے۔ یہ عام طور پر سرخ گوشت، گائے کے گوشت، بکرے کے گوشت، کلیجی، پائے، مغز، نہاری میں زیادہ پایا جاتا ہے۔ جب میٹابولزم کی کارکردگی درست نہ ہو تو ٹماٹر، پالک، دالیں، لوبیا اور چنوں کا استعمال بھی یورک ایسڈ کا سبب بن جاتا ہے۔ ایک صحت مند انسان کے جسم میں 2.4 سے 6.5 ملی گرام تک یورک ایسڈ کی موجودگی لازمی سمجھی جاتی ہے۔ یورک ایسڈ مطلوبہ مقدار سے بڑھتے تو مختلف امراض کی علامات شروع ہو جاتی ہیں۔ صحت مند انسان کے جسم سے اضافی یورک ایسڈ گردے پیشاب کے ذریعے خارج کرتے رہتے ہیں جب یورک ایسڈ کی مقدار زیادہ بڑھ جائے تو گردے اسے خارج کرنے سے جواب دے دیتے ہیں۔ یہ جسم کے جوڑوں میں کرسٹل بن کر جمع ہونے لگتی ہے جو جوڑوں کی حرکات وسکنات میں رکاوٹ بن کر سوجن کا موجب بنتی ہے۔ یورک ایسڈ کے مسائل سے بچنے کیلئے ضروری ہے کہ اسے مطلوبہ مقدار سے زیادہ جسم میں جمع نہ ہونے دیا جائے۔ کھانا کھاتے ہی مشقت والا کام نہ کیا جائے۔ کھانے کے فوراً بعد سونے اور نہانے سے بچا جائے۔ کھانا کھا کر ٹھنڈا پانی نہ پیا جائے۔ کولڈ ڈرنکس اور نہایت ٹھنڈے پانی سے اجتناب کیا جائے۔ چائے، کافی، قہوہ کھانے کے بعد مناسب وقفے سے استعمال کریں۔ چکنائیوں سے لبریز پکوان مصالحہ جات اور بُھنے ہوئے سالن سے احتیاط لازم ہے۔

## یہ شفائی نسخے ضرور آزمائیں

قبض سے بچنے کیلئے ریشے دار غذائی اجزاء جیسے جو کا دلیہ، گندم کا دلیہ، کچی سبزیاں، پھلوں کا جوس بکثرت استعمال کیے جائیں۔ تیز قدموں کی سیر اور ورزش کو معمول بنایا جائے۔ گاجر، مسمی، سیب کا مرکب جوس روزانہ استعمال کریں۔ مولی، کھیرا اور سلاد کے پتے اور پیاز بطور سلاد استعمال کریں۔ رات کو ہلکا پھلکا کھانا کھانے کے بعد اجوائن کا قہوہ بہت مفید ہے۔ سوتے وقت مربہ ہریڑ کے تین چار دانے دھو کر کھائیں اور گٹھلی کو دیر تک چوستے رہیں۔ یورک ایسڈ کی زیادتی کے بعد کمر درد کی وجہ سے سوجن ہو گئی ہو تو سورنجاں شیریں کوٹ پیس کر ایک چمچ کا 1/4 حصہ نیم گرم پانی کے ساتھ لیں۔ پانی میں سونف اُبال کر پئیں۔ ایک پاؤ اجوائن کو لیموں کے پانی میں بھگو دیں۔ اجوائن خشک ہو جائے تو اس میں آدھا پاؤ کالا نمک اور آدھا پاؤ میٹھا سوڈا ملا کر مرکب کر لیں۔ کھانے کے ایک گھنٹہ بعد آدھا چمچ لے لیں۔ تیزابیت، تبخیر، گیس، قبض سمیت یورک ایسڈ کا بہترین علاج ہے۔ اسی کو ہلکا بُھون کر محفوظ کر لیں۔ صبح نہار منہ ایک چمچ السی، نیم گرم پانی میں دو چمچ خالص قدرتی سرکہ ملا کر کھائیں تو چند دنوں میں یورک ایسڈ سے نجات مل جائے گی۔ ایک گرام ادرک کو پانی میں پکا کر آدھی چمچ شہد ملا کر پینا بھی اس کا علاج ہے۔ سبز چائے اور ادرک ایک ایک گرام پانی میں پکا کر پینا فائدہ مند ہے۔ قبض سے چھٹکارا پانے کیلئے رات کو روغن بادام کے چار چمچ نیم گرم دودھ میں ملا کر پئیں۔ سٹیرائیڈز ادویات کا استعمال یورک ایسڈ کی افزائش کا موجب بنتا ہے اور گردوں کیلئے مضر صحت ہوسکتا ہے۔ ورزش کو اپنی زندگی میں ایسے شامل کریں جیسے ہم خوراک اور لباس کا اہتمام کرتے ہیں۔ ہمارے جسم میں غیر ضروری جمع ہونے والے زہریلے مادوں کو ختم کرنے میں ورزش کا اہم کردار ہے۔ گوشت، چاول، دالیں، لوبیا، مٹر پالک، بینگن، چائے، سگریٹ، شراب نوشی، کولا مشروبات، بیکری مصنوعات اور بادی و ترش اشیاء سے مکمل طور پر پرہیز لازم ہے۔

## ہمارے مہینے

| اسلامی | انگریزی | ریاستی | ہندی |
|---|---|---|---|
| محرم الحرام | جنوری | عاشورہ | چیت |
| صفر | فروری | تیرا تیزاں | بیساکھ |
| ربیع الاول | مارچ | بارہ وفاتاں | جیٹھ |
| ربیع الثانی | اپریل | عرس والا | ہاڑ |
| جمادی الاول | مئی | خالی | ساون |
| جمادی الثانی | جون | بیا خالی | بھادوں |
| رجب المرجب | جولائی | معراج | اسوج |
| شعبان المعظم | اگست | شعبان | کاتک |
| رمضان المبارک | ستمبر | رمضان | مگھر |
| شوال | اکتوبر | عیدوالہ | پوہ |
| ذی قعدہ | نومبر | خالی | ماگھ |
| ذوالحجہ | دسمبر | بقرعید | پھاگن |

 (تفصیلات صفحہ نمبر 65 پر)

نیا سلسلہ

# موبائل کیسے نسلوں کو ڈس رہا! ہوش رُبا انکشافات

سید واجد حسین بخاری، احمد پور شرقیہ

دنیا فطرت کی طرف لوٹ رہی ہے، یورپ میں ہر جگہ قدرتی ماحول، قدرتی غذائیں، قدرتی آب وہوا پر بہت زور دیا جا رہا ہے مگر ہم اُلٹی چال چل رہے ہیں۔ ماڈرن دور کے نام پر نوجوان نسل کے ساتھ ساتھ چھوٹی نسل میں مختلف قسم کے زہر گھول رہے ہیں جس کا ہمیں ابھی تک ادراک ہی نہیں ہو رہا۔ مثلاً اپنی خوراک کو ہی دیکھ لیں فاسٹ فوڈ، شوارما، برگر، برائلر نے نوجوان نسل کو تباہ وبرباد کر دیا ہے۔ ہم اپنے آپ کو ماڈرن ظاہر کرنے کیلئے بے تحاشہ فاسٹ فوڈ استعمال کرتے ہیں اسی طرح ماڈرن ظاہر کرنے کی سب سے زیادہ خطرناک ترین شکل چھوٹے بچوں میں موبائل کا استعمال ہے۔

**کیا چھوٹے بچوں کو موبائل دینا ماڈرن ہونا ہے؟:** جیسا کہ عرض کیا ہے کہ سب سے خطرناک ترین لاپرواہی والدہ کا چھوٹے بچوں کے ہاتھ میں موبائل دینا ہے۔ ہم اپنے آپ کو ماڈرن ظاہر کرنے کے چکر میں نئی نسل کیلئے کانٹے بو رہے ہیں۔ چھوٹے بچوں کو اس کا کوئی پتہ نہیں ہے وہ تجزیہ کرنے کی صلاحیت نہیں رکھتے۔ والدین تو سوچ سکتے ہیں۔ غیر محسوس طریقے سے چھوٹے بچوں کا نقصان ہو رہا ہے۔ چند ایک مثالیں پیش کرتا ہوں جو میں نے اپنی آنکھوں سے دیکھی ہیں۔

**ایک سال کی عمر سے موبائل کا استعمال، بچہ بہرہ ہوگیا:** قریبی عزیز ہیں، ایک سال کی عمر میں بیٹے کو موبائل دے دیا۔ والد کی اپنی مصروفیت، والدہ کی اپنی مجبوریاں، بچے کو وقت کون دے؟ بچے کی باتیں کون سنے؟ بچے کے سوالات کا جواب کون دے؟ بچے کے سوالات سے بچنے کیلئے خود ہی موبائل بچے کو دے دیا اب جب بچے کی عمر چار سال ہوئی ہے، والدہ کو شک ہوا کہ بیٹا کم سنتا ہے۔ ڈاکٹر کو چیک کروایا تو پتہ چلا کہ بچے کو واقعی کم سنائی دیتا ہے اب اس کا علاج چل رہا ہے۔

**بینائی کم ہو گئی ہے:** جاننے والے آنکھوں کے ڈاکٹر ہیں۔ ان کے پاس اکثر آنا جانا ہوتا ہے وہاں بیٹھے ہوئے میں نے ایک بات نوٹ کی کہ آنکھوں کی بیماریوں میں اکثریت چھوٹے بچوں کی تھی۔ چھوٹے بچوں سے مراد چار سال سے دس سال کے بچے تھے۔ میں نے ڈاکٹر صاحب سے پوچھا کہ اس کی وجہ کیا ہے کہ آج کل چھوٹے بچوں میں عینک کا استعمال بڑھ رہا ہے؟ ڈاکٹر صاحب نے بتایا کہ ان چھوٹے بچوں سے ان کے والدین بہت زیادتی کر رہے ہیں۔ میں حیران کہ والدین تو محبت کرتے ہیں، زیادتی تو نہیں کرتے۔ ڈاکٹر صاحب کہنے لگے: والدین محبت میں چھوٹے بچوں کو موبائل دے دیتے ہیں۔ چھوٹے بچے روزانہ گھنٹوں موبائل استعمال کرتے ہیں۔ موبائل کی تیز روشنی معصوم بچوں کی بینائی کو شدید نقصان پہنچاتی ہے پھر بچے جب بڑے ہوتے ہیں تو ساری عمر کیلئے عینک لگ جاتی ہے۔

**بچی موبائل کے بغیر کھانا نہیں کھاتی:** دوست کے گھر جانا ہوا۔ کھانے کا وقت تھا، سب کھانا کھانے لگے مگر چار پانچ سال کی بچی کھانا نہیں کھا رہی تھی۔ میں نے کہا کہ بچی کو کھانا دیں تو بچی کی والدہ نے کہا کہ بچی جب تک موبائل نہیں دیکھے گی، کھانا نہیں کھائیگی۔ بچی بہت کمزور تھی۔ میں سوچنے لگا کہ جب کھانا کھاتے ہوئے دھیان موبائل میں ہوگا تو وہ کھانا جزوبدن نہیں بنے گا۔ بچی ساری عمر کمزور ہی رہے گی۔



# طلاق یافتہ کا گھر بس سکتا ہے تو کنواری کا کیوں نہیں!

ہم عبقری رسالہ کے مستقل قاری ہیں۔ اس لئے ہمیں اس بات کا بخوبی احساس ہے کہ شادی کس طرح کامیاب ہوتی ہے اور کس طرح دولہا دلہن کے لئے راحت اور برکت کا سبب بنتی ہے۔ شادی کو سنت کے مطابق کرنے سے ازدواجی زندگی میں برکت ہوتی ہے۔ ہمارے ہمسائے میں ایک گھر ہے۔ ان کی بیٹی کی شادی بہت دھوم دھام سے ہوئی، شادی میں غیر شرعی فنکشن ہوئے۔ خوب ناچ گانا اور ڈھول ڈھمکا ہوا۔

اکثر ایسا ہوتا ہے جب خوشی کا موقع ہوتا ہے تو ہم اپنے رب کو بھول جاتے ہیں اور جب کوئی مصیبت پریشانی آتی ہے تو پھر رب کی یاد آتی ہے پھر نمازیں دعائیں ہوتی ہیں۔ عقلمند تو وہ ہے جو خوشی میں بھی رب کو نہ بھولے اور غم میں بھی نظر اللہ پر رکھے۔ میں اپنے ہمسایوں کی بات کی طرف واپس آتی ہوں۔ ان کی بیٹی بیاہ کر اپنے گھر چلی گئی لیکن جس رشتے کی ابتدا ہی اللہ کی ناراضگی سے ہوئی ہو وہ کیسے کامیاب ہوسکتا تھا اور کیسے پھل پھول سکتا تھا، پانچ یا چھ ماہ گزرے تھے کہ میاں بیوی کا جھگڑا ہوا اور خاوند نے طلاق دے کر لڑکی کو واپس بھیج دیا۔ اب ان کا سارا گھر غم اور پریشانی میں بے حال تھا۔ میں ان کے گھر گئی، انہیں تسلی دی اور انہیں عبقری کا ''آزمودہ وظائف سے گھریلو الجھنوں کا حل'' کتابچہ ہدیہ کیا۔ میں نے انہیں یہ کتابچہ تقسیم کروانے کا مشورہ بھی دیا۔ انہوں نے عبقری کی ایجنسی سے یہ کتابچے منگوا کر تقسیم کیے اور انہوں نے خود بھی سورۃ والضحیٰ کی آیت وَلَسَوْفَ يُعْطِيكَ رَبُّكَ فَتَرْضَىٰ کا وظیفہ پڑھنا شروع کیا۔ چند دن بعد ایک شریف گھرانے سے ان کی مطلقہ بیٹی کے لئے رشتہ آیا اور اس بار انہوں نے سادگی سے نکاح کیا۔ اب جہاں شادی ہوئی ہے یہ لوگ بہت عزت اور محبت سے پیش آتے ہیں۔ قارئین! اس عمل اور یہ کتابچہ تقسیم کرنے کی برکت سے ایک مطلقہ کا نکاح اتنی آسانی سے ہوگیا اور آج وہ خوشحال ہے تو کیا کنواری لڑکیاں جن کی عمر گزر رہی ہے ان کی شادیاں نہیں ہوسکتیں اور ان کے گھر نہیں بس سکتے؟ (افسانہ پرویز، ملتان)

### (بقیہ: ذی الحجہ میں دو نفل پڑھیں اور جنت میں اپنا مقام دیکھیں)

پوری ہوگی۔ جو کوئی ذی الحجہ کی نو تاریخ کو نمازِ عشا کے بعد بعد چار رکعت نفل نماز اس طرح سے پڑھے کہ ہر رکعت میں سورۃ الفاتحہ کے بعد پچاس پچاس مرتبہ سورۃ الاخلاص پڑھے اور سلام پھیرنے کے بعد ایک تسبیح مرتبہ سورۃ الاخلاص پڑھے تو ان شاء اللہ جائز مراد ہوگی وہ پوری ہوگی۔ **قربانی کا ثواب:** عیدالاضحیٰ کے دن نمازِ عید کی ادائیگی کے بعد دو رکعت نفل نماز اس طریح سے پڑھے کہ ہر رکعت میں سورۃ الفاتحہ کے بعد پانچ پانچ مرتبہ سورۃ الشمس پڑھے تو بفضل باری تعالیٰ اس کو حج کا ثواب ملے گا۔

### (بقیہ: 18 سالہ بیماری‘ لاکھوں کا علاج‘ 100 روپے میں شفاء مل گئی)

سے بہت فائدہ ہوا۔ جب پہلی بار اسم اعظم کا انفرادی دم کروایا اور شیخ الوظائف نے مور کے پنکھ سے مجھے اور جو چیزیں ساتھ تھی انہیں دم کیا۔ تھوڑے دنوں بعد مجھے ایسا محسوس ہونے لگا جیسے نئی زندگی مل گئی ہے ہر طرف سکون ہی سکون۔ پہلے کوئی پوچھتا نہیں تھا اب ہر کوئی مجھے سلام اور عزت کرتا ہے۔ برکات اور اللہ پاک کی نعمتیں اتنی مل رہی ہیں کہ میں ہر طرف سے خوشحال ہوگیا ہوں۔ لوگوں کو عبقری کے اعمال بتاتا ہوں‘ ان کے کام بنتے اور دُکھ ٹلتے ہیں۔ ایک دفعہ روحانی محفل میں سنا کہ جوہر شفاء مدینہ، ٹھنڈی مراد، روحانی پھکی ہر مرض کیلئے شفاء ہے۔ یہ تین پھکیاں مکس کر کے میں نے مختلف امراض میں مبتلا لوگوں کو استعمال کروائیں جس سے انہیں شفاء ملی۔ ستر شفائیں بہت سستی اور لاجواب ہے، میرے ذہن کے مطابق پچیس سو روپے قیمت ہو تو بھی تھوڑی ہے۔ بسم اللہ والا تعویذ جس میں ’’ب۔س۔م انیس دفعہ اوپر بڑا سا اللہ لکھنا انوکھا تعویذ جس کی انوکھی کرامات ہیں اس کی اتنی کرامات ہیں۔ اس تعویذ میں عجب طاقت ہے۔ قارئین اس تعویذ‘ شیخ الوظائف اور عبقری کی قدر کرلیں ورنہ مجھ سے پوچھیں عاملوں کے چکروں نے بُری طرح تھکا دیا تھا۔ میرے اور بھی بہت سے مشاہدات ہیں جنہیں ان شاء اللہ لکھتا رہوں گا۔

### (بقیہ: روحانی محفل سے زیارت رسول ﷺ اور بیماریاں ختم)

محفل سے واپسی پر پانچ وقت کی نماز اور تہجد کے نفل بھی پڑھتے ہیں اور اشراق کے نفل اور چاشت کے نفل اور قرآن، سورۂ یٰس اور رحمٰن بھی پڑھتے ہیں ’’حٰمٓ لَا یُنۡصَرُوۡنَ، یَاحَفِیۡظُ یَا سَلَامُ کی تسبیح صبح و شام پڑھتے اور آپ کو ہدیہ کرتے ہیں۔ تنخواہ سے اڑھائی فیصد کی رقم سے عبقری رسالے خرید کر لوگوں میں تقسیم اور سورۂ کوثر صبح و شام 129 مرتبہ پڑھتے ہیں۔ گھر میں اللہ تعالیٰ نے بہت برکت دی ہے۔ خیریں اور بھلائیاں نصیب ہوئی ہیں۔ میری بیوی جب تسبیح خانہ گئی تو سنا کے روحانی محفل میں شرکت سے انہیں نبی ﷺ کی زیارت نصیب ہوئی۔ بیوی کو بھی حسرت تھی کہ نبی پاکؐ کی زیارت ہو۔ درود پاک کے روحانی چلہ کے بعد فرض نمازیں اور تہجد پڑھ کر نبی پاکؐ پر کثرت سے درود شریف پڑھتی اور ہدیہ کرتی۔ چند دن بعد رات کو تہجد کے وقت نبی پاکؐ کی زیارت نصیب ہوئی۔ وہ دیکھتی ہے نبی پاکؐ بیٹھے ہیں سفید لباس نورانی داڑھی مبارک‘ چہرہ سرخ و سفید ہے اور ہر طرف نور کا سماں ہے۔ (غلام عباس‘ گوجرانوالہ)

### (بقیہ: چہرہ کے ساتھ پاؤں بھی چمکائیے! مکمل حسین نظر آئیے!)

میں تھوڑی دیر پاؤں بھگونے کے بعد ناخنوں کی کھال نرم ہونے کی وجہ سے آسانی کے ساتھ مٹی صاف کی جاسکتی ہے۔ آپ کے ناخنوں میں کسی بھی قسم کا کوئی رنگ چھایا ہوا ہوگا تو وہ مکمل صاف ہوجائے گا اور ان کی سفید سطح نکل آئے گی۔ دوبارہ پاؤں کی ایڑھیوں کو جھانویں سے رگڑ کر صاف کریں اور انگلیوں کے اطراف پاؤں کے تلوے اچھی طرح رگڑ کر صاف کر کے پانی سے دھو کر تولیے سے خشک کرلیں اور کولڈ کریم یا زیتون کا تیل لے کر ہلکا ہلکا مساج کریں۔ مساج کے دوران انگلیوں کو ہلکا سا جوڑیں پھر کھینچیں۔ یہ مساج انگوٹھے اور انگشتِ شہادت کی مدد سے کریں اس میں انگلیوں کے جوڑوں پر بھی خوب مضبوطی کے ساتھ مساج کریں اور ٹشو پیپر کی مدد سے ناخنوں سے زائد تیل صاف کریں۔

### (بقیہ: دانت نکالتے چڑچڑے بچوں کا ہاضمہ خراب! گھریلو ٹوٹکے)

ہے۔ پیچ بنانے کیلئے چار گلاس پانی میں ایک مٹھی چاول اور ایک چٹکی نمک ملا کر چولہے پر ابالنے کیلئے رکھ دیں اور اس وقت تک ابالیں جب تک چاول نرم نہ ہوجائیں اس کے بعد آدھا گلاس پانی مزید شامل کردیں پھر اس آمیزے کو بلینڈر میں ڈال کر پیس لیں اور وقفے وقفے سے پلاتے رہیں۔ چاولوں کا پیچ بچے کو 12 گھنٹے تک پلایا جاسکتا ہے اس سے دستوں میں جلد افاقہ ہوتا ہے۔ **ارنڈ کا تیل اور شہد:** جن بچوں کی صحت اچھی ہوتی ہے ان کے دانت آسانی سے نکل آتے ہیں لیکن کمزور بچوں کو دانت نکلنے میں زیادہ تکلیف ہوتی ہے۔ خاص کر جن بچوں کا ہاضمہ خراب ہوتا ہے، دانت نکالنے کے زمانے میں ان کا ہاضمہ مزید خراب ہوجاتا ہے۔ اس مسئلہ سے بچنے کے لئے ضروری ہے کہ آپ جہاں تک ہوسکے بچے کے ہاضمہ کو درست رکھنے کی بھرپور کوشش کریں۔ بچے کو ایسی کوئی بھی غذا ہرگز نہ دی جائے جس سے قبض کا خدشہ ہو۔ اگر بچوں کو قبض ہوجائے تو اس صورت میں ارنڈ کا تیل چار ماشے اور شہد چار ماشے ملا کر چٹائیں۔ اس کے علاوہ ملٹھی اور ذرا سا نمک شہد میں ملا کر مسوڑھوں پر دن میں وقفہ وقفہ سے ملیں۔ مسوڑھے سُوجھے ہوں اور دانتوں کے نکلنے میں دیر ہو جائے تو کسی ماہر جراح سے مسوڑھوں کے اوپر ہلکا شگاف دِلوائیں یا اس شعبے کے ڈاکٹر سے رجوع کریں۔

### (بقیہ: قرآن اٹھا کر گڑگڑائی‘ سویا نصیب جاگ گیا)

کے پاؤں کی خاک کے برابر بھی نہیں پر تو وہی اللہ ہے جس نے حضرت خولہؓ کی پکار سنی تھی اور تو نے تو خود کہا ہے کہ جیسا گمان کرو گے، ویسا ہی پاؤ گے۔ میں سب سے دعا کا عرض کرتی رہی۔ ان حالات میں چچا نے حوصلہ دیا اور کہا کہ دو رکعت نماز نفل حاجت اور دو رکعت شکرانے کے ادا کر کے سو دفعہ حَسۡبُنَا اللّٰہُ وَنِعۡمَ الۡوَکِیۡلُ پڑھو اور اللہ سے دعا مانگو‘ میں نے یہی عمل کیا اور اللہ تعالیٰ سے رو رو کر اپنی حاجت کا سوال کیا۔ بہت مشکل دن تھے، ہر وقت گھبراہٹ رہتی تھی۔ اس کے علاوہ میں شوہر کو سورۂ اخلاص پڑھ کر بھی ہدیہ کرتی رہی جس کی تعداد چالیس ہزار ہوچکی تھی جو طلاق کی خبر سننے کے بعد چھوڑ دی تھی۔ کئی ماہ تک میرا شوہر سے کوئی رابطہ نہ ہوسکا۔ ایک دن انٹرنیٹ پر استغفار کے فوائد ڈھونڈ رہی تھی کہ آپ کی روحانی محفل سنی جس میں استغفار کے فضائل تھے۔ میں نے استغفار کا عمل بھی شروع کیا اور دعائیں بھی کرتی رہی جس کا فائدہ یہ ہوا کہ ایک دن قریبی عزیز سے خبر ملی کہ شوہر نے مجھے اب تک طلاق نہیں دی‘ یہ سن کر میری جان میں جان آگئی کیونکہ ابھی تک کوئی نوٹس بھی نہ آیا تھا۔ شوہر نے مجھ سے رابطہ کیا اور گواہ بھی پیش کیے کہ ابھی طلاق نہیں دی۔ میں نے دوبارہ سے سورۂ اخلاص پڑھنا اور اللہ سے دعائیں مانگنا شروع کردیں۔ اب مجھے یقین ہوگیا ہے کہ اللہ سے دعائیں مانگنا اور سورۃ الاخلاص کبھی نہیں چھوڑنی۔ میں نے رو رو کر قرآن اُٹھایا اور اللہ سے کہا کہ اب نبی تو ہیں نہیں کہ وحی آئے اور نہ ہی میں ان کے دور میں ہوں اگر ان کے دور میں ہوتی تو ان سے جا کر کہتی کہ میرے لیے دعا کریں تو وہ ضرور میرے لیے دعا کرتے اور ان کی دعا سے میرا کام ہو جاتا۔ اب قرآن کو سفارشی اور دعا کا وسیلہ بنا کر التجا کرتی ہوں۔ شوہر نے مجھ سے صلح کرلی اور مسلسل رابطے میں رہنے لگے۔ ایک دن درود شریف اور ’’بسم اللہ‘‘ پڑھ کر قرآن کھولا تو یہ آیت آئی‘

